"مئی ناب" پیور وائن بھی ہو سکتی ہے اور "شراب معرفت" بھی، "یک جام دگر بگیر، من نتوانم" کے معنی کسی کے نزدیک ہیں کہ اگر پردے ہٹا دیے جائیں تو معرفت میں اضافے کا امکان نہیں اور کوئی کہتا ہے کہ صاحب! پی ہو تو جانیں، "جام دگر بگیر" کہاں اور آپ کی ملائیت کہاں؟ ساقی گل اندام خود بھی پیئے ہے اور دوسروں کو بھی پلا رہا ہے۔ مستی میں اسے اندازہ نہ رہا کتنی پی کس قدر پلائی، میخوار بے ہوش ہے اور ساقی کہہ رہا ہے "یک جام دگر بگیر" ارے اٹھو، ایک پیالہ تو اور لو، "من نتوانم" شرابی کا سرور اس کے ہاتھ سُلا چکا ہے، اس کے حواس بیکار ہیں۔ آنکھیں اُس سراپا قیامت پر لگی ہیں، جو جام بکف کھڑا ہے۔

چوں حاصل آدمی دریں شورستان   جز خوردن غصہ نیست، تا کندن جان
خرّم دل آنکہ زیں جہان زود برفت   و آسودہ کسے کہ خود نیامد بہ جہان

دنیا رہنے اور دل لگانے کی جگہ نہیں، روتا ہوا بچّہ اور آنسو ڈھلکا کر گر جانے والا بڈھا دیکھا ہو تو مانو۔" وہ بڑا خوش نصیب ہے، جو اس غمکدے میں آنے سے بچ گیا" —— چاروں

معرے واعظ کی نظر میں عبرت اور آزاد منش کے لیے فلسفۂ زندگی پر طنز ہیں۔
رنگوں کی یہ آمیزش کچھ اس انداز میں ہے کہ مشرق بھی خیّام کو پسند کرتا ہے اور مغرب بھی۔
خیّام ایک غیر معمولی شخصیت ہے۔ لاکھوں انسان اسے شاعر سمجھتے ہیں۔ لاکھوں کے نزدیک فلسفی ہے، حالانکہ نہ وہ فقط شاعر ہے، نہ فقط فلسفی۔ خیّام نجومی بھی ہے، ماہر فلکیات بھی، کلام سے بھی دلچسپی رکھتا ہے، ہندسہ و ریاضی سے بھی۔ مابعد الطبیعات پر بھی لکھتا ہے اور زیچ بھی بناتا ہے۔ وہ حجۃ الحق بھی کہلاتا ہے اور حکیم بھی۔

۴

۴۳۹ھ ——— ۱۰۴۸ء

پانچویں صدی ہجری یا گیارھویں صدی عیسوی اسلامی ثقافت میں عقلی علوم اور مذہبی مباحث ہی کے عروج سے متعلق ہے۔
بغداد، اصفہان، نیشاپور میں بویہی عہد سے مدارس قائم ہو چکے تھے۔ یونانی فلسفے کو جوش دیا جا چکا تھا۔ اب اس سے ایک نیا مرکب بن کر تیار ہونے والا تھا۔
نظام الملک طوسی "نظامیہ بغداد" کا بانی اپنے عہد کا سرسیّد کہا جائے، تو غلط نہیں اور "نظامیہ بغداد" انقلابی درس گاہ کہی جائے تو مبالغہ نہ ہو گا۔ فلسفۂ وجود و امکان سے مباحث توحید تک اور مسائل جبر و قدر سے نتائج شریعت و طریقت تک فضاؤں میں گونج رہے تھے تو چھوٹی چھوٹی ریاستوں اور بڑی بڑی ولایتوں میں عوام علماء کے قدردان تھے۔ فقیہوں کا طوطی بولتا تھا۔ درباروں میں ندیموں، شاعروں، دبیروں، طبیبوں اور نجومیوں کی مانگ تھی۔
ابتدائی مدارس میں قرآن مجید، تجوید و قرأت کے بعد حماسہ و اشعار عرب، ضروریات میں صرف و نحو کی تعلیم دی جاتی تھی۔ بڑے مدارس حدیث و فقہ، تفسیر و حکمت، کلام و فلسفہ پڑھایا جاتا تھا۔ بڑے شہروں میں مدرسوں کے علاوہ طب یونانی، کتب ابن سینا و ابو زکریا، ریاضی و نجوم کے پڑھانے والے اپنے اپنے گھروں میں درس دیا کرتے تھے۔
غرباء اُمراء و علماء کے تابع فرمان تھے۔ دولت مند، آزاد خیال و عیش دوست، درمیانی طبقے کے لوگ مذہبی اُلجھنوں اور عوام تعصّب کے بندھنوں میں جکڑے ہوئے تھے۔ اشعری و معتزلی،

منتی اور صوفی، شیعہ اور سُنّی، ترکی اور ایرانی، عرب و عجم سب ایک دوسرے سے برسرِ پیکار تھے۔
زندیق و رافضی کے نام، تو جس پہ چسپاں ہو جائیں، وہ فرد ہو یا جماعت، بہرحال گردن زدنی تھا۔ فلسفہ پڑھنے والے مشتبہ تھے۔ اسماعیلیوں، باطنیوں کا زور تھا۔ ہر فلسفی پر ان سے ربط و ضبط کا گمان تھا۔ بشار بن برد زندیق گردانا گیا۔ فردوسی رافضی قرار پایا۔ بو علی سینا اسماعیلی بنا۔ فخرالدین رازی باطنیوں کی زد میں آئے۔ محقق طوسی الموت میں قید ہوئے اور اسی واقعے کے بعد خیّام کا ماحول بدل گیا۔

جلال ہمائی "غزالی نامہ" میں مختصات عصر غزالی پر بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"عصر غزالی (و خیام) یعنی از نیمۂ سدہ پنجم تا اوائل سدہ ششم ہجری بچند خصیصہ از دیگر دورہ ہائے تاریخی ایران ممتاز است۔

نخستین: وفور علماء و دانشمندان در ہر شہر و کثرت تالیف و تصنیف چہ دریں زمان مدارس اسلامی کاملاً دائر بود و ارباب ذوق و استعداد دست بر تحصیل و تالیف و تصنیف بردند و تحصیل ادبیات و علوم خاصہ معارف اسلام مانند فقہ و حدیث و کلام و حکمت الٰہی شیوع یافت و کار ایں علوم بجدی بالا گرفت کہ در کمتر دورہ اے نظیر پیدا کردہ است۔

دوم: رواج دیانت اسلامی مخصوصاً مذہب تسنن کہ خلفائے بغداد و ہم چنیں پادشاہان سلجوقی و رجال داعیان دولت ہم چوں نظام الملک با تمام قوی حامی و نگاہبان آں بودند۔

سدیگر: شائع شدن تبلیغات و مجادلات مذہبی و غلبۂ افکار و اشتداد احساسات و تعصبات دینی۔
اس لیے یہ دَور حقیقت میں علمی و ادبی یا عصر "مذہبی و جدلی" ہے۔

خیّام کی زندگی میں مجادلات و مباحثات۔ فتویٰ کفر و زندیقی کا اچھا خاصہ ہنگامہ گرم رہا۔ خیّام پر بھی اس فضا کا مثبت و منفی اثر ہوا۔ اس کی رباعیاں اسی رنگ کی آئینہ دار ہیں۔

(۵)

معاصرینِ خیّام

۴۲۸ھ میں بو علی سینا نے انتقال کیا۔ ۴۸۵ھ میں بہمنیار نے رحلت کی۔ ابوالعباس لوکری،

ابن کوشک - میمون بن نجیب واسطی ، محمد بن ابراہیم نسوی جیسے حکما کی وجہ سے یہ زمانہ بو علی سینا کا عہد کہا جاسکتا ہے۔ ان میں سے

اوحدالزّماں ابوالبرکات بن ملکا بغدادی (م ۵۴۷ھ) سے خیّام کی مراسلت بھی تھی۔

ابوحاتم مظفّر اور لوکری تو رصدخانے میں خیّام کے ساتھ کام بھی کرتے تھے۔ خیّام اور لوکری سے آپس میں مباحثات بھی ہوتے تھے۔

محمد بن احمد معموری بھی خیّام کا معاصر اور اصفہان کے رصدخانے میں کام کرتا تھا۔

درة الاخبار میں ہے کہ "امام عمر خیّام در تفویق و تمیز او را از اقران معترف بود" (ص ۱۲۰)

ادیبوں میں :

مسعود سعد سلمان، عثمان مختاری غزنوی، راشدی، امیر معزی، سنائی غزنوی، ناصر خسرو، قطران آذربائیجانی، نجیبی فرغانی، استاد رشیدی سمرقندی، ابوطاہر نوقانی، لامعی جرجانی، شہابی سمرقندی، اسدی طوسی، اسعد گرگانی، طاہر عریان کے نام مشہور ہیں۔

خیّام اور تاریخ

ولادت سے وفات تک

ماضی کے مورّخ کیا جانتے تھے کہ مستقبل کے قلم کار خیّام پر کوئی مفصّل کام کریں گے۔ پھر عنرورتوں کی وسعتیں کون جانے کہ ہر ہر نکتے کو قلمبند کر لیا جائے۔ فردوسی و حافظ و سعدی تو خیر دُور کے لوگ ہیں، خود غالب و اقبال کی زندگی کی بہت سی کڑیاں نہیں ملتیں، اس لیے خیّام کے بارے میں اگر پورا مواد موجود نہیں تو کوئی تعجب انگیز بات نہیں۔ ہم نے چھوٹے بڑے تصانیف، مختصر و مفصّل مضامین سے کچھ کڑیاں جوڑی ہیں، جن سے اچھا خاصا معلوماتی ذخیرہ یک جا ہو گیا ہے۔

خراسان کے علاقے میں نیشاپور نامی شہر سے ہم واقف ہیں۔ یہیں خیّام کے آباؤ و اجداد مدّتوں سے آباد تھے۔ خیال ہے کہ یہ لوگ خوش حال و علم دوست ہوں گے۔ اسی غیر مشہور گھرانے میں ابراہیم نامی شخص بھی تھے۔

عمر۔ اسی ابراہیم کے فرزند تھے۔ لوگوں کا خیال ہے کہ ذی حجہ ۴۳۹ھ میں نیشاپور میں ولادت ہوئی۔

ابوالحسن بیہقی نے تتمہ صوان الحکمہ میں فلکیاتی حساب اور زائچہ کا تذکرہ کیا ہے۔ اب یہ نہیں معلوم کہ وہ زائچہ خیّام کا بیان کردہ ہے یا بیہقی کا بنایا ہُوا۔ بہر حال سوامی گوندجی نے اسی حساب کو جنتری سے مطابق کرایا تو اندازہ ہُوا کہ

۱۸ مئی ۱۰۴۸ء بدھ کی صبح کو ولادت ہوئی ہوگی[1]۔

تعلیم و تربیت

ماں باپ، بھائی بہن، چچا اور ماموں کی نگرانی ذاتی طور پر یا سرپرست کی نگرانی

---

[1] نیکر آف گریس۔ مقدمہ ص ۳۲ طبع کتابستان۔ الہ آباد ۱۹۴۱ء۔ تتمہ صوان الحکمہ میں زائچہ کا بیان ہے۔ دیکھو بیست مقالہ ص ۱۴۱ ج ۲

میں تجوید و قرآن، عربی ادب و قواعد، پھر یونانی علوم میں ریاضی، ہندسہ، فلسفہ و طب و نجوم کی تعلیم حاصل کی۔

نظام الملک و حسن بن صباح جیسے جینیس آدمیوں کے ساتھ زندگی بسر کرنے کا موقع ملا۔ امام موفق (متوفی ۴۲۱ھ) کے صاحبزادے ابوسہل اور امام الحرمین (م ۴۷۸ھ) و بہمنیار و ابوالحسن انباری بغداد و نیشاپور وغیرہ میں فقہ و فلسفہ، جبر و مقابلہ، طبیعات و ماوراء طبیعیات پر آخری سند مانے جاتے تھے۔

(۱)

۴۴۷ھ سے ۴۵۰ھ تک عمر خیّام نے ریاضی، ہندسہ، فلسفہ، نجوم، طب اور فلکیات میں مسلّم الثبوت حیثیت حاصل کرلی۔ دُرّۃ الاخبار کی روایت ہے کہ ابوالحسن انباری سے مجسطی اور ابونصر محمد بن عبدالرحیم نسوی شاگرد بوعلی سینا (متوفی ۴۲۸ھ) سے خلق کائنات و تکلیف خلق کے بارے میں مراسلت ملتی ہے۔ خیال ہے کہ خیّام اس وقت علمی حیثیت سے مشہور ہوچکا تھا۔ چنانچہ ابونصر نے خیّام کی مدح میں جو قطعہ لکھا ہے، وہ خیّام کی علمی و شخصی برتری پر روشن دلیل ہے:

اِن کُنْتِ تَرْعَیْنِ یَارِیحَ الصَّبَا ذِمَمِی
فَاقْرِی السَّلَامَ عَلَی الْعَلَّامَۃِ الْخَیَمِی
یُوسِی لَدَیْہِ تُرَابُ الْاَرْضِ خَاضِعَۃً
خُضُوعَ مَنْ یَجْتَدِی جَدْوَی مِنَ الْحِکَمِ
فَھُوَ الْحَکِیمُ الَّذِی تَسْقِی سَحَائِبُہٗ
مَاءَ الْحَیَاۃِ رُفَاتَ الْاَعْظُمِ الرِّمَمِ
عَنْ حِکْمَۃِ الْکَوْنِ وَالتَّکْلِیفِ یَاتِ بِمَا
تَغْنِی بَرَاھِیْنُہٗ عَنْ اَنْ یُقَالَ لِمَ

بادِ صبا! علّامۂ خیّام کو ہمارا اسلام پہنچادے۔ وہ عالی جناب جس کے آستان پر خود زمین یوں سجدہ ریز ہے، جیسے کوئی حکمت کی بھیک مانگنے والا، وہ ایسے بزرگ ہیں، جن کے سحاب حکمت سے حکمت کی بوسیدہ ہڈیوں میں حیات جاوداں پیدا ہوتی ہے۔ "کون و تکلیف" کے مسائل میں انھوں نے وہ وہ افادات فرمائے ہیں، جن کے بعد کسی دلیل کی ضرورت ہی باقی

نہیں رہتی۔

(۲)

نظام الملک طوسی وزیر ملک شاہ سلجوقی مولود جمعہ ۲۱، ذی قعدہ ۴۲۱ھ متوفی رمضان ۴۸۵ھ اور حسن بن صباح متوفی شب چہار شنبہ ۶، ربیع الاول ۵۱۸ھ کے ساتھ عمر کے کسی حصّے میں کسی استاد سے ایک ساتھ یا الگ پڑھنے اور پیر بھائی ہونے کو سب نے لکھا ہے اور میں بھی اس کے خلاف رائے رکھنے والوں کے پاس کوئی ثبوت نہیں دیکھتا۔ "آتشکدہ" کا مصنّف کہتا ہے کہ نظام الملک نے خیّام کو نیشاپور میں جاگیر دی تھی اور بعض لوگوں کے خیال میں خیّام حسن بن صباح کے خیالات و عقائد سے متاثر تھا۔

(۳)

فردیناں توتل (مرتب المنجد فی الادب والعلوم) بوعلی سینا متوفی ۴۲۸ھ کو استاد خیّام لکھ کر ستم ظریفی کرتے ہیں اور بعض لوگ غزالی کو استاد بتاتے کہ۔ حالانکہ شہرزوری کہتا ہے کہ ایک مرتبہ[1] خود غزالی حکیم عمر خیّام سے ملاقات کرنے آئے اور باتوں باتوں میں ریاضی و فلکیات سے متعلق یہ بحث چھیڑ دی کہ:

"فلاسفہ تو کہتے ہیں کہ فلک اجرام متشابہ سے مرکّب ہے، پھر ایک نقطے کو قطب معیّن کرنا ترجیح بلا مرجّح ہے یا نہیں"؟

خیّام نے اس کے جواب میں حرکت اور مقولۂ حرکت کو تمہید بنا کر جو گفتگو شروع کی تو وقت نماز آگیا۔ غزالی نے اذان کی آواز سن کر کہا:

"جاء الحق و زهق الباطل. ان الباطل کان زهوقا۔"

گویا خیّام و غزالی میں معاصرانہ چشمک بھی تھی اور خیّام غزالی کی نظر میں اس عہد کے فلاسفہ کا سرگروہ بھی۔

(۴)

۴۶۷ھ میں ملک شاہ نے رصدگاہ اور فلکیاتی تحقیقات کے لیے لیبارٹری قائم کی تو خیّام بھی اس محکمے میں کسی معزّز عہدے پر فائز ہوا۔ گویا ۴۶۷ھ سے پہلے پہلے وہ چالیس

---

[1] سلیمان ندوی ۴۹۹ھ یا ۵۰۰ھ کا اندازہ بتاتے ہیں۔

برس کے لگ بھگ اور ہیئت و نجوم میں شہرۂ آفاق ہو چکا تھا۔ رصدگاہ کا عمل ۴۷۱ھ میں ختم ہوا، جہاں خیّام نے زیچ کی تکمیل میں ذمّہ دارانہ کام کیا۔

(۵)

۵۰۷ھ میں ظہیر الدین بیہقی کے والد زید، خیّام سے ملنے گئے تو اپنے بیٹے کو بھی ملاقات کرانے لے گئے۔ خیّام نے ظہیر الدین کی علمی قابلیت و ذہنی صلاحیّت کا امتحان لینے کے لیے ابوالغول طہوی کا ایک شعر

وَلَا یَرْعَونَ اَکْنَافَ الْھُوَینَا اِذَا حَلُّوا وَلَا اَرْضَ الْھُدُونِ

اور "خطوطہ توسیہ" کی تشریح پوچھی۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ اس عہد کے اکابر خیّام سے اس کی قیام گاہ پر ملنا شرف اور اس کا تذکرہ اپنا اعزاز خیال کرتے تھے۔

(۶)

۵۰۸ھ کے موسم سرما میں غالباً سلطان محمد بن ملک شاہ (۴۹۸-۵۱۱ھ) نے صدرالدین محمّد بن مظفر[1] کو لکھا کہ خیّام سے شاہی شکار کے لیے شبھ لگن، نیک ساعت تجویز کرا کے بھیج دو۔ اس کے جواب میں خیّام نے دن اور ساعت تجویز کی اور خود دربار میں حاضر ہو کر اپنی رائے پیش کی۔

آخر وہ دن اور وقت آیا، بادشاہ چلنے کو تیار، سواری دروازے پر حاضر کہ ابر و باد نے فضا کا رنگ بدل دیا۔ لوگوں نے چہ میگوئیاں اور بادشاہ نے بدمزگی کا اظہار شروع کیا ہی تھا کہ خیّام بڑھا اور عرض کی:

"سرکار مطمئن رہیں وقتی بات ہے۔ انشاءاللہ پانچ دن تک مطلع صاف رہے گا۔"

چنانچہ بادل چھٹے اور پانچ دن تک آسمان صاف رہا۔

(۷)

بقول بیہقی و شہر زوری:-

خواجہ نظام الملک طوسی کا بھتیجا عبدالرزّاق پہلے ایک مُلّا صفت فقیہ تھا۔ مگر کرسی وزارت

---

[1] شہاب الاسلام عبدالرزاق ۵۱۱ھ سے محرم ۵۱۵ھ تک سلطان سنجر کا وزیر رہا اور اسی سال انتقال کیا۔ خیّام ص ۹۱

پاکر اند مشرب و تردامن امیر، ادب نواز و قدر دانِ علماء ہوگیا۔ محفل میں علماء و فقہاء و حکماء و شعراء کا مجمع رہتا تھا۔ ایک دن کچھ لوگ بیٹھے اِدھر اُدھر کی باتیں کر رہے تھے کہ ابوالحسن[۵] غزال (م ۵۱۶ھ) اور قدیر کسی آیت کے اختلافات قرارت پر اُلجھ گئے۔ اتفاق کی بات عمر خیام بھی آ گئے، جنھیں دیکھتے ہی دونوں نے کہا:۔

"علی الخبیر سقطنا"

لو علامہ عصر آ گئے، اب مسئلہ حل ہو جائے گا۔

خیام نے موضوعِ بحث سُننے کے بعد قراتوں کے اختلاف، اسباب اختلاف اور متعلقہ مباحث پر اتنی اچھی تقریر کی کہ دونوں حیران رہ گئے۔

قاری ابوالحسن کہنے لگے:۔

"خدا آپ جیسے علماء اور پیدا کرے، میں سمجھتا ہوں کہ قاری بھی اتنی گہری نظر نہیں رکھتے، حکماء تو خیر اس فن سے کیا واقف ہوں گے۔"

(۸)

شہرزوری ہی راوی ہے:۔

مرو کے ایک حمام میں قاضی عبدالرشید بن نصر اور خیام سے ملاقات ہوئی۔ قاضی صاحب نے سورۃ النّاس و الفلق کی تفسیر پر گفتگو شروع کر دی اور سورہ النّاس میں بعض الفاظ کی تکرار کی وجہ پوچھی، جس کے جواب میں خیام نے ایسے اچھے نکتے بیان کیے کہ لوگ محو حیرت ہو گئے۔

(۹)

بیہقی کے والد خیام کی زبانی ناقل ہیں:۔

ملک شاہ کی نجی صحبت میں بیٹھا تھا کہ ایک امیرزادہ حاضر ہوا اور ایک بات اتنے ادب سے کی، جسے دیکھ کر سب کو تعجب ہوا۔ بادشاہ نے فرمایا:۔

تعجب کیوں ہے؛ مرغی کا بچہ انڈے سے نکلتے ہی دانہ چگتا ہے۔ کبوتری کا

---

[۵] ابوالحسن علی بن احمد بن محمد غزال نیشاپوری اپنے عہد کے مشہور قاری، نجومی، زاہد و صوفی مانے جاتے ہیں۔ شعبان ۵۱۶ھ میں فوت ہوئے (حاشیہ خیام ص ۹۱)

بچہ ماں کا محتاج ہے، مگر مکہ میں چھوڑو تو بغداد پہنچ جاتا ہے۔
بادشاہ کو یہ نکتہ آفرینی بہت پسند آئی اور دل میں کہنے لگا سچ ہے۔
کلّ کبیرٍ ملھم۔ ہر بڑے کو الہام ہوتا ہے۔

(۱۰)

ملک شاہ کا فرزند جو رجب ۷۹ھ میں پیدا ہوا تھا۔ چیچکؔ میں مبتلا ہوا۔ خیّام علاج پر مامور ہوئے۔ ایک روز مریض کو دیکھ کر آرہے تھے۔ راستے میں فخرالدولہ[۲] ابوالفتح علی بن حسین (معزول ۴۹۷ھ) مل گئے، پوچھنے لگے :۔

"شہزادہ کیسا ہے؟"

حکیم نے کہا :۔

"بچہ خطرے میں ہے!"

اتفاقاً وہاں ایک حبشی غلام کھڑا یہ باتیں سن رہا تھا۔ جب شہزادے کے پاس پہنچا تو خیّام کی رائے بیان کردی، جسے سن کر سنجر خیّام سے بدظن ہوگیا۔

(۱۱)

۵۱۰ھ میں سونے چاندی یا شاہی جواہرات کے وزن معلوم کرنے کے لیے کسی سائنٹفک ترازو کی ضرورت تھی۔ خیّام نے اس کام پر تحقیق کی اور "میزان الحکم" نامی رسالہ لکھا۔

(۱۲)

۴۶۷ھ میں ملک شاہ نے رصدگاہ قائم کی۔ نظام الملک نے خیّام کو طلب کیا اور تحقیقاتی خدمات کے لیے نامزد کیا۔ خیّام نے انھیں دنوں "کلیات الوجود" فارسی کتاب لکھ کر وزیر کے دونوں بیٹوں مؤیّد الملک اور فخرالملک کو مستفید کیا۔ رسالہ کلّیات الوجود میں اس نے وزیر سے اپنی خصوصیت و روابط پر خوشی کا اظہار کیا ہے۔

---

[۱] راوندی نے راحۃ الصدور میں لکھا ہے :۔ سلطان سنجر گندم گون، آبلہ نشان بود۔ محاسنے تمام در طول و عرض و بعضے از موئے شارب بآبلہ رفتہ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ (کتاب مذکور ص ۱۶ طبع لندن ۱۹۲۱ء)

[۲] تتمہ صوان الحکمت میں فخرالدولہ ہے۔

(١٣)

خیام نے نیشاپور، مرو، بلخ، بخارا، مکّہ و مدینہ کا سفر کیا۔ وہ ان شہروں میں مقیم بھی رہا ہے۔

(١٤)

۵۰۶ھ کا واقعہ ہے کہ بلخ کے کوچۂ بردہ فروشاں میں امیر ابوسعید جرّہ کے یہاں حکیم مظفر اسفزاری کے ساتھ مہمان تھا۔ بلخ کے علماء و ادباء حاضر ہوتے تھے۔ ایک دن نظامی عروضی سمرقندی بھی ملنے آئے۔ محفل میں باتیں ہو رہی تھیں۔ نظامی کہتے ہیں:۔

از حجۃ الحق عمر شنیدم کہ او گفت:۔

"گور من در موضعے باشد کہ ہر بہاری شمال بر من گُل افشاں می کند۔"

خیّام کہنے لگے:۔

بھئی! میری قبر ایسی جگہ ہو گی، جہاں بہار پھولوں کی چادر چڑھایا کرے گی۔

نظامی حیران تھا، اتنا بڑا آدمی کیسی باتیں کر رہا ہے۔ نجوم پر اسے اعتقاد نہیں، لیکن اس وقت پوری طرح یقین و اعتماد سے پیشین گوئی کا اندازہ ہے۔

(١۵)

بیہقی[1] نے واقعۂ وفات کے سلسلے میں خود خیّام کے داماد امام محمّد بغدادی سے نقل کیا ہے:۔

بو علی سینا کی کتاب "الشفا" میں واحد و کثیر کی بحث ملاحظہ کر رہے تھے۔ دورانِ مطالعہ میں سونے کی خلال کتاب میں رکھ کر اُٹھے۔ طبیعت بھاری تھی۔ سر اور دل پر بوجھ سا معلوم ہو رہا تھا۔ کہنے لگے، لوگوں کو بلاؤ، وصیّتیں کر دوں۔ وصیّتیں کرنے کے بعد وضو کیا، نماز پڑھی۔ عشا تک کچھ کھایا پیا نہیں۔ عشا کی نماز پڑھ کر سر سجدے میں رکھ دیا، دُعا کی:۔

اَللّٰھُمَّ! تَعْرِفُ اِنِّیْ عَرَفْتُکَ عَلٰی مَبْلَغِ اِمْکَانِیْ فَاغْفِرْ لِیْ فَاِنَّ مَعْرِفَتِیْ اِیَّاکَ وَسِیْلَتِیْ اِلَیْکَ (شہرزوری، ۲ خیّام)

پروردگار! تجھے علم ہے کہ اپنے امکان بھر تیری معرفت حاصل کر چکا۔ میری مغفرت فرما، کیونکہ میرا تجھے پہچاننا ہی تیرے حضور میں میرا وسیلہ ہے۔

---

[1] تتمہ صوان الحکمۃ، بیست مقالہ قزوینی ج ۲ ص ۱۲۷۔

یہ آخری جملے تھے۔

خیّام دُنیا سے رحلت کر گئے۔

سوامی گووند کی رائے ہے۔ ۱۲ محرّم ۵۲٦ھ میں وفات پائی۔ ۵۰۹ھ، ۵۱۷ھ، ۵۱۰ھ کی روایتوں کو دیکھ کر اندازہ یہی ہے کہ ۱۰ھ سے ۳٦ھ تک کا واقعہ ہے۔ کیونکہ نظامی ٦ھ میں ملا اور ۳۰ھ میں فاتحہ پڑھتا ہے اور تاریخ وفات کو چند سال یا چار سال بتاتا ہے۔[۱]

(۱٦)

۵۳۰ھ میں نظامی عروضی نے اپنے نیشاپور جانے کا تذکرہ کیا ہے۔ نیشاپور پہنچ کر اسے اُستاد کی یاد آئی۔

"چہار (چند) سال بود عالم سفلی از و یتیم مانده و او را بر من حق اُستادی بود آدینه بزیارت او رفتم و یکے را با خود بردم که خاک او بمن نماید"

چار (بعض قلمی نسخوں میں چند ہے) سال ہوئے کہ وہ وفات پا چکے تھے۔ مرحوم کا مجھ پر حق استادی تھا۔ جمعہ کو زیارت قبر کے لیے ایک شخص کو ساتھ لے کر قبرستان حیرہ پہنچا۔ یہاں ایک باغ کی دیوار کے نیچے گُل پوش قبر کی طرف اشارہ کرتے ہوئے راہنما نے کہا یہ ہے خیّام کی قبر۔ دیوار باغ سے پھول دار شاخیں زرد آلو، امرود وغیرہ کے پھول برسا رہی تھیں۔ نظامی رو دیا کہ

"در بسیط عالم و اقطار ربع مسکون او را ہیچ جائے نظیرے نمی دیدیم"

ساری زمین اور اس طویل و وسیع دنیا میں اس کا جواب نہیں دیکھا!

○

خیام :-

معزّز عالم، صاحب وقار، دولت مند،
مشہور منجّم، حاذق طبیب،
بہت بڑا قاری، عظیم فلسفی،
ریاضی، الجبرا، مابعد الطبیعیّات کا واقف کار، فلکیات و ہندسہ کا محقق تھا۔

---

[۱] تاریخ ادبیات ایران صفحہ ۵۲۷ - مجلّہ مشرق - مقالہ مرحوم عباس اقبال ص ۸٦ - ۸۷

اس کے معاصرین اسے دینی احترام کے ساتھ یاد کرتے تھے۔ علماء اس سے ملتے اور امراء اس سے فائدہ اُٹھاتے تھے۔

عمر خیّام سائنس دان شاعر متوفی ۵۲۶ھ / ۱۲۳۲ء ۴۶۷ھ سے بہت پہلے ریاضی دان کی حیثیت سے شہرت پا چکا تھا، کہ اسے ملک شاہ نے ابوالمظفر، سفرازی اور میمون بن نجیب واسطی ۴۶۷ھ / م کے ساتھ ایرانی تقویم کی اصلاح کی پہلے دعوت دی۔ شمس الملوک فرمانروائے بخارا م ۵۷۴ھ / ۱۱۷۹ء خیام کا خاص مہربان تھا۔

خریدۃ القصر کا مصنّف عمادالدین کاتب اصفہانی اسے عالم بے مثال اور شیخ نجم الدین المرصاد العباد میں منحوس فلسفی، دہریہ اور مادہ پرست کہتا ہے۔

ای ڈی راس E.D. ROSS کی تحقیق سے رباعیاں ۱۰۸ ہیں۔

اس کی اولاد میں ایک بیاہی ہوئی لڑکی کا سراغ ملتا ہے۔

مقبرہ

نئے نیشاپور کے جنوب مشرق میں مرزا امام زادہ محروق کے احاطے میں ایک سادہ و پُرشکوہ منظر کے ساتھ مقبرہ و یادگار قائم ہے۔

اخلاق و عادات

بظاہر خیام جوانی ہی میں علوم و فنون سے آراستہ ہو چکا تھا۔ ذکاوت و ذہانت فطری تھی۔ حافظے کا یہ عالم کہ اصفہان میں ایک کتاب کا مطالعہ کیا اور نیشا پور میں آکر لکھ ڈالی جب اصل سے ملا کر دیکھا تو ایک حرف کا بھی فرق نہ تھا۔[۱]

یوں تو لغت، ادب، تاریخ، تفسیر، فقہ، سائنس، خصوصاً ٹھوس دھاتوں (سونا چاندی) کے علوم کا ماہر، فن نجوم و ہیئت و تقویم کا استاد تھا، لیکن اس کی خصوصیت و شہرت ماہر ریاضی و فلسفہ بو علی سینا پر عبور کی وجہ سے تھی۔ تتمہ صوان الحکمت کے مصنف نے لکھا ہے کہ ایک مرتبہ خیام، علاؤالدولہ فرامرز بن علی کے سامنے بیٹھا تھا۔ علماء کا تذکرہ ہونے لگا۔ بات ابوالبرکات ملکا بغدادی (متوفی ۵۴۷ھ) کے اعتراضات تک پہنچی۔ ابوالبرکات بو علی کے مخالفین اور اس کے فلسفے کے معترضین میں شمار ہوتا تھا۔ خیام نے کہا:۔

"ابوالبرکات کلام ابو علی را در نمی یابد و او را مرتبہ ادراک سخنان شیخ نیست تا چہ رسد باعتراض بر سخنان او و ایراد شکوک بر کلام وی"

(کتاب مذکور ص ۱۱۰ - ۱۱۱)

اکثر مورخین کا بیان ہے کہ خیام خشک مزاج، گوشہ نشین، مے خوار و کم سخن تھا علم میں بخیل تھا، اخلاق میں کشادہ روئی نہ تھی۔ علماء اس کے بارے میں اچھی رائے نہیں رکھتے۔ قزوینی نے آثار البلاد میں لکھا ہے کہ:۔

ایک فقیہ و خطیب شہر میں خیام کے خلاف تقریریں کر کے اپنی رونق بازار کا سامان کرتے تھے اور چھپ کر اس کی محفل میں فلسفہ و حکمت کے نکتے سنتے تھے۔ ایک روز خیام نے یہ اہتمام کیا کہ کچھ نقارچی اور بگل بجانے والوں کو بلایا اور ان سے کہا کہ تم چھپ کر بیٹھو

---

[۱] بیہقی تتمہ صوان الحکمۃ۔ لیست مقالہ ج ۲ ص ۱۲۱

جب میں کہوں تو ذرا ڈھول پیٹ کر پھیریاں بجانا۔

جناب واعظ وزاہد حسب عادت صبح سویرے خیّام کے یہاں تشریف لائے۔ حکیم نے نقارچیوں کو اشارہ کیا۔ اُنھوں نے ڈھول بجانا اور بگل پھونکنا شروع کیے۔ لوگوں کا انبوہ لگ گیا کہ حکیم کے یہاں یہ تماشا کیسا ہے۔

خیّام نے مجمع کو مخاطب کر کے کہا :-

"حضرات! یہ ہیں آپ کے پیرو مرشد اور میرے حریف، کہ مسجدوں میں آپ لوگوں سے کہتے ہیں، خیام کافر ہے، اس سے بچو اور خود بدولت روز یہاں چوری چھپے آتے اور کافر سے سبق پڑھ جاتے ہیں"۔

تاریخ الفی اور احسن القصص میں یہ لطیفہ بھی ہے کہ نیشاپور کا ایک پرانا مدرسہ تعمیر ہو رہا تھا، لوگ گدھوں پر اینٹ اور مسالا لاد کر لاتے تھے۔ اتفاقاً ایک گدھا اَڑ گیا۔ قضارا خیام بھی موجود تھے۔ اس منظر کو دیکھ کر فرمانے لگے :

اے رفتی و باز آمدہ بل ہُم گشتہ   نامت زمیان نامہا گم گشتہ!

ناخن، ہمہ جمع آمدہ وسُم گشتہ   ریش از پس کون یہ آمدہ دُم گشتہ

یہ مصرعے جادو کا کام کر گئے۔ یعنی گدھا بیک بینی و دو گوش دروازے میں داخل ہو گیا۔

لوگوں نے پوچھا، حضور! یہ گدھا آپ کی رُباعی سُن کر کیوں رام ہو گیا؟ خیّام نے کہا کہ یہ گدھا پہلے جنم میں مدرس تھا۔ اب وہ اس جنم میں پھر مدرسے نہیں جانا چاہتا تھا میں نے اسے بتایا کہ "میں جناب کو پہچانتا ہوں"۔ وہ شرمندہ ہو گیا۔

درحقیقت یہ واقعات لطائف سے زیادہ نہیں اور وہ بھی بعد کی ایجادہ کردہ کہانیاں۔

بعض رسائل کی تمہیدوں سے معلوم ہوتا ہے کہ خیّام اُمراء و وزراء سے وابستہ ہوا ہے اور اس تعلق پر خوش بھی ہے۔ شمس الملک بخارا، قاضی عماد اور فخر الملک کی دربارداری کو سعادت مانتا ہے۔

اگر قطعات و رباعیات پر بنا کی جائے تو خیّام کے بارے میں یہ کہنا آسان ہے کہ وہ رند لاُابالی، مست و خوش مزاج، دنیا سے بدظن، عیش دوست، موت سے خوفزدہ،

ناموری سے متنفر ہے۔ کیونکہ اس کی تحقیقی رباعی ہے کہ

چوں عمر بسر رسد چہ شیریں و چہ تلخ | پیمانہ چو پُر شد، چہ بغداد چہ بلخ
می نوش! کہ بعد از من و تو ماہ بسے | از سلخ بہ غرّہ آید و از غرّہ بہ سلخ

عقائد و افکار

بلاشبہ وہ اپنے عہد میں حکمت یونان کا سرچشمہ، بوعلی سکول کا مسلّم الثبوت حکیم اور مشائین کا پیشوا تھا۔ اس کے وسائل سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ فلسفیانہ "توحید" کا قائل تھا۔ خدا کو ظلم سے بری مانتا ہے۔ اس پر باطنی اور صوفی خیالات غالب ہیں۔ اس نے خود لکھا ہے کہ :-

"بدانکہ کسانیکہ طالبان شناخت خداوند سبحانہٗ وتعالیٰ اند۔ چہار گروہ اند:-

اوّل:- متکلمانند کہ ایشاں بجدال و حجت ہائے اقناعی راضی شدہ اند وبدان قدر بسند کردند۔ در معرفت باری عزّ اسمہٗ۔

دوم:- فلاسفہ وحکما، کہ ایشان بادلۂ عقلی صرف در قوانین منطقی طلب شناخت کردند بہیچ ادلہ اقناعی نکردند لیکن ایشاں نیز بشرائط منطقی وفا نتوانستن کرد و ازاں عاجز آمدہ اند۔

سوم:- اسماعیلیاں اند و تعلیمیانند کہ ایشان گفتند کہ طریق معرفت جز اخبار خبر (مخبر)، صادق نیست، چہ دراولۂ معرفت مانع و ذات و صفات وی اشکالات بسیار است و اولہ متعارض وعقول دراں متحیّر و عاجز۔ پس اولیٰ تر آں باشد کہ از قول صادق طلبند۔

چہارم: اہل تصوّف بودند کہ ایشان بہ تفکّر و اندیشہ طلب

معرفت نہ کردند کہ بتصفیہ باطن و تھذیب اخلاق، نفس ناطقہ را از کدورتِ طبیعت و ھیئاتِ بدنی منزّہ کردند، چوں آں جوھر صافی گشت و در مقابلۂ ملکوت افتاد۔ صور تھائے آں بحقیقت درآنجائے گہ پیدا شود بے ھیچ شکّے و شبھے و ایں طریق از ھمہ، بھتراست کہ ھیچ کمال از حضرت خداوند مبخول نیست وآنجائے گہ منع و حجاب نیست، پس ھر آنچ آدمی را نبود از کدورتِ طبع باشد۔ چہ اگر حجب زائل شود وحائل وما نع دورگرد حقائق چیزھا چنانک باشد پیدا شود "

یعنی، متکلمین، حکما، اسماعیلیوں اور صوفیوں کے آراء و عقائد میں اسے آخر الذکر انداز پسند ہیں۔ کہتے ہیں کہ بغداد میں تصوّف پسند علماء سے مل کر متاثر ہوا تھا، مگر ذات و صفات، نبوّت، حشر و نشر میں اس کے خیالات رسائل اخوان الصفا اور بو علی کی "شفا" سے ملتے جلتے ہیں۔ لوگ اسے قائل تناسخ بھی بتاتے ہیں۔ اس لیے باطنی یا اسماعیلی ہونے کا شبہ ہوتا ہے۔

احکام اسلام میں نماز بجا لاتا تھا۔ حج کرنے کی روایت بھی قدیم مورخوں نے لکھی ہے۔ محمدؐ و آل محمدؐ پر درود و سلام بھی بھیجتا تھا۔

نجوم و ہیئت کا ماہر تھا۔ مگر بقول نظامی احکام نجوم کا معتقد نہ تھا۔

بعض لوگ اسے قائل تناسخ مانتے ہیں اور بعض قرائن سے واقعی اس کا امکان ہے کہ وہ 'آداگون' مانتا ہو۔

قفطی کا خیال ہے کہ خیام، خراسان کا امام، تعلیمات یونانی کا مبلّغ، ریاضت باطنی کا قائل تھا۔ علماء اسے مطعون اور بڑا سمجھتے تھے[1]۔

---

[1] تاریخ ادبیات در ایران ج ۲ ص ۵۲۶

علمی یادگاریں

انسانی ذہن کا تجزیہ اور رجحانات کا سراغ لگانا ہو تو اس کی تحریر دیکھی جائے۔ پسندیدہ موضوع معلوم کیے جائیں۔ کام کے انداز پرکھیے اور فیصلہ کیجیے کہ قلم کار کس افتاد طبع کا پابند ہے۔ خیّام کی تمام کتابیں موجود ہیں؟ اس کا جواب یقینی نہیں، لیکن جو کتابیں ملتی ہیں ان کے نام اور موضوع یہ ہیں:-

۱۔ رسالہ فی براھین الجبر والمقابلہ۔
۲۔ رسالہ الکون والتکلیف (عربی مطبوعہ)
۳۔ رسالہ شرح مشکلات مصادرات کتاب اقلیدس
۴۔ رسالہ میزان الحکمۃ
۵۔ رسالہ در صورت تضاد
۶۔ رسالہ الضیاء العقلی فی موضوع العلم الکلی
۷۔ روضۃ القلوب در کلیات وجود
۸۔ ترجمہ خطبۂ ابن سینا
۹۔ رسالہ در صحت طریق ہندی برائے استخراج جذر و کعب۔ (خیال ہے شمس الملک بخارا کے یہاں پہاڑوں پر یہ کتابچہ سب سے پہلے لکھا گیا ہے)۔
۱۰۔ مشکلات الحساب
۱۱۔ رسالہ طبیعیات (شہر زوری)
۱۲۔ رسالہ در بیان زیج ملک شاہی۔
۱۳۔ رسالہ نظام الملک۔
۱۴۔ رسالہ لوازم الامکنہ۔

۱۵۔ نوروزنامہ (مشتبہ)
۱۶۔ اشعار عربی (اُنتیس ملتے ہیں)
۱۷۔ رباعیات فارسی۔

یہ فہرست "رباعیات خیام" مطبوعہ تہران مؤسسہ مطبوعاتی امیر کبیر ۱۳۱۳ھ شمسی سے ماخوذ ہے، لیکن بعض کتابوں میں بحث کی گنجائش ہے، مثلاً "رسالۃ الکون والتکلیف" کے بعد فہرست میں ایک نام ہے۔" درصورت تضاد" حقیقت میں یہ رسالہ پہلی تصنیف کا تتمہ ہے۔ سلیمان ندوی نے اسے "الجواب عن ثلاث مسائل ضرورۃ التضاد فی العالم والجبر والبقاء" لکھا ہے۔

نمبر ۶، کا نام "الرسالۃ الاولیٰ فی الوجود" ہے۔ "الرسالۃ الثانیہ فی الوجود" یا "رسالۃ الاوصاف والموصوف" کو پہلی مرتبہ سلیمان ندوی نے شائع کیا۔
۷۔ کلیات الوجود۔ سوامی گوبند اور سلیمان دونوں نے چھاپا۔
۹۔ میزان الحکمۃ کو میزان الحکم یا رسالۃ فی معرفت مقداری الذہب والفضۃ کے نام سے سلیمان نے شایع کیا۔

نوروزنامہ اور لوازم الامکنۃ خیام ہی کے نام سے چھپے ہیں، مگر محققین نے اس کے انتساب میں شک کیا ہے۔

مذکورہ کتابیں عموماً ضخامت و حجم میں رسالوں سے زیادہ نہیں۔ اس لیے کہا جا سکتا ہے کہ خیام کسی بڑی تالیف کا مؤلف نہیں، اس نے اپنے عہد کے ہنگامی مسائل پر لکھا ہے۔ فلسفے کا وہ ماہر ہے، مگر یا تو صاحب قلم نہیں یا بسیط و طولانی بحث سے دلچسپی نہیں رکھتا۔

درباداری اور ندیمی، اس کا مشہور منصب تو نہیں، لیکن نظامی عروضی کے بیان اور خود اس کے تصریحات سے معلوم ہوتا ہے کہ بخارا کے مشہور امیر شمس الملک قاضی القضاۃ ابوطاہر، فخر الملک، ملک شاہ وغیرہ کے درباروں سے تعلق تھا، بظاہر یہاں وہ بحیثیت "منجم" کے جاتا ہوگا۔ بیہقی وغیرہ نے لکھا ہے:۔

وَکَانَ تِلْوُ اَبِی عَلِی فِی اَجْزَاءِ عُلُوْمِ الْحِکْمَۃِ	علوم حکمت میں بو علی سینا کے بعد خیام ہی اس کا ردیف تھا۔

وَاَمَّا اَجْزَاءُ الْحِكْمَةِ مِنَ الرِّيَاضَاتِ وَالْمَعْقُوْلَاتِ فَكَانَ اِبْنُ بِجَدَتِهَا	ریاضی و معقولات میں تو وہ بالکل یگانہ تھا

تفطی وغیرہ کا کہنا ہے:۔

اِمَامُ خُرَاسَانَ وَعَلَّامَةُ الزَّمَانِ . . . . وَكَانَ عَدِيْمُ الْقَرِيْنِ فِيْ عِلْمِ النُّجُوْمِ وَالْحِكْمَةِ وَبِهِ يُضْرَبُ الْمَثَلُ فِيْ هٰذِهِ الانواع لَوْرُزِقَ الْعِصْمَةَ "	پیشوائے خراسان، علّامۂ دہر . . . . نجوم و حکمت میں بے مثال تھا۔ لوگ ان معاملات میں اس کا نام بطور ضرب المثل لیتے تھے، مگر افسوس کہ غلطیوں سے محفوظ نہ تھا۔

چونکہ درباروں میں حکیم سے نجوم کے علاوہ طبّی امداد بھی حاصل کی جاتی تھی، اِس لیے خیام نے ایک آدھ علاج بھی کیا۔ جیسے کبھی کبھی شعر کہہ لیا کرتا تھا، یا قرأت و ادب عرب و کلام وغیرہ پر اس کی مہارت کے ثبوت پیش کیے جا سکتے ہیں۔ لیکن ایک فاضل حکیم و فلسفی کی ذہانت و مطالعہ و بصیرت و باخبری کے لیے یہ کوئی نئی بات نہیں۔ البتہ قرائن سے ثابت ہے کہ وہ منجّم، مہندس و ماہر ریاضی پہلے، پھر ماوراء طبیعیّات، اس کے بعد طبیعیات کا عالم ہے۔ کچھ مداحوں کے نزدیک وہ لغت و فقہ میں بھی امام تھا۔

مگر اس کی زندگی کا بڑا کارنامہ فلکی مشاہدات اور نئی جنتری کی ترتیب ہے۔ ۵۰۸ھ میں اس نے حرکت شمسی کے گھنٹے اور منٹ، سیکنڈ قطعی طور پر معلوم کر کے "لوند"[1] کا حساب تقریباً صحیح طور پر رائج کرنے سفارش کی۔ اتفاق اور خوش قسمتی سے اس کی یہ کوشش مقبول ہوئی اور جلالی سنہ یعنی ملک شاہی جنتری رائج ہو گئی۔

میرا خیال ہے کہ یورپ میں خیّام تک اسی راہ سے رسائی ہوئی ہوگی۔ پھر لوگوں کو اس کی رباعیاں ملیں، فلسفی خیّام، محققین کے حجرۂ تحقیق میں رہا اور شاعر خیّام، شہرت کے پر لگا کر اُڑنے لگا۔

---

[1] قمری سال میں روایت ہلال کی دقتیں مشکل سے زیادہ دو دوسری شمسی سال کے حساب میں ہے کہ عمدہ سے عمدہ طریقے رائج ہوئے اور بڑی بڑی سر مغزو کے بعد بھی دس پانچ برس میں کوئی پھیر نکل آتا ہے۔

فلسفی اور شاعر

یونانی فلسفے کے متعلقہ فنون میں "فنِ خطابت" اور "شعر" دونوں داخل ہیں اور اکثر یہ ہوا ہے کہ حکماء نے بطور تفنّن شاعری کو بھی مُنہ لگایا ہے۔ چنانچہ بوعلی سینا محقق طوسی وغیرہ کے اشعار موجود ہیں، لیکن خیام کی طرح اس کا مقصد کسی نظریئے کی تعلیم، کسی رجحان کی اشاعت یا ذہنی و نفسیاتی کیفیت کا شعوری اظہار نہیں تھا، بلکہ ان اشعار کا مقصد حکمت کے اس فن میں مشق یا دسترس کا اظہار یا وقتی کیفیت سے انفعال شدید کا نتیجہ تھا۔

رومی و عطّار و اقبال کی طرح کا فکری تسلسل اور شعری مقصد آفرینی یا ادب برائے زندگی کا نمونہ موجود نہ تھا۔ اگر کوئی تنقید نگار یہ سعی لاحاصل کرے بھی تو اس کے نتائج تحقیق میں شاعر سے زیادہ خود اس کا ہاتھ ہوگا۔ کون نہیں جانتا کہ بوعلی سینا، محقق طوسی، فخرالدین رازی کی رُباعیاں فلسفی تصورات سے بوجھل ہیں۔ لیکن ان میں فکری ربط بھی ہے؟ نہیں، کیونکہ وہ رومی کی طرح موضوع کے پیشِ نظر نہیں لکھتے تھے۔ ان کے شعور و لاشعور میں کوئی چھوٹا بڑا پلاٹ یا اسکیچ نہیں تھا۔ یونہی خیام اور اس کے اشعار ہیں، کہ دورانِ فکر یا خلاء ذہن و عالم سرور میں کوئی شعور یا لاشعور اُبھرا، جیسے اگر گنگنانے کی حالت نصیب ہوئی تو نظم کر دیا، یا وقت نے تقاضا کیا تو لکھ لیا، ورنہ نہیں۔ ظاہر ہے کہ یہ چھوٹے چھوٹے نفسیاتی تاثرات کتنے ہی دقیق کیوں نہ ہوں، اس وقت تک نتیجہ خیز نہیں ہوسکتے، جب تک اس طرح کے تمام تجزیے یا نوّے فیصدی جزئیات اور پوری ذہنی کاوشیں، سوانح حیات اور ماحول سامنے نہ ہو۔ ان سے قطعی نتائج حاصل نہیں ہوسکتے۔

شاعر کے فلسفی ہونے کا مطلب یہی ہے کہ اس میں کوئی نظریہ ہو۔ تمام، ناتمام، مثبت منفی، صحیح غلط۔ عملی یا فکری ہونے سے بحث کرنا ہو تو تصنیفی، مباحث اور رسالے کی طرف رجوع کرنا چاہیئے۔ پانچویں صدی کے شاعر کے یہاں اس کی تلاش بے سُود ہے۔ البتہ شاعر کا رنگ اور تخیل کی بھرپور قوّت ضرور ایسی چیز ہے، جسے پردے نہیں چھپا سکتے۔ یہ رنگ سطحی نظر سے دیکھنے والوں کو ترکیب الفاظ، بندش اور تکنیک میں نظر آجاتا ہے۔ اور ماہر کو مفہوم کی تہ تک لے جاتا ہے۔

حافظ کی رندی، رومی کا نظریۂ ارتقاء روح و اصلاحِ حال، فردوسی کا قومی شعور اور حماسی آہنگ، کسی مدلل کتاب کا محتاج نہیں، مگر خیام کے لیے دفتر لکھنا پڑے ہیں۔

خیام کے رسائل کا مطالعہ بتاتا ہے کہ فلکیاتی مسائل کے بعد اسے وجود، صفات اور روح کے مسائل میں کافی اُلجھنیں تھیں۔ غالباً وہ اکثر معاملات پر سوچتا رہتا تھا۔ شراب اس سوچ میں آگ پر تیل کا کام کرتی تھی اور اس عمل سے تیار شدہ خاکستر شعر کی صورت اختیار کر لیتی تھی۔ یہ شعر مُنہ کا مزہ بدلنے، وقتی سرور و اطمینان حاصل کرنے کے سوا کوئی حیثیت نہیں رکھتے۔ ورنہ وہ کوئی مثنوی لکھتا، قطعات قلمبند کرتا، عربی کو اپناتا، کوئی بڑا تجربہ کرتا اور ادب و شعر کو فن بناتا۔

خیّام شاعر کیسے بنا؟

مجھے یقین ہے کہ جس طرح بو علی سینا کی دس بیس رُباعیوں اور محقق طوسی و رازی کے اشعار کی تعداد بہ مشکل سو سے زیادہ ہو گی، اسی طرح خیام کے اُنتیس عربی اشعار کے مقابلے میں فارسی رُباعیاں دس بیس نہ سہی پچاس ساٹھ ہوں گی اور جیسے دوسرے حکماء، شعرا کی حیثیت فنی اعتبار سے کوئی مستند حیثیت نہیں۔ خیام بھی تقریباً غیر شاعر ہی رہا۔ تیموری خاندان کے پیدا کردہ ثقافتی رجحانات نے شاعر و شاعر گر و شعر ساز و شعر نواز عام کر دیے تھے۔ لوگوں نے خیام کے اشعار و رباعیات کی تعداد بھی بڑھا دی۔ بقول بہار:-

"......... و ازیں قبیل است مقدمہ کہ بامر بایسنقر فضلاء و علماء آں عصر بر شاہنامہ نوشتہ اند و سرتاسر خلاف حقیقت و خلاف منطق و بر ضد تاریخ مے باشد ازیں قبیل است اشعارے کہ دریں عصر از طرف مردم بہ شاہنامہ و مثنوی افزودہ شدہ است و مقدمہ ہائے مانند مقدمہ گلندام بر دیوان حافظ کہ معلوم نیست تاچہ پایہ اصل داشتہ باشد و پیدا شدن رُباعیات خیام در یک مجلد دریں دورہ بوجود آمدہ" (سبک شناسی ۱۹۱/۳)

عربی ادب کی طرح منسوبات کی ایسی ریل پیل ہوئی کہ دو دو جزء کے دیوان مراقبہ و خواب و انکشاف کے ذریعے سے دو دو سو صفحات کے ہو گئے۔ کاتبوں نے ان پر گل بوٹے

بنا کر چار چاند لگا دیے، تذکرہ نگاروں نے خوب خوب حاشیے چڑھائے اور جو چیز خانقاہ یا مدرسے میں چلی گئی، اس کا تو نصیبہ جاگ اُٹھا۔ پھر ان مقدّس مدارس سے جو سَند ملی تو علماء نے شرحیں لکھ کر کُفر کو ایمان، رندی کو عرفان اور عام جُملوں کو قرآن و حدیث کے ہم پہلو کر دیا۔ آخر زمانے کے چکّروں نے اسے متاعِ عزیز بنا دیا۔

رباعیاتِ خیّام کی موجودہ تعداد دو ہزار سے زائد ہے۔ اس مجموعے پر یورپ اور ہندوستان و ایران نے حوصلہ افزا کام کیے۔ قدیم سے قدیم اور نئے سے نئے مجموعے نکالے۔ عربی، انگریزی، فرانسیسی، اطالوی، روسی، اُردو، ہندی، مرہٹی، گجراتی ترجمے چھپے۔ محققین نے حقِ تحقیق ادا کیا۔ مبصرین نے شرح و نقد کی داد دی۔ لطف یہ کہ جس کے نام پر یہ سب کچھ ہُوا، اس غریب کو اس سے کوئی واسطہ نہیں۔

ف رخ، کریسٹن ژن، سلیمان ندوی، صادق ہدایت، ژد کوفسکی، فروغی، النفیسی، ونکٹ راؤ، آغا شاعر قزلباش، صفی لکھنوی، فیٹز جیرالڈ وغیرہم نے جو محنتیں کی ہیں، وہ خیّام کے نام میں مقناطیسیت کی آئینہ دار ہیں۔

لوگوں نے بڑی محنت کی، تاکہ کسی طرح اس انبارِ دروغ سے صحیح رُباعیاں چھانٹ لیں، مگر کوششیں بار ور نہ ہو سکیں۔ کسی نے کسی رُباعی کو اصل مانا، کسی نے اسے روک دیا۔ آخر یہ ہُوا کہ سب نے جو کوشش کی، اسے یک جا کر لیا جائے، مگر اسے بھی اہمیّت نہ دی گئی۔ پچاس سال کی بحث کے بعد ایران کے علماء نے کم و بیش فروغی کے نسخے کو مان لیا۔ کیونکہ اُنھوں نے رُباعیات کے دو مختصر مخطوطوں اور ان سے بھی پُرانے ماخذوں پر بنیاد رکھی۔ جس کا خلاصہ یہ ہے کہ

مآخذ رباعیات
خیّام

لوگوں کا خیال تھا کہ قدیم ترین نسخوں کو فراہم کیا جائے، تو شاید کوئی مستند بات کہی جا سکے۔ لیکن اوّل تو ساتویں صدی تک کا کوئی نسخہ نہیں ملا اور متاخر نسخے جو ملے تو ایک سے زیادہ دوسرا پریشان کُن۔ پھر جب ان کا تقابلی مطالعہ کیا گیا، تو "معلوم شد کہ ہیچ معلوم نہ شد"۔ حد یہ ہوئی کہ جن رُباعیوں میں "خیّام" تخلص تھا وہ بھی جعلی اور کسی دوسری نوعیت کی ثابت ہوئیں۔ مثلاً:

خیام تنت بخیمہ می ماند راست ‎ ‎ سلطان روح است و منزلش دار فناست
فرّاش اجل ز بہر دیگر منزل ‎ ‎ ویران کند ایں خیمہ چوں سلطان برخاست

خیال کیا جاتا ہے کہ یہ رباعی مولانا روم کی ہے۔

بعض رباعیاں ابوسعید ابوالخیر، سعدی، حافظ یا دوسرے لوگوں کے نام منسوب ہیں۔ کہ ان پر نفی و اثبات کے فیصلے عائد نہ ہونے کے باوجود خیّام سے نسبت قطعی مشکوک ہے۔ اِس لیے بہترین طریقہ یہی تھا کہ دورِ تیموری سے پہلے یا خیّام سے زیادہ قریبی عہد کے مؤلفین سے مدد لی جاتی، جیسا کہ فروغی نے کیا کہ انھوں نے حسب ذیل مآخذ پہ بھروسہ کیا:۔

الف :۔ مرصاد العباد از شیخ نجم الدین رازی تالیف ۶۲۰ھ (غالباً) اس کتاب میں دو رباعیاں ہیں۔

۱۔ در دائرہ کامدن و رفتن ماست
۲۔ دارندہ چو ترکیب طبائع آراست

ب :۔ تاریخ جہانگشا از عطاؔ جوینی[1] تالیف ۶۵۸ھ (غالباً)

۳۔ اجزائے پیالہ کہ در ہم پیوست

تاریخ وصّاف میں بھی یہی رباعی منقول ہے۔

ج :۔ تاریخ گزیدہ از حمد اللہ متوفی تالیف ۷۳۰ھ تقریباً۔

۴۔ ہر ذرّہ کہ بر روئے زمینے بودہ است

د :۔ نزہتہ المجالس مخطوطہ ۷۳۱ھ سے اکتیس رُباعیاں

۵۔ تا راہ قلندری نہ پوئی نشود
۶۔ یک روز ز بند عالم آزاد نیم
۷۔ ہرگز دل من ز علم محروم نہ شد
۸۔ دشمن بہ غلط گفت کہ من فلسفیم

---

[1] بقول سلیمان ندوی دو رُباعیاں۔ (۱) ترکیب پیالہ کہ در ہم پیوست (۲) می خورد کہ سمن بسے سما خواہد دید کہ اس رباعی پر نام نہیں ہے۔

۹- مائیم که اصل شادی و کان غمیم

۱۰- ترکیب طبائع چو بکام تو دمی است

۱۱- خوش باش که پختند سودای تو دی

۱۲- از دی که گذشت هیچ از دیاد مکن

۱۳- پیش از من و تو لیل و نهاری بوده است

۱۴- هر ذرّه که در خاک زمینی بوده است

۱۵- هر راز که اندر دلِ دانا باشد

۱۶- هم دانهٔ اُمّید بخرمن ماند

۱۷- هر شاخ اُمید اگر برے یافتے

۱۸- یک جرعه مئ کهن ز ملکے نو، به

۱۹- درد هر چو آواز گل تازه دهند

۲۰- گیرم که به اسرار معما نرسی

۲۱- من مئ نه ز بهر تنگ دستی بخورم

۲۲- گر کار فلک بعدل سنجیده بدے

۲۳- هر یک چندے یکے بر آید که منم

۲۴- عمرے است مرا تیره و کارے است نه راست

۲۵- ترکیب پیالهٔ که درهم پیوست

۲۶- آنرا که بصحرائے علل تاختند اند

۲۷- خورشید بگل نهفت می نتوانم

۲۸- رفتم که درین منزل بیداد بدن

۲۹- چوں روزی و عمر بیش و کم نتواں کرد -

۳۰- ز آوردن من نبود گردوں را سود

۳۱- مشنو سخن از زمانه ساز آمدگان

۳۲- در کارگهِ کوزه گری رفتم دوش

۳۳- برگیر پیاله و سبو، اے دلجو

۳۴- از کوزہ گری کوزہ خریدم بارے

۳۵- ایں کوزہ کہ آبخورۂ مزدوریست

ہ:- مونس الاحرار فی دقائق الاشعار مخطوطہ ۷۴۱ھ کہ اس میں تیرہ رباعیاں ہیں، خیّام کے نام سے۔ (یہ مجموعہ بدر جاجرمی شاعر کا مرتّب کیا ہوُا اور اسی کا مخطوطہ ہے)

۳۶- عالم اگر از بہر تو می آرایند۔

چوں روزی و عمر... (۲۹)

۳۷- وقت سحر است خیز اے مایۂ ناز

۳۸- چوں نیست مقام ما دریں دہر مقیم

۳۹- چوں ابر بہ نوروز رُخ لالہ بشست

۴۰- بر سنگ زدم دوش سبوئے کاشی

۴۱- یک قطرۂ آب بود و با دریا شد

۴۲- ایام زمانہ از کسے دارد ننگ

۴۳- ایں بحر وجود آمدہ بیرون ز نہفت

۴۴- اے پیر خردمند پگہ تر بر خیز

دوری کہ درد آمدن و رفتن ماست (۱)

۴۵- می خور کہ فلک بہر ہلاک من و تو

۴۶- اے آنکہ نتیجہ چہار و ہفتی

و:- مجموعہ اشعار و منشآت مخطوطہ ۷۵۰ھ (؟) کہ اس میں گیارہ رباعیاں خیّام کے نام سے ہیں۔

۴۷- آنہا کہ کہن شدند و آنہا کہ نو اند

۴۸- آرند یکے و دیگرے بربایند

۴۹- از جرم گِل سیاہ تا اوج زحل[1]

---

[1] یہ رباعی باختلاف "از مرکز خاک تیرہ تا اوج زحل / کردم ہمہ مشکلات کلی را حل / بیرون جستم ز بند ہر مکر و حیل / ہر بند گشادہ شد مگر بند اجل" مجموعہ دار المصنفین میں بنام بوعلی سینا ہے۔

۵۰- برخیزد بیا بتا زبهر دل ما

۵۱- اے دوست حقیقت شنو از من سخنے

چوں نیست مقام ما (۳۸)

۵۲- آں مایہ ز دنیا کہ خوری یا پوشی

۵۳- گرچہ غم و رنج من درازی دارد

۵۴- از رنج کشیدن آدمی حر گردد

بر چشم تو عالم ارچہ می آرایند (۳۶)

۵۵- برخیز ز خواب تا شرابی بخوریم

ز- کتبخانہ مجلس شوریٰ ملی کا ایک مخطوطہ مجموعہ اشعار جو تخمیناً آٹھویں صدی ہجری سے پہلے کا ہے اور فردوسی سے سعدی تک کے اشعار پر مشتمل ہے، لیکن حافظ نہیں ہے، اس میں خیام کی یہ پانچ رباعیاں ہیں۔

۵۶- از جملۂ رفتگان ایں راہ دراز

۵۷- آنی کہ نبودت بخور د خواب نیاز

۵۸- بر پشت من از زمانہ تو می آید

بردار قرابہ و سبو (۳۳)

۵۹- گر شاخ بقا ز بیخ بختت رستست

ان رباعیوں کے بعد فروغی نے ظن و ذوق پر بنیاد رکھ کر کچھ رُباعیاں اور بڑھائی ہیں اس طرح ان کی مجموعی تعداد ایک سو اٹھتّر (۱۷۸) ہوگئی ہے جنھیں ہم نے ممتاز کرنے کے لیے خصوصی طور پر ایک ایک سطر میں ایک ایک مصرعہ کرکے لکھا ہے۔

علامہ سلیمان[۱] ندوی نے ان سب سے مقدم ماخذ میں تین چار نام اور بڑھائے ہیں۔

ح - قابوس نامہ از عنصر المعالی کیکاوس بن اسکندر تالیف ۴۷۵ھ

ایک رُباعی[۲]

اے دل چند از مستی و مخموری کن — وز بہمہ می رطل گراں دوری کن

از بادہ شفا خیزد و از مستی رنج — تو بہ ز شفا مکن ز مخموری کن

---

[۱] یہ ماخذ فروغی نے چھوڑ دیے ہیں

[۲] یہ رباعی متداول نسخوں میں نہیں +

ط۔ راحۃ الصدور از ابوبکر راوندی (تالیف ۵۹۹ھ تا ۶۰۱ھ)

یک تیشہ می کمن ز ملکِ تو، بہ

ی۔ نزہتہ الارواح از شمس الدین شہرزوری (تالیف ۵۸۶-۶۱۱ھ)

دو رُباعیاں ہیں:

گویند بحشر جست و جو خواہد بود
وان یار عزیز تند خو خواہد بود
از خیر محض جز نکوئی ناید
خوش باش کہ عاقبت نکو خواہد بود

از واقعۂ ترا خبر خواہم کرد
وانرا بدو حرف مختصر خواہم کرد
با عشق تو در خاک فرو خواہم شد
با مہر تو سر ز خاک بر خواہم کرد

ای۔ فردوس التواریخ، خسرو ابرقوہی تالیف ۸۰۸ھ

دو رُباعیاں

(۱) ہر ذرہ کہ در روے زمینے بودہ است (گزیدہ)

(۲) سیر آمدم اے خدای از ہستی خویش
از تنگ دلی واز تہی دستی خویش
از نیست چو ہست میکنی بیروں آر
زین نیستیم بحرمت ہستی خویش

ابتدائی مآخذ کی ترتیب

گزشتہ گفتگو کا خلاصہ یہ ہے کہ اب تک جو قدیم مآخذ مل سکے وہ یہ ہیں:۔

۱۔ قابوس نامہ تالیف ۴۷۵ھ

۲۔ راحتہ الصدور تالیف آخر قرن ششم

۳۔ نزہتہ الارواح تالیف آخر قرن ششم یا آغاز قرن ہفتم

۴۔ مرصاد العباد تالیف ۶۲۰ھ

۵۔ تاریخ جہاں کشا تالیف ۶۵۸ھ

۶۔ تاریخ گزیدہ تالیف ۷۳۰ھ

۷۔ نزہتہ المجالس کتابت ۷۳۱ھ

۸۔ مونس الاحرار کتابت رمضان ۷۴۱ھ

۹- مجموعہ ..... کتابت ۸۵ھ

۱۰- مجموعہ کتابت قبل از قرن ہشتم

ہمارے چند ماخذ اور ان کے اشارات

(۱، ن :- رباعیات عمر خیام، مصوّر
مقدمۂ میرزا سعید خاں نفیسی
طبع، فرہومند طہران ۱۳۱۱ شمسی

(۲)، تح :- تحقیق در رباعیات و زندگانی خیّام
(خلاصہ تحقیقات مستشرقین)
مؤلف، آقائی حسین شجرہ ای
طبع، کتاب فروشی چاپ خانہ اقبال
مرداد ۱۳۲۰ھ شمسی
اس کتاب کے صفحات کے نمبر دیے گئے ہیں۔

(۳)، تمر :- ترانہ ہائے خیّام مصوّر مقدمہ و انتخاب
صادق ہدایت
طبع :- روشنائی طہران ۱۹۳۴ء

(۴)، ف :- رباعیات خیام
مقدمہ محمد علی فروغی
طبع :- شرکت سہامی ۱۳۲۱ھ شمسی

(۵) THE NECTAR OF GRACE

OMAR — KHAYYAM- SLIF AND WORK

سوامی گووند تیرتھ
طبع :- کتابستان۔ الہ آباد ۱۹۴۱ء

(۶ و ۸) رباعیات طبع بنارس، طبع بمبئی ۱۲۹۷ھ و ۱۳۲۴ھ

(۹) آت :- آتشکدہ - آذر
طبع : بمبئی

(۱۰) سل :- خیّام سوانح و آثار
سلیمان ندوی
طبع اوّل اعظم گڑھ ۱۹۳۳ء

(۱۱) کلّیات سعدی
طبع کلکتہ ۱۸۹۵ء

(۱۲) دلسنہ :- رباعیات خیام نسخہ دلسنہ ضمیمہ
خیّام، سلیمان ندوی
تاریخ و تنقید و شرح کے حوالے حسب ضرورت دے دیئے گئے ہیں۔

(۱۳) نول :- رباعیات خیام طبع نول کشور پریس لکھنؤ
ترتیب و تصحیح عبدالباری آسی

(۱۴) مبارک :- رباعیات خیام
طبع شیخ مبارک علی لاہور

(۱۵) تکملہ درخصوص خیام (مندرج ، بیست مقالہ قزوینی ۲)
از محمد بن عبدالوہاب قزوینی
طبع :- چاپ خانہ شرق ، چاپ دوم دی ماہ ۱۳۳۲ ش

(۱۶) کاس الکرام - شرح رباعیات خیام
طبع :- لاہور

(۱۷) تاریخ ادبیات در ایران - جلد دوم - طبع تہران ۱۳۳۹ شمسی
تالیف :- ڈاکٹر ذبیح اللہ صفا

(۱۸) رباعیات خیّام - طبع برلن ۱۳۰۴ھ
تحقیق و ترتیب ، فریدرک روزن

(۱۹) حواشی چہار مقالہ ، از ڈاکٹر محمد معین - طبع تہران (جدید) افسوس ہے کہ یہ کتاب ہماری تالیف کے بعد دستیاب ہوئی۔

مقدمۂ فروغی

حکیم خیّام نیشاپوری

(از محمد علی فروغی)

خیّام ایران کے بہت بڑے دانشوروں اور ملّت کے قابلِ فخر ناموروں میں سے ایک ایسی شخصیت ہے، جو اپنے زمانے کے تمام مروّجہ علوم و فنون سے واقف اور فلسفہ، ریاضی، ہیئت و نجوم میں خاصی مہارت رکھتا تھا۔

اس کا وطن نیشاپور اور قبر اسی شہر کے باہر امام زادہ محمد محروق کے مزار میں ہے۔

خیّام کا نام عمر، کنیت ابو الفتح، لقب غیاث الدین، باپ کا نام ابراہیم ہے۔ یہ نہیں کہا جا سکتا کہ وہ خیّام یا خیّامی کیوں کہلاتا ہے۔ خیال ہے کہ اس کے باپ کو اسی نام سے پکارا جاتا تھا، اور وہ خیمہ دوز تھا۔

تاریخ ولادت کے بارے میں کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ اندازہ ہے کہ پانچویں صدی ہجری کے پہلے پچاسے میں پیدا ہوا، بلکہ یہ دعویٰ بھی ممکن ہے کہ پانچ سو بیس سے بہت زیادہ فاصلہ نہ ہو۔

عام بڑی شخصیتوں کی طرح خیّام کے سوانحی تفصیلات ہمیں نہیں معلوم، البتہ یہ یقینی بات ہے کہ ۴۶۷ھ عہد جلال الدین، ملک شاہ سلجوقی و وزارت خواجہ نظام الملک طوسی میں جب مالی سال کے لیے ایک نئی جنتری اور نجومی حساب سے ماہ و سال کی صحیح مطابقت کی ضرورت پڑی تو ہیئت و نجوم کے ماہرین کی ایک کمیٹی تشکیل دی گئی، اس کمیٹی نے فنّی تحقیق کے بعد وہ جنتری بنائی، جو تقویم جلالی کے نام سے مشہور ہے۔

یہ بھی منصوبہ تھا کہ ایک رصدگاہ اور زیچ بنائی جائے، لیکن نظام الملک کے قتل اور ملک شاہ کے انتقال سے یہ پروگرام ملتوی ہو گیا۔

اِس انجمن کے ممبروں میں خیّام گویا سر فہرست ہے۔

کہا جاتا ہے کہ نیشاپور میں حسن طوسی، حسن صبّاح اور خیّام ہمدرس تھے۔ ان کے اُستاد

امام موفّق کے متعلق مشہور تھا کہ ان کے پڑھائے ہوئے لڑکے بڑے عہدوں پر فائز ہوا کرتے ہیں۔ ان نوجوانوں کے خیال میں ان میں سے کسی ایک کو بڑا آدمی بننا تھا۔ اس لیے آپس میں معاہدہ کیا گیا، کہ جو بھی صاحب اعزاز و حاکم ہو گا، وہ اپنے دوسرے ساتھیوں کو مال و اعزاز میں شریک کرے گا۔ اتفاقاً حسن طوسی کو وزارت نصیب ہوئی اور نظام الملک کے نام سے سلجوقی عہد کا نامور وزیر بن کر ساتھیوں کو نہ بھولا۔ چنانچہ حسن صباح کو دربار تک پہنچایا۔ خیام چونکہ علم دوست تھا، بادشاہوں کی مصاحبت سے دُور رہنا پسند کرتا تھا، اس لیے اس نے خواجہ سے کہا کہ اس کی معمولی روزی کا انتظام کر دے۔ اس کے بعد اس نے سیاسی معاملات سے کوئی دلچسپی نہ لی۔

یہ دلکش و حسین داستان ہے تو بہت مشہور، لیکن اہلِ تحقیق اسے باور نہیں کرتے، کیونکہ حسن صبّاح و خیّام کو ایک سو پینتیس برس کا ماننا پڑے گا۔ پھر اگر یہ صحیح ہوتا تو مورخین غیر معمولی عمر کا ذکر کرتے۔ دونوں کے معاصرین میں جنھوں نے ان دونوں کے سوانح قلمبند کیے ہیں، اُنھوں نے کچھ اور بھی واقعات لکھے ہوتے۔

یہ بات طے شدہ ہے کہ عمر خیّام علماء و اکابر و سلاطین کے نزدیک بڑا معزّز تھا۔ حکمت میں بوعلی کا جانشین اور ریاضی میں پیشوائے روزگار تھا۔ نجوم میں اس کے فیصلے معتبر مانے جاتے تھے، لیکن وہ خود اس کا معتقد نہ تھا۔ یہ بھی مانی ہوئی بات ہے، کہ اگرچہ ایک سو بیس سال کی عمر نہ تھی، مگر خاصی عمر پائی۔ کیونکہ "تقویم جلالی" کے بعد تقریباً پچاس سال زندہ رہا۔ پھر اس وقت اس کی حیثیت مسلّم اور حکمت پناہی متفق علیہ تھی، اس لیے تیس چالیس سے زیادہ کم عمر نہیں ہو سکتی۔

یہ بھی ذکر کیا گیا ہے کہ خیّام نے بلخ، ہرات، اصفہان و حجاز (حج کے لیے) کے سفر کیے۔ لوگ کہتے ہیں کہ وہ تصنیف و تعلیم میں قلم چور اور بخیل تھا۔ تند مزاجی کی شکایت بھی ہے اور ممکن ہے، یہ بات صحیح ہو، کیونکہ اس کے کلام سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ بہت حسّاس تھا تو ناگوار حالات و معاملات سے فوراً متاثر ہوتا ہو گا اور بلا شبہ تند مزاج و مشتعل آدمی ہو گا۔ رہا یہ کہنا کہ وہ تعلیم و تصنیف میں بخیل تھا اور یہ دلیل کہ اس نے کتابیں کم لکھیں یا غزالی کے ایک سوال پر تمہید جواب میں اتنا طول دیا کہ نماز کا وقت آ گیا اور جواب پورا نہ کیا۔

غزالی نے پوچھا تھا کہ " فلک میں قطبین جنوبی و شمالی کے موجودہ و مفروضہ نقاط کیوں معیّن کیے گئے ؟ کیا یہ تعیین ترجیح بلا مرجح نہیں ؟" مگر اس واقعے میں قلم چوری اور تصنیف و تعلیم میں بخل کا کوئی ثبوت نہیں [1]۔

دوسرے یہ کہ تصنیف و تالیف ہر عالم و فاضل کے لیے کوئی کار واجب نہیں۔ ہر دانشور طبعی طور پر مؤلف و مصنّف نہیں ہوا کرتا، عموماً یہ ہُوا کرتا ہے کہ کوئی غیر معمولی تحقیق یا نئے معلومات سے متاثّر ہو کر آدمی قلم اُٹھاتا ہے۔ چنانچہ خیّام نے بھی جبر و مقابلہ پر اپنے معلومات جدیدہ کے زیر اثر اپنی مشہور تالیف قلمبند کی، جسے سب قدر کی نظر سے دیکھتے ہیں۔ اس کے علاوہ دوسرے رسائل بھی لکھے۔ البتہ ان تمام تالیفات کو دیکھ کر یہ ضرور کہا جاسکتا ہے کہ خیّام پُر گوئی یا زیادہ نویسی کو پسند نہیں کرتا تھا اور یہ بات اگر خوبی نہیں تو عیب بھی نہیں۔

اس ساری گفتگو کے بعد بھی یہ ہے کہ جن لوگوں نے اس کا یہ عیب لکھا ہے ممکن ہے وہ ذاتی طور پر اس کمزوری سے واقف ہوں۔

اگرچہ خیّام علم و فضل کے لحاظ سے چوٹی کے آدمیوں میں ہے، مگر عوام میں اس کی شناسائی رباعیوں کے ذریعے سے ہوئی اور یہ بات درحقیقت بڑی افسوسناک ہے، کیونکہ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ عارف و عامی اسے ایک عام آدمی سمجھ کر نہ معلوم کیا کیا اندازے کر بیٹھے اور اس کی مظلومی اس حد تک پہنچی کہ زاہدانِ خشک نے اسے کافر اور عوام نے شراب خوار مان لیا۔ لوگ اس کے اشعار کو پیامِ مے خواری مانتے ہیں۔ اُنھیں میں سے کچھ لوگ اس خیال کے حامی بن کر اسے مبداء و معاد کا منکر ماننے اور اس کا دم بھرنے لگے اور زاہدوں نے اسے مردُود قرار دیا۔ کچھ لوگوں نے اسے کُفر سے بچانے کے لیے ایک قصیدہ گھڑ لیا کہ :۔

ایک مرتبہ خیّام شراب پینا چاہتا تھا، اتّفاق سے صراحی ٹوٹ گئی اور ساری شراب بہہ گئی۔ خیّام نے کہا :۔

---

[1] نظامی عروضی کا حق اُستادی ماننا شاید خیّام کی طلبہ نوازی کا ایک ثبوت ہو۔ رہے غزالی تو بظاہر غزالی خیّام کے مخالف تھے۔ یا یہ کہ فلک کی کرویّت و نقاط غیر معینہ میں قطبین کے رجحان پر مقدمات دلیل واقعاً طویل ہوں، کیونکہ سوال واقعاً بہت اہم ہے۔

ابریق مئے مرا شکستی ربی   بر من در عیش را ببستی ربی
بر خاک بریختی مئے ناب مرا   خاکم بدہن، مگر تو مستی ربی

اِس کافرانہ رباعی کے فوراً بعد اسے سزا ملی اور چہرہ سیاہ ہوگیا۔ اس لیے خیام نے کہا:

ناکردہ گناہ در جہاں کیست، بگو   آنکس کہ گنہ نکرد چوں زیست، بگو
من بد کنم و تو بد مکافات دہی   پس فرق میان من و تو چیست، بگو

مناجات و معذرت قبول ہوئی اور چہرہ صاف و نورانی ہوگیا۔

اِس داستان کے لیے یہ کہنے کی ضرورت نہیں کہ بچوں کا لطیفہ تو ہوسکتا ہے۔ مگر دونوں رباعیاں خیام کی نہیں، بلکہ اس داستان کے مصنف ہی نے خود ہی یہ مصرعے بھی لکھے ہیں یا کسی اور سے کہلوا لیے۔ غرض اس طرح کی رباعیوں اور کہانیوں سے معلوم ہوتا ہے کہ لوگ خیام کی بڑی عزت کرتے تھے، کیونکہ عوامی نفسیات کی خاصیت ہے کہ ہر بڑے آدمی کے بارے میں افسانے مشہور کر دیتے ہیں۔

جن لوگوں نے خیام کو شراب خوار بد عقیدہ مانا ہے، اُنھوں نے اس کے اشعار پر غور نہیں کیا۔ یا غزالی کی طرح اس کے قائل ہیں کہ ہر حکیم کافر ہوتا ہے کہ وہ بھی اسی خیال سے دیکھا جاتا تھا، وہ کہتا ہے:

کُفر چو منے گزاف و آسان نہ بود   محکم تر از ایمان من ایمان نہ بود
در دہر یکے چو من و آنہم کافر   پس در ہمہ دہر یک مسلمان نہ بود

ایک اور رباعی ہے، جسے خیام کی ملکیت بنایا جاتا ہے۔ اگرچہ گمان یہی ہے کہ وہ رُباعی خیام کی نہیں ہے، مگر ہمارا دعویٰ ثابت کرتی ہے۔ وہ رُباعی یہ ہے:

با ایں دو سہ نادان کہ چنیں می دانند   از جہل کہ دانائے جہاں ایشانند
خر باش کہ ایں جماعت از فرط خری   ہر کو نہ خر است، کافرش می خوانند

یہ بات قطعی ہے کہ خیام پیشہ ور شاعر نہ تھا، بلکہ اس کا درجہ اس سے بہت بلند ہے۔ اِس لیے نہیں کہ شاعری کوئی حقیر چیز ہے اور شاعر کا کوئی درجہ نہیں، بلکہ شاعری پیشہ افراد عموماً اپنا وقت مداحی اور زر اندوزی میں صرف کرتے ہیں۔ بڑے لوگوں اور امیروں کی ندیمی اور مصاحبت ان کا دستور ہے۔ اور باقی رئیسوں کی خوشامد اور ان کے وقت کو

مسرتوں سے آباد رکھنے کی غرض سے اپنے کمالِ علم کو محفوظ نہیں رکھ سکتے تھے۔

فردوسی، ناصر خسرو، حکیم سنائی جیسے افراد کم تھے کہ شعر گوئی کے ساتھ ساتھ اپنی خودداری اور علمی ثقاہت پر زد نہ آنے دی۔ عطار، جلال الدین، شیخ سعدی، خواجہ حافظ، جن کی ظاہری و باطنی عظمت کسی حکیم و فقیہ و فلسفی سے کم نہ تھی۔ ابھی پیدا بھی نہ ہوئے تھے، یا درحقیقت ان اکابر کے بعد بھی شاعر کو شاعر کی حیثیت ہی سے دیکھا جاتا رہا۔ اسی لیے حکماء و علماء شاعر کہلوانا پسند نہیں کرتے تھے۔

ایران میں اکثر افراد موزوں طبع تھے۔ خصوصاً پڑھے لکھے لوگوں میں تو شاعروں کی کمی نہ تھی۔ چنانچہ اکثر علماء سے شعر منقول ہیں۔ مگر علماء نے اصنافِ سخن میں عموماً رباعی کو پسند کیا اور دوسرے اصنافِ سخن میں عموماً رباعی کو پسند کیا اور دوسرے اصناف سے پہلو تہی کی۔ آہستہ آہستہ یہ دستور ہوگیا کہ حکماء و علماء اپنی قوتِ شاعری صرف رباعی میں صرف کرنے لگے۔

رُباعی، شعر کی وہ صنفِ خاص ہے، جسے ایرانیوں نے ایجاد کیا۔ اس میں دو بیت یعنی چار مصرعے ہوتے ہیں۔ پہلا دوسرا اور چوتھا مصرع قافیے کی پابندی اور تیسرا مصرع بلاقید ہوتا ہے۔ شاعر کو اختیار ہے، چاہے مقفّٰی کہے یا قافیہ بدل دے۔ فنی طور پر اس کا وزن معیّن ہے اور وزن کی آسانی سے یاد رکھنے کے لیے لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ کو تکیہ کلام بنا لیا گیا ہے۔[۱]

رُباعی تمام اصنافِ سخن میں اپنے شرائط و قواعد کے لحاظ سے مشکل ترین چیز ہے پھر چونکہ اس میں صرف دو ہی شعر ہوتے ہیں۔ اس لیے پورے مطلب کا وضاحت کے ساتھ بیان ضروری ہوتا ہے۔ جس کے لیے مطلب و خیال اتنا روشن و دلکش ہو کہ رباعی کا آخری مصرعہ بول اُٹھے۔ کیونکہ پہلے تین مصرعے فقط تمہید کے ہوتے ہیں۔

معلوم ہوتا ہے کہ خیام بڑا نازک خیال فن کار اور نادرہ کار شاعر بھی تھا۔ جب علمی بحث و تفکر سے تھک کر منہ کا مزہ بدلنا چاہتا تھا؛ تو دوسرے اکابر علماء، حکماء کی طرح اپنے خیالات کو رُباعی کے قالب میں ڈھال لیتا تھا۔ حقیقتاً اس کی رباعیاں شاہکار اور بڑی نظم کا جواب ہیں۔

ان رباعیات پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے، کہ وہ بذلہ سنج شاعر نہ تھا۔ نہ اس کا

---

[۱] اس کا وزن ہے۔

مقصد ہنرمندی اور فن شعر ہے۔ صرف ذوق و طبیعت کی سرشاری کے تقاضوں سے کبھی کبھی کچھ کہہ لیتا ہے۔ ذہن روشن اور خیالات اونچے تھے۔ حکمت و فلسفہ دانی کی وجہ سے دوسرے حکماء کی طرح خشک طبع نہ تھا کہ حقائق ادا کرنے کے لیے اصطلاحات واسالیب فلاسفہ کو اپناتا۔ وہ ایک حقیقی فلسفی کی طرح مسائل کی تہ تک پہنچ چکا تھا۔ وہ سمجھ چکا تھا کہ دنیا ایک لاینحل معمّا ہے۔ ابھی یہ نہیں معلوم ہو سکا کہ حقیقتِ کائنات کیا ہے؟ یہ سب کیوں ہے؟ ہم یہاں کیوں آئے؟ ہم کہاں جائیں گے۔ اگر زندگی ایک حقیقت ہے تو موت کیسی؟ اگر زندگی بے حقیقت چیز ہے تو ہمیں یہاں کیوں مبتلائے تباہی کیا گیا ہے؟ اس نے ان تصوّرات و نتائج کو پوری لطافت و نزاکت، بڑی مہارت و نکتہ آفرینی کے ساتھ بار بار بیان کیا ہے۔ اگرچہ وہ اس بیان میں منفرد نہیں، بلکہ ہر وہ آدمی جس کا ذہن حسّاس اور طبیعت نکتہ فہم ہے، ان خیالات میں اُلجھتا ہے۔ البتہ خیّام چیخ اُٹھا۔ اس نے اس درد کو الم نشرح کر دیا۔ درحقیقت ہر ہوش مند جس قدر حسّاس ہو گا اُتنا ہی تیز تر و جانسوز تر نوازنی کرے گا۔

جن لوگوں نے ان رُباعیات کو خیّام کے کُفر و الحاد کی دلیل مانا ہے، وہ شاید یہ بھول گئے کہ اس قسم کی تحقیق حقیقتِ دین کے منافی نہیں۔ بھلا ایک آدمی جو خدا کا قائل ہو۔ احکامِ دین پر عمل کرتا ہو، جس کا دل وجودِ باری کا معتقد اور جس کی فلسفیانہ دلیلیں اس کے اثبات پر قائم ہوں۔ پھر وہ کہے کہ کارخانہ کائنات کے راز سمجھ میں نہیں آتے، یعنی فہم حکمت خداوندی سے عاجز ہے، کافر کیسے ہو گیا؟ اس کی ان باتوں پر تعجب کیوں؟ تعجب تو اس پر ہونا چاہیئے تھا کہ ایک اُلجھن ہے اور نہیں کہتا۔ انسان تو حکمت خداوندی سمجھنے سے عاجز ہے ہی، اگر عاجز نہ ہوتا تو انسان نہ رہتا۔

اگر یہ اقرار و حیرانی کا اظہار کفر ہوتا، تو پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کیوں فرماتے "مَا عَرَفْنَاكَ حَقَّ مَعْرِفَتِكَ" حق تو یہ ہے کہ انسان جو خیّام کی طرح کے سوالات کرتا ہے، وہ دیندار ہے، کیونکہ وہ خدا کا قائل ہے۔ حقائق کو جانتا ہے، مگر راز سے ناواقف ہے۔ اسے تلاش کرتا ہے۔ ہاں جو اصل حقیقت کا منکر ہوتا ہے، دنیا کو ابتری اور حادثات و اتفاقات کا ایک مجموعہ کہتا ہے، وہ مطمئن ہو کر مست ہو جاتا ہے، اُسے کیا غرض کہ وہ کچھ ڈھونڈنے نکلے۔

جن لوگوں نے خیام کے اظہار حیرانی پر غم و غصہ کیا ہے، وہ یہ حقیقت بھول جاتے ہیں، کہ خود انھیں بھی کچھ نہیں معلوم۔ وہ جہل مرکب میں مبتلا ہیں، اصل حقیقت سے وہ اپنی ذات مراد لیتے ہیں۔ ان کا خیال ہے کہ ہر ایک ان کے سامنے سر جھکائے۔ وہ کہتے ہیں کہ چون و چرا کیے بغیر، عقل خداداد سے ہاتھ دھو کر ہمارے ہو رہو۔ جو ہم کہیں وہ مانو۔ ظاہر ہے کہ یہ شرع و حکمت و معرفت کے لحاظ سے کفر ہے۔ رہا یہ کہنا کہ اظہار حیرت کا یہ انداز غلط ہے۔ تو عرض یہ ہے کہ جناب والا یہ انداز شعر میں ہے۔ تعلیم دین و فلسفہ میں نہیں "ہر سخن جائے و ہر نکتہ مکانے دارد" شعر میں اس قسم کی غلطیوں کی گرفت نہیں کی جاتی۔

کچھ لوگوں کے نزدیک رُباعیات سے ثابت ہوتا ہے کہ خیام شراب خوار و سیاہ کار تھا۔ کوئی ان سے پوچھے کہ کیا شعر میں مے و معشوق کا استعمال بطور مجاز نہیں ہوتا؟ اس گفتگو کا یہ مقصد نہیں کہ مے و معشوق کی تاویل خنک کی جائے اور مے دو سالہ کو "قرآن" اور محبوب چہاردہ سالہ کو "آنحضرتؐ" قرار دیا جائے۔ مگر اس میں بھی کوئی شک نہیں کہ شعر میں شراب سے فراغ خاطر، مسرت، نکتہ ہائے دشوار کی طرف توجہ مقصود ہوتی ہے۔ چنانچہ جب خیام کہتا ہے: "دم را غنیمت بدان و شراب بخور کہ بعمر اعتبارے نیست" اس سے مطلب یہ ہے کہ وقت کی قدر کرو، زندگی کو بے کار ضائع نہ کرو، مادی کثافتوں میں گرفتار نہ ہو۔ اکثر رباعیاں جن میں طعن و استہزا، طنز و مزاح ہے، وہ درحقیقت ان کوتاہ نظر افراد کے لیے ہیں، جن کی نظر صرف ایک نکتے پر ہے۔ ہزاروں حقیقتوں سے غافل اور جہالت کے باوجود غرور علم میں مبتلا ہیں۔

اس طویل گفتگو کا یہ مقصد نہیں کہ خیام کی طرف سے دفاع کر کے اسے پاک دامن ثابت کیا جائے۔ کیونکہ وہ مرد بزرگ ہمارے دفاع کا محتاج نہیں۔ مقصد یہ ہے کہ عوام و طلبہ کو اس طرف توجہ دلائی جائے کہ خیام و حافظ کے اشعار سے غلط مطلب نہ نکالیں، یہ نہ سمجھیں کہ ہمارے بزرگ سیہ کار و مے خوار، زندیق و کافر تھے، بلکہ معاملہ اس کے برعکس ہے۔ کیونکہ معاصرین خیام اس کا ادب و احترام کرتے تھے۔ اسے امام و حجۃ الحق کہتے تھے۔ اس کے کسی معاصر نے مے خوار و سیہ کار و بے دین نہیں کہا۔ پھر ہم اپنے عہد کے حکماء و علماء میں حاجی مُلّا ہادی[1] سبزواری کو جانتے ہیں

---

[1] مولود ۱۲۹۷ھ متوفی ۱۲۸۹ھ ان کی تصانیف حکمت ایران و عراق میں (باقی اگلے صفحہ پر)

ساری دنیا مانتی ہے کہ موصوف نے زہد و ورع میں وہ کمال حاصل کیا تھا کہ لوگ انھیں ولی ماننے لگے تھے۔ لیکن شعر میں حافظ و خیّام کا رنگ ہے۔ بادہ و ساغر، مے و معشوق سے گفتگو ہے۔ خاک ہونا اور خشت سر خم بننے کا تصوّر ہے۔

جن لوگوں نے خیّام کو صوفی مان کر اس کی رُباعیوں کے معانی میں فلسفہ و تصوّف پیدا کیا ہے، اُنھیں بھی شُبہ ہُوا، ممکن ہے خیّام اصولِ تصوّف پسند کرتا ہو۔ کبھی کبھی اس کی فکر صوفی سے بالکل ہم آہنگ بھی ہو جاتی ہے، کیونکہ تصوّف میں اتنا لوچ ہے کہ ہر حقیقت سے ہم آہنگ ہو جاتا ہے۔ مگر اس کا یہ مطلب نہیں کہ وہ عمومی طور پہ صوفی مانا اور کہا جاتا ہو۔ اس کی اکثر رباعیاں قطعاً غیر صوفیانہ ہیں۔ بعض لوگ یہ بھی کہتے ہیں کہ وہ تناسخ (آواگون) کا قائل تھا۔ مگر اس دعوے کی بنیاد نہیں معلوم کیا ہے۔ پھر اگر وہ تناسخی ہوتا تو یہ کیوں کہتا: "کہ جا کر واپس نہ آئیں گے"۔ وہ موت سے اتنا کیوں ڈرتا ہے؟

(پچھلے صفحہ سے آگے) فلسفہ کی آخری اور ان کی شخصیت حکمت ارسطو کی نمائندہ تھی۔ مؤلف منجد حصہ اعلام نے ان کے تصانیف پڑھے بغیر رائے لکھی ہے۔ مرتضیٰ

خصائص کلامِ خیّام

کلام خیام کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ فصاحت وبلاغت کی انتہا اور سلاست وروانی پائی جاتی ہے، سادہ تصنع سے کوسوں دور، خیام کو آرائش سخن کی فکر نہیں، شاعرانہ فن نہیں استعمال کرتا۔ شاعرانہ تخیلات کا جویا نہیں۔ اسے صرف اپنے مطلب سے مطلب ہے۔ رباعیوں میں بظاہر جو شاعرانہ تخیلات نظر آتے ہیں، وہ درحقیقت نکات و اسرار پر تنبیہ و اشارات ہیں۔ وہ ہریالی دیکھ کر چونک پڑتا ہے کہ اُف، اوہ! یہ سبزہ خاک سے نکلا ہے، یہ خاک کل انسان کا جسم تھا؟ ویران محل دیکھتا ہے۔ سوچتا ہے: کل یہاں بادشاہ رہتے تھے اور آج کل جنگلی جانور اور وحشی پرندے رہتے ہیں؟ آسمان اور ستارے نظر آتے ہیں، تو اسے فکر ہوتی ہے کہ یہ اجرام کیسے ہیں؟ ان کا مدبّر کون ہے؟

دوسری خصوصیت یہ ہے کہ خیام چونکہ بڑے ذوقِ لطیف اور حساس طبیعت کا مالک تھا، لہٰذا وہ شاعری کی ہیئت سے نہیں، بلکہ فطری مناظر اور گل وسبزہ، صبح وشام، چاندنی رات، ابر و باراں کو دیکھ کر بے قرار ہو جاتا تھا۔ اس کی فطرت کے تار بجنے لگتے تھے۔ اسی عالم وجد و طرب میں تفکّرات کو دو چار لفظوں میں لکھ کر قاری کے سامنے نور و سرور کی ایک دنیا مجسم کر دیتا ہے —— کلام خیام میں خصوصی طور پر کشش و دلکشی رکھنے والی چیز نگاران خورشید رُخاں و زہرہ جبیناں" کی موت کا تذکرہ ہے۔ گویا خیام عزیز یا بہت سے نوجوان، عزیزوں، زن و فرزند و احباب جوانا مرگ کا ماتم دار ہے۔ یہی غم اس تذکرے کے بار بار اعادے کا سبب ہے۔ اس کے اسلوب سے معلوم ہوتا ہے کہ موت سے نہیں ڈرتا۔ اگر خیام موت سے ڈرتا تو ذکر موت کی اتنی تکرار نہ کرتا، بلکہ سرے سے یہ بات کہنے سے کترا تا۔ کوشش کرتا کہ موت کو بھلا دے۔ وہ تو موت کے کارنامے یاد دلا کر مے نوشی و خود فراموشی کا سبق یاد کرتا ہے۔

تیسری خوبی یہ ہے کہ اس کا کلام وزنی، متین و خود دار نہ ہے۔ بذلہ گوئی و ظرافت

نہیں دکھاتا۔ لوگوں سے متعارض نہیں ہوتا۔ کسی سے سروکار نہیں رکھتا۔ معلوم ہوتا ہے کہ متفکّر و حکیم ہے کہ جب کوئی نکتہ ذہن میں آتا ہے تو اسے ظاہر کرنے کے لیے لفّاظی صنعت گری سے مدد لیے بغیر کہہ گزرتا ہے۔ وہ اپنے خیالات میں محو ہے۔ اگر غور کیا جائے تو اس کے تحت الشعور میں دو تین بنیادی باتیں ہیں۔ موت کا احساس، ناپائیداریِ زندگی، بے اعتباریِ روزگار، اپنی بے خبری، بہت جستجو کی کچھ نہ پایا، دنیا میں کیوں آئے؟ یہاں سے کیوں جائیں گے؟ —— بلاشبہ جو بھی صاحبِ عقل و خرد ہوگا، وہ خیّام کے نتائج فکر سے متاثّر ہوگا، مگر خیّام اپنے تاثّرات کے نتائج پوری تفصیل سے نہیں کہتا، بلکہ اپنے اسلوب مختصر نگاری و کم گفتاری کے طور پر صرف اشارے کر دیتا ہے کہ زندگی کو غنیمت سمجھو، خوش رہو۔ "اگر در خانہ کس است یک حرف بس است"۔

یہ خیالات خیّام سے خصوصیّت نہیں رکھتے۔ اس سے پہلے بھی شاعروں اور فلسفیوں نے یہ خیالات ظاہر کیے ہیں۔ ایرانی و غیر ایرانی شخصیتوں نے بہت کچھ کہا ہے۔ ہاں خیّام کا انداز ضرور منفرد و یگانہ ہے، ورنہ خیالات کے بارے میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ متقدمین سے حاصل کیے ہوں گے۔ خصوصاً ابو العلاء[1] معری عربی کا مشہور شاعر کہ خیّام نے شاید کم سنی میں اس کا دَور دیکھا ہو۔ اس کے خیالات کا عکس رُباعیات پر خاصا ہے۔ خود ایرانی حکماء و شعراء میں فردوسی کا مطالعہ کیا ہوگا۔ اور بھی ایسے شواہد ہیں کہ جن سے ثابت ہوتا ہے کہ دوسرے شعراء سے بھی متاثّر ہُوا ہے۔

خود خیّام سے متاثّر ہونے، اس کے خیالات کو اپنانے والے لوگوں نے رُباعی و غیر رُباعی میں تقلید کی۔ ان میں سے حافظؔ سب سے آگے ہیں کہ ان کے شعر پڑھ کر خیّام یاد آتا ہے۔

مذکورہ بالا جزئیات سے معلوم ہُوا ہوگا کہ خیّام کے قلمی آثار کیوں کم ہیں۔ البتّہ اس کی طرف منسوب رباعیاں ہزاروں کی تعداد میں ہیں، مگر یقین ہے کہ تمام رباعیاں اس کی نہیں، بلکہ ان میں سے بعض تو قطعاً ایسوں کی ہیں، جن کے نام بھی معلوم نہیں۔ جن

---

[1] ابو العلاء معری مولود ۹۷۹ء متوفّی ۱۰۵۸ء صاحب سقط الزند و الغفران۔ اللزومیات، حکیم و فلسفی شاعر۔ مزید بحث کے لیے دیکھیے ہماری کتاب۔ مشاہیر شعراء عرب۔

رباعیوں کو خیّام سے منسوب کیا جا سکتا ہے۔ ان کی تعداد دو سو بھی نہیں (ہم نے اپنے مجموعے میں رباعیوں کی فراہمی کا جو طریقہ اختیار کیا ہے، اسے کہیں[۱] اور لکھیں گے) اور اس قسم کی قطعی امکانی رباعیاں شاید ہی اس مجموعے سے رہ گئی ہوں۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ ہم ان رباعیوں کو قطعی طور پر خیّام کی تمام دیدۂ قلم ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں۔ ہمارا خیال تو یہ ہے کہ خیّام کی اصل رباعیاں سو بھی نہیں ہو سکتیں، پھر یہ کہ ان رباعیوں میں ایک خیال بار بار دہرایا گیا ہے، اور خیّام جیسے متفکّر اور غیر شاعری پیشہ سے یہ بات ناممکن سی ہے کہ وہ بلا کسی پابندی کے بلا کسی عادت و ضرورت کے ایک ہی بات کو دس مرتبہ کہے۔ اور اظہار کے لیے ہر بار نئی رباعی لکھے۔

رباعیات خیّام اس کے تفکّر و تاثّر کی آئینہ دار ہیں۔ ممکن ہے کہ ایک تصوّر و خیال کئی مرتبہ اس کے ذہن میں آیا ہو اور ہر مرتبہ اس نے ایک نئے انداز سے نظم کیا ہو، کیونکہ رباعیوں میں اس قسم کی رنگینی و تنوع پایا جاتا ہے۔ اس کے باوجود یقیناً اس طرح رباعیاں اتنی نہیں، جتنی لوگوں کے خیال میں ہیں۔ یہ معلوم ہوتا ہے کہ شروع ہی سے خیّام کا کلام بے حد دل نشین تھا۔ دوسرے شعراء نے اس کی تقلید کی۔ لوگوں نے ان اشخاص کی رباعیاں دانستہ یا نادانستہ خیّام سے منسوب کر دیں۔ دوسرا قصّہ یہ ہوا کہ خیّام رباعی گو کے لحاظ سے مشہور تھا، اس لیے کچھ سخن ناشناس مہربانوں نے وہ رباعیاں بھی اس کے سر تھوپ دیں۔ جو اس کے اسلوب و انداز سے بالکل بے ربط تھیں۔ نتیجہ یہ ہُوا کہ جس کو جو رباعی پسند آئی اس نے خیّام کے نام لکھ دی۔

رباعیات خیّام ایک مدت سے پسند عام ہیں۔ حکیم تیشاپوری عرصے سے سرآمد رباعی گویان مانا جاتا ہے۔ کبھی کبھی تو یہ بھی کہا گیا ہے کہ جیسے فردوسی رزم اور سعدی غزل میں اوّل درجے کے شاعر ہیں۔ یونہی خیّام رباعی میں ہیں، لیکن سچ یہ ہے کہ شہرت موجودہ مرتبہ اور اس عہد میں ناموری کا یہ درجہ اہل یورپ کی بدولت ہے اور جس طرح ہمارے دوسرے قیمتی علمی و ادبی ذخیرے ناپید تھے، مگر امریکہ و یورپ والوں نے ان کا سراغ لگایا، اسی طرح خیّام ہے۔

---

[۱] دیکھیے مبحث ماخذ رباعیات۔

خیّام کی عظمت اس دن معلوم ہوئی۔ جب اس کی کتاب "جبر و مقابلہ" پیرس میں چھپی اور اس کا فرانسیسی ترجمہ ہوا۔ لوگوں نے مانا کہ حکیم نیشاپوری فنِ جبر و مقابلہ میں بہت بڑا صاحب کمال تھا۔ معادلات جبرا" میں اتنی ترقی دی کہ ماہرین ریاضی کی بہت سی حسابی مشکلیں آسان کر دیں۔ رباعیات کی گرم بازاری بھی یوں ہوئی کہ انگلستان کے صاحب ذوق شاعر فٹز جیرالڈ نے انگریزی میں ترجمہ کیا۔ ایک سو ایک رباعیوں کا مضمون اپنی زبان میں ڈھال کر ایک شاہکار پیش کیا۔ جسے ہر انگریزی دان پڑھتا، لذت اندوز ہوتا اور اس کی عزت کرتا ہے۔ بعض لوگ تو یہاں تک کہتے ہیں کہ فٹز جیرالڈ کا ترجمہ اصل رباعیات سے بہتر ہے۔ مگر ہم اسے نہ ماننے کے باوجود کہتے ہیں کہ اس نے خیّام کے کو یورپی مذاق کے مطابق انگریزی زبان میں پیش کرتے ہوئے بڑی ہنر مندی کا مظاہرہ کیا ہے۔ کیا اچھا ہوتا کہ ہمارے دوسرے بزرگ جیسے سعدی و حافظ کو بھی کوئی فٹز جیرالڈ نصیب ہو جاتا، کہ دنیا کے صاحبانِ ذوق کو معلوم ہوتا کہ ایرانی طبیعت و تخیل نے کیسے کیسے قیمتی جواہر ریزے پیش کیے ہیں۔

بہر حال فٹز جیرالڈ کی نظموں نے خیّام کو مرکزِ توجہ بنایا اور کل دنیا کے ممالک سرگرم کار ہوئے۔ ساری دنیا کی زبانوں میں ترجمے ہوئے۔ ہزاروں ایڈیشن چھپے۔ چھوٹے بڑے رنگین سادے، باتصویر و بے تصویر نسخوں کی تعداد بتانا مشکل ہے۔ آج کوئی صاحب ذوق ایسا نہ ہو گا، جو خیام سے بے خبر ہو۔ اس لیے ایرانیوں کو فٹز جیرالڈ کی احسان مندی و شکرگزاری سے غافل نہ رہنا چاہیے۔

رُباعیات و شرح

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(۱)

آمد سحرے ندا، زمیخانۂ ما — کاے رندِ خراباتی و دیوانۂ ما
برخیز کہ پر کنیم پیمانہ زمَی — زاں پیش کہ پر کنند پیمانۂ ما"

ایک صبح ہمارے میخانے سے یہ آواز آئی، جیسے کوئی کہہ رہا ہو:-

" اے ہمارے رند خراباتی اور دیوانے، اُٹھ! ہم اپنا پیمانۂ حیات چھلکنے سے پہلے تیرا پیالۂ شراب بھر دیں۔"

نول ۵ نسخہ ل (آت بنام سلمان، گلستان مسرت بنام حیاتی گیلانی، کاس ۱۵۷)

(۲)

از آتشِ ما دُود کجا بود اینجا؟ — وز مایۂ ما سُود کجا بود اینجا؟
آں کس کہ مرا نام "خراباتی" کرد — در اصل خرابات کجا بود اینجا؟

یہاں ہماری آگ، حرارت (محبت) میں دھواں کہاں تھا، یہاں ہمارے سرمایۂ وجود میں نفع کہاں تھا؟ جس نے میرا نام خراباتی رکھا، اس سے پوچھنا چاہیئے کہ اصل میں یہاں خرابات تھا ہی کہاں؟

(دلیسنہ میں رباعی ۲ ہے)

(۳)

از بادۂ ناب، لعل شد گوہرِ ما — آمد بہ فغان، ز دستِ ما ساغرِ ما
از بسکہ ہمی خوریم مَی بر سرِ مَی — ما، در سرِ مَی شدیم و مَی در سرِ ما

خالص شراب سے ہمارا جوہر وجود یاقوت بن گیا۔ ہمارا پیالہ ہمارے ہاتھ سے فریاد کرنے لگا کیونکہ ہم شراب پر شراب اتنی پیتے ہیں کہ شراب ہم میں اور ہم شراب میں سما گئے ہیں۔

(دیوان مولانا روم بحوالہ کاس الکرام ص ۲۶۴)

(۴)

امشب بر ماست کہ آورد ترا؟ ‏ در پردہ بدیں دست کہ آورد ترا؟
نزدیک کسے کہ بے تو در آتش بود ‏ چوں باد بدیں جست کہ آورد ترا؟

آج کی رات تجھے ہم جیسے مست پاس کون لے آیا؟ پھر تجھ ایسے پردہ دار کو اس حالت میں نکالا تجھے ایسے شخص کے پاس، جو تیرے بغیر آتش ہجر سے بے قرار ہوکر ہوا کی طرح اچھلتا تھا، کون لے آیا؟

(دلیسنہ ۶)

(۵)

اے آنکہ، گزیدۂ جہانی تو مرا ‏ خوشتر ز دل و دیدہ و جانی تو مرا
از جان صنما عزیز تر چیزے نیست ‏ صد بار عزیز تر از آنی تو مرا

اے وہ شخص کہ تو میرے نزدیک منتخب زمانہ ہے مجھے دل آنکھ اور جان سے زیادہ پسند ہے اے محبوب جان سے زیادہ پیاری چیز کوئی نہیں، مگر میرے لیے تو اس سے بھی سو درجہ زیادہ پیارا ہے۔

(دلیسنہ ۵)

(۶)

ایں دہر کہ بود مدتے منزلِ ما ‏ نامد بجز از بلا و غم حاصلِ ما
افسوس کہ حل نگشت یک مشکلِ ما ‏ رفتیم و ہزار حسرت اندر دلِ ما

یہ دنیا جو مدتوں ہماری قیام گاہ رہی اس میں غم و مصیبت کے سوا ہمیں تو کچھ نہ ملا۔ افسوس کہ یہاں ہماری ایک بھی مشکل حل نہ ہوئی۔ جب یہاں سے چلے تو ہزاروں حسرتیں لے کر چلے۔

(ل ۲ فقط)

(۷)

اے خواجہ یکے کام روا کن مارا ‏ دم درکش، و در کار خدا کن مارا

ما راست روِیم، ولیک تو کج بینی — زو چارۂ دیدہ کُن، رہا کن ما را

اے خواجہ ہمارا ایک مقصد پورا کردے، ذرا خاموش ہو کر ہمیں اللہ کے کام میں لگا رہنے دے
اور یہ نہیں ہوتا تو سُن لے۔ ہم ٹھیک جا رہے ہیں، لیکن تجھے ہر چیز ٹیڑھی نظر آ رہی ہے
جا آنکھوں کا علاج کر اور ہمیں ہمارے حال پر چھوڑ دے۔

(میا ۱۸ دلینہ ۷)

(۸)

اے کردہ ز لطف و قہر تو صنع خدا — در عہدِ ازل، بہشت و دوزخ برپا
بزمِ تو بہشت است و مرا جرمے نیست — چون است کہ در بہشت رہ نیست مرا؟

خدا نے روزِ اول تیرے غصے سے دوزخ اور تیری مہربانی سے جنت بنائی۔ اس لیے درحقیقت تیری محفل ہی جنت ہے، اب نہ معلوم، کیوں مجھے بلا خطا جنت (تیری بزم) میں آنے کا حق نہیں۔

(نول و میا ۷)

(۹)

بُت گفت بہ بُت پرست کاے عابدِ ما — دانی زچہ روئی گشتۂ ساجدِ ما؟
بر ما بہ جمالِ خود تجلّی کردست — آنکس کہ ز تست ناظر و شاہدِ ما

بُت نے اپنے پجاری سے کہا: "اے پجاری جانتا بھی ہے کہ تو کیوں ہمیں سجدہ کرتا ہے۔

تیری ناظر اور ہماری شاہدی ہے اسی نے مجھ پر جلوہ فگنی کی ہے۔ بقول غالبؔ

اصلِ شہود و شاہد و مشہود ایک ہے — حیراں ہوں پھر مشاہدہ ہے کس حساب میں

یہ رُباعی ایرانی نسخوں میں نہیں، غالباً کسی متاخر شاعر کا کلام ہے۔ خیام کا یہ اسلوب نہیں۔

(۱۰)

برخیز و بیا بُتا! برائے دلِ ما — حل کُن، بجمالِ خویشتن مشکلِ ما
یک کوزہ شراب تا بہم نوش کنیم — زاں پیش کہ کوزہا کنند از گلِ ما

اے ساقی ہمارے دل کی لاج رکھنے کو ذرا اُٹھ اور آ اپنے جلوے سے ہماری مشکل حل کر دے شراب کا ایک پیالہ پلا، ہماری خاک سے کوزہ اور جام بنانے والوں کے عمل اور اپنی موت سے قبل ہم تم دونوں بیٹھ کر تھوڑی سی پی لیں۔
آج پیالہ ہمارے ہاتھ میں ہے اور کل ہماری خاک کسی کوزہ گر کی جام سازی کے کام آئے گی جب ہماری خاک کے پیالوں میں دوسرے پئیں گے تو آج ہم کیوں تشنہ لب بیٹھیں۔
(ف ا ن ۳ مبا ۱۲ نول ۱۲) دونوں آخری نسخوں میں آخری شعر یوں ہے:۔
یک کوزہ می بیار تا نوشش کنیم　　زاں پیش کہ کوزہ ہا کنند از گل ما

(۱۱)

بر دست یکے تیغ، چو آب است مرا　　کز وے ہمہ سال فتح باب است مرا
پیوستہ دلِ خصم کباب است مرا　　وز کلۂ او جام شراب است مرا

میرے ہاتھ میں ایک آب دار دو داں تلوار ہے اور اسی تلوار کے ذریعے سے میرے لیے ہر سال کامیابی کے دروازے کھلتے ہیں۔ میرے دشمن کا دل حسد سے کباب ہے اور اس کی کھوپڑی میرا جام شراب ہے۔
(مبا و نول ۸ مبا میں "جواب، فتحیاب" ہے جو غلط ہے۔ میکدہ میں یونہی ترجمہ کر دیا گیا ہے۔ رباعی خیام کی نہیں)

(۱۲)

چوں ز آب و گِل آفرید صانع مارا　　کردہ بہ غم زمانہ قانع مارا
پیوستہ مراز می ہمہ منع کنی　　خود دست تہی بس است مانع مارا

جب خالق نے ہمیں آبِ و گل سے پیدا کیا، تو غمِ روزگار پر قانع بنا دیا۔ تو ہمیشہ شراب پینے سے روکتا ہے حالانکہ ہمارے لیے ہماری ناداری ہی سے نوشی سے روکنے کو کافی ہے۔
(مبا، نو ۱۲ رباعی خیام کی نہیں معلوم ہوتی)

(۱۳)

چوں عہدہ نمی شود کسے فردا را　　حالے خوش کن تو، ایں دلِ شیدا را
می نوش بہ نورِ ماہ اے ماہ کہ ماہ　　بسیار بتابد و نیابد ما را

مستقبل سے عہدہ برآئی تو ہے ناممکن، اس لیے آج تو اس شیدائی دل کو خوش کر لے میرے چاند!
اس چاندنی رات میں پی کہ یہ چاند تو چمکتا ہی رہے گا، مگر ہمیں نہ پائے گا۔
چاندنی رات کے منظر سے لذّت اندوز ہونے کا موقع ملے تو اسے ہاتھ سے نہ جانے دو
اور فکرِ فردا بیکار ہے۔

(ف ۲ ن ۴ دلیند ۱ میاد نول ۵)

(۱۴)

چوں فوت شوم بباده شوئید مرا — تلقین ز شراب و جام گوئید مرا
خواہید بروزِ حشر یابید مرا — از خاکِ درِ میکدہ جوئید مرا

اگر مر جاؤں تو شراب سے نہلانا اور شراب و جام کا نام لے کر تلقین دینا اور اگر میدانِ قیامت میں ڈھونڈنا چاہو تو کسی میکدے کی سرزمین پہ تلاش کرنا —— تلقین۔ وہ الفاظ جن میں اعتقادات کا اعادہ کیا جاتا ہے اور غسل و دفن کے وقت میّت کو سنانے کے لیے پڑھتے ہیں۔
(یہ رباعی بھی مشکوک ہے۔ اگرچہ نو، مبا اور دلیند ۴ میں ہے)

(۱۵)

خرّم بتو داشتم دلِ پُر غم را — ہجرِ تو حزین کرد، دلِ خرّم را
من تلخیِ عالم بتو خوش می کردم — با تلخیِ ہجرت چہ کنم عالم را

میں اپنا دلِ غمزدہ تجھ سے بہلایا تھا، مگر فراق نے بہلے ہوئے دل کو دُکھا دیا۔ میں نے تلخیِ زمانہ تیری یاد میں گوارا کر لی۔ مگر تلخیِ فراق کے ساتھ اس دنیا کو کیا کروں۔
رونا تو یہ ہے کہ تم ہمارے نہ ہوئے، نتیجہ یہ ہے کہ زمانے کی ہر ہر بات اب ناقابلِ برداشت ہے۔
(صرف میاد نو میں پہلے مصرعہ کو "خرم نہ بود زیست دلِ پُر غم را" لکھا ہے اور نولکشوری میں ہمارا مصرعہ حاشیے پر۔ میرے خیال میں زیادہ صحیح حاشیے کا مصرعہ ہے)

(۱۶)

خواہی ز فراق در فغاں دار مرا — خواہی ز وصال شادماں دار مرا
من با تو نہ گویم کہ چساں دار مرا — زانساں کہ دلت خواست چناں دار مرا

تمہارا دل چاہے تو غم فراق میں بے چین رکھو، یا وصل سے مسرور و شادمان۔ غرض جس طرح چاہے مجھے رکھو، میں یہ کہنے والا نہیں کہ یوں نہیں یوں رکھو ـــــ اسلوب خیّام نہیں۔ (نول۔ میا)

(١٧)

دانی کہ چہ مدنیست اے دلبر ما | تا بے جہتے رفتہ از بر ما
خود کس نہ فرستی و نپرسی ہرگز | تا بیتو چہا میگزرد بر سر ما

بلا سبب گئے اور جانے کے بعد نہ قاصد بھیجا نہ خبر پوچھی۔ معلوم بھی ہے کہ تمہارے بغیر مجھ پر کیا کیا غم گزر رہے ہیں۔ (میا۔ نول)

(یہ رباعی بھی اسلوب و مفہوم کے لحاظ سے ہندوستانی ہے)

(١٨)

ساقی قدحے کہ کارساز است "خدا" | وز رحمتِ خود، بندہ نواز است خدا
می خور بہ بہار و بار طاعت مفروش | کز طاعتِ خلق بے نیاز است خدا

اے ساقی! ایک پیالہ دے، کہ کام بنانے والا خدا ہے۔ اور وہ اپنی رحمت سے بندوں پر کرم کرتا ہے۔ اے ہمدم! بہار میں شراب پی اور عبادت فروشی نہ کر، کہ خدا مخلوقات کی اطاعت سے بے نیاز ہے۔

(س ٦)

(١٩)

ساقی نظرے بہ بیکسان بہر خدا | بشکن، بُتِ ما بوالہوسان بہر خدا
ما ماہیِ مردہ ایم و تو آبِ حیات | ما را بوصالِ خود، برسان بہر خدا

ساقی خدا کے لیے ہم غریبوں پر ایک نگاہ ڈال، ہم ہوس پرستوں کا بُتِ ہوس توڑ دے۔ ہم مُردہ مچھلی ہیں اور تو آبِ حیات، بہر خدا اپنا وصل عطا کر ـــ اسلوب و زبان و مفہوم خیّام کا نہیں (میا۔ نول)

(٢٠)

عاشق ہمہ روزہ مست و شیدا بادا | دیوانہ و شوریدہ و رسوا بادا

در ہشیاری غصّہ ہر چیز خوریم | چون مست شویم، ہر چہ بادا بادا
خدا کرے عاشق ہمہ وقت مست و دیوانہ و آوارہ و بدنام رہے۔ ہم جب مست ہو جاتے ہیں تو پھر ہر افتاد بے فکری سے جھیل جاتے ہیں۔

(اسلوب خیام نہیں۔ کہتے ہیں کہ مولانا روم کی فرمودہ ہے)

نول ۱۹ ن ندارد کاس الکرام ۲۹۳

(۲۱)

غافل بچہ اُمّید دریں شوم سرا | بر دولت او دل نہد، از بہر خدا
ہر گاہ کہ خواہد کہ نشیند از پا | گیر و اجلش دست کہ بالا پیما

خدا جانے غافل انسان اس منحوس دُنیا کی دولت و عزت سے کیوں محبت کرتا ہے؟ اور جب تجربہ اسے بٹھاتا ہے۔ وہ خود چاہتا ہے کہ خانہ نشین ہو جائے، تو موت بڑھ کر ہاتھ پکڑتی ہے کہ آگے بڑھو۔ (یہ رباعی بھی مشکوک ہے) (نول-مبا)

(۲۲)

قرآن کہ مہین کلام خوانند او را | گہ گاہ نہ بر دوام خوانند او را
بر گرد پیالہ آیتے ہست مقیم | کاندر ہمہ جا مدام خوانند او را

مہین (بہین) بزرگ۔ مدام:- ہمیشہ اور شراب صنعت ایہام ہندوستانی نسخوں میں تیسرا مصرعہ ہے "در خط پیالہ آیتے روشن ہست"

قرآن جسے کلام پاک کہا جاتا ہے، اور لوگ کبھی کبھی نہیں بلکہ مستقل طور پر پڑھا کرتے ہیں۔ جام شراب میں بھی ایک روشن و تابناک نشانی ہے، جسے لوگ ہر جگہ ہمیشہ دیکھتے اور سمجھتے ہیں خطِ پیالہ بھی اہل نظر کے لیے مستقل درس شوق و معرفت ہے۔

(ف ۳ ن ۷، تح ۲۷۱)

(۲۳)

گر می نخوری، طعنہ مزن مستاں را | بنیاد مکن، تو حیلہ و دستاں را
تو فخر بدیں کنی، کہ من می نخورم | صد کار کنی کہ می غلام است آں را

اگر شراب نہیں پیتا، تو مستوں کو طعنہ نہ دے تو بھی تو حیلہ و داستان سرائی و تکبر پر دل گوار رہا ہے۔ اللہ کے بندے اس پر ناز ہے کہ "میں شراب نہیں پیتا" مگر سوچ تو سہی تو ہزاروں حرکتیں ایسی کرتا ہے کہ شراب ان کی غلام ہے۔

صاحبانِ خرقہ و دستار و اربابِ شریعت دوسروں کو میخوار و شرابی کہہ کر اپنی پاکدامنی و بلندی پر نازاں نہ ہوں۔ یہ رند بھی بہت کچھ کہہ سکتے ہیں۔ حافظ کہتا ہے :-

فقیہ میکدہ دی مست بود و فتویٰ داد — کہ "می حرام، ولی بہ ز مالِ اوقاف است"
ترسم، کہ صرفہ نبرد روز باز خواست — نانِ حلالِ شیخ، ز آبِ حرامِ ما

(ف ۱۷ ن ۸ مبادا تو میں تیسرا مصرع "گر دست دہد تو بہ کنم یزداں را")

(۲۴)

مرد آں نبود کہ خلق خوار اندا ورا — وز بیم بدی، نیک شمارند اورا
رندی کہ نمود روی دستی بکرم — رنداں ہمہ پشت دست خوانند اورا

مرد وہ نہیں جو لوگوں کو ذلیل سمجھتا ہو، کہ بدی و شر کے ڈر سے لوگ اسے نیک کہتے ہوں۔ جو رند کسی کے سامنے دستِ سوال دراز کر دے۔ رندوں کی عادت ہے کہ اسے اپنے حلقے سے نکال دیتے ہیں۔ یہ اربابِ ہمت مانگنے کو عیب سمجھتے ہیں۔ ان کا خیال ہے کہ :-

یہ بزمِ مے ہے یاں کوتاہ دستی میں ہے محرومی — جو بڑھ کر خود اٹھا لے ہاتھ میں مینا اسی کا ہے

(۲۵)

مَی قوّتِ جسم و قُوتِ جان است مرا — مَی کاشفِ اسرارِ نہان است مرا
دیگر طلبِ دُنیا و عقبیٰ نہ کُنم — یک جرعہ پُر از ہر دو جہان است مرا

قُوت :- غذا۔ قُوت و قوّت میں صنعتِ تجنیس ہے اور اس قسم کی صنعتیں خیام سے ذرا دُور ہیں۔

شراب جسم و روح کی قوت و غذا، اسرارِ نہاں اور رموزِ معرفت کی کنجی ہے۔ اس سے رازہائے پوشیدہ کھلتے ہیں۔ مجھے ایک گھونٹ شراب مل جائے، تو دُنیا و آخرت دونوں سے بے پروا ہو جاؤں۔

(۲۶)

ہر چند کہ رنگ و بوئے زیبا است مرا
چوں لالہ رخ و چو سرو بالا است مرا
معلوم نہ شد کہ در طرب خانۂ خاک
نقاش ازل بہر چہ آراستہ است مرا

اگرچہ میرا چہرہ مُہرہ خوش نما، رخسار لالے کی طرح سرخ اور قد سرو کی طرح دلکش ہے۔ مگر یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ عشرت کدۂ دنیا میں نقاشِ ازل نے مجھے سنوارا کیوں ہے؟

یاد رہے کہ آرائش قطع و برید ہی سے ہوتی ہے۔ (کار استن سرو زپیراستن است) اور یہ بات بہر حال سوچنے کی ہے کہ تکلیف و راحت کا نتیجہ کیا ہے؟ خیام کا یہ بنیادی و مرکزی خیال ہے۔ وہ اس راز میں حیران ہے۔ جیسے حافظ کہتا ہے :۔

عیاں نشد کہ چرا آمدم کجا بودم!
دریغ و درد کہ غافل ز کار خویشتنم

(قول، مبارک، ن ۹ ف ۵)

ب

(۱)

اے دل ز زمانہ رسم احسان، مطلب
در گردشِ دوراں سر و سامان مَطلَب
درمان طلبی؟ درد تو افزوں گردد
با درد بساز و ہیچ درمان مَطلَب

اے ہمدم و ہم راز دُنیا سے اُمید کرم اور گردشِ فلک سے سر و سامان کی طلب بے کار ہے۔ یہاں تو درد کی دوا مانگنے سے درد بڑھتا ہے، اِس لیے درد پر راضی رہ کر دوا کی تلاش چھوڑ دے۔

(یہ رباعی صرف نو دمیا میں ہے اور خیام کی طرف سے منسوب کی گئی ہے)

(۲)

با بط میگفت ماہئی در تب و تاب
"باشد کہ بجُوئ رفتہ باز آید آب؟"
بط گفت کہ :۔ چوں من و تو گشتیم خراب
بود از پسِ مرگِ ما، چہ دریا سراب!

بط :۔ صراحی، کہتے ہیں کہ انگوروں کے حوض میں مٹی کی منہ بند صراحیاں ڈال دی جاتی تھیں۔ عرق ان کے اندر جذب ہوتے ہوتے اُنھیں بھر دیتا تھا۔ سراب وہ ریگ زار جو دُور سے دریا معلوم ہو اور

پیالے کو اپنی طرف دوڑائے۔

ایک مچھلی نے تڑپ کر صراحیِ مے سے کہا۔ کیوں، کیا یہ بھی ممکن ہے کہ گیا وقت پھر ہاتھ آجائے بہا پانی پھر دریا کو واپس مل جائے؟ صراحی نے کہا:-

ہماری زندگی میں تو یہ ہوتا نہیں اور مرنے کے بعد دریا و سراب دونوں برابر، اس لیے اس کا حاصل ہمارے لیے ہیچ ہے۔

(ن ۱۰)

(۳)

بر پائے تو بوسہ دادن اے شمع طرب
بہ زاں باشد کہ دیگراں را بر لب
دست من و دامن خیالت ہر روز
پائے من و جستن وصالت ہمہ شب

اے چرخِ مسرت تمھارے قدموں پر بوسہ دوسروں کے لب و دہن چومنے سے زیادہ باکیف ہے دل چاہتا ہے کہ میرا ہاتھ ہو اور تمھارا دامن خیال میرے پاؤں ہوں اور راتوں کو تم سے ملنے کی فکر و جستجو۔

(یہ رباعی بھی صرف نول کشوری ۳۲ نسخے میں ہے)

(۴)

چنداں بخورم شراب کایں بوئی شراب
آید ز تراب، چوں روم زیر تراب
تا بر سر خاک من رسد مخموری
از بوئی شراب من شود مست و خراب

اتنی پینا چاہتا ہوں کہ جب خاک میں جاؤں تو شراب کی خوشبو خاک کے اندر بسی ہوئی ہو اور جب کوئی میخوار میری قبر پر آئے تو اس کی مہک سے مست ہو جائے۔

(ن ۱۱ دلیسنہ ۹ نول ۲۸)

(۵)

در کوی نیاز ہر دلے را دریاب
در کوی حضور، مقبلے را دریاب
صد کعبۂ آب و گل بیک دل، نرسد
کعبہ چہ روی، دلے را دریاب

کوچہ نیاز و محبت میں ہر دل کا خیال رکھو اور بارگاہِ مشاہدہ کے لیے کسی خوش قسمت کا دامن

تھام لو۔ یہ آب و گل خشت و خاک کے کعبے دل کا مقابلہ نہیں کر سکتے۔ کعبہ جانے سے کیا حاصل؟ اگر حج کرنا ہے تو دلوں کو اپناؤ کہ کہتے ہیں "دل بدست آور کہ حج اکبر است"

(یہ رباعی اگرچہ نسخۂ دلیسنہ ۸ میں "در راہ نیاز" کے اختلاف کے ساتھ ہے۔ مگر خیام کی طرف نسبت میں اشکال ہے)

(۶)

روزے کہ بدست بر نہم جامِ شراب　　　وز غایتِ خرمی شوم مست و خراب
صد معجزہ پیدا کنم، اندر ہر باب　　　زین طبع چو آتش و سخنہائے چو آب

جس دن بھی پیالۂ شراب ہاتھ پر رکھا اور انتہائی خوشی میں مست و خراب ہوا، اس دن دیکھنا کہ اپنی آگ سی بھڑک اٹھنے والی طبیعت اور پانی جیسی نرم و رواں گفتگو سے بات بات سیکڑوں معجزے دکھاتا ہوں کہ نہیں۔ (ن ۱۲- تول ۲۷)

(۷)

روزے دو کہ مہلت است میخور مئی ناب　　　کیں عمر گذشتہ در نیابی، در یاب
دانی کہ جہان رو بخرابی دارد　　　تو نیز شب و روز، ز مَی باش خراب

زندگی میں جو ایک دو دن کی فرصت ہے اس میں خالص شراب پئیا رہ کیونکہ تو یہ گزری ہوئی عمر پھر نہیں پائے گا، اسے حاصل کر۔ مجھے یہ بھی معلوم ہے کہ دنیا تباہ ہونے والی ہے، اس لیے تو بھی رات دن شراب میں مست و خراب رہ۔

(تول ۳۲، روز دو سرے ل ۲ کے مطابق مبایں "تو نیز شب و روز ہمیں نوش شراب")

(۸)

مائیم و مَی و مطرب وایں کنج خراب　　　جان و دل و جام و جامہ پُر درد شراب
فارغ ز امید رحمت و بیم عذاب　　　آزاد ز خاک و باد و از آتش و آب

ہمارے نسخوں میں "پُر درد شراب" کی جگہ "در رہن شراب" ہے۔ اب ہم ہیں اور شراب و مطرب اور یہ میخانہ، دل و جان، جام و دامن ہر جگہ شراب کی تلچھٹ کے نشان ہیں۔ نہ رحمت کی امید

نہ عذاب کا ڈر، عناصر کے جھگڑوں مٹی، ہوا، آگ اور پانی کے فلسفہ سے دُور زندگی گزار رہے ہیں۔
فروغی:۔ آب و آتش، خاک و باد کا یک جا استعمال صنعت مراعات النظیر ہے اور مفہوم رباعی بھی قدرے خیام کے رنگ سے جدا گانہ ہے۔ اس لیے رباعی مشکوک ہے۔ البتہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ صنعت بے تکلف استعمال ہوئی ہے۔ اور مطلب یہ ہے کہ طبیعت و عالم سے بے پروا ہوں۔ تو شاید خیام نے کہا ہو۔
(نول ۲۹ ہادی و معشوق۔ ف ۶ ن ۱۵ تع ص۔ ۲۸ ہادی و معطیہ و نون خراب دلیسنہ ۱۰)

(۹)

مائیم و می و مطرب و این کنج خراب | جان و دل و دین و عقل مرہون شراب
سر داسر مے کردہ و می در سر مے | بنیاد نہاد خانہ مانند حباب

ہم ہیں اور شراب و مطرب اور یہ ویران گوشہ (دُنیا) روح دل، دین اور عقل سب شراب کے لیے گرو ہیں۔ اب تو کیفیت یہ ہے کہ ہمارے سر میں شراب کی دھن ہے اور شراب پر گھر کے وجود کی بنیاد بُلبلے کی طرح ہے۔ یعنی عالم فطرت و تخلیق کو پانی کا بُلبلا سمجھ رکھا ہے۔
(نول ۳۰)

(۱۰)

مائیم، نہادہ سر، بہ فرمانِ شراب | جان کردہ فدائے لبِ خندانِ شراب
ہم ساقی ما حلقِ صراحی در دست | ہم بر لبِ ساغر آمدہ جانِ شراب

ہم نے تو فرمانِ شراب کے سامنے گردن جھکا دی ہے۔ شراب کے لبِ خنداں اور جام لبریز پر جان قربان کر دی ہے۔ ادھر ساقی نے بھی گردنِ صراحی ہاتھ میں لے لی، اور ساغر کی جان لبوں پہ آ گئی۔
ساقی اُنڈیلے جاتا ہے اور پیالے چھلک رہے ہیں۔
(ن ۱۴ نول ۳۵، میا ۴۴۳۔ رُباعی مشکوک ہے)

ت

(۱)

آباد خرابات زمیٔ خوردن ماست خون دو ہزار توبہ در گردنِ ماست
گر من نہ کنم گناہ، رحمت چہ کند آرائش رحمت، از گنہ کردنِ ماست

یہ میخانے ہماری میخواری سے آباد ہیں، ہزاروں توباؤں کا خون ہماری گردن پہ ہے. تم خود سوچو کہ اگر میں گناہ نہ کروں تو رحمت کیا کرے۔ رحمت میرے گناہ ہی کی بدولت رحمت و حسین چیز ہے۔

نول ۱۰۸ ن ۵۲ رباعی خیام کی نہیں۔

(۲)

ایں بادہ کہ قابل صورہاست بذات گاہے حیوان می شود و گاہ نبات
تا ظن نبری کہ ہست گردد ہیات موصوف بذات تست اگر ہست صفات

وہ شراب (ہیولی) جو بذاتہٖ صورتوں کو قبول کرتی ہے. کبھی حیوان بنتی کبھی نباتات، کہیں اسے دیکھ کر یہ خیال نہ کرنا کہ وہ موجود و ہست اور اگر اس میں کوئی صفت وجود (وغیرہ) بھی ہے تو تیری ذات کی بدولت ہے۔

(نول ۱۷۹ - میا ۱۷۸ "قابل حیات" ولیتہ ۵۶ - یہ رباعی خیّام کی نہیں معلوم ہوتی)

(۳)

آں بہ کہ دریں زمانہ کم گیری دوست با اہل زمانہ صحبت از دور نکوست
آں کس کہ بجملگی ترا تکیہ براوست چوں چشم خرد باز کنی دشمنت اوست

بہتر یہی ہے کہ یہاں دوست کم بناؤ، کیونکہ اہلِ زمانہ سے دُور دُور ہی رہنا اچھا ہے۔ جس شخص پر تمھیں بھروسہ ہے اگر اسے ہوش کی آنکھوں سے دیکھو تو تمھیں دشمن نظر آئے گا۔

(ن ۱۶ - نول ۶۵)

(۴)

آں قصر کہ بہرام درو جام گرفت | آہو بچہ کرد و روبہ آرام گرفت
بہرام کہ گور می گرفتی ہمہ عمر! | بنگر کہ چہ گونہ گور بہرام گرفت

بہرام:۔ ساسانی خاندان کا پانچواں بادشاہ اور گورخر کا مشہور شکاری ہے۔ اسی شکار میں جان دی اور بہرام گور کہلایا۔ اس مصرع میں گور کا استعمال بطور صنعت ایہام ہے کہ دو معنے رکھتا ہے۔ قبر، گورخر۔

جمشید:۔ پیشدادی پادشاہ کہ جس کا پیالہ مشہور ہے کہ جہاں نما تھا، کہتے ہیں کہ ایجاد و فوائد شراب اسی کے عہد میں معلوم ہوئے۔ حافظ کا شعر ہے:۔

کمند صید بہرامی میفگن جام جم بر گیر | کہ من پیمودم ایں صحرا نہ بہرامست و رنہ گورش

لیکن شاہنامے میں جام جہاں نما جمشید کے بجائے کیخسرو کی طرف منسوب ہے۔

مطلب:۔ وہ محل سرا جس میں بہرام بزم مے نوشی جماتا تھا۔ اب وہاں ہرنوں نے گھر بنا رکھا ہے۔ لومڑیاں آرام کرتی ہیں۔ وہ بہرام جس نے زندگی بھر گورخر کا شکار کھیلا۔ آخر قبر نے اسے دبوچ لیا۔ جاہ و جلال۔ شان و شوکت کا نتیجہ موت ہے۔ سعدی بوستان میں کہتے ہیں:۔

کرا دانی، از خسروان عجم | ز عہد فریدوں و ضحاک و جم
کہ بر تخت و ملکش نیامد زوال | نماند بجز ملک ایزد تعال

(ف ۷، تح ص ۲۷۳ دیسنہ ۸۰ ن ۱۷ تول ۲۱۰)

(۵)

آں لعل گراں بہا، ز کانے دگر است | واں دُرِّ یگانہ را نشانے دگر است
اندیشۂ ایں و آں خیال من و تست | افسانۂ عشق را زبانے دگر است

اس جوہر گراں قدر کی کان دوسری، اس بے مثال موتی کی پہچان اور ہے۔ ایں و آں، ہمارا تمہارا خیال ہی خیال ہے۔ عشق کی کہانی اپنی زبان بھی جداگانہ رکھتی ہے۔

یہ عارفانہ رباعی خیام کے بہت بعد لکھی گئی ہے۔ صوفیانہ خیال ہے۔ کہ معشوق حقیقی عام اور مجازی معشوق کے صفات و علامات سے ماورا۔ ایں و آں اشارہ و ضمیر کی زد سے باہر الفاظ د

عبارات کی گرفت سے بلند ہے۔ (نول ۱۳۲)

(۶)

ابر آمد و باز بر سبزہ گریست — بے بادۂ گلرنگ، نمی باید زیست
این سبزہ کہ امروز تماشا گہ ماست — تا سبزۂ خاک ما، تماشاگہِ کیست؟

بادل آئے اور چمن پر پھر سے اشک افشانی کرنے لگے۔ اس موقع پر شراب گلگوں کے بغیر زندگی دشوار ہے۔ غور کرو کہ یہ سبزہ جو آج ہماری تفریح گاہ ہے۔ کل ہماری خاک کا سبزہ کس کی تفریح گاہ ہوگا؟ سعدی نے بوستان کا باب نہم اسی رنگ میں لکھا ہے۔ مگر خیام کا اسلوب فلسفیانہ اور سعدی کا واعظانہ و بیانیہ جیسے یہ شعر:

بسبزہ کجا تازہ گردد دلم — کہ سبزہ بخواہد دمید از گلم
تفرّج کناں از ہوا و ہوس — گذشتیم بر خاک بسیار کس
کسانیکہ از ما بغیب اندر اند — بیایند و بر خاک ما بگذرند

(یہ رباعی ل ن ۱۸ ن ۸ تح ص ۲۸۸ دلیتہ ۴۲ نول ۱۹۱ میں ہے)

(۷)

از آتش این طائفہ، جز دُودے نیست — وز ہیچ کسم اُمیدِ بہبودی نیست
دستے کہ ز دست چرخ بر سر دارم — در دامنِ ہر کہ میزنم، سودی نیست

دنیا والوں کی آتشِ محبت میں دھواں ہی دھواں ہے روشنی نہیں، یہی وجہ ہے کہ مجھے کسی انسان سے نفع کی اُمید نہیں، جو ہاتھ آسمان کے ہاتھوں فکر و غم میں سر پر رکھتا ہوں۔ جب بھی وہ کسی کے دامن پر لے جاتا ہوں تو ناکام ہی رہتا ہوں کہ آسمان کے ستانے پر کوئی مدد گار نہیں ملتا۔

(یہ رباعی نول ۲۲۴ دلیتہ ۹۴ میں ہے، مگر خیام کی نہیں۔ چنانچہ تذکرہ حسینی بنام سراج الدین قزوینی سراجی کے نام ہے۔ کاس ۱۱۱)

(۸)

از بادِ صبا، دلم چو بوئے تو گرفت — ما را بگذاشت، جستجوئی تو گرفت
اکنوں ز منش ہیچ نمی آید یاد — بُوئی تو گرفتہ بود خوئی تو گرفت

بادِ صبا سے میرے دل نے تیری خوشبو محسوس کی، ظالم نے پہلو چھوڑ کر تیری تلاش شروع کردی اب اس نے مجھے بھلا دیا۔ کس قدر عجیب بات ہے کہ پہلے اس نے تیری بُو حاصل کی تھی، اب خُو (عادت) کی لے لی، تمھاری طرح میرا دل بھی مجھے بھول گیا۔ مجھے تنہا چھوڑ گیا۔

(مجموعہ رباعیات ابوسعید ابوالخیر میں بھی ہے۔ غالباً خیام کی نہیں۔ نول ۲۰۹۔ آتشکدہ بنام درویش مقصود تیرگر، کاس الکرام ۳۸۱)

(۹)

از گردشِ چرخ، ہیچ مفہوم نیست
جز رنج زمانہ، ہیچ موہوم نیست
ہر چند بکار خویش، در می نگرم
عمری بگذشت و ہیچ معلوم نیست

فلک کی گردشوں سے کچھ سمجھ میں نہیں آتا، اور میرے وہم میں غم روزگار کے علاوہ کوئی بات نہیں گزرتی۔ اپنے معاملات پر بہت غور کیا۔ مگر ایک زندگی گزرنے کے بعد بھی کچھ معلوم نہ ہو سکا۔

(ل ۱۹ نول ۱۳۔ زمانہ "ہیچ مرسوم" رباعی مشتبہ ہے)

(۱۰)

از ما رمقی بسعی ساقی ماندہ است
وز صحبتِ خلق بے وفائی ماندہ است
از بادۂ دوشین قدحے بیش نماند
از عمر ندانم، کہ چہ باقی ماندہ است

رمق:۔ آخری سانس، وفاق:۔ دوستی، بادہ دوشین:۔ گذشتہ رات کی شراب یہ میری چلتی سانسیں ساقی کے کرم سے باقی ہیں۔ ورنہ ان دنیا والوں سے بے وفائی و مخالفت کے علاوہ کیا حاصل؟ رات کی شراب سے صرف ایک پیالہ بھر رہ گئی ہے اور یہ معلوم نہیں کہ زندگی کتنی باقی ہے۔

(ل ۲۰ دلبند ۹۰ نول ۲۲۱)

(۱۱)

از منزل کفر تا بدیں، یک نفس است
وز عالم شک تا بیقین یک نفس است
این یک نفس عزیز را خوش میدار
کز حاصل عمر ما ہمیں یک نفس است

منزلِ کفر سے منزلِ دین اور شک سے یقین تک ایک سانس کا فاصلہ ہے۔ اس جانِ عزیز کو مسرور رکھ کہ ہماری زندگی کا حاصل یہی ایک نفس ہے۔

(یہ اسلوب بھی خیام کا نہیں، دلیسنہ ۸۲ نول ۱۳۱)

(۱۲)

از ہرزہ بہ ہر دری، نمی باید تاخت | با نیک و بدِ زمانہ می باید ساخت
از طاسکِ چرخ و کعبتینِ تقدیر | ہر نقش کہ پیدا شد آں باید باخت

دیوانہ وار ہر آستانے کی جبیں سائی نہیں کرنی چاہیئے، بلکہ اچھا بُرا جو بھی ملے اسی پر قناعت کر لے آسمان کے کٹورے اور تقدیر کے پانسے سے جو نقش بھی اُبھرے وہی کھیل کھیل لینا چاہیئے۔

کعبتین کے پانسے ایک کٹورے میں پھینکتے ہیں۔ پھر ان کے نقش دیکھ کر نرد کھیلتے ہیں۔

(یہ رباعی بھی مشتبہ ہے نول ۸۷)

(۱۳)

اسرارِ جہاں چنانکہ در دفتر ماست | گفتن نتواں، زانکہ وبالِ سرِ ماست
چوں نیست دریں مردمِ نادان اہلے | گفتن نتواں، ہر آنچہ در خاطرِ ماست

رازِ دنیا ہماری کتاب میں جس طرح ہے، اسے کہنا اس لیے مشکل ہے کہ ایک مصیبت دردِ سر ہے۔ چونکہ ان نادانوں میں کوئی اہل آدمی نہیں اس لیے جو دل میں ہے اس کا کہنا مشکل ہے۔

(ن ۲۱ - "نتواں گفتن" نول ۵۰)

(۱۴)

اکنوں کہ گلِ سعادتت پربار است | دستِ تو ز جامِ مَی چرا بیکار است
مَی خور، کہ زمانہ دشمنِ غدّار است | دریافتنِ روزِ چنیں، دشوار است

جب آج کل تمہاری خوش نصیبی کا چمن بہاروں پر ہے، تو تمہارا ہاتھ پیالے سے خالی کیوں ہے آؤ شراب پیو کہ زمانہ بڑا غدار دشمن ہے اور پھر یہ دن نصیب ہونا دشوار ہیں۔

(ف ۹ ن ۲۲ دلیسنہ ۷۸ نول ۲۰۶)

(۱۵)

امروز ترا دسترسِ فردا نیست | واندیشۂ فردات، بجز سودا نیست
ضائع مکن این دم ار دلت شیدا نیست | کاین باقیِ عمر را بہا پیدا نیست

جب حال یہ کہ آج تمھیں کل پر اختیار نہیں اور اگر خیالِ فردا ہے بھی تو پاگل پن۔ اگر دل دیوانہ پہلو میں نہ ہو تو سمجھو کہ جو عمر باقی رہ گئی ہے اس کی قیمت نہیں مل سکتی۔ اس لیے وقت ہاتھ سے نہ جانے دو۔ حافظؔ نے خیام کا خیال یوں ادا کیا ہے:-

بر لبِ بحرِ فنا منتظریم اے ساقی | فرصتے دان کہ ز لب تا بدہان ایں ہمہ نیست
ہر وقت خوش کہ دست دہد مغتنم شمار | کس را وقوف نیست کہ انجام کار چیست

(ن ۳ نول ۱۴ ف ۱۰ اتح ۲۷۹)

(۱۶)

امروز کہ آدینہ مراد رانام است | مَی نوش کُن از قدح، چہ جائے جام است
ہر روز اگر تو قدح یک مَی خوردی | امروز دو خور کہ سیّد الایّام است

آج جمعہ کا دن ہے، تو جام کے بجائے قدح بھر کے پی، اگر روزانہ ایک جام پیتے تھے تو آج دو پیو کہ آج کا دن سیّدِ ایّام ہے۔

(غالباً یہ رباعی کسی اور کی ہے۔ نول ۱۸۲)

(۱۷)

امروز کہ نوبت جوانی منست | مَی نوشم از انکہ کامرانی منست
عیبش مکنید، زانکہ تلخست خوش ست | تلخست، از انکہ زندگانی منست

آج چونکہ میری جوانی کے دن ہیں، اس لیے شراب پیتا ہوں کہ کامرانی کے دن ہیں۔ شراب کو بُرا نہ کہو۔ اس کی تلخی ہی خوبی ہے۔ اس کی تلخی کا سبب یہ ہے کہ میری زندگی ہے۔

(دلیستہ ۱۷۔ نول ۱۳۳۔ آتشکدہ بنام سراج قمری ہے)

(۱۸)

اے آمدہ از عالمِ روحانی تفت | حیران شدہ در پنج و چہار و شش و ہفت
مَی خور، چو ندانی ز کجا آمدۂ | خوش باش، نہ دانی بکجا خواہی رفت

ہفت :- تفتیدن کا حاصل مصدر۔ سرخ و گرم۔ پنج :- حواس خمسہ۔ چہار :- عناصر اربعہ۔ شش :- چھ سمتیں۔ ہفت :- ساتوں سیارے مراد ہیں۔

اسے عالم روحانی سے خوش و خرم آکر پانچوں حواسوں، چار عنصروں، چھٹوں سمتوں اور ساتوں سیاروں (یعنی دنیا کے جھگڑوں اور مادی کشمکش) میں حیران و مبتلا ہونے والے، چونکہ تجھے نہیں معلوم کہ کہاں سے آیا ہے اِس لیے شراب پی، چونکہ تجھے خبر نہیں کہ جانا کہاں ہے، اس لیے خوشیاں اور رنگ رلیاں منا، کہ یہی حاصلِ زندگی ہے۔

(ت ۱۱ ن ۲۶ دلیسنہ ۵۸ نیز دیکھیے ی ۱۴)

(۱۹)

اے چرخِ فلک خرابی از کینۂ تست — بیدادگری شیوۂ دیرینۂ تست
ای خاک اگر سینۂ تو بشگافند — بس گوہرِ قیمتی، کہ در سینۂ تست

اسے گردشِ آسمان! یہ تباہیاں تیری کینہ پروری سے ہیں، کیونکہ ظلم کرنا تیرا پرانا شیوہ ہے۔ اسے زمین! اگر تیرا سینہ چاک کر کے دیکھا جائے تو معلوم ہو کہ کتنے قیمتی اور گراں قدر دفینے تو نے چھپا رکھے ہیں؟ —— زمین و آسمان دونوں عجیب کرشموں کا مجموعہ ہے۔ بشرطیکہ دیدۂ دِل وا کرے کوئی۔ فردوسی کا قطعہ ہے :-

زمین گر کشادہ کند راز خویش — نماید سر انجام و آغاز خویش
کنارش پر از تاجداران بود — برش پُر ز خون جوانان بود
پر از مردِ دانا بود دامنش! — پر از ماہ رُخ حبیب و پیراہنش

(ف ۱۲ ن ۲۹ تح ص ۲۸۴ "پیشۂ دیرینہ" نول ۴۲ "عادتِ دیرینہ")

(۲۰)

اے دل چو زمانہ میکند غمناکت — ناگہ برود، زتن روانِ پاکت
بر سبزہ نشین و خوش بزی روزے چند — زاں پیش، کہ سبزہ بر دمد از خاکت

میرے ہمدم و رفیق، جب بھی زمانہ ستائے اور قبل اس کے کہ یکایک تیری روح جسم پاک سے قبض کی جائے۔ تو اپنی قبر پر ہریالی اُگنے سے پہلے چند روزہ زندگی خوشی و خرمی سے سبزہ زاروں

میں گزار۔

رباعی ۶ میں یہی مضمون گذر چکا ہے۔ یہاں سعدی کے دو شعر ملاحظہ ہوں:

دہ کہ، ہر گہ کہ سبزہ در بستان   بدمیدی، چہ خوش شدی دلِ من
بگذر اے دوست، تا بوقتِ بہار   سبزہ بینی دمیدہ از گلِ من

(ف ۱۳ ن ۴۴ "نشین خوش" دلیسنہ ۵۵ نول ۱۳۴)

(۲۱)

اے دل چو نصیب تو ہمہ خوں شدنست   احوالِ تو، ہر لحظہ، دگرگوں شدنست
اے جاں، تو دریں تنم چہ کار آمدہ؟   چوں عاقبتِ کارِ تو بیروں شدنست

میرے دل! تیری قسمت میں غم اٹھانا اور خون ہونا، تیری حالت کا ہر لحظہ بدلنا ہے۔
اے روح! تو میرے جسم میں کیوں آئی؟ تیرا تو نتیجۂ آمد یہی تھا کہ بدن سے نکل جا۔

(ن ۳۰ "تو بدین بدن چہ" دلیسنہ ۱۸ نول ۹۸)

(۲۲)

اے ساقی! از آں مَی کہ دل و دینِ منست   پُر کُن قدحے کہ جانِ شیرینِ منست
گر نیست شراب خوردن آئینِ شما   معشوقہ بجام خوردن آئینِ منست

ساقی! اس شراب سے پیالہ لبریز کر دے جو میرا دل و ایمان، وہ پیالہ جو میری جانِ شیریں کی طرح عزیز ہے۔ اگر تمھارا طریقہ شراب نوشی نہیں تو نہ ہو۔ میرا تو دستور یہ ہے کہ معشوق در بغل شراب پیوں۔

(ن ۳۷ نول ۱۶۷ رباعی کی نسبت مشکوک ہے) بروایت مآثر الکرام آزاد صنہ شیخ عبدالعزیز دہلوی قوال سے یہ رباعی سن کر تین دن تک وجد میں رہے۔ تیسرے دن بے کھائے پیئے جاں بحق ہوئے۔ کاس الکرام صہ ۲۲۹)

(۲۳)

اے مردِ خرد، حدیثِ فردا ہوس است   در دہر، زدن لافِ سخنہا ہوس است
امروز چنیں، ہر کہ خردمند کس است   داند کہ ہمہ جہاں چنیں یک نفس است

اے عقل مند! فردا کی باتیں اور دنیا میں شیخی بگھارنا ہوس ہے۔ آج جو بھی عقلمند آدمی ہے اُسے معلوم ہے کہ یہ دنیا ایک نفس سے زیادہ کی مہمان نہیں۔ پھر ملول اور رنج اُٹھانے سے کیا فائدہ؟
(ن ۳۶ - تول ۴۳)

(۲۴)

اے مَی، لب لعل یار میدار بدست　　زان رو کہ شگرف داری این کار بدست
زاں شد زمیٔ لالہ قدح بر خور دار　　کآورد بخون دل لب یار بدست

شراب، معشوق کے لب لعل و سرخ تک رسائی حاصل کر، یہ بہترین کام تیرے بس میں ہے۔ پیالہ شراب سرخ سے مالا مال اسی لیے تو ہے۔ کہ اس نے دل خون کر کے غم جھیل کے لب یار تک رسائی حاصل کی ہے۔
(تول ۱۰۶ - رباعی خیام کی نہیں معلوم ہوتی)

(۲۵)

اے وائے براں دل کہ درد سوزے نیست　　سودا زدۂ مہر دل افروزے نیست
روزے کہ تو بے بادہ بسر خواہی برد　　ضائع تر ازاں روز ترا روزے نیست

وہ دل قابل افسوس ہے جس میں سوز نہیں، جو کسی دلبر کی محبت میں دیوانہ نہیں۔ جو دن بادہ و ساغر کے بغیر گزاروگے، اس سے زیادہ بیکار دن کوئی نہ ہوگا۔
(ن ۳۳ تح ص ۲۶۵ دیسنہ ۸۵ تول ۲۱۶ "بے عشق یکنفس")

(۲۶)

این بحرِ وجود، آمدہ بیرون ز نُہفت　　کس نیست کہ این جوہرِ تحقیق بسُفت
ہر کس سخنے، از سرِ سودا گفتند　　زاں روی کہ ہست، کس نمیداند گفت

وجود و زندگی کا سمندر غیب سے رونما ہو گیا مگر کسی نے اس کی قیمت دریافت نہ کی۔ یوں تو ہر ایک نے دیوانے کی طرح بڑ ہانک دی۔ جو واقعی بات ہے وہ کوئی بھی کہنا نہیں جانتا۔

خیام کو یقین ہے کہ راز عالم، حقیقت وجود اور نظام فطرت ایک معمہ ہے۔ حکیم، فقیہ، صوفی ہر ایک نے علم و ہنر، طہارت نفس، نکتہ آفرینی میں کمال تو حاصل کیا۔ مگر اس سلسلے میں جب بھی لب کشائی کی

تو گمان و شک، خیال و وہم سے آگے نہ بڑھ سکا۔ بڑے آدمیوں نے رودکی کی زبان میں یہ کہہ دیا:۔

تا بدانجا رسید دانشِ من | کہ بدانم ہمی کہ نادانم

(ف ۱۴۱ مجموعہ بدر جاجرمی قلمی میں بھی بنام خیام ن ۳۵ نول ندارد)

(۲۷)

این خاک رہ از خواجہ غبارے بود است | در وقت خود، او بزرگوارے بود است
ہر جا کہ قدم نہی، یقین می پندار | کان دستِ کریم شہسوارے بود است

راستے میں اُڑتی ہوئی خاک کسی امیر کا غبار ہے، اور امیر اپنے وقت کا معزز ترین شخص تھا جہاں بھی قدم رکھتے ہو وہاں یہ یقین رکھو کہ کسی کریم و سخی شہسوار کا دستِ کرم ہے۔

آہستہ خرام بلکہ مخرام | زیر قدمت ہزار جان است

(نول ۱۲۱ ن ۲۵، رباعی کی نسبت خیام سے مشکوک ہے)

(۲۸)

این کوزہ، چو من عاشق زارے بودہ است | دربندِ سرِ زلفِ نگارے بودہ است
این دستہ کہ بر گردن او می بینی | دستے است کہ در گردن یارے بودہ است

یہ صراحی کبھی میری طرح سے عاشق زار، کسی حسین کی زلف گرہ گیر کا گرفتار تھا۔ اس گردن کے دونوں دستے کسی معشوق کی گردن میں ڈالے ہوئے ہاتھوں کی یادگار ہیں۔۔۔ خیّام کی یہ مشہور ترین رباعی اس کے ذہنی اور شعری تصوّرات کا مکمّل ترین مجموعہ ہے۔

(ف ۱۵، ن ۳۱ تح ص ۲۷۹ نول ۸۱ آتشکدہ)

(۲۹)

این کوزہ کہ آبخورۂ مزدوریست | از دیدۂ شاہیست و دلِ دستوریست
ہر کاسۂ مَی کہ بر کفِ مخموریست | از عارضِ مستی و لبِ مستوریست

یہ آبخورہ اور مٹی کا استعمال جس سے مزدور پانی پیتے ہیں۔ یہ معمولی چیز نہیں، بلکہ یہ بادشاہ کی آنکھ اور وزیر کے دل سے مرکب ہے اور میخوار کے ہاتھ پر جو پیالہ شراب دیکھتے ہو یہ بھی کسی مست کے رخسار اور

پردہ نشین کی لبوں کی خاک سے بنایا گیا ہے۔

(صرف نسخہ ف ۱۶۔ فروغی کہتے ہیں "شاہیست" میں ت کی تقطیع سے ساقط ہے۔ لیکن قدما کے یہاں یہ جائز تھا۔ متاخرین ناجائز سمجھتے ہیں)

(۳۰)

این کہنہ رباط را کہ عالم نام است
آرام گہ ابلقِ صبح و شام است
بزمیست کہ وا ماندۂ صد جمشید است
قصریست، کہ تکیہ گاہ صد بہرام است

رباط سے مراد کاروان سرا، ابلق، چتکبرا، مراد سیاہ و سفید گھوڑا۔ رباط کے معنی چونکہ اصطبل میں اور شعراء دن و رات کو گھوڑے سے تشبیہ دیتے ہیں۔ اس لیے پوری رباعی لفظی محاسن کا ایک دلکش نمونہ ہے یہ پرانی سرا جسے دنیا کہتے ہیں، درحقیقت دن رات کی قیام گاہ ہے یا وہ محفل جس میں نہ معلوم اتنے جمشید تھکے پڑے ہیں وہ محل ہے جس میں سینکڑوں بہرام پڑے سو رہے ہیں۔

(ف ۱۷ ان ۳۲ دلیسنہ ۱۷ نول ۲۰۳)

(۳۱)

این گنبد لاجوردی زرّیں طشت
بسیار بگشت است و دگر خواہد گشت
یک چند ز اقتضائے دوران قضا
ما نیز چو دیگران رسیدیم و گذشت

یہ سنہری طشت (آفتاب) والا نیلا آسمان، نہ معلوم کتنے چکّر کھا چکا اور کتنے چکّر کھائے گا۔ اتفاقاً انھیں گردشوں کے تقاضے اور حکم الہٰی کے تحت ہم بھی دوسروں کی طرح آگئے اور پھر گزر جائیں گے۔

(ن ۲۴ نول ۱۲۰)

(۳۲)

این یک دو سہ روزہ نوبت عمر گذشت
چون آب بہ جویبار، چون باد بدشت
ہر گز غمِ دو روز مرا یاد نہ گشت
روزی کہ نیامدہ است و روزیکہ گذشت

یہ چند روزہ زندگی اس طرح گزر گئی جیسے نہر میں پانی یا میدان میں آندھی۔ میں نے بھی دو دن کا غم کبھی نہ کیا، ایک وہ دن جو آیا نہیں، ایک وہ دن جو گذر گیا۔

(یہ رباعی ف ۱۸ ہے، لیکن نول ۸۴ دلیسنہ ۸ ۳ تح ص-۲۷ پر یہ متن یوں ہے:

چوں آب بجوئبار و چوں باد بدشت
روزدگر از نوبت عمرم بگذشت

تا من باشم غم دو روزہ نخورم
روزیکہ نیامدست و روزیکہ گذشت

عام نسخوں کی طرح جزئی اختلافات اور بھی ہیں -

(۳۳)

با بادہ نشین، کہ ملک محمود این است
وز چنگ شنو، کہ لحن داؤد این است

از آمدہ و رفتہ دگر، یاد مکن!
حالی خوش باش، زانکہ مقصود این است

بزم شراب آراستہ کرو کہ یہی شاہی ہے۔ آواز چنگ سنو، کہ لحنِ داؤدی ایسی ہی تھی۔
آئے گئے کا غم نہ کرو۔ جو وقت مل گیا ہے اس کو ہنسی خوشی گزارو۔ کیونکہ اصل زندگی اور حاصل آرزو یہی ہے۔
غم زدہ اکا اسد، کس سے ہو چیز مرگ علاج سمجھ کرے پرستی و عشرت فروشی کرنا چاہیئے۔

(نول ۱۹۶ ن ۸ ۳ تح ص ۲۶۲ دلیسنہ ۷۱)

(۳۴)

با حکم خدا، بجز رضا، در نگرفت
با خلق بجز روی و ریا در نگرفت

ہر حیلہ کہ در تصور عقل آید
کردیم، ولیک با قضا در نگرفت

خدائی فیصلوں کے سامنے تسلیم و رضا کے علاوہ اور کچھ نہ کرنا چاہیئے۔ دنیا والوں سے ظاہری برتاؤ
ضرور کرنا چاہیئے۔ ذہن میں جتنی تدبیریں آسکتی تھیں کر گزرے، مگر قضاو قدر کے آگے کچھ نہ چل سکی۔

(نول ۲۱۱)

(۳۵)

با دشمن و دوست فعل نیکو، نیکوست
بد کے کند آنکہ نیکیش عادت و خوست

با دوست چو بد کنی، شود دشمن تو
با دشمن اگر نیک کنی گردد دوست

دوست ہو یا دشمن، ہر ایک کے ساتھ اچھائی اچھائی ہی ہے۔ جس کی فطرت و عادت میں
نیکی ہے وہ کسی کے ساتھ بدی کیسے کرے؟
اصول یہ ہے کہ اگر دوست سے بدی کروگے تو وہ دشمن اور دشمن سے نیکی کروگے تو

وہ تمھارا دوست بن جائے گا۔

(نول ۸۶)

(۳۶)

باما، درم قلب نمی گردد جُفت   جاروب، طربخانۂ ناپاک بُرفت
پیرے زخرابات بمن آمد وگفت   مَی خور، کہ بعمرہا میباید خفت

مجھے کھوٹا دل اپنا نہیں بنا سکتا کہ نجس عشرت منزل کو جھاڑو سے صاف کر دیا ہے (کل ہی تو) ایک بزرگ خرابات سے آن کر کہہ گئے۔ "شراب پیو، کہ خدا جانے کتنی صدیوں سوتا ہوگا"!

(اسلوب خیّام نہیں معلوم ہوتا۔ نول ۹۸ دلیستہ ۷۴)

(۳۷)

باما فلک، ارجنگ ندارد عجیب است   گر بر سرِ ما، سنگ ندارد، عجب است
قاضی کہ خرید بادہ وقف وفروخت   در مدرسہ، گر بنگ نکارد، عجیب است

یہ آسمان اگر ہم سے برسرِ پیکار نہ ہو، اگر ہمارے سر پر مصیبت کے پہاڑ نہ توڑے تو تعجب ہے۔ وہ قاضی جو حرام شراب خرید کر بیچ ڈالے، اگر مدرسے میں بھنگ نہ بوئے تو تعجب ہے۔

(نول ۱۰۱ میا "گر بنگ ندارد عجیب است")

(۳۸)

باما نگذارند دمے یارانت   غمخوار شدم، زدست، غمخوارانت
خورشیدِ تو بر روزنِ ما، چوں افتد   کز ذرّہ فزونست ہوا دارانت

تمھارے دوست اور میرے رقیب، ایک منٹ کے لیے تنہا نہیں ملنے دیتے تمھارے ان غمخواروں نے مجھے مصیبت میں ڈال رکھا ہے۔ میری حالت تو یہ ہے کہ اگر تم روشن دان سے اپنا آفتابی چہرہ دکھاتے ہو، تو تمھارے عاشق ذرّوں سے زیادہ نظر آنے لگتے ہیں۔ ساری دنیا کو رقیب سمجھتا ہوں۔

(ظاہر ہے کہ یہ رباعی خیام کی نہیں مگر نول کشوری نسخے میں ۱۱۱ پر ہے)

(۳۹)

با مطرب و مَی، حور سرشتے گر ہست   یا آب رواں و لب کشتے، گر ہست
بہ زین مطلب، دوزخ فرسودہ مُتاب   حقّا کہ جز این نیست بہشتے، گر ہست

مطرب و شراب کے ساتھ اگر کوئی حورِ وش ساقی، یا کنارِ نہر و گوشۂ چمن مل جائے تو اسی پر اکتفا کرو، کہ جنّت اگر ہو گی تو اس سے بہتر نہ ہو گی۔ خیال دوزخ فرسودہ کا غم نہ کرو۔

نول ۱۸۴ - دلیسنہ ۶۱)

(۴۰)

با ہر بد و نیک راز نتوانم گفت !   دائم سخنے دراز نتوانم گفت !
حالے دارم، کہ شرح نتوان دادن   رازے دارم کہ باز نتوانم گفت

ہر اچھے بُرے سے راز نہیں بیان کر سکتا، ہمیشہ لمبی گفتگو نہیں کر سکتا۔ جس حال میں مبتلا ہوں، اس کی شرح نہیں کر سکتا۔ جو راز مجھے معلوم ہے۔ اسے کھول نہیں سکتا۔ دل کی دل ہی میں لے جاؤں گا

کہ سطح ذہنِ عالم سخت ناہموار ہے ساقی

(نول ۱۹۷ دلیسنہ ۷۰)

(۴۱)

بُت خانہ و کعبہ، خانۂ بندگیست   ناقوس زدن، ترانۂ بندگیست
محراب و کلیسا و تسبیح و صلیب   حقّا کہ ہمہ نشانۂ بندگیست

بُت خانہ ہو یا کعبہ دونوں عبادت خانے ہیں، ناقوس بجانا اور سنکھ پھونکنا بندگی کا ترانہ، محراب کلیسا، تسبیح اور صلیب، یہ سب بندگی کی علامتیں ہیں۔

(نول ۱۲۴- یہ رباعی بھی خیّام کی نہیں)

(۴۲)

بدنامی من ز عرش و کرسی بہ گذشت   وین عمر عزیز نیز از سی بگذشت
فی الجملہ خوشی نیست، اگر دست دہد   صد کاسہ پیاپے، کہ عروسی بگذشت

میری بدنامی کے چرچے عرش و کرسی پہ ہو چکے۔ یہ عمر عزیز بھی تیس سے اوپر ہے۔ اب تو یہ عالم ہے کہ اگر موقع ملے اور سو سو جام دیے جائیں، جب بھی مسرّت جسے کہتے ہیں وہ ناپید ہو چکی۔

(یہ رباعی بھی مشکوک ہے، ورنہ کہا جاتا کہ خیّام تیس سال کی عمر میں معراج شہرت پر پہنچ چکا تھا۔ نول ۱۷۱)

(۴۳)

برتر ز سپہر خاطرم، روز نخست — لوح و قلم و بہشت و دوزخ می جست
پس گفت مرا معلّم، از علم درست — لوح و قلم و بہشت و دوزخ با تست

میرا دماغ روزِ اوّل ہی سے فلک سے بلند ہے، اسے لوح و قلم جنّت و دوزخ کی حقیقت معلوم کرنے کی فکر تھی مگر میرے اُستاد نے کہا یہ سب تو تیری ہی ہیں۔

(نول ۵۸، ن ۴۰)

(۴۴)

بر چہرۂ گل، شبنم نوروز خوش است — در صحن چمن روی دل افروز خوش است
از دی کہ گذشت ہر چہ گوئی خوش نیست — خوش باش و ز دی مگو کہ امروز خوش است

پھول کی پنکھڑیوں پر نوروز کی اوس بڑی اچھی معلوم ہوتی ہے اور صحن بوستان میں حسین جمگھٹا۔ جو دن گذر گیا، اس کی کوئی بات بھی اچھی نہیں۔ اس لیے خوش و خرّم رہو اور کل کا نام نہ لو، آج کی کہو کہ آج مست کا نام ہے۔

(ف ۱۹ ن ۱۴ تح ص ۲۶۵ دلیبنہ ۶۶ نول ۱۹۳)

(۴۵)

برخیز و بدہ بادہ، چہ جائے سخن است — کامشب دہن تنگ تو، روزی من است
ما را، چو رخ خویش مئی گلگون دہ — کایں توبۂ من، چو زلف تو پُر شکن است

اُٹھو اور پیالہ دو۔ یہ وقت بحث و گفتگو کا نہیں۔ آج کی رات تو تمھارا دہن چومنا میری قسمت میں ہے وہ شراب دو جو رخسار کی طرح سرخ ہو۔ کیونکہ جیسی تمھاری زلف پیچ در پیچ ہے یونہی میری توبہ۔

(۴۶)

بر روئے تو زلف را اقامت ہوس است — سر فتنۂ روم را قیامت ہوس است
زابروئے تو محراب نشیں شد چشمت — آں کافر مست را امامت ہوس است

زلفیں چاہتی ہیں کہ رخسار سے نہ ہٹیں۔ اور وہ فتنہ روم کا سر غنہ (چہرہ) قیامت کا خواہشمند ہے۔ تمھاری آنکھیں محراب ابرو میں اس لیے آن بیٹھیں کہ وہ کافر مست امامت کی خواہاں ہیں۔

(نہ معلوم کس ظالم نے اسے خیام کے سر تھوپا ہے۔ نول ۱۶۲)

(۴۷)

برکفِ می لعل و زلفِ دلدار بدست | بر طرفِ چمن کند بہ اقبال نشست
می نوشد و از دَورِ فلک نندیشد | وانگاه شود، ز بادۂ عشرت مست

دل تو یہ چاہتا ہے کہ ایک ہاتھ میں جامِ شراب ایک میں زلفِ طرح دار۔ گوشۂ چمن میں پورے جاہ و جلال سے بیٹھے۔ آسمان کی گردش سے بے فکر، مے نوشی اتنی کریں کہ بادۂ عشرت مست کردے۔

(یہ خیام کا رنگ ہے مگر ڈھنگ نہیں ہے۔ نول ۴۲)

(۴۸)

بسیار بگشتیم بگردِ در و دشت | اندر ہمہ آفاق بگشتیم، بگشت
از کس نہ شنیدیم کہ آمد زیں راہ | راہے کہ برفت راہرو باز نہ گشت

نہ معلوم کتنے دشت دور میں پھرا۔ سارے آفاق کے چکر لگائے مگر کسی سے یہ نہ سُنا کہ وہ اس راستے واپس آیا ہو۔ دنیا راستہ ہی ایسا ہے کہ جو راہی گیا اُسے آنا نصیب نہ ہُوا۔

(ن ۴۳۔ ویلسنہ ۲۳۔ نول ۵۷)

(۴۹)

بسیار بگشتیم بگردِ در و دشت | یک کار من از گشت ہمی نیک نہ گشت
در ناخوشیِ زمانہ بارے عمرم | گر خوش بگذشت، یکدمی خوش نگذشت

دشت و در کی خاک چھاننے کے بعد بھی کوئی مقصد پورا نہ ہُوا۔ رہا یہ کہ دنیا کے غموں میں زندگی ہنس کے گزار دی، تو درحقیقت وہ خوشی نہیں تھی۔ مجھے تو خوشی کی ایک سانس بھی نصیب نہیں ہوئی۔

(یہ رباعی یا تو پہلی رباعی کا مختلف نسخہ ہے، یا کسی کا جواب و سرقہ رباعی کا چوتھا مصرعہ ایک نسخے میں یوں ہے ،، "گر خوش نگذشت بارے خوش خوش بگذشت" نول ۔ ۶ ویلسنہ ۲۶)

(۵۰)

بس خونِ کسان، چرخ بے باک بریخت | بس گل کہ برآمد از گل و پاک بریخت
بر حسن و جوانی اے پسر، غرّہ مشو | بس غنچۂ ناشگفتہ، بر خاک بریخت

اس آسمان نے خدا جانے کتنے بے باک خون بہائے ہیں۔ کتنی کلیاں خاک میں مل گئیں۔ میاں اپنی جوانی و ناز کی پر غرور نہ کرو، کہ بہت سی کلیاں بن کھلے مرجھا چکی ہیں۔

(نول ۱۳۸۔ یہ رباعی بھی خیام کی نہیں معلوم ہوتی)

(۵۱)

بُلبُل چو بباغ نالہ در دست گرفت
مَی باید ہمچو لالہ بر دست گرفت
زاں پیش کہ مردمان از سرِ جہل
گویند، فلاں پیالہ بر دست گرفت

جب بُلبُل چمن میں فریاد کرے، تو لوگوں کے تعجب انگیز سوال سے پہلے اور اس شور سے پہلے کہ ایسے فلاں نے بھی پینا شروع کی"۔ لالے کی طرح ارغوانی پیالہ اُٹھا لینا چاہیئے کہ سب کو معلوم ہو جائے کہ یہ پُرانا مے خوار ہے۔

(رباعی مشکوک ہے اور فقط نول ۲۰۴ میں ہے)

(۵۲)

بیگانہ اگر وفا کند خویش منست
ور خویش جفا کند، بداندیش منست
گر زہر موافقت کند، تریاق است
ور نوش مخالفت کند، نیش منست

اگر غیر وفادار ہے تو عزیز اور اپنا اگر ظلم کرے تو غیر اور دشمن میرے نزدیک تو زہر اگر راس آجائے تو تریاق اور تریاق اگر فائدہ نہ دے تو زہر ہے۔ وہ دوست کس کام کا جو ندیم نہ بن سکے۔ وہ شراب بُری کیسے کہی جائے تو زندگی کا سہارا ہو!

(نول ۲۵۵ ن ۲۵ دلیسنہ ۹۳)

(۵۳)

پُرخون ز فراقت جگرے نیست کہ نیست
شیدائے تو صاحب نظرے نیست کہ نیست
با آنکہ نداری سرِ سودائے کسے
سودائے تو در ہیچ سرے نیست کہ نیست

کوئی جگر ایسا نہیں کہ جو تیرے فراق میں جنوں نہ ہو۔ کوئی صاحبِ نظر ایسا نہیں جو تیرا شیدا نہ ہو۔ باوجودیکہ تجھے کسی کی پروا نہیں، مگر ہر سر میں تیرا سودا ہے۔

(خیام کی رباعی نہیں معلوم ہوتی۔ نول ۲۲۳ دلیسنہ ۹۲)

(۵۴)

پیش از من و تو مرد و بسے زن بودہ است
کآفاق زجملہ شان مزیّن بودہ است
زود آ، کہ تنِ تو خاک گردد، زیرا
خاکِ تو دگر ہزار رہ تن بودہ است

غور کرو، ہم سے تم سے پہلے بہت سے ایسے مرد و عورت گزرے جن کی وجہ سے دنیا مزیّن تھی۔ لہٰذا جلد جلد میرے پاس آؤ، شراب پیو کہ تمھارا جسم بھی خاک ہوگا۔ کیونکہ اس سے پہلے یہ جسم بھی یقینی طور سے جس خاک سے بنا

ہے، وہ خاک بھی جسم تھی۔

(نول ۲۰۷۔ اسلوب تو خیام کا معلوم ہوتا ہے، مگر یہ رباعی معتبر نسخوں میں نہیں)

(۵۵)

پیش از من و تو لیل و نہارے بودہ است | گردندہ فلک برائے کارے بودہ است
ہر جا کہ قدم نہی تو بر روئے زمین | کاں مردمکِ چشمِ نگارے بودہ است

ہم سے پہلے بھی دن تھا رات بھی۔ آسمان کی گردشیں بھی اپنا کام کر رہی تھیں۔ یہ زمین وہ ہے کہ جہاں بھی قدم رکھا جاتا ہے، وہاں کسی حسین کی آنکھیں ہیں، جو خاک ہو چکی ہیں۔

نزہتہ الارواح میں دوسرا مصرعہ یوں "در ہر قرنے بزرگوارے بودہ است"۔ نول کشوری میں دوسرا تیسرا مصرعہ یوں ہے۔ "گیرندہ فلک برائے بارائے کارے بودہ است"۔ "زنہار قدم بخاک آہستہ نہی"۔ یہ اسلوب خیام سے مخصوص ہے۔ جیسے سعدی یوں کہتے ہیں:۔

خاک راہے کہ بر آں میگذری ساکن باش | کہ عیونست و جفونست و خدود است و قدود

(ف ۲۰ نول ۲۱۱ تح ص ۲۸۶ تذکرہ حسینی بنام افضل الدین کاشی۔ کاس الکلام ۹۶)

(۵۶)

تا باز شناختم، من ایں پائے ز دست | ایں چرخ فرومایہ، مرا دست بہ بست
افسوس کہ در حساب خواہند نہاد | عمرے کہ مرا بے مے و معشوق گذشت

جس دن مجھے سر و پا کا ہوش آیا اور عقل پختہ ہوئی، اسی دن اس فلک سفلہ پرور نے مجھے گرفتار و پابند کر دیا۔ اب مجھے اس کا دکھ ہے کہ روزِ محشر مجھے ان دنوں کا بھی حساب دینا ہوگا جو بے شاہد و شراب گزرے ہیں۔ غالب کو بھی یہی غم ہے۔ اس نے احتجاج کیا ہے کہ

ناکردہ گناہوں کی بھی حسرت کی ملے داد | یارب اگر ان کردہ گناہوں کی سزا ہے

(نول ۸۲ ن ۴۷)

(۵۷)

تا چند زنم بروئے دریا ہا خشت؟ | بیزار شدم ز بت پرستان کنشت
خیام کہ گفت، دوزخی خواہد بود | کہ رفت بدوزخ و کہ آمد ز بہشت؟

کنشت۔ ک پر زبر، زیر، پیش تینوں صحیح۔ عبادت خانہ یہود، لیکن ادبا نے اسے بت خانہ کے معنی میں بکثرت استعمال کیا ہے۔ سطح دریا پر کب تک ڈھیلے مار کر چھینٹیں اڑاتا رہوں؟ ان بت پرستوں سے عاجز ہوں

کہ ہمیں کافر بننا پڑتا ہے۔ مگر یہ خیام کو دوزخی کہنے والے ذرا سوچیں تو سہی کہ :-

دوزخ میں گیا کون ؟ اور جنّت سے آیا کون ؟ جو یہ ایک ایک کے بارے میں حکم لگا دیتے ہیں۔ پہلے تو جنّت و جہنّم کی حقیقت معلوم نہیں، فیصلہ کا حق کہاں سے مل گیا۔ فروغی کے خیال میں یہ رباعی جنّت و جہنّم کا انکار ثابت نہیں کرتی، بلکہ خیام صرف اہلِ ظاہر کی گرفت کر رہا ہے۔ جیسے حافظ نے کہا ہے :-

نا اُمید مکن از سابقۂ روزِ ازل — زپسِ پردہ چہ دانی کہ خوب است و کہ زشت

نول کشور ۲۱۴ و ن ۴۸ میں رباعی یوں ہے :-

تا چند زنم بروئے دریا ہا خشت — نومید نیم چو بُت پرستان ز کنشت
زیں پس من و سیمبر جوانان کنشت — میخواہم و معشوقہ، چہ دوزخ چہ بہشت

(تحقیق در رباعیات..... ص ۲۷۸ صرف پہلے دو مصرعے ہیں ف ۲۱)

(۵۸)

تاکے ز چراغِ مسجد و دودِ کنشت — تاکے ز زیانِ دوزخ و سودِ بہشت
رو بر سرِ لوح بین کہ استادِ قضا — روزِ ازل، آنچہ بودنی بود نوشت

یہ مسجدوں کے نور اور کنشت کی ظلمت، دوزخ کا نقصان اور جنّت کا فائدہ جتایا جاتا رہے گا۔ جاؤ اگر اسی کا فیصلہ کرنا ہے، تو لوح محفوظ کو دیکھ آؤ کہ قلم قدرت نے روز ازل ہر ایک کا آخری فیصلہ لکھ دیا ہے۔ کہ کیا حق ہے، کیا باطل۔ کون جنّت میں جائے اور کون جہنّم میں نقصان اُٹھاتا ہے۔

(معلوم ہوتا ہے کہ رباعی کسی نے خیام کے رنگ میں کہی ہے۔ نول ۲۱۸ - ن ۵۴ - تح ص ۲۲۶ دلیسنہ ۸۸)

(۵۹)

ترسِ اجل و بیمِ فنا ہستی تست — ورنہ ز فنا، شاخِ بقا خواہد رست
من از دمِ عیسوی شدم زندہ بجان — مرگ آمد و از وجودِ من دست بہ شست

موت کا ڈر اور فنا کا خوف در حقیقت تیری فطرت ہے ورنہ موت سے تو بقا کی سدا بہار شاخیں نکلیں گی۔ میں تو شکر ہے کہ عشق کی عیسیٰ نفسی سے زندہ ہوا، اب موت بھی میرے وجود کو مٹانے سے ہاتھ دھو چکی ہے۔

(یہ رباعی قطعاً خیام کی نہیں۔ نول ۱۹۲، دلیسنہ ۷۹)

(۶۰)

ترکیب پیالہ ای کہ درہم پیوست | بشکستن آں روا نمی دارد، دست
چندیں سرو پائے نازنین از سرِ دست | بر مہر کہ پیوست و بہ کین کہ شکست؟

پیالے کی ترکیب دخمیر سے ملے ہوئے حصّوں کا جدا کرنا اچھا نہیں معلوم ہوتا۔ سوچتا ہوں کہ اس پیالے میں کتنے حسینوں کے دست نازک دُرُخِ روشن کے خاک شدہ اجزا تھے، جو نہ معلوم کس کی محبت میں یک جا ہوئے تھے۔ اور نہ معلوم کس کی کینہ وری نے اسے توڑ کر سب کو جدا کر دیا۔

فردوسی کہتا ہے:-

جہانا میرور چو خواہی درود! | چو می بدروی پروریدن چہ سود

حافظ کا شعر ہے:-

با صبا در چمن لالہ سحر مے گفتم | کہ شہیدان کہ اند ایں ہمہ خونیں کفناں

ہر رباعی کے متبادل نسخوں کی طرح اس رباعی میں بھی بہت سے لفظی اختلافات ہیں، جن میں سے ایک اہم اختلاف یہ ہے۔

(۱) اجزائے پیالہ کہ در ہم پیوست (۳) چندیں سر و دست نازنینان جہاں

(ن ۹۴ جہاں کشا، ف ۲۲۔ دلیسنہ ۵۱ تج ۲۸۳، آتشکدہ و دیباچہ اخلاقِ ناصری طبع کلکتہ بنام نصیر الدین طوسی نول ۳۰)

(۶۱)

ترکیب طبائع، چو بکام تو دمی است | رو شاد بزی، اگرچہ بر تو ستمے است
با اہل خرد باش! کہ اصل تن تو | گردی و نسیمی و غباری و دمی است

اگر لمحہ بھر کے لیے طبیعتوں میں ہم آہنگی ہو جائے تو چاہیے تم مبتلائے ستم روزگار ہو جب بھی وہ لمحہ ہنسی خوشی گزار دو۔ اہل عقل و ہوش میخواروں کے پاس بیٹھو کہ تمھارے اس جسم کی بنیاد و اجزا، خاک و ہوا اور غبار دخول ہے۔ ان کا اعتبار ہی کیا۔

نول ۸۳ ا۔ ذرا واضح اور چست ہے

ترکیب طبائع چو بکام تو دمی است | خوش باش، اگرچہ بر تو ہردم ستمیست
با اہل خرد نشین، کہ اصل من و تو | گردی و شراری و نسیمی و نمیست

(ف ۲۳۔ جہاں کشا، بمبئی، دلیسنہ ۶۰ ن ندارد۔ رباعیات ابو سعید بنام ابو سعید کاس صہ ۱۳۲

(۶۲)

جامے ومئے وساقیے برلب کشت   ایں جملہ مرا وہم، ترا گشتہ بہشت
مشنو، سخن بہشت و دوزخ از کس   کہ رفت بدوزخ؟ و کہ آمد ز بہشت؟

جام وشراب وساقی وگوشۂ چمن میرا خواب ہے۔ جسے تم نے بہشت سمجھ رکھا ہے۔ اگر کوئی جنّت و دوزخ کی بات کرے، تو نہ سنو کیونکہ کوئی دوزخ گیا ہوتا، یا جنّت سے آیا ہوتا تو کہنے سننے کا حق ہوتا۔ اب جنّت ہی جنّت ہے اور وہ بھی میرا خواب۔

(اسی قسم کی رباعی دیکھیے ص۵۶ نول ۳۷ ن ۵۰)

(۶۳)

جز حق حکمے کہ حکم را شاید نیست   ہستی، کہ ز حکم او بروں آید نیست
ہر چیز کہ ہست، آں چناں می باید   آں چیز کہ آں چناں نمی باید نیست

خدا کے علاوہ حکمرانی کا کوئی اہل نہیں، کوئی وجود ایسا نہیں جو اس کے حکم سے باہر ہو۔ اس حکیم مطلق نے کائنات کو اس طرح پیدا کیا کہ جو جہاں ہے، اُسے وہاں پر ہونا ہی چاہیئے تھا، اور جو اس انداز سے نہیں اُسے اس ڈھب پر ہونا ہی چاہیئے تھا

(یہ انداز و اسلوب بھی خیّام کا نہیں۔ نول ۴۵۔ نفیسی نہ۔ دلیسنہ رباعی نمبر ۲)

(۶۴)

چوں آمدنم بمن نہ بد روز نخست   ویں رفتن بے مراد عزمیست درست
برخیز و میان ببند، اے ساقی چست   کاندوہ جہاں بمی فرو خواہم شست

چونکہ دنیا میں آنا اپنے اختیار میں نہ تھا اور یہاں سے ناشاد جانا بھی ضروری ہے۔ کہ اپنی خوشی نہ آئے نہ اپنی خوشی چلے۔ تو پھر ساقی   غم روزگار شراب سے دور کر ڈالیں

(نول ۹۴ نخ ص ۲۶۹ دلیسنہ ۳۵۔ اسلوب خیام ہے، ممکن ہے کسی نے جواباً کہی ہو)

(۶۵)

چوں ابر بنو روز، رخ لالہ بشست   برخیز و بجام بادہ کن عزم درست
ایں سبزہ کہ امروز تماشاگہ تست   فردا ہمہ از خاک تو برخواہد رست

موسم بہار میں جب ابر نیساں گل لالہ کا منہ دھو رہا ہو اُس وقت تو اُٹھ، پیالہ بھر کر نیّت ٹھیک کر لے۔ پلانے میں پس و پیش نہ کر۔ یہ سبزہ زار جو آج تمھاری تفریح گاہ ہے، کل تمھاری قبر

کا یہی منظر ہوگا۔
کس نے نہیں دیکھا کہ مقبرہ جہانگیر ایک دن تفریح گاہ کا چمنستان تھا۔ جہاں نور جہاں اور جہانگیر گھومتے تھے آج دنیا اُن کی قبر اور اُس کے چمنستان جاکر لذت نظر حاصل کرتی ہے۔ یونہی سعدی و خیام کے مقبرے یا سرسبز مقامات پر گور غریباں۔

(ف ۲۴ تح ص ۲۷۶۔ مجموعہ جاجرمی۔ دلیسنہ ۳۷ نول ۱۰۳)

(۶۶)

چوں باد یہ دی شد، آدمم چابک و چست — زاں پیش کہ بیچارہ تنم بود درست
از ضعف کنوں چوں نفس بیماراں — می آیم و میروم، و می لنگم و سست

موسم خزاں کی ہواؤں کے مانند تیز و تند تھا، مگر اس وقت کہ جب یہ عاجز بدن توانا و صحت مند تھا۔ اب ضعف نے بیماروں کی سانس کے مانند یہ حال کر دیا کہ چلتا ہوں تو رُک رُک کر اور سست رفتاری سے۔

وہ جوانی کا زور کہاں اور وہ تاب و تواں کہاں

(نول ۱۳۷۔ ظاہر ہے کہ رباعی کسی اور کی ہے)

(۶۷)

چوں بلبل مست، راہ در بستان یافت — روئے گل و جام و بادہ را خنداں یافت
آمد بزبان حال، در گوشم گفت — دریاب! کہ عمر رفتہ را نتواں یافت

جب بلبل غزل خواں و مست چمن میں آئی تو پھول مُسکرا رہے تھے۔ جام چھلک رہے تھے۔ صراحیاں قلقل کی صدائیں بلند کر رہی تھیں۔ بلبل آئی اور زبان حال سے میرے کان میں کہا موقعہ غنیمت ہے۔ گئی عمر ہاتھ نہیں آسکتی!

(نول ندارد ن ۶۷ ف ۲۵۔ مشکوک)

(۶۸)

چوں دی و پریر ما، بہ بیکار گذشت — شادی و غم و محنت و تیمار گذشت
امروز باینچہ میرسد، خوش می باش! — کیں نیز چنانچہ آمد، انگار گذشت

جب ماضی کے دن بیکار گذرے شادی و غم، مصیبت و ہمدردی نہ رہی تو آج جو مل رہا ہے اس پر خوش رہو۔ کہ یہ سب کچھ جس طرح آرہا ہے اُسی طرح گذر جائے گا۔ لہٰذا سمجھو کہ جو ہے وہ کچھ بھی نہیں

نہ جانے کا غم نہ آنے کی فکر لاُابالیانہ زندگی ایک نعمت ہے۔

(نول ۱۱۲- اسلوب خیام سے مشابہ ہے، مگر معتبر نسخوں میں نہیں)

(۶۹)

چوں چرخ، بکام یک خردمند نہ گشت   تو خواہ فلک ہفت شمر، خواہی ہشت
چوں باید مرد، آرزوہا ہمہ ہشت   چہ مور خورد بگور، چہ گرگ بدشت

فلاسفہ میں اختلاف تھا کہ آسمانوں کی تعداد کیا ہے۔

ہشت:- آٹھ اور ہشتن چھوڑنا سے ماضی۔ اس لیے دونوں قافیوں میں صنعت تجنیس تام ہے۔

چونکہ آسمان کسی ایک معقول آدمی کے کام نہ آیا۔ اس نے ہر ایک کو دُکھ پہنچایا ہے۔ لہذا اب تم کتنے ہی بڑے حکیم بن جاؤ۔ اور آسمان کی حقیقت و تعداد طے ہی کیوں نہ کر لو۔ تم مروگے ضرور، اس لیے ہر قسم کی تمنائیں چھوڑو۔ اب یہ بھی نہ سوچو کہ مرنے کے بعد کیا ہوگا۔ چاہے قبر میں چیونٹیاں کھا جائیں۔ خواہ میدان میں بھیڑیا نوش کرلے۔

یہ رباعی لفظی اختلاف سے ہر نسخے میں موجود ہے۔ نول ۲۰۱ ف ۲۶ ن ۵۲ تح ص ۲۷ ، دلیسنہ ۵) ہم نے حسب دستور نسخہ فروغی سے لی ہے۔ ایک مستند نسخے میں تیسرا مصرعہ یوں ہے:۔ "چوں باید مرد، بود نیہا ہمہ ہیچ ہست" صحیح نہیں۔

(۷۰)

چوں کار نہ بر مراد ما، خواہد رفت   اندیشہ و جہد ما، کجا خواہد رفت؟
پیوستہ نشستہ ایم در حسرت آنک   دیر آمدہ ایم، زود می باید رفت

چونکہ ہمارے معاملات ہماری خواہش کے مطابق نہیں ہوں گے۔ اس لیے ہماری فکر و کوشش کا کیا فائدہ؟ ہم تو مسلسل بیٹھے سوچا کرتے ہیں کہ دنیا میں بہت دیر کرکے آئے ہیں۔ لہذا جانا بھی جلدی ہوگا۔

(نول میں یہ رباعی ردیف دال میں ہے اور قافیہ ہے، خواہد بود، کجا دارد سود، اور آمدہ ایم درفت می باید زود نسخۂ نفیسی میں مکرر ہے دال میں بھی اور ت میں بھی ۵۹)

(۷۱)

چوں لالہ بنوروز قدح گیر بدست   بالا رُخے، اگر ترا فرصت ہست
می نوش بخرمی، کہ ایں چرخ کہن   ناگاہ ترا چو خاک گرداند پست

نوروز کے دنوں میں حسب لالہ پیالہ بدست ہو۔ اس وقت تم بھی اگر موقعہ ملے تو کسی لالہ رخ گلعذار کے ساتھ بیٹھ کر خوشی و خرمی سے شراب پیو۔ کیونکہ یہ چرخ کہن اچانک خاک میں ملا دے گا۔

(نول ۱۳۶ "می نوش" "مخور غصہ کہ ایں چرخ کہن" ن ۵۶ چرخ کبود ف ۲۷ دلیسنہ ۲۴)

(۷۲)

چوں مردن تو، مردن یکبارگی است | یک بار بمیر، ایں چہ بے چارگی است
خونی و نجاستی و مشتے رگ و پوست | در کار نبود، ایں چہ غمخوارگی است

جب مرنا ہی ہے اور وہ بھی ایک مرتبہ، تو پھر ایک پر تڑپنا کیسا۔ یہ جسم بیکار سی نجاست، خون اور تھوڑی سی ہڈیوں کا مجموعہ ہے۔ اس کے لیے یہ غم بیکار ہے۔

(نول ۲، ن ۵۷ رباعی مشتبہ ہے)

(۷۳)

چوں نیست بہرچہ ہست، جز باد بہ دست | چوں ہست، بہ ہرچہ ہست نقصان و شکست
انگار کہ ہرچہ ہست در عالم نیست | پندار کہ ہرچہ نیست در عالم ہست

جو ہے وہ درحقیقت نہیں ہے اور اگر ہے بھی تو نقصان و خسارہ۔ سمجھ لو کہ دنیا میں جو کچھ موجود ہے وہ معدوم اور معدوم و ناپید چیز موجود ہے وہ معدوم اور معدوم و ناپید چیز موجود ہے۔ الفاظ کے الٹ پھیر نے رباعی کو ایک دنیائے معانی بنا دیا ہے۔ خیام کے بعد تقریباً ہر شاعر نے اس مطلب کو نظم کیا ہے۔ حافظ کا شعر ہے:-

چہ جائے شکر و شکایت ز نقش بیش و کم است | کہ بر صحیفہ ہستی رقم نخواہد ماند

غالب کہتا ہے:-

ہر چند کہیں کہ "ہے" نہیں ہے!

(نول ۳۳ ردیف ب میں غلطی سے ن ۵۸ ف ۲۹)

(۷۴)

چوں نیست حقیقت یقین اندر دست | نتواں بہ امید شک، ہمہ عمر نشست
ہاں تا نہ نہیم جام می از کف دست | در بے خبری مرد، چہ ہشیار چہ مست

چونکہ درحقیقت یقین حاصل نہیں ہو سکتا، اس لیے شک کے سہارے ساری زندگی نہیں بیٹھا جا سکتا۔ لہٰذا خبردار جام مے سے ہاتھ خالی نہ رکھنا۔ کیونکہ ہشیار بھی بے خبر ہے اور مست بھی بے خبر۔ یہ بے خبری صرف جنت و دوزخ ہی کے بارے میں نہیں، بلکہ ہر حقیقت کا علم مشکوک ہے اور اس کا غم مے نوشی سے دور ہو سکتا ہے۔

(نول ۳۸ ف ۲۸ ن ۵۳ دلیسنہ ۴۸ خیام کی بہترین رباعی)

(۷۵)

چوں ہشیارم طرب ز من پنہانست — چوں "مست" شوم در خردم نقصانست
حالیست میان مستی و ہوشیاری — من بندۂ آنکہ زندگانی آنست

بڑی مشکل ہے کہ اگر ہوشیار رہتا ہوں تو "طرب" سے بے نصیب رہتا ہوں۔ اگر مست ہوتا ہوں تو عقل و خرد کو نقصان پہنچتا ہے اور نہ طرب چھوڑنے کی چیز ہے نہ عقل۔ "مگر آنرا کہ عقل بیش غم روزگار بیش" اس لیے مستی و ہشیاری کا درمیانی انداز پسند کرتا ہوں۔ کبھی پی کر مست ہو گئے۔ کبھی خردمند زندگی اسی کا نام ہے۔
(نول ۵۲ ن ۵۰۴ آتشکدۂ آذر ولینہ ۲۱ رباعی کا انتساب مشکوک ہے۔

(۷۶)

چندیں غم مال و حسرت دنیا چیست — ہرگز دیدی، کسے کہ جاوید بزیست؟
ایں یک نفسے کہ در تنت عاریت است — با عاریتے، عاریتے باید زیست

یہ غم مال و حسرت دنیا کتنی اور کب تک؟ کیا تم نے کبھی یہ بھی دیکھا کہ کوئی ہمیشہ زندہ رہا ہو؟ ارے بندۂ خدا! ایک لمحے کے لیے بدن میں نفس کی آمد و شد ہے اور وہ بھی عاریتاً اس لیے عاریتی چیز سے عاریتی اور وقتی فائدے اُٹھا لینا چاہیئے۔
نول ۱۱ ن ۵۱ ولینہ ۳۶ تح ص ۲۸۶)

(۷۷)

خاکے کہ بزیر پائے ہر نادانے ست — کف صنمے و چہرۂ جانانے ست
ہر خشتے کہ بر کنگرۂ ایوانے ست — انگشت وزیر یا سر سلطانے ست

یہ مٹی جو نادانوں کے پیروں تلے ہے یا کسی حسین کی ہتھیلی ہے یا چہرہ گلعذار اور ہر ایوان کے کنگروں کی اینٹیں کسی وزیر کی اُنگلیاں یا بادشاہ کے سر ہیں۔
کون ہے جس کی خاک محفوظ رہی ہو؟ ہر ایک مرنے کے بعد خاک ہوا۔ اور یہ خاک کبھی جام و سبو کے کام آئی۔ کبھی خشت و گرد رہ گزر بنی۔ (ف ۳۰ ن ۶ ولینہ ۳۲ نول)
ہاں اے دلِ عبرت بیں، از دیدہ نظر کن ہاں۔

(۷۸)

خیام! تنت بہ خیمہ می ماند راست — سلطان روح است، و منزلش دار فناست
فراشِ اجل، ز بہر دیگر منزل! — از پا فگند خیمہ، کہ سلطان برخاست

خیّام، یہ تیرا بدن بالکل شاہی خیمہ سرا ہے، جو میدانِ فنا میں نصب کیا گیا ہے۔ اور بادشاہ اس میں مقیم ہے۔ جب یہ بادشاہ اس سے نکلتا ہے تو موت کا خیمہ اکھاڑ کر دوسری جگہ لگانے کی تیاری کرتا ہے۔

(نول ۱۰۰ دلیسنہ ۱۸۔ دیوان رومی قلمی میں بنام رومی ہے اور پہلا مصرعہ یوں ہے "ایں صورت تن خیمہ می ماند راست" فرومی کی رائے میں یہ رباعی غالباً رومی کی ہے)

(۷۹)

خیّام! ز بہر گنہ، ایں ماتم چیست؟ — در خوردن غم، فائدہ بیش و کم چیست؟
آں را کہ گنہ نہ کرد، غفراں نہ بود — غفراں، ز برائے گنہ آمد و غم چیست؟

خیّام! یہ خطاؤں پہ رونا کیسا، اور غم کھانے سے کیا فائدہ؟ ارے جس نے گناہ نہ کیا اسے مغفرت نصیب نہ ہوگی۔ کیونکہ مغفرت گناہ کے بدلے ہے۔ اب کیا غم کریں؟

امیر خسرو نے کہا ہے:۔

خسرو! چند از گناہ ترسی۔ رو کہ عفو خدائے معتبر است۔

(نول ۸۱ ن ۶۱ ۔ محققین کی نظر میں یہ رباعی بھی مشکوک ہے)

(۸۰)

خیّام، کہ خیمہ ہائے حکمت می دوخت — در کورۂ غم فتاد، و ناگاہ بسوخت
مقراضِ اجل، طناب عمرش ببرید — دلّالِ قضا، برایگانش بفروخت

خیّام جس کے معنے ہیں خیمہ دوز و خیمہ ساز۔ کورہ۔ بھٹی۔ خیام، جو حکمت کے محل بناتا تھا، غم کی آگ میں گر کر جل مرا۔ موت کی قینچی نے اس کی زندگی کی طنابیں کاٹ ڈالیں۔ قضا کے دلّال نے بلا قیمت بیچ ڈالا۔

غریب ناکام مرا۔

(نول ۲، ن ۶۲ دلیسنہ ۳۴ تح مں ۲۸۰ رباعی مشکوک ہے)

(۸۱)

دارندہ چو ترکیب طبائع آراست — از بہر چہ او فگندش اندر کم و کاست
گر نیک آمد شکستن از بہر چہ بود؟ — ور نیک نیامد ایں صُوَر عیب کراست؟

دارندہ:۔ قیوم۔ صُوَر:۔ جمع صورت۔

خدا نے جب طبیعت (کائنات فطرت) کا مرکب بنایا۔ تو پھر اس میں کمی زیادتی کیوں رکھی؟ اور

اس کے بعد اگر وہ مخلوق اچھا بنا تو اسے توڑا کیوں ؟ اور اگر اس میں کوئی نقص تھا تو یہ عیب کس کا ہے ؟
خلق وہ فنا کا فلسفہ، موت و حیات کی بنیاد کسی طرح سمجھ میں نہیں آتی۔
دیوان شاہ نعمت اللہ ولی ما، نی کرمانی طبع طہران ۱۳۳۹ شمسی میں ۲،۵ میں یہ رباعی کچھ یوں ہے۔

دارندہ چون ترکیب چنیں خوب آراست | باز از چہ سبب فگندش اندر کم و کاست
گر خوب نیامد این صور عیب کراست! | ور خوب آمد شکستنش چہ راست

(نول ۱۰۳، ت ۱۳۱ ن ۶۳ کا فی اختلاف تح ص ۲۸۶ مرصاد العباد رازی)

(۸۲)

در بزم خرد، عقل دلیل سرہ گفت | در روم و عرب، میمنہ و میسرہ گفت
گر نا اہلے گفت کہ می نا سرہ است | من چوں شنوم چونکہ خدا میسرہ گفت

سرہ :- خالص - مَیْسَرَہ :- امکان - فراغت -
بزم میں عقل نے بڑی مضبوط دلیلیں پیش کیں - روم و عرب کے دائیں بائیں بازو اور لڑائیوں کو بیان کیا۔ مگر شراب کے لیے کچھ نہ کہا۔ اس کے بعد اگر کوئی نا اہل شراب کو بُرا کہے تو بتاؤ میں کیوں مانوں خصوصاً جبکہ قرآن میں ہے مے سرہ اور شراب خالص - نعوذ باللہ۔
ایک جرأت رندانہ ہے جسے مستشرقین یورپ نہ سمجھ سکے۔ انھوں نے اس میسرہ کو حل کرنے کی کوشش کی مگر حل نہ کر سکے اور لطف یہ ہے کہ شارحین اردو سے بھی یہ نکتہ رہ گیا۔ درحقیقت سورہ بقر کی آیت ۲۸۰ میں یہ لفظ یوں استعمال ہوا ہے
وَاِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰى مَيْسَرَةٍ وَاَنْ تَصَدَّقُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝
اگر قرضدار غریب و نادار ہو تو اسے امکان ادائیگی تک مہلت ہے۔ اور اگر تم بطور عطیہ اُسے وہ قرضہ دے دو تو تمھارے لیے زیادہ بہتر ہے اگر تمھارے علم میں آجائے۔
کسی نے اس آیۂ مبارکہ سے ایک نقطہ لے کر بڑی شوخی اور معنی آفرینی کی ہے۔
(نول ۱۱۵، تح ص ۲۸۷ دلینہ ۸۳ لیکن خیام کی طرف نسبت میرے نزدیک درست نہیں)

(۸۳)

در پردۂ اسرار کسے را رہ نیست | زیں تعبیہ جان ہیچ کس آگہ نیست
جز در دلِ خاک ہیچ منزل گہ نیست | مے خوردہ کہ چنیں فسانہ ہا کوتہ نیست

پردۂ اسرار میں کسی کی گذر نہیں۔ اور اس راز وجود سے کوئی دل باخبر نہیں۔ آغوش قبر کے

کے علاوہ کوئی منزل نہیں۔ یہ باتیں چھوڑو۔ شراب پیو۔ کہ یہ داستانیں کوئی چھوٹی سی نہیں ہیں۔

(نول ۱۶ ف ۳۲ ن ۶۴ دلیسنہ ۳۹)

(۸۴)

در جامِ طرب بادۂ گلرنگ، خوش است　　با نغمۂ عود، نالۂ چنگ خوش است

زاہد کہ خبر نہ دارد از جامِ شراب　　دُور از برما، ہزار فرسنگ خوش است

مسرتوں کے پیالے میں گلرنگ شراب، اور بانسریوں کے نغمے اور چنگ کے نالے کس قدر خوش گوار ہیں جیسے:۔

جام و شراب سے ناواقف زاہد ہم سے ہزار میل دور اچھا لگتا ہے۔

(ن ۶۷ نول ندارد۔ رباعی کی خیام سے نسبت مشکوک ہے)

(۸۵)

در چشمِ محققاں، چہ زیبا و چہ زشت　　منزل گہ عاشقاں چہ دوزخ چہ بہشت

پوشیدنِ بے دلاں، چہ اطلس چہ پلاس　　زیرِ سرِ عاشقاں، چہ بالیں و چہ خشت

تحقیق پسندوں کی نظر میں اچھے بُرے کا فرق نہیں ہوتا۔ عاشقوں کی منزل جنّت ہو یا جہنّم دونوں برابر۔ بے دل و عارف کو ریشم کا لباس ملے یا کھدّر، عاشقوں کے سرہانے تکیہ اور اینٹ کی ایک ہی حیثیت ہے۔

اچھے بُرے، دوزخ جنت، اطلس پلاس، بالیں و خشت میں فرق کرنے والے بے بصیرت، کم نگاہ اور ہوس پرست انسان ہیں۔

(نول ۵۵ ن ۶۵)

(۸۶)

در خواب بُدم، مرا خردمندے گفت　　کز خواب، کسے را گُلِ شادی نہ شگفت

کارے چہ کنی، کہ با اجل باشد جُفت　　مے خور کہ بزیرِ خاک می باید خُفت

میں نے خواب دیکھا کہ کوئی حکیم کہہ رہا ہے:

میاں! سونے سے کسی کی مسرتوں کی کلیاں نہیں کھلیں۔ یہ کام تو موت کی طرح کا ہے۔ اُٹھو اور شراب پیو کہ خاک تلے سونا ہے۔ کس قدر خوب صورت انداز بیان ہے کیا نکتہ آفرینی ہے۔

(نول ۲۰۰ ن ۶۶ ف ۳۳ دلیسنہ ۳۳)

(۸۷)

دردہ پسر آں مے کہ جہاں را تاب است — زاں مے کہ گُلِ نشاط را مہتاب است
بشتاب کہ آتش جوانی آب است — دریاب کہ بیداری دولت خواب است

اے ساقیِ جواں سال وہ شراب پلا جس کے دم سے دنیا میں قوت ہے۔ وہ مے کہ بہارِ مسرت کے لیے ماہتاب ہے۔ اپنی جوانی پر نہ بھول کہ جوانی آگ نہیں پانی ہے۔ یہ سمجھ لے کہ خوش نصیبی ایک خواب ہے۔ پی اور پلا۔ (یہ رباعی خیام کی قطعاً نہیں معلوم ہوتی۔ نول۔۹ باختلاف۔ دلیند ۲۹)

(۸۸)

در دہر، بر نہالِ تحقیق نہ رُست! — زیرا کہ دریں راہ کسے نیست درست
ہر کس، زدہ دست عجز در شاخی سُست — امروز چو دی شناس و فردا چو نخُست

دنیا میں درختِ تحقیق آج تک بار ور نہ ہوا کیونکہ اس سلسلے میں کسی کا بس نہیں چلتا۔ ہر ایک نے کوشش کی مگر اس کے دست کوتاہ کسی نازک شاخ تک پہنچ کر رہ گئے۔ اس واسطے گذشتہ و آئندہ کی فکر چھوڑو۔ امروز پر اکتفا کرو۔
(نول ۴۴ ن ۹۷ "گوئی کہ بر نہال" ۳ "ہر یک زدہ اند دست در شاخے")

(۸۹)

در دہر مرا شراب و شاہد ہوس است — نہ چشم و دلم منتظر پیش و پس است
در دل نہ زہشیاری و مستی خبرے — مقصودِ من از ہر دو جہاں یک نفس است

دنیا میں اگر کوئی تمنا ہے تو بس شراب و شاہد کی یہ نگاہیں نہ مستقبل کی منتظر ہیں نہ ماضی دیکھنے والی۔ دل بھی مستی و ہوشیاری سے غافل صرف یہ چاہتا ہے کہ دَم بھر کی مہلت مل جائے۔ نہ دنیا کی پروا ہے نہ آخرت کی۔
(نول کشوری نسخہ ۱۴۶۱۔ اسلوب خیّام نہیں)

(۹۰)

در روئے زمیں، اگر مرا یک خشت است — آں وجہ مے است، گرچہ نامے زشت است
گویند، ترا وجہ مئے فردا نیست — درّاعہ و دستار، نہ مریم رشت است

رِشتن، کاتنا۔ رشت است، کاتا ہے۔ خشت: اینٹ۔ مکان مراد۔ مال دنیا میں سے اگر میرے پاس صرف ایک ٹھیکرا ہو تو وہ بھی نذرِ شراب ہے۔ چاہے اس کا نام بدنام ہے۔ لوگ کہتے ہیں کہ تیرے پاس کل کے لیے شراب کی قیمت نہیں۔ کیا انھیں یہ نہیں معلوم کہ جُبّہ و دستار ہے۔ اس کے رہن کرنے میں مجھے کوئی عار نہیں۔ اسے کسی پاک دامن نے نہیں تیار کیا ہے، جو میں اسے محفوظ رکھوں۔

(یہ رباعی بھی خیام کی تراوش فکر نہیں۔ نول ۷۵)

(۹۱)

در صومعہ و مدرسہ و دیر و کنشت　　ترسندہ دوزخ اند و جویائے بہشت
آں کس کہ ز اسرار خدا با خبر است　　زیں تخم در اندرون دل ہیچ نہ کشت

مدرسہ ہو یا گرجا یا کنشت ہر جگہ جانے والی جنت کے طلبگار اور جہنم سے پناہ مانگنے والے ہی ہیں، لیکن جو رازہائے قدرت سے واقف ہیں۔ ان کے دل میں جہنم و جنت کا خوف و شوق کا گذر بھی نہیں۔ وہ عبادت صرف قربۃً الی اللہ کرتے ہیں۔

(نول ۱۸۱ ان ۹۹ تح ص ۲۶۷ دلسینہ ۵۹ - رباعی کسی صوفی کی ہے)

(۹۲)

در عالم بے وفا، کہ منزل گہ ماست　　بسیار بہ جستم، بہ قیلسے کہ مراست
چوں روئے تو ماہ نیست روشن گفتم　　چوں سرو تو، سرو نیست، می گویم راست

اس بے وفا دنیا میں جو ہماری قیام گاہ میں نے اپنی عقل کی بساط بھر بہت تلاش کیا۔ لیکن تمھارے چہرے کی طرح چاند کو اور تمھارے قد کی طرح سرو کو حسین نہیں پایا۔

(نول ۱۰۸ - یہ رباعی بھی مشکوک ہے)

(۹۳)

در عالم خاک، خاک پاشیدم و رفت　　صد دشمن و دوست بر تراشیدم و رفت
با چوں و چرائی تو، مرا کارے نیست　　چندانکہ بہ دانستی، بہ پاشیدم و رفت

اس خاک کی دنیا پر خاک ڈال کر چلا گیا۔ سینکڑوں دوست و دشمن بنائے مگر ساتھ نہ دے سکا۔ تمھاری بحث سے مجھے کوئی سروکار نہیں۔ جب تک دنیا میں رکھا رہا، اور جو کچھ تھا اسے لٹا کر چلا آیا۔

(نول ۸۷، فقط ظاہر ہے کہ انداز بھی خیام کا نہیں)

(۹۴)

در عشق تو از ملامتم ننگے نیست　　با بے خبراں، دریں سخن جنگے نیست
آں شربت عاشقی ہمہ مرداں راست　　نامرداں را ازیں قدح رنگے نیست

تمھارے عشق میں ملامت سے نہیں ڈرتا۔ جو عشق کے معاملات سے بے خبر ہیں ان سے اس موضوع پر بحث نہیں کرتا۔ شراب مردانگی عشق مردوں کے لیے ہے جو نامرد ہیں انھیں اس پیالے سے کوئی مزا نہیں ملتا۔

(نول ۱۵۵ - یہ رباعی قطعاً خیام کی نہیں -)

(۹۵)

در فصلِ بہار، اگر بُتے حور سرشت	یک ساغرمی دہد مرا، برلبِ کشت
ہر چندیہ نزدِ عامہ ایں باشد زشت	سگ بہ ازمن اگر برم نامِ بہشت

موسم بہار میں اگر کوئی حور طلعت چمن کے کنارے ایک پیالہ بھر کر مجھے دے تو کُتّے سے بدتر سمجھنا اگر کبھی جنت کا نام بھی لوں، چاہے یہ بات عوام کے لیے کتنی ہی بُری کیوں نہ ہو۔

حافظ نے یہی بات یوں کہی ہے:۔

تو و طوبیٰ، و ما و قامتِ یار　　فکر ہر کس بقدرِ ہمتِ اوست

(ف ۳۵ نول ۹۶ ن ۷۰ تح ص ۲۷۲ دلیشنہ ۵۴)

(۹۶)

در مجلسِ دہر سازِ مستی ہیچ است	نہ چنگ و نہ نای و نہ دلم در دست است
رنداں ہمہ ترکِ مے پرستی کردند	جز محتسبِ شہر کہ دائم مست است

بزمِ ہستی میں مستی کا ساز بے حقیقت ہے۔ یہاں نہ چنگ قابو میں ہے نہ بانسری اور دل۔ میخواروں نے مدت ہوئی کہ مے نوشی چھوڑ دی۔ اب صرف محتسب شہر ہی رہ گیا ہے جو ہمیشہ مست رہتا ہے۔

(نول ۲۲۰ ن ۶۸ - اندازِ خیام نہیں۔ بعض لوگ بنام شاہ شجاع کہتے ہیں۔ کاس الکرام ۳۱۰)

(۹۷)

در میکدۂ عشق، اجل اسم من است	رندی و پر سنیدن مے قسم من است
من جانِ جہانم اندریں دیرِ مغاں!	ایں صورتِ کون، جملگی جسم من است

خمخانہ محبت میں میرا نام "موت" ہے اور مجھے شہید محبت مانا جاتا ہے۔ میری قسمت میں رندی و مے پرستی ہی بدی ہے۔ میخانے میں میرا وجود جانِ جہاں کی طرح ہے اور یہ ساری کائنات میرا جسم ہے۔ دنیا کا ذرہ ذرہ میرا عاشق ہے۔

(نول ۵۰۴ دلیشنہ ۱۱ "در میکدہ ذکرِ بادہ جل اسم من است" یہ رباعی نہ معلوم کس کی ہے)

(۹۸)

در نالۂ قرابہ غلغلِ مے، چہ خوش است	آوازِ سماع و نالۂ نے، چہ خوش است
در بر بُتِ دل فریب و در مےِ ناب	فارغ ز غمِ زمانہ ہے ہے، چہ خوش است

حلق صراحی سے آوازِ قلقل، سماع و نغمۂ نَے، پہلو میں بُتِ دل فریب اور سر میں نشۂ شراب، غمِ روزگار سے بے پروا ہونا کس قدر اچھی بات ہے۔

(نول کشور ۱۴۹۔ یہ رباعی بھی خیّام کی ہرگز نہیں معلوم ہوتی)

(۹۹)

در وادیِ غیب چوں دو دیدن ہوس است
در غیب کسان، نظر پریدن ہوس است
زین سان کہ من احوالِ جہاں می بینم
دامن ز زمانہ در کشیدن ہوس است

چونکہ معرفتِ الٰہی کے بیابان کی سیاحی کا ارادہ ہے اس لیے لوگوں کی کمزوریوں سے چشم پوشی کا تہیہ کرلیا ہے۔ دنیا کو جس حال میں دیکھ رہا ہوں، اس کا یہ اثر ہے کہ اب یہاں سے کنارہ کشی کی خواہش پیدا ہوگئی ہے۔

(نول ۱۴۷ نہ معلوم کس عارف کے مصرعے ہیں)

(۱۰۰)

در ہر دشتے کہ لالہ زارے بود است
از سرخیِ خون شہر یارے بود است
ہر شاخِ بنفشہ کز زمین می روید
خالیست کہ بر رخِ نگارے بود است

جس میدان میں بھی لالہ زار نظر آئے۔ سمجھ لو کہ یہ کسی بادشاہ کے خون کی سرخی ہے جو بنفشہ کی ہر شاخ کبھی کسی مہ رخ کے رخسار کا تل رہ چکی ہے۔

لالہ و گل کا جمال خاک میں مل جانے والوں کا رہینِ کرم ہے۔ خیّام خشت و صراحی، خاک و گل کے مشاہدے سے اکثر اسی قسم کے تاثر لیتا ہے۔ دیکھیے رباعی ۷۷، ۶۵، ۵۵، ۲۸، ۲۹ وغیرہ

(نول ۱۱۰ ف ۳۵ کے بجائے ۹۴ پر شائع ہوئی ہے۔ ن ۱۷، تح ص ۲۷۲ آتشکدہ)

(۱۰۱)

در ہیچ سرے نیست کہ اسرارے نیست
دل را خبر از اندک و بسیارے نیست
ہر طائفہ رَوند، راہے دہ پیش
اِلّا رہِ عشق را، کہ سالارے نیست

کوئی سر ایسا نہیں جس میں راز نہ ہو۔ دل کو کم و بیش کی پروا نہیں۔ ہر قافلہ کسی نہ کسی راہ پر چل رہا ہے۔ ایک عشق کی شاہراہ ہے، جس پر کوئی شہسوار قدم فرسا نہ ہو سکا۔

(نول ۱۶۹۔ یہ خیال بھی خیّام کا نہیں معلوم ہوتا)

---

(۱۰۲)

دریاب کہ از روح جدا خواہی رفت — در پردۂ اسرار خدا خواہی رفت ؛
مے نوش ، نہ دانی ز کجا آمدہ — خوش باش ! ندانی کہ کجا خواہی رفت

یہ سمجھ لو کہ روح سے جدائی ہوگی - راز قدرت کے پردوں میں رہنا ہوگا ، شراب پیو کہ جہاں سے آئے ہو وہ جگہ معلوم نہیں ، خوش رہو کہ جہاں جانا ہے اس کا بھی پتہ نہیں جانتے -

(نول ۱۹۲ ان ۲ ، ۷ تخ ۲۶۴ دینہ ۶۵ - اسلوب تو خیام ہی کا ہے)

(۱۰۳)

دل سرّ حیات را ، کماہی دانست — در موت ہم اسرار الٰہی دانست
امروز کہ با خودی نہ دانستی ہیچ — فردا ، کہ ز خود روی ، چہ خواہی دانست

رازِ حیات کو دل نے اچھی طرح سمجھ لیا - اس نے موت کے راز پائے ، قدرت کو بھی سمجھا ، انسان آج باہوش وحواس ہو کر اپنے تئیں نہ سمجھے تو کل جب عقل وخرد نہ ہوگی تو کیا خاک سمجھ میں آئے گا -

(نول ۸ ، ان ۳ ، ۷ دینہ ۱۳ - معلوم ہوتا ہے کہ کسی نے خیّام کے جواب میں یہ رباعی لکھی ہے)

(۱۰۴)

دنیا دیدی ، و ہر چہ دیدی ہیچ است — وان نیز ، کہ گفتی وشنیدی ہیچ است
سرتاسرِ آفاق دویدی ہیچ است — وان نیز ، کہ در خانہ خزیدی ہیچ است

دنیا دیکھی ! اور جو کچھ دیکھا وہ کچھ بھی نہیں ، جو دیکھا اور سنا وہ بھی ہیچ - ساری دنیا کی سیاحت کی ، بیکار ، اور اگر گھر میں چھپ کر بیٹھے تو بھی کیا فائدہ ، زندگی اور زندگی کا ہر عمل بیکار ہے -

(نول ۱۸۵ ان ۵ ، ۷ یقین نہیں آتا کہ خیام کی رباعی ہے)

(۱۰۵)

دنیا نہ مقام گشت و نہ جائے نشست — فرزانہ درو خراب وا ولی تر مست
بر آتشِ غم ز بادہ آبی می زن — زان پیش ، کہ در خاک روی بادبہ دست

بادبہ دست :- خالی ہاتھ -

دنیا نہ تفریح کی جگہ ہے نہ آرام سے بیٹھنے کی ، جب یہاں عقلمند تباہ ہے تو مست کا کہنا ہی کیا - لہٰذا خالی ہاتھ قبر میں جانے سے پہلے غم کی آگ پر شراب کا ایک چھینٹا دے لو کہ کہیں گرمی کم ہو جائے تو غنیمت ہے -

(نول ۹۳ ن ۴ ، ۷ - یہ بھی رباعی دوسرے رنگ کی ہے)

(۱۰۶)

دورانِ جہان بے مے و ساقی ہیچ است　　بے زمزمۂ نائے عراقی ہیچ است
ہر چند در احوال جہاں می نگرم　　حاصل ہمہ عشرت است و باقی ہیچ است

زمانے کی زندگی شراب و ساقی، اور عراقی بانسری کے نغموں بغیر ہیچ ہے۔ میں نے تو رفتارِ عالم دیکھ کر یہ معلوم کیا کہ دنیا کا حاصل جو کچھ ہے وہ کامرانی و لذت اندوزی ہے اور بس۔ یہ رباعی بھی رباعی ۱۰۴ کے مانند ہے۔
(نول ۱۹۰ ن ۷۶، دلیسنہ ۶۳)

(۱۰۷)

دوریکہ درو آمد و رفتن ماست　　آں را نہ بدایت نہ نہایت پیداست
کس می نزند دمے دریں معنی راست　　کایں آمدن از کجا و رفتن بہ کجاست

جس حلقۂ امکان میں ہمارا آنا جانا ہے، اُس کی نہ انتہا معلوم نہ ابتدا کا پتہ، اور پھر اس سلسلے میں کوئی صحیح بات بھی نہیں کہتا کہ یہ آنا کہاں سے ہوتا ہے اور جانا کہاں ہے۔

وہی حیرانی، لا ادریت، حقیقت تک نارسائی کا اعتراف جو خیام کا خاص انداز ہے۔
(نول ۵۴ ف ۴۴ "در دائرہ کہ آمدن و رفتن ماست" ن ۷۷، مرصاد العباد رازی، دلیسنہ ۱۹ تح ص ۲۸۵)

(۱۰۸)

دہ عقل، نُہ رواق و زہشت بہشت　　ہفت اخترم از شش جہت این نامہ نوشت
کز پنج حواس و چار ارکان و سہ روح　　ایزد بہ دو عالم، چو تو یک کس نہ سرشت

نہ رواق :- تمام آسمان۔ دہ عقل :- فلاسفہ یونان کی رائے میں کائنات میں پہلے دس بسیط مخلوق پیدا ہوئے۔ ہفت اختر :- سبعہ سیارہ۔ چار ارکان :- عناصر اربعہ۔ سہ روح :- روح نباتی۔ روح انسانی۔ روح افلاکی۔

چھئوں سمتوں، ساتوں ستاروں، آٹھوں جنتوں اور نو آسمانوں، دسوں عقلوں نے مجھے یہ پیغام بھیجا کہ پانچوں حسّوں، چاروں عنصروں اور تینوں روحوں میں دونوں عالموں کے اندر خدا نے ایک کو بھی تیرے کے مانند پیدا نہیں کیا۔

رباعی میں صنعت مراعاۃ النظیر و تنسیق الاعداد خوب ہے۔ میرے خیال میں یہ بھی کسی اور کا کلام ہے۔ (نول ۱۶۰)

(۱۰۹)

رفتم بخرابات بایمان درست　　زنّارِ مغان را بہ میان بستم چست
شاگردِ خرابات، ز بدنامیِ من　　رفتم بہ در انگند و خرابات بہ شست

زنار:- وہ ڈورا جسے ہندو، مجوسی اور یہودی کمر میں ڈالتے ہیں اور ہندی میں جینیو کہتے ہیں۔
مُغ:- پیر آتش پرست، جمع مغان۔ شاگرد:- ملازم خادم۔
خرابات میں پختہ عقیدہ مومن گیا۔ مگر وہاں جاکر آتش پرستوں کی طرح جنیو پہنا کہ کسی کو شراب دینے میں عذر نہ ہو۔ قسمت کی خرابی کہ میرے سابقہ ایمان داری کی وجہ سے خادم خرابات نے میرا سامان باہر پھینک کر پورا میخانہ پاک کیا کہ میں وہاں گیا تھا۔
یہ رباعی کسی پکّے میخوار کی ہے، خیام سے اس کی نسبت زبردستی ہے (نول ۱۲۳ —)

(۱۱۰)

روزے کہ شود اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ واندم کہ بود اِذَا النُّجُومُ انْکَدَرَتْ
من دامن تو بگیرم، اندر عرصات گویم صنما: بِاَیِّ ذَنْبٍ قُتِلَتْ

قیامت کے دن جب آسمان ٹکڑے ٹکڑے ہوگا۔ ستارے خاک آلود ہوں گے۔ میں اس حشر میں تیرا دامن تھام کر پوچھوں گا کہ "بتاؤ مجھے کس جرم میں قتل کیا گیا تھا"! تینوں ٹکڑے آیاتِ قرآن سے ماخوذ ہیں۔
صنعت ملمع و ترصیع۔ سنا ہے کہ یہ رباعی دارا شکوہ کی ہے، لیکن نسخۂ دلیسنہ میں موجودگی اس نسبت کو بھی مشتبہ کرتی ہے، اگرچہ بالکل نفی دشوار ہے۔ نول -، دلیسنہ ۳۰)

(۱۱۱)

زاں بادہ کہ عمر را حیات دگر است پُر کن قدحے، اگرچہ تُرا دردِ سر است
بر نہ بہ کفم، کہ کارِ عالم سَمَر است بشتاب! کہ عمرت اے پسر، درگذر است

وہ شراب جس سے دوبارہ زندگی ملتی ہے، ایک پیالہ بھر کے پلا، اگرچہ اس سے تجھے تکلیف ہوگی، ساقی وہ پیالہ میرے ہاتھ پر رکھ کہ دنیا ایک کہانی ہے۔ ساقی تو عمر جلدی کر کہ زندگی دوڑ رہی ہے۔

(نول ۵۳ ن ۸۷)

(۱۱۲)

زین پیش نشان بودنیہا بودہ است پیوستہ قلم زنیک و بد فرسودہ است
در روز ازل ہر آنچہ بایست بہ داد غم خوردن و کوشیدن ما بیہودہ است

اس سے پہلے ہی موجودات کے لیے فیصلے تھے، قلم قدرت اچھے بُرے سے بے تعلق ہو چکا کہ — جَفَّ الْقَلَمُ بِمَا کَانَ — روزِ ازل جو ملنے والا تھا مل گیا اب غم و کوشش سے فائدہ کیا ہے؟
(ظاہر ہے کہ یہ رباعی تیموری دور سے تعلق رکھتی ہے متن مطابق ن ۹، نول ۱۹۵ "بر لوح نشان....." لاہور کا نسخہ مختلف اور غلط)

(۱۱۳)

عشق ار چہ بلاست آں حکمِ خداست | بر حکمِ خدا ملامتِ خلق چراست؟
چوں نیک و بدِ خلق بہ تقدیرِ خداست | پس روزِ پسیں حسابِ بر بندہ چراست؟

عشق کو بلا کہنے والو! یہ بلا بھی تو خدا کی طرف سے ہے۔ اب حکم خدا کی تعمیل کرنے والی مخلوق کی مذمت کیوں کرتے ہو!

اگر دنیا والوں کے اچھے بُرے کام تقدیر کے مطابق ہیں تو قیامت میں ہم بندوں کا حساب کیوں ہوگا۔

"چاہتے ہیں سو آپ کریں ہیں، ہم کو عبث بدنام کیا" (نول ۱۰۷)

(۱۱۴)

عمرے بہ گل و بادہ بہ رفتیم بہ گشت | یک کارِ من از دورِ جہاں راست نگشت
از مے، چوں نہ شد ہیچ مرادم حاصل | از ہر چہ گزشتیم، گزشتیم گزشت

زندگی کا ایک حصّہ شراب و بہار کی تفریحوں میں گزرا۔ گردش زمانہ سے میرا ایک کام بھی پورا نہ ہُوا، اور جب شراب ہی میرا کوئی کام پورا نہ کر سکی تو پھر ہر گذشتنی چیز سے میں بھی سرسری گذر رہا ہوں۔

(نول ۵۶ دلیندہ ۲۲ - نہ معلوم کس کے مصرعے ہیں)

(۱۱۵)

عمریست کہ مدّاحیِ مے وردِ من است | اسبابِ مے است ہر چہ در گردِ من است
زاہد، اگر استادِ تو عقل است ایں جا | خوش باش، کہ استادِ تو شاگردِ من است

ایک مدّت سے مدح شراب میرا وظیفہ ہے۔ میرا سارا اثاثہ شراب ہی سے متعلق ہے۔ زاہد اگر تیرا استاد عقل نامی ہے تو مبارک ہو کہ تیرا اُستاد میرا شاگرد ہے۔

(یہ رباعی بھی کسی اور کی معلوم ہوتی ہے۔ نول ۱۸۰ دلیندہ ۵۷)

(۱۱۶)

ساقی بہ حیات چوں کسے رہبر نیست | در پیر بود، بہ از مے و ساغر نیست
مے ہمدمِ ماست زانکہ چوں گرمیِ مے | در آبِ حیات و چشمۂ کوثر نیست

ساقی زندگی تک پہنچانے والا رہنما کوئی نہیں، اور بڑھاپے میں بادہ و ساغر سے بہتر کچھ ہے نہیں اس لیے شراب کو میں نے اپنا ہمدم بنالیا ہے کہ اس کی جیسی گرمی نہ آبِ حیات میں ہے نہ چشمۂ کوثر میں۔ لہٰذا مجبوراً بڑھاپے کے تقاضے سے شراب پی کر زندہ ہوں۔

(ذوقِ سلیم جانتا ہے کہ رباعی دورِ خیام کی نہیں۔ نول ۱۶۴)

(۱۱۷)

ساقی بہ بہشت ایں ہمہ مشتاقی چیست؟
جنت مے وساقی بود، و باقی چیست؟
اینجاست مے وساقی وآں جاست ہمیں
پس، در دو جہان بہ از مے وساقی چیست؟

سمجھ میں نہیں آتا کہ لوگ جنت پر اتنے دیوانے کیوں ہیں۔ جنت صرف بادہ وساقی کا نام ہے اور بس۔ لطف یہ ہے کہ یہاں بھی یہ دونوں چیزیں ملتی ہیں۔ للذا دونوں جہان میں مے، وساقی سے بہتر کچھ بھی نہیں۔

(نول ۱۲۸)

(۱۱۸)

ساقی بہ برم، گر بُت یاقوت لب است
در آبِ خضر، بجائے آبِ عنب است
گر زہرہ بود مطرب و عیسیٰ ہمدم
چوں دل نہ بجا بود، نہ جائے طرب است

اگر یاقوت لب وحسین معشوق پہلو میں اور شربت انگور کے بجائے آبِ حیات کا پیالہ ہاتھ میں ہو۔ زہرہ وش مطرب اور عیسیٰ نفس ہمدم، اس کے بعد اگر دل ہی پہلو میں نہ ہو تو مستی کیسے آسکے؟

(نول کشوری نسخہ رباعی ۱۵۲)

(۱۱۹)

ساقی حذر از غمِ تو ام، آہ کہ نیست
صبرم ز رخت، حق است آگاہ، کہ نیست
مقصودِ منی، وجز تو کس در دلِ من
واللہ کہ نیست، ختم باللہ کہ نیست

مجھے تیرے غمِ عشق کی کوئی پروا نہیں، مگر تیرے جلوے سے محرومی پر بھی بخدا صبر ممکن نہیں، تو ہی میرا اصل مقصد ہے۔ میرے دل میں تیرے علاوہ بخدا کسی کی یاد نہیں۔

(نول ۱۷۳)

(۱۲۰)

ساقی، چو زمانہ در شکست من و تست
دنیا، نہ سراچہ نشست من و تست
گر ز آنکہ میان من و تو جام مے ست
می داں بہ یقین کہ، حق بدست من و تست

ساقی یہ دنیا ہمیں تمھیں مٹانے کی فکر میں ہے، یہ خیمہ سرا ہمارے تمھارے قیام کی جگہ نہیں۔ اگر اتفاقاً ہمارے تمھارے پاس جام شراب ہے تو یقین رکھو کہ حق ہمارے ساتھ ہے۔ مزے کر لو!

(نول ۴۶ دلبستہ ۱۵)

(۱۲۱)

ساقی چہ کنم، کہ دل کبابم ز غمت
مدہوش تر، از مست شرابم ز غمت
ہر چند کسے خرابیم شرح دہد
باللہ کہ، بیش ازاں خرابم ز غمت

ساقی کیا کروں، کہ تیرے غم سے دل کباب، تیرا الفت کے نشے میں شراب سے زیادہ سرمست ہوں
میری خرابیوں کا کوئی کتنا ہی تفصیلی حال بیان کرے، خدا کی قسم میں اس سے بھی زیادہ خراب نکلوں گا۔

(نول ۱۴۹)

(۱۲۲)

ساقی دل ما، کہ دانۂ مہر تو کاشت
مہر تو نہفتہ تا ابد خواہد داشت
دامن مفشاں، ز ناز بر اہل نیاز
کز دامن تو دست نخواہیم گذاشت

میرے دل نے تمہاری محبت کا بیج بو رکھا ہے۔ اب اس میں تمہاری اُلفت ہمیشہ چھپی رہے گی نیاز مندوں
سے دامن افشانی و بے پروانہ گذرو کہ یہ تمہارے دامن کو چھوڑنے والے نہیں۔

(نول ۱۵۰)

(۱۲۳)

ساقی، دل ما سوختہ از مشتاقی است
باز آ، کہ طبیب دردِ مستان ساقی است
جان دادن، امیدست مرا در قدمت
تا جان بودم، امیدواری باقی است

میرا دل عشق میں جل رہا ہے، آجا، کہ مستوں کا طبیب غم ساقی ہی ہوتا ہے۔ میری تمنا ہے کہ تمہارے
قدموں پر جاں نثاری کروں، جب تک جان نہ دے لوں گا، اُس وقت تک یہ تمنا رہے گی۔

(نول کشور رباعی نمبر ۱۲۷)

(۱۲۴)

ساقی، دلِ من ز مردہ فرسودہ تر است
کو زیر زمین زمن، دل آسودہ تر است
ہر چند، بہ خونِ دیدہ دامن شویم
داماں تر م ز دیدہ آلودہ تر است

ساقی، میرا دل مرنے والوں سے زیادہ شکستہ حال ہے، بلکہ وہ قبر میں بھی مجھ سے زیادہ مطمئن ہیں۔
اپنا دامن خونِ چشم سے دھو رہا ہوں پھر بھی میرا دامن تر آنکھوں سے زیادہ نم ہے۔ لاکھ روتا ہوں، مگر
دامن کے دھبے دور نہیں ہوتے۔

(یہ آٹھوں رباعیاں خیام کی نہیں۔ نول ۱۷۲ لن ۸۲ میں ہیں)

(۱۲۵)

ساقی، دل من ز دست اگر خواہد رفت
بحر است، کجا ز خود بَدر خواہد رفت
صوفی کہ چو ظرفِ تنگ، از خویش پُر است
یک جرعہ اگر دہی، بہ سر خواہد رفت

ساقی! مجھے اطمینان ہے، اگر یہ دل میرے پاس نہ بھی رہا تو اپنے آپ بہر حال رہے گا کیونکہ وہ سمندر ہے اور سمندر اپنے ساحل کو نہیں چھوڑتا، اس کی وسعتیں کم نہیں ہوتیں۔ رہا وہ صوفی جو اپنی تنگ ظرفی و خودی سے اس قدر لبریز ہے کہ اسے ایک گھونٹ ملا اور وہ چھلک گیا۔ بھلا میرا اور صوفی کا مقابلہ، میں سمندر سا وسیع الظرف، وہ معمولی سا ظرف۔ میں خم کے خم پی جاؤں تو سمندر کی طرح پُر وقار، اسے ایک گھونٹ برداشت کرنے کی قوت نہیں۔

(نول ۱۷۴)

(۱۲۶)

ساقی، دل من کہ شادی از غم نہ شناخت
جز جام مے، از نعیم عالم نہ شناخت
مے دہ، کہ دمِ صبوح جان بخش دم است
کس غیر مسیح قدر ایں دم نہ شناخت

ساقی، میرا دل خوشی اور غم میں کوئی امتیاز نہیں کرتا، دنیا کی نعمتوں میں جام شراب کے علاوہ اسے کسی نعمت سے دلچسپی نہیں۔ شراب دے کہ وقت صبح روح افزا ہوتا ہے۔ اس وقت کی قدر مسیح کے علاوہ کون جانتا ہے۔ (کہ مسیح بھی نفس جاں بخش رکھتے تھے اور صبح بھی)۔

(یہ دونوں رباعیاں بھی خیّام کی نہیں معلوم ہوتیں۔ نول ۱۲۹)

(۱۲۷)

ساقی بہ رُخ تو ز جامِ جمشید بہ است
مُردن بہ رہت، ز عمرِ جاوید بہ است
خاکِ قدمت، کہ روزِ من روشن ازد است
ہر ذرہ، ز صد ہزار خورشید بہ است

ساقی، تیرا جلوہ جام جمشید سے بہتر ہے۔ تیری رہ گذر پہ جان دینا عمر جاوداں سے بہتر۔ تیرے قدموں کی خاک سے میرے تیرہ و تار دنوں میں نور ہے، کیونکہ اس کا ہر ہر ذرّہ ہزاروں سورجوں سے بہتر و تابناک ہے۔ (نول ۱۶۶)

(۱۲۸)

ساقی، ز درت سفر نہ خواہیم گرفت
گر ہم بہ کشی، حذر نہ خواہیم گرفت
گیرم، کہ ز خاک بر نہ گیری سرِ ما
ما، سر ز رہِ تو بر نہ خواہیم گرفت

مَیں تیرے دَر سے نہ ہٹوں گا، اگر مجھے قتل بھی کرو تو پروا کرنے والا نہیں، یہ جانتا ہوں کہ تم میرا سر خاک سے اُٹھا کر سینے سے نہ لگاؤ گے۔ مگر میں یہ سر تمھاری رہ گذر سے نہ اُٹھاؤں گا۔

(نول ۱۵۱)

(۱۲۹)

ساقی، ز مئے، کہ لعلت آں را ساقی است — دل پُر نہ کنم، تا دمے از من باقی است
مشتاقم، ازاں بہ دیدنت گستاخم — گستاخیِ من ز غایتِ مشتاقی است

ساقی، تیرے سرخ لبوں کی ساقی گری سے جو شراب ملتی ہے وہ شراب دے۔ میرا جب تک دَم میں دم ہے، اُس وقت اس سے دل نہیں بھرے گا۔ مجھے تیرا عشق ہے اس لیے نگاہیں دیکھنے میں گستاخ ہیں۔ یہ گستاخی انتہائے عشق کا نتیجہ ہے۔

(نمبر ۵۳، نول کشور)

(۱۳۰)

ساقی، عیش است و ماہ افروختہ است — مے دِہ، کہ فلک نکتہ آموختہ است
دانی، کہ اجل چو برق خرمن سوز است — تا درنگری، خرمنِ ما سوختہ است

ساقی! بہار کا دن ہے، چاندنی پھیلی ہوئی ہے۔ مجھے شراب پلا، تو بتاؤں کہ آسمان نے ایک نکتہ سکھایا ہے۔ کہ موت ایک خرمن سوز بجلی ہے۔ جب تک تم دیکھو گے اُس وقت تک ہمارا خرمنِ حیات جل چکا ہو گا۔

(نول ۱۴۰)

(۱۳۱)

ساقی، غمِ ما بلند آوازہ شدہ است — سرمستیِ ما، بروں ز اندازہ شدہ است
با موئے سفید، سرخوشم کز خطِ تو — پیرانہ سرم، بہارِ دل تازہ شدہ است

ساقی، میرا غم شہرت حاصل کر چکا۔ میری سرمستی اندازے سے بڑھ گئی۔ بڑھاپے سے سر کے بال سفید ہیں، مگر تمھارے سبزہ خط سے نشے میں ہوں اور دل بہار سے لطف اندوز ہو رہا ہے۔

(نول ۶۳، ن ۸۱)

(۱۳۲)

ساقی، فلک از بحر عطائے تو کفے ست
در کوئے تو، صد کعبۂ جان در طرفیست
در کعبۂ جان زہے شرف گر بہ رسم
ور، در رہِ کعبہ ہم بہ میرم شرفیست

ساقی! یہ آسمان تیرے سمندر کرم کے مقابلے میں کف ہے۔ تیرے کوچے میں سینکڑوں مرکز روح و دل، (حسینانِ عالم) پڑے ہیں۔ اب دیکھیے کہ تیری بارگاہ (جو کعبۂ جان ہے) میں پہنچ کر عزت پاتا ہوں کہ نہیں، لیکن اگر اس راستے ہی میں مر گیا تو بھی سرفراز ہوں گا۔

(نول ۱۱۸)

(۱۳۳)

ساقی، قدحے، کہ آنکہ ایں خاک سرشت
خط بر سرِ ما مستی و عشق تو نوشت
معمور بود، بہ شاہد و بادہ جہان
موعود بود، بہ کوثر و حور و بہشت

ساقی! ایک پیالہ! کیونکہ جس نے یہ مجسمہ بنایا ہے، اس نے میری قسمت میں تیرا عشق لکھا ہے۔ یہ دنیا معشوق و شراب سے آباد ہے۔ کوثر و حور و جنت کے ملنے کا وعدہ ہے اور ہمیں یہ سب دستیاب ہیں۔

(دیکھیے رباعی ۱۱۷، نول ۱۳۰)

(۱۳۴)

ساقی قدحے، کہ ہست عالم ظلمات
جز روئے تو نیست در جہان آبِ حیات
از جان و جہان، ہر چہ در عالم ہست
مقصود توئی، دیر محمدؐ صلوات

ساقی ایک پیالہ، کہ یہ دنیا ظلمات اور تیرا جلوہ آب حیات۔ دنیا میں جو کچھ ہے، بلکہ جان و جہان دونوں کا حاصل تو ہی ہے۔ آنحضرتؐ پر صلوات۔

رباعی میں آنحضرتؐ ہی مخاطب ہیں۔ (نول ۱۱۶)

(۱۳۵)

ساقی قدحے، کہ شمع دل در نہ گرفت
تا ز آتش مے زندگی از سر نہ گرفت
آہ، از مئے لعلت کہ بریں بادۂ ناب
ہر کس کہ لبے نہاد، لب بر نہ گرفت

ساقی ایک جام دے! کہ دل کی شمع اس وقت تک ضوفشاں نہیں ہوتی، جب تک آتش شراب سے روشنی نہ پائے۔ اللہ اللہ تیرے لب سرخ، ان کی مستیوں کا یہ عالم ہے کہ جس نے لب رکھے پھر وہ

اٹھا نہ سکا۔ (نول ۱۳۹)

(۱۳۶)

ساقی قدحے، کہ کار عالم نفسے است   گر شادی از و یک نفس، آں نیز بسے است
خوش باش، ز ہر چہ پیش آید ز جہان   ہرگز نہ شود چنانکہ دلخواہ کسے است

ساقی ایک قدح! کہ کارخانۂ دنیا ایک نفس کا ظہور ہے۔ اگر اس میں لمحہ بھر کے لیے خوشی مل جائے تو بہت ہے۔ یہاں جو بھی درپیش ہو اسے خوشی سے برداشت کر کیونکہ کسی کی تمنائیں حسب خواہش پوری نہیں ہوتیں۔ (نول ۱۲۵)

(۱۳۷)

ساقی، کہ لبش مفرّح یاقوتست   دل را غم او قُوّت، و جان را قُوتست
ہر کس کہ نہ شد کشتہ بہ طوفان غمش   در کشتیِ نوحؑ زندہ در تابوتست

جس ساقی کے لب یاقوتی (ایک مقوی و مفرح دوا) ہیں اس کا غم عشق دل کی قوت اور روح کی غذا (قُوت) ہے۔ جو بھی اس طوفان غم میں غرق نہ ہوا وہ چاہے کشتی نوحؑ جیسی پُرامان منزل میں ہو پھر بھی زندہ در گور ہے۔

(رباعی میں یاقوت، قُوّت و قُوت میں صنعت تجنیس اور رباعی میں صنعت مراعات النظیر ہے۔ نول ۱۶۷)

(۱۳۸)

ساقی، کہ ہلاکم ز غم ہجرانت   ہر جا کہ روی، دست من و دامانت
رفتی و ہزار دل ہلاک از غم تست   باز آ ئے، کہ صد ہزار جان قربانت

ساقی، تیرے غم فراق سے جاں بلب ہوں، تو جہاں بھی تیرا دامن اور میرا ہاتھ ہوگا، تو نے اکیلا چھوڑ دیا اور ہزاروں دل ہلاک فراق رہا۔ آجا کہ ہزاروں جانیں تجھ پہ قربان کی جائیں۔

(نول ۱۷۷)

(۱۳۹)

ساقی، گل و سبزہ، بس طربناک شدہ است   در یاب، کہ ہفتہ دگر خاک شدہ است
مے نوش، و گلے بچین، کہ تا درنگری   گل خاک شدہ است، سبزہ خاشاک شدہ است

ساقی ذرا دیکھ تو، گل و سبزہ مست ہیں، جلدی کر، کہ ایک ہفتہ یونہی انتظار کے ہاتھوں ضائع ہو گیا، شراب پی، پھول توڑ کہ ایک دن یہ دیکھنا ہوگا کہ پھول خاک اور سبزہ خشک تنکے ہوں گے۔

(یہ ہے خیام کا انداز اور بانکپن جو گذشتہ رباعیوں میں ممتاز نظر آتا ہے۔ نول ۱۷۵ف، ۳۰ ن ۸۳)

(۱۴۰)

ساقی، مہ رخسارِ تو جانِ ہمہ است   دلدارِ من است، و دلستانِ ہمہ است
خورشید صفت نہ مہر در آب خوش است   تنہا نہ از آنِ من، کہ از آنِ ہمہ است

ساقی، تیرے چاند سے رخسار ہر ایک کے لیے دل و جان ہیں۔ سب تجھے دل رُبا کہتے ہیں، مگر میں دلدار کہوں گا۔ سورج سمندر کے پانی میں اچھا نہیں لگتا، اس کا زمین کو منور کرنا ہی اچھا ہے۔ اس لیے میں تجھے تنہا اپنا نہیں دیکھنا چاہتا، یہ چاہتا ہوں کہ ہر ایک تجھے اپنا کہے — ذرا بوج سے تو نکلو!

(نول ۱۵۴ دیسنہ ۴۰)

(۱۴۱)

ساقی، مئے ما ز عارض پر خوئے تست   چشمت نہ رسد، کہ چشمہا در پئے تست
سر چشمۂ فیض جز لبِ لعل تو نیست   صد خضر و مسیح، جرعہ نوش مئے تست

ساقی ہماری شراب تو تیرا وہ رخسار ہے جو پسینہ سے تر ہو، خدا چشمِ بد سے بچائے کہ بہت سی نگاہیں لگی ہوئی ہیں۔ تیرے لب سرخ کے علاوہ فیض کا چشمہ کوئی نہیں، نہ معلوم کتنے خضر و مسیح تیری شراب کے جرعہ نوش ہیں۔

(نول ۱۲۶)

(۱۴۲)

ساقی، نظرے کہ، دل خوش از دیدن تست   جاں شاد، ز خوشہ چینی خرمن تست
ناگفتہ، دلت ضمیر ما می داند   جامِ جم عاشقان، دل روشن تست

ساقی، ایک نظر کا محتاج ہوں کہ تمھارے دیکھنے سے دل خوش ہو جاتا ہے۔ تمھارے جلوے کی خوشہ چینی سے روح تازہ ہوتی ہے۔ تم بن کہے ہمارے دلوں کے بھید سے واقف ہو، ہم عاشقوں کا جام جہاں نما تمھارا دل نورانی ہے۔ (نول ۱۱۹)

(۱۴۳)

ساقی، نظرے کہ، دل ز اندیشہ تہی ست   شیران ہمہ رفتہ اند و سر بیشہ تہی ست
ہر شب، ز حباب کف نہدے شیشہ چرخ   امروز کہ دور ما بود، شیشہ تہی ست

ساقی، ایک نظر! کہ دل خیالات سے خالی ہے۔ گویا شیر جا چکے اور بیشہ خالی ہے اکاش تیری محبت جارحانہ

آجائے) یوں تو راتوں کو فلک کی صراحی لبالب بھری رہتی تھی، آج جو ہماری باری آئی تو اس میں ایک بوند بھی نہیں۔

(بڑی عارفانہ رباعی ہے افسوس کہ خیام کی نہیں۔ نول ۱۶۵ ن ۸۴)

(۱۴۴)

ساقی! مئے کُہنہ، یار دیرینِ منست
بے دخترِ رز، عیش، نہ آئینِ منست
گویند کہ: بادہ خوار را دینے نیست
من بادہ خورم، کہ بادہ خود، دینِ منست

ساقی! پُرانی شراب میری پُرانی محبوبہ ہے۔ اس کے بغیر زندگی گذارنا میرے قاعدے کے خلاف ہے۔ لوگ کہتے ہیں کہ شراب نوش کا کوئی مذہب نہیں ہوتا۔ ہاں، میں شراب پیتا ہوں اور شراب ہی میرا دین ہے۔

(نول ۱۷۶ ن ۸۰)

(۱۴۵)

ساقی، مئے معرفت، مرا مکرمت است
در مشربِ بے معرفتاں معصیت است
بے معرفت، آدمی چہ کار آید؟ ہیچ
مقصود ز آدمی، ہمین معرفت است

ساقی! شراب معرفت پینا میرے لیے اعزاز اور بے معرفت لوگوں کی نظر میں گناہ ہے۔ مگر بے معرفت آدمی بھی کسی کام کا ہے۔ کیونکہ آدمی کی غرض تخلیق تو یہی معرفت خدا ہے۔ بعض مفسّرین نے "وَمَا خلقت الجنّ وَالْانس اِلّا لِیَعْبُدُوْن" میں لیعبدون (کہ عبادت کریں) کے معنے لیعرفون (کہ پہچانیں) قرار دیے ہیں۔ (نول ۱۱۷)

(۱۴۶)

سر، از ہمہ ناکسان نہاں باید داشت
راز، از ہمہ ابلہاں، نہاں باید داشت
بنگر! کہ بہ جائے مردماں می چہ کنی
چشم، از ہمہ مردماں نہاں باید داشت

ہر نااہل اور بے وقوف سے راز چھپانا چاہیئے۔ یہ دیکھو کہ اپنی جان اور دوسروں کے ساتھ تمھارا عمل کیا ہے۔ دوسروں سے نظر ہٹالو!

(نول ۹۴ قافیہ میں ایطا ہے)

(۱۴۷)

سَر دفترِ عالمِ معانی، عشق است
سر بیتِ قصیدۂ جوانی عشق است
اے آنکہ خبر نہ داری از عالمِ عشق
این نکتہ بدانکہ زندگانی عشق است

عالم حقیقت کا سرنامہ و قصیدۂ جوانی کا مطلع عشق ہے۔ تمھیں عشق کی اہمیت نہیں معلوم تو سن کہ اصل زندگی عشق ہے۔ (نول ۱۴۳ دلینہ ۲۵)

(۱۴۸)

سیرِ دو جہاں، از قدحِ مستاں است — خورشید ازل، جام مئے تاباں است

ایں نکتہ کہ، در قلبِ جہاں پنہاں است — در شیشۂ مے، اگر بدانی آں است

دنیا و آخرت کے نظارے مستوں کے جام دکھاتے ہیں، جام مئے تاباں ہی کا نام ہے خورشید ازل ہے، دل کائنات کی روح معلوم ہے کہ کہاں ہے! اگر سمجھ سکو تو سمجھ لو کہ "صراحی مے" ہے۔

(خورشید و جام مے میں وجہ شبہ گولائی اور سرخی و روشنی و گرمی ہے۔ نول ۱۶۱)

(۱۴۹)

سیم، ارچہ نہ مایۂ خردمنداں ست — بے سیماں را باغِ جہاں زنداں ست

از دستِ تہی، بنفشہ سر بر زانو ست — در کیسۂ زر، دہانِ گل خنداں ست

چاندی، دولت عقل مندوں کا سرمایہ نہیں، مگر مفلسوں کے لیے دنیا قید خانہ ہے۔ دیکھا نہیں کہ بنفشہ کا پھول چونکہ زر گل سے خالی ہے اس لیے جھکا رہتا ہے، اور گلاب کے ہاتھ میں زیرہ ہوتا ہے اس لیے سربلند اور مسکراتا رہتا ہے۔ (نول ۱۴۲ ن ۸۵)

(۱۵۰)

شادی مطلب! کہ حاصل عمر دمے ست — ہر ذرہ ز خاکِ کیقبادے وجمے ست

احوال جہاں و اصل ایں عمر کہ ہست — خوابے و خیالے و فریبے و دمے ست

دم بھر کی زندگی میں خوشی کی تلاش بے کار ہے۔ خاک کا ہر ذرہ کیقباد و جمشید ہے دنیا کا حال اور اس عمر کا نتیجہ خواب و خیال و فریب و نفس کے علاوہ کچھ بھی نہیں، اس لیے جس طرح گذرے گزار دو۔

(نول ۲۰۲ ن ۸۶)

(۱۵۱)

صحرا رخ خود ز ابر نوروز بہ شست — ایں دہر شکستہ دل از نو گشتہ درست

با سبز خطے بہ سبزہ زارے مے خور — بر یاد کسے، کہ سبزہ از خاکش رست

میدانوں نے ابر بہار سے اپنا رخ دھولیا۔ یہ شکستہ دل زمانہ اور خزاں رسیدہ دنیا پھر سے مزین ہوئی ہے، اس لیے کسی حسین و سبز خط کے ساتھ یاد میں شراب پی، کہ جس کی قبر پر بھی سبزہ اگا ہے۔

خیال و انداز دونوں خیام ہی کے ہیں لیکن مآخذ قدیمہ میں یہ رباعی نہیں۔ نول ۲۱۳ ن ۸۷ دلینہ ۸۲)

(۱۵۲)

طاسِ فلک از نوش بہر حال تہی ست — آسودہ درین جہان، نمی دانم کیست
ایمن نفسے زمرگ، نتوان بودن — پس فائدہ جہانِ بے فائدہ چیست

طاس:۔ طشت۔ نوش:۔ شہد۔

آسمان کے خوانِ نعمت میں شہد نہیں ہے۔ مجھے تو کوئی ایسا نہیں ملتا جو یہاں مطمئن ہو جب موت سے ایک لحظہ بھی کسی کو اطمینان نہیں، تو اس دنیائے بے سود سے فائدہ کیا؟ (کسی نے خیام بننے کی کوشش کی ہے) — نول ۸۵ ن ۸۸)

(۱۵۳)

طوریست کہ صد ہزار موسٰے دیدست — دَیریست، کہ صد ہزار عیسٰے دیداست
قیصریست، کہ صد ہزار قیصر بگذشت — طاقیست، کہ صد ہزار کسرٰے دیداست

یہ دنیا؟ وہ طور ہے جس نے سینکڑوں موسٰے، وہ دَیر جس نے ہزاروں عیسٰے، وہ محل ہے جس نے لاکھوں قیصر، وہ طاق جس نے بے شمار کسرٰے دیکھے ہیں۔ اس کی نظر میں ہماری تمھاری کیا وقعت ہوگی۔
(نول ۱۴۴)

(۱۵۴)

فاسق خوانند مردمانم پیوست — من بے گنہم، خیالِ شان بین، کہ چہ ہست
پرسم ز خلافِ شرع اے اہلِ صلاح — جز خمر و لواطت و زنا چیزے ہست

مجھے لوگ مسلسل بدکار و آوارہ کہتے رہتے ہیں، حالانکہ میں بے خطا ہوں۔ ان نیک عمل لوگوں سے پوچھتا ہوں، کہ مجھ میں شراب نوشی و بدکاری کے علاوہ کسی اور خطا کا بھی وجود ہے؟
(نول کشور ۱۵۹، خدا جانے کس کے مصرعے ہیں جو غریب خیام کے سر تھوپے گئے ہیں)

(۱۵۵)

فصلِ گل و طرفِ جوئبار و لبِ کشت — با یک دو سہ اہل، ولعبتے حور سرشت
پیش آر قدح، کہ بادہ نوشانِ صبوح — آسودہ ز مسجدند و فارغ ز کنشت

بہار کا موسم، نہر کا کنارہ گوشۂ چمن، دو تین دوست، ایک حسین معشوق موجود ہے۔ اب تو پیالہ دے کہ صبوحی پینے مسجد و کنشت کے جھگڑوں سے دور بیٹھے ہیں۔ انھیں نہ چرچ جانا ہے نہ مسجد۔
(نول ۱۰۵ ن ۸۹ چوتھا مصرعہ "آسودہ ز دور خند و فارغ ز بہشت" ف ۳۹)

(۱۵۶)

کم گوئے! کہ فضل حق بہ آسانی نیست　　دز تو بہ مگوئے، کانچہ می دانی نیست
چندیں پسر شکر لب و شیریں گو　　چوں توبہ تواں کرد؟ مسلمانی نیست

خاموش رہو، احسان خدا یونہی نہیں ملتا، توبہ کی گفتگو نہ کرو، کیونکہ جو تمھارے علم میں ہے وہ نہیں ہے۔ اتنے شیریں لب دہن حسینوں کے ہوتے ہوئے توبہ کرنا اسلام نہیں —— (بھلا خیام کہاں اور یہ صفائی کہاں۔ صرف نول کشوری نسخے میں ہے ۲۱۲)

(۱۵۷)

کنہ خِرَدم درخور اثبات تو نیست　　واندیشۂ من بجز مناجات تو نیست
من ذاتِ ترا بواجبی کے دانم　　دانندۂ ذاتِ تو بجز ذات تو نیست

کُنہ:۔ حقیقت۔ درخور:۔ لائق، موزوں۔ میری عقل اپنی بے بضاعتی کی وجہ سے تیرے ثبوت پیش کرنے کے قابل کہاں۔ میری انتہائی پرواز تجھ سے دعا ہے۔ تجھے پہچاننے کا جو حق ہے اس طرح کیسے اور کب جان سکتا ہوں۔ تیری ذات کا صحیح جاننے والا خود تیرے علاوہ کوئی نہیں۔ حکمت کی انتہا تیرا یقین ہے۔ رہا ثبوت فراہم کرنا تو وہ فلسفہ کے بس میں نہیں۔ کہاں عقل ناقص کہاں تیری ذات کامل۔

(نول ندارد۔ ن ندارد۔ منحصر بہ دلپسند)

(۱۵۸)

گر از پئے شہوت و ہوا، خواہی رفت　　از من خبرے، کہ بے نوا، خواہی رفت
با دوست چو بد کنی، شود دشمنِ تو　　یا دشمن اگر نیک کنی، گردد دوست

اگر خواہشات و ہوس پرستی کرے گا، تو سن رکھو، یہاں سے خالی ہاتھ جائے گا۔ اگر دوست سے بُرائی کرے گا دشمن ہو جائے گا اور اگر دشمن سے اچھا سلوک کرے گا دوست بن جائے گا۔

(آتشکدے میں یہ رباعی ابواسمٰعیل عبداللہ انصاری کے نام ہے۔ نول ۹۷ ن ۹۱)

(۱۵۹)

گر بر فلکے بہ خاک باز آرندت　　ور بر سر نازی بہ نیاز آرندت
فی الجملہ تو بگذار حیدل تا بتواں　　آزار مجوئے تا بہ نیاز آرندت

یاد رکھو، اگر آج آسمان عروج پر ہو تو کل زمین پر لائے جاؤ گے۔ اگر بڑا ناز ہے تو پھر نیاز مند بننا پڑے گا، اس لیے جہاں تک ہو بحث، چھوڑ دو، کسی کی دل آزاری نہ کرو کہ لوگ نیاز مند بن جائیں گے۔
(یہ سبق بھی خیام کا نہیں۔ نول ۱۴۸)

(۱۶۰)

گردون کمرے، ز عمر فرسودہ ماست
جیحون اثرے ز چشم پالودہ ماست
دوزخ شررے ز رنج بیہودہ ماست
فردوس دمے ز وقت آسودہ ماست

آسمان میرے بڑھاپے کی کمر، جیحوں (دریا) میری صاف و شفاف اشک افشاں آنکھوں کا اثر۔ دوزخ میرے زحمت کشتی آہوں کی ایک چنگاری اور جنت کی حقیقت میرے وقت مسرت کی ایک سانس ہے۔

(نول ۱۹۹ ن ۹۲ تح ص ۲۷۰ دلیستہ ۲، کاویانی، بوڈلین وغیرہ، لیکن رباعیات ابوسعید ابوالخیر میں ان کے نام ہے)

(۱۶۱)

گر شاخ بقا، ز بیخ بختت رست است
ور، بر تن تو عمر لباسے چست است
در خیمۂ تن، کہ سایہ بانے ست ترا
ہان، تکیہ مکن کہ چار میخش سست است

اگر درخت بقا کی شاخیں تیری بدنصیبی سے نکلی ہیں، اگر تیرے جسم پر لباس عمر چست ہے، تو سمجھ لے کہ جسم کا یہ خیمہ ایک سائبان ہے، مگر خبردار اس پہ ٹیک نہ لگانا کہ اس کی میخیں کمزور ہیں۔ سارا خیمہ گر جائے گا۔

(یہ رباعی صرف نسخہ فروغی میں (۱۴۳) ہے۔)

(۱۶۲)

گر کارِ تو نیک است، بہ تدبیر تو نیست
ور سر برود، نیز بہ تقصیر تو نیست
تسلیم و رضا پیش کن و شاد بزی
چوں نیک و بد جہان بہ تدبیر تو نیست

اگر کوئی کام ٹھیک چل رہا ہے تو تیری تدبیروں سے نہیں، اور اگر کوئی جان جاتی ہے تو تیری کوتاہیوں سے نہیں، راضی بہ رضا رہ کر خوشی سے دن گذار، کیونکہ دنیا کی اچھائی برائی تیری پابند نہیں۔

(نول ۱۷۱، بس - ابوسعید ابوالخیر طبع لاہور۔ گلستان مسرت طبع لکھنؤ ۷۶۹ بنام امین کاس الکرام ۲۲۰)

(۱۶۳)

گل گفت، بہ از لقائے من روئے نیست
چندیں ستم گلاب گر، باد ے چیست
بلبل، بہ زبان حال با او می گفت
یک روز کہ خندید کہ سالے نہ گریست

گل:۔ پھول، چونکہ ایران میں گلاب عام ہے اس لیے گل سے مراد گلاب ہی ہوتا ہے۔

گلاب:۔ عرق گلاب کو کہتے ہیں۔ گلاب گر:۔ عرق کشید کرنے والا۔

پھول نے کہا، جب میرے جلوے سے بہتر کوئی منظر نہیں تو پھر یہ عرق کھینچنے والے اتنا ستم کیوں ڈھاتے ہیں؟

بلبل نے زبانِ حال سے جواب دیا کہ "میاں جو ایک مرتبہ ہنستا ہے اسے سال بھر رونا پڑتا ہے"۔

(نول ۱۷۰ ن ۹۳)

(۱۶۴)

گر گل بنود نصیب ما خار بس است | ور نور بما نمی رسد، نار بس است
گر سبحہ و سجادہ و شیخے نہ بود | ناقوس و کلیسیا و زنار، بس است

اگر ہمیں پھول میسر نہیں تو کانٹے ہی سہی، اگر نور نہیں تو آگ ہی سہی۔ ہم تو کہتے ہیں کہ اگر تسبیح و جانماز و مرشد نہ ہو تو ناقوس، کلیسا اور زنّار (جنیو) کیا بُرا ہے۔

(نول ۳۹ پھر رباعی ۴۸۳ " اینک " ردیف میں ہے جسے ہم نے تکرار کی وجہ سے وہاں ترک کر دیا ہے)

(۱۶۵)

گفتم، کہ سر زلف تو بس، سر خورد است | گفتا، کہ تن بہ بند، اگر درخورد است
گفتم، روزے ز قامتت بر نہ خورم | گفتا، کہ سرو، کے کسے برخورد است

میں نے کہا: تیری زلف نے بہت سی جانیں لیں، اور سر اُڑائے۔
اُس نے کہا، اگر اس لائق ہوں، تو بھی سر جھکا دے۔
میں نے کہا، کیا میں کسی دن تیرے سرو قامت سے کوئی میوہ نہیں چکھوں گا۔
کہنے لگے: سرو سے کسی نے کب پھل کھایا ہے۔

(نول ۱۵۷)

(۱۶۶)

گفتم کہ مگر درست باشد، عہدت | بر قاعدہ نخست باشد عہدت
کے دانستم، کہ ہم چو بنیاد جہاں | اے نور دو دیدہ سست باشد عہدت

میں نے کہا کہ شاید تیرا عہد درست اور پہلے قاعدہ کے مطابق ہوگا، مجھے کیا معلوم تھا کہ اے دونوں آنکھوں کے نور بنیاد عالم کی طرح تیرا وعدہ بھی سُست ہوگا۔

(نول ۱۵۶)

(۱۶۷)

گویند کسان، بہشت با حور خوش است | من می گویم، کہ آب انگور خوش است
ایں نقد بگیر و دست ازاں نسیہ بدار! | کاواز دہل شنیدن از دور خوش است

لوگ مجھے کہتے ہیں کہ جنت حوروں کے ساتھ خوب ہے۔ میں کہتا ہوں کہ انگوری شراب اچھی ہے۔ فیصلہ یہ ہے کہ اس نقد و موجود کو لے لے اور ادھار سے ہاتھ اُٹھا لے کہ دُور کے ڈھول سہانے۔

(نول ۹۵ مٹ ام ن ۹۴)

(۱۶۸)

گویند کہ مے بہ ماہ شعبان نہ رواست — نہ، نیز رجب، کہ آں مہ خاص خداست
شعبان و رجب ماہ خدا لیست و رسول — ما مے برمضان خوریم، کآن خاصۂ ماست

لوگ کہتے ہیں کہ شعبان میں شراب پینا جائز نہیں اور رجب میں بھی ناروا ہے کیونکہ وہ خاص خدا کا مہینہ ہے۔ اچھا شعبان و رجب تو ہوئے خدا اور رسولؐ کے مہینے، ہم رمضان میں شراب پیا کریں گے کہ وہ خاص ہمارا مہینہ ہے۔ (نول ۵۱ ن ۹۶ تح ص ۲۶۷ دلیسنہ ۵۰)

(۱۶۹)

گویند مرا۔ کہ دوزخی باشد مست — قولیست خلاف، دل در او نتواں بست
گر عاشق و مے خوارہ بہ دوزخ باشند — فردا بینی، بہشت ہمچوں کفِ دست

مجھ سے کہتے ہیں کہ مست و میخوار جہنمی ہوتا ہے۔ میں عرض کرتا ہوں کہ دعویٰ تسلیم نہیں۔ اس سلسلے میں خاصا اختلاف ہے، اس لیے اس کا اعتقاد نہیں رکھنا چاہیئے۔ سوچنے کی بات ہے کہ اگر عاشق و مے خوار دوزخ میں ہوئے تو جنت تو فرمانروائے قیامت کفِ دست چٹیل میدان ہو گی۔

(نول ۱۵۸ ن ۹۵ ف ۴۴ تح ص ۲۶۱ کا فی اختلاف ہمارا نسخہ ف پر مبنی ہے)

(۱۷۰)

ما کافرِ عشقیم، و مسلمان دگر است — ما مورِ ضعیفیم، و سلیمان دگر است
از ما، رُخ زرد و جگر پارہ طلب — بازارچۂ قصب فروشان دگر است

ہم کافرِ عشق ہیں مسلمان کوئی اور ہوگا۔ ہم حقیر چیونٹی ہیں، سلیمان کوئی اور ہوگا۔ ہم سے تو زرد چہرہ اور ٹکڑے ٹکڑے دل مانگو تو مل جائیں گے۔ قصب فروش و کتان بیچنے والوں کا بازار اور ہے۔ (نول ۷، ۴)

(۱۷۱)

من بندۂ عاصیم، رضائے تو کجاست — تاریک دلم نور و صفائے تو کجاست
ما را تو بہشت، اگر بہ طاعت بخشی — ایں مزد بود، لطف و عطائے تو کجاست

میں ایک گنہگار انسان ہوں تیری رضا تلاش کر رہا ہوں۔ میرا دل تاریک ہے، تیری معرفت کا نور چاہتا ہوں معبود، اگر جنت اطاعتوں کے بدلے عطا ہوئی تو مزدوری و اُجرت ہو گی۔ تیرے احسان و کرم کے توشہ سے تھے وہ کہاں ہیں؟

(نول ۲۱۷ تح ص ۲۸۸ دلیسنہ ۸۶۔ لیکن آتشکدہ ص ۱۴۳ بنام شیخ الاسلام انصاری میرے خیال

میں بھی خیام کی رباعی نہیں ہے۔ مولانا ابوالکلام آزاد نے لکھا ہے کہ ایک جگہ بنام ابوسعید ابوالخیر ہے۔ کاس الکرام ص ۱۹۵ - تذکرہ حسینی و آتشکدہ ابواسمٰعیل)

(۱۷۲)

من ہیچ نہ دانم، کہ مرا آنکہ سرشت	از اہل بہشت کرد، یا دوزخ زشت
جامے و بتے و بربطے، برلب کشت	ایں ہر سہ مرا نقد، و ترا نسیہ بہشت

نسیہ - وہ سودا جس میں قیمت نقد اور مال اُدھار ہو۔ مجھے نہیں معلوم کہ بنانے والے نے مجھے جنتی بنایا یا دوزخی، ہاں اتنا ضرور ہے کہ ایک جام، ایک حسین، ایک بربط ہو۔ میں ہوں اور کسی سبزہ زار کا گوشہ، مجھے یہ تینوں چیزیں، تجھے قرض جنت مبارک۔ (یہ ہے انداز و طرز خیام)

(نول ۸۹ ت ۳۴ ن ۹۹ دلیسنہ ۸۷ تح ص ۲۷۶)

(۱۷۳)

مہتاب بہ نور دامن شب بشگافت	مے نوش و مے کہ بہ ازیں نتواں یافت
خوش باش، و بیندیش، کہ مہتاب بسے	اندر سر خاک یک بہ یک خواہد تافت

چاند نے روشنی سے اندھیری رات کا دامن چاک کر دیا۔ آ شراب پی کہ اس سے اچھا وقت نہ ملے گا آ خوش رہ اور ذرا سوچ کہ چاندنی ہر ایک کی خاک پر بہت چمکتی رہے گی، قبر پہ بھی پھیلے گی۔

نول ۲۰۷، ن ۱۰۰ ف ۴۴)

(۱۷۴)

مے خوردن من نہ از برائے طرب است	نے بہر فساد و ترک دین و ادب است
خواہم کہ، بہ بے خودی برآرم نفسے	مے خوردن و مست بودنم زیں سبب است

میری شراب نوشی کا سبب نہ خوشی ہے، نہ فساد یا دین و ادب سے کنارہ بلکہ مقصد صرف یہ ہے کہ بے خودی میں ایک سانس لوں۔ پس میرے شراب پینے اور مست ہو جانے کی وجہ یہ ہے۔ بقول غالب

مے سے غرض نشاط ہے کس روسیاہ کو	اک گونہ بے خودی مجھے دن رات چاہیئے

(نول ۹۲ ن ۱۰۱ تح ص ۲۸۵ دلیسنہ ۸۲)

(۱۷۵)

مے خوردن و شاد بودن، آئین منست	فارغ بودن، ز کفر و دین، دین منست
گفتم، بہ عروس دہر: کابین تو چیست؟	گفتا "دل خرم تو کابین منست"!

شراب پینا اور خوش رہنا میرا آئین، کفر و دین سے بے تعلقی میرا دین ہے۔ میں نے دنیا سے کہا: تجھ سے کرنے کے لیے کتنا مہر دینا ہوگا؟ اُس نے کہا، تیرا ہنستا ہوا خوش و خرم دل میرا مہر ہے۔

(نول ۴۸ - ن ۱۰۲ - دلیند ۱۴، ف ۴۵)

(۱۷۶)

مے خور کہ بہ زیر گل بسے خواہی خفت | بے مونس و بے حریف و بے ہمدم و جفت
زنہار بہ کس مگو، تو ایں راز نہفت | ہر لالۂ پژمردہ، نہ خواہد بہ شگفت

شراب پی، کہ مٹی کے نیچے ہمدم، رفیق و دوست کے بغیر اکیلے اور مدتوں تک سونا ہوگا۔ دیکھو، خبردار! یہ چھپا ہوا بھید کسی سے نہ کہنا کہ جو لالہ مرجھا جاتا ہے، وہ دوبارہ نہیں کھلتا۔

ڈھلے جوبن کا لالۂ پژمردہ سے استعارہ کیا خوب ہے۔

(نول ۸۸، ن ۱۰۳، تح ص ۲۷۶)

(۱۷۷)

مے خور، کہ مدام راحت روح تو اوست | آسائش جان و دل مجروح تو اوست
طوفان غم، ار در آید از پیش و پست | در بادہ گریز، کشتی نوح تو اوست

شراب پی کہ تیری روح کی راحت اور زخمی جان و دل کا مرہم وہی تو ہے۔ اگر غم کا طوفان ہر طرف سے گھیر لے تو شراب میں پناہ لے کہ کشتی نوح وہی ہے۔

(نول کشوری نسخہ رباعی نمبر ۹۱)

(۱۷۸)

مے، گرچہ بہ شرع زشت نام است، خوش است | چوں در کف قبائے غلام است، خوش است
تلخ است و حرام است، خوشم می آید | دیر لیست کہ تا ہر چہ حرام است، خوش است

شراب اگر بدنام ہے، مگر ہے اچھی، خصوصاً جب کسی حسین غلام و مغبچہ کے ہاتھ میں ہو۔ مانا کہ اس کا مزہ تلخ ہے اور شرع میں بھی حرام ہے لیکن ایک مدت سے ہر حرام چیز اچھی سمجھی جاتی ہے۔ انسان کو جس سے روکا جائے اسی میں مزہ ملتا ہے۔ (نول ۶۸ ن ۱۰۴ دلیند ۷، ۴ تح ص ۲۷۴)

(۱۷۹)

مے لعل مذاب است و صراحی کان است | جسم است پیالہ و شرابش جان است
آں جام بلوریں کہ ز مے خنداں است | اشکے ست کہ خون دل درو پنہان است

شراب یاقوت سیال اور صراحی کان، جسم پیالہ اور شراب جان ہے۔ وہ بلوریں جام جو شراب سے لبریز ہو، درحقیقت اشک کے قطرے وہ آنسو ہیں، جن میں خون دل ملا ہوا ہو۔

(نول ۵۸ ف ۴۶ ہم ن ۹۸)

(۱۸۰)

مے میخورم، و مخالفاں از چپ و راست گویند، مخور بادہ کہ دیں را عدو است
چوں دانستم کہ مے، عدوے دین است واللہ بخورم خون عدو را کہ رواست

میں شراب پیتا ہوں اور دشمن دائیں بائیں کہتے ہیں کہ ہا! یہ نہ پیا کر کہ دشمن دین ہے۔ خوب ہوا کہ لوگوں نے یہ بات بتادی۔ اگر شراب دشمن دین ہے تو خدا کی قسم اسے ضرور پیوں گا۔ کہ خون دشمن پینا تو جائز ہے۔ (نول ۱۸۹ تح ص ۲۵۹ دلیسنہ ۶۲)

(۱۸۱)

مے نوش کہ عمر جاودانی این است خود حاصلت از دور جوانی این است
ہنگام گل و بادہ و یاراں سرمست خوش باش دمے کہ زندگانی این است

شراب پی کہ ہمیشہ کی زندگی شراب ہی سے ملتی ہے، اور اسے بھی جانے دو، عہد شباب کا حاصل بھی تو یہی ہے۔ بہار کا موسم، شراب کے دن، احباب سرمست، تو بھی کچھ دیر ہنس کھیل لے کہ زندگی اسی کو کہتے ہیں۔

(نول ۹۷ ن ۱۰۸ ف ۷، ہم نسخہ بمبئی، مگر دیوان حافظ طبع نامی کانپور میں بنام حافظ ہے۔ میرے خیال میں حافظ کا اسلوب، تو یہ نہیں ہے) کاس الکرام ۲۲۷۔

(۱۸۲)

نفست بہ سگ خانہ می ماند راست جز بانگ، میاں تہی از و ہیچ نخاست
روبہ صفت است، خواب خرگوش دہد آشوب پلنگ دارد و گرگ وغاست

پلنگ: چیتا۔ گرگ: بھیڑیا۔ وغا: جنگ۔

تیرا نفس گھر بلو کتا ہے کہ سوائے بھونکنے کے کچھ نہیں کر سکتا۔ عادتیں لومڑی کی۔ نیند خرگوش کی، ہنگامہ شیر کا اور میدان جنگ کا بھیڑیا کہ آدمی دیکھا اور بھاگا۔ (نول ۲۲۲ دلیسنہ ۹۱)

(۱۸۳)

نہ لائق مسجدم، نہ درخورد کنشت ایزد داند گل مرا از چہ سرشت
چوں کافر درویشم و چوں قحبۂ زشت نہ دین و نہ دنیا و نہ امید بہشت

میں نہ مسجد کے قایل ہوں نہ مندر کے، خدا جانے میرا خمیر کس مٹی سے بنا ہے کہ کافروں کی طرح سے فقیر اور زن بازاری کی طرح بدنام ہوں، نہ دین میں کوئی حصّہ، نہ دنیادار، نہ جنّت کی امید۔

(نول ۵، ن ۱۰۶ دلپسند ۱۶)

۱۸۴

نیکی و بدی، کہ در نہاد بشر است	شادی و غمی، کہ در قضا و قدر است
با چرخ مکن حوالہ، کاندر رہِ عقل	چرخ از تو ہزار بار، بیچارہ تر است

فطرت انسان کی نیکی و بدی، قضا و قدر کی معین کردہ خوشی و غم، کسی کو بھی آسمان کے سر نہ تھوپ دے کہ عقل کے نزدیک وہ تو تجھ سے بھی زیادہ مجبور ہے۔

آسمان اور ستاروں کی بے چارگی کو نظامی نے لیلیٰ مجنوں میں خوب لکھا ہے۔ مجنوں آسمان کی طرف رُخ کیے ہے:

دانست کزاں خیال بازی!	کارش نہ رسد بہ چارہ سازی
نالید، در آنکہ چارہ ساز است	از جملہ وجود بے نیاز است
گفت اے درِ تو پناہ گاہم!	در جز تو کسے چرا پناہم
اے زہرہ و مشتری غلامت	سرمایۂ نامِ جملہ، نامت
آن کن ز عنایت خدائی	کآید شبِ من بروشنائی!

حافظؔ نے تو یہاں تک کہہ دیا۔

مگیر طرّۂ مہ طلعتے و قصّہ مخواں!	کہ سعد و نحس ز تاثیر زہرہ و زحل است

(ن ۱۰۷، دلپسند ۹۴ تج ص ۲۸۷ ف ۴۸)

۱۸۵

ہر جانِ شریف کو شناسائے ہلیست	داند، کہ ہر آنچہ آمد از جائے گہیست
چیزے کہ بما رسد، از حکم شہیست	کونین ز ہر چہ می بردہ، بے گنہیست

ہر محترم جان اور ہر وہ صاحب فہم جو خوبیوں پر نظر رکھتا ہے، اسے معلوم ہے کہ جو کچھ رونما ہوا ہے، اس کا کوئی مرکز ہے۔ جو کچھ ہمیں ملتا ہے ایک حاکمِ اعلیٰ کے حکم سے، اور کائنات سے جو کچھ اٹھانا پڑتا ہے، وہ بے گناہی سے ہے۔ ناحق ہم مجبوروں پر یہ تہمت ہے خود مختاری کی۔

(نول ۱۰۱)

(۱۸۶)

ہر چند کہ از گناہ، بدبختم و زشت نومیدنیم، چوبت پرستان زکنشت
اما سحرے، کہ میرم از مخموری مے خواہم و معشوق، چہ دوزخ چہ بہشت

اگرچہ گناہوں کی وجہ سے بدبخت و جاہل ہوں، پھر بھی مندر کے پجاریوں کی طرح رحمت خدا سے مایوس نہیں۔ لیکن جب صبح کو تکلیف خمار سے اعضاء شکنی ہوتی ہے، تو شراب و معشوق کی دعا کرتا ہوں۔ اور تھوڑی دیر کے لیے جنّت و دوزخ کا خیال نکل جاتا ہے۔ (نول ۶۷)

(۱۸۷)

ہر دل کہ درو مایۂ تجرید کم است بیچارہ ہمہ عمر ندیم ندم است
جز خاطر فارغ کہ نشاطے دارد باقی ہمہ عمر، ہر چہ ہست اسباب غم است

جس دل میں سرمایۂ عرفان کم ہے، وہ غریب زندگی بھر شرمندہ رہے گا۔ زندگی میں ہر طرح کی چیز سرمایہ و سروسامان غم ہے۔ بس ایک یہ مسکراتی طبیعت ہے کہ جو ہر خیال سے خالی ہے۔ (نول ۲۱۹۔ دلینا ۸۹)

(۱۸۸)

ہر دل کہ درو مہر و محبت بہ سرشت گر ساکن مسجد است و گر از اہل کنشت
در دفتر عشق نام ہر کس کہ نوشت آزاد ز دوزخ ست و فارغ ز بہشت

جو دل درد و محبت سے خمیر ہوا ہے، وہ مسجد و مندر دونوں جگہ جا سکتا ہے۔ جس کا نام دفتر عشق میں لکھا لیا گیا۔ وہ دوزخ و جنّت کے جھگڑوں سے آزاد ہے۔ دیکھیے رباعی ۱۵۵

(یہ آخری مصرع اس سے پہلے دو رباعیوں میں آ چکا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ یہ مصرع پسند آیا ہے اور کہنے والوں نے کئی مرتبہ کوشش کی ہے کہ مصرعے لگائے جائیں۔ بھلا خیّام کہاں اور یہ مشقِ سخن کہاں۔ (نول ۴۴ ن ۱۱۰)

(۱۸۹)

ہر ذرّہ کہ در روئے زمینے بودہ است پیش از من و تو، تاج و نگینے بودہ است
گرد از رخ نازنین بہ آزرم فشاں کاںہم رخ خوب نازنینے بودہ است

روئے زمین کا ہر ذرّہ میرے اور تیرے آنے سے پہلے کسی بادشاہ کے سر کا تاج یا تاج کا نگینہ تھا۔ اپنے رخ نازک پہ آئی ہوئی خاک ذرا آہستہ سے صاف کرو کہ یہ ذرّات کبھی کسی رخ نازنین کا جز تھے۔

(نول ندارد ن ۱۰۸ ف ۵۰ تاریخ گزیدہ)

(۱۹۰)

ہر سبزہ، کہ بر کنارِ جوئے رُستہ است — گوئی ز لبِ فرشتہ، خوئے رُستہ است
پا بر سرِ سبزہ تا بخواری ننہی! — کان سبزہ ز خاکِ لالہ روئے رُستہ است

یہ سبزہ جو نہر کے کنارے لہلہا رہا ہے ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے کسی فرشتہ سیرت کے لب سے اگا ہے۔ دیکھو! کہیں سبزے کو حقیر سمجھ کر اس پر پاؤں نہ رکھ دینا، کیونکہ یہ سبزہ کسی لالہ رُخ کی قبر سے اگا ہوگا۔
وہی تصوّر کہ زیرِ زمین حسنِ رنگین کا زور قوّتِ نمو بن کر چمن کی شکل میں نمودار ہوا ہے۔ اس لیے اس کا احترام کرو۔ (نول ۶۲ ن ۱۰۹ آتشکدہ بنام امجد الدین تذکرہ حسینی بنام نجم الدین رازی کاس ۹۴ دلیند ۳۲ تخ ص ۵۱۵)

(۱۹۱)

ہر کو رقمے ز عقل در دل بنگاشت — یک روز ز عمرِ خویش ضائع نگذاشت
یا در طلبِ رضائے یزداں کوشید — یا راحتِ جاں گزید و ساغر برداشت

جس نے دل پر عقل کی بات کندہ کر لی، اس نے اپنی زندگی کا ایک دن بھی بیکار نہ جانے دیا۔ یا خدا کی خوشنودی حاصل کرنے کی کوشش میں عبادت کرو، یا عیش و راحت کے لیے مے نوشی کو وتیرہ بناؤ۔ فکر و غم مسلسل نہ عقل کی بات ہے نہ دل لگتی۔

(نول ۲۱۵ ن ۱۱۱ تخ ص ۲۸۰ دلیند ۸۴)

(۱۹۲)

ہر گہ کہ غمے ملازمِ دل شودت — تا قصّۂ کارِ خویش مشکل شودت
حالِ دگرے بباید پرسید — تا خوش دلیِ تمام حاصل شودت

جب دل غمگین یا معاملات مشکل ہوں۔ تو دوسروں کا حال بھی پوچھ کر دیکھو (ان کی مشکلیں سُن کر) شاید تمھیں اطمینان ہو سکے۔ کہ ایک تم ہی ستم زدہ روزگار نہیں۔ دنیا میں تم سے زیادہ گرفتارانِ بلا پڑے ہیں۔

(کون کہے گا کہ یہ رباعی خیام کی ہے۔ نول ۵۴)

(۱۹۳)

ہیہات! کہ ایں جسمِ مجسّم، ہیچ است — وین ظالم نہ سپہر ارقم، ہیچ است
دریاب! کہ در کشاکشِ موت و حیات — وابستۂ یک دمیم و آنہم ہیچ است

افسوس کہ یہ جسم و عالم جسمانیات کچھ بھی نہیں۔ یہ آسمان سیاہ و سفید و ظالم بے حقیقت ہے۔ یہ بات یاد رکھنا چاہیئے کہ ہم سب ایک نفس کے سہارے زندہ ہیں اور یہی موت کا ذریعہ ہے۔ اور پھر اس سانس کی بھی کوئی حیثیت نہیں۔

یہ رباعی دارالمصنفین اعظم گڑھ کے ایک مخطوطہ مجموعہ میں محقق طوسی کے نام سے درج ہے۔
نول ۱۸۶، ن ۲۷ "اے بے خبر این جسم")

(۱۹۴)

یارب تو کریمی و کریمی، کرم است — عاصی، ز چہ رو، بروں ز باغ ارم است
با طاعتم، ار بہ بخشی آں نیست کرم — با معصیتم اگر بہ بخشی کرم است

خدایا تو کریم ہے اور اصل میں تیری کریمی ہی کو کرم کہنا چاہیئے۔ جب تو کریم ہے تو پھر گناہ گار جنت سے باہر کیوں ہیں۔ کیا میں اطاعت گزاری کی وجہ سے ہی بخشا جا سکتا تھا؟ نہیں اگر اطاعت کے بدلے بخشا جاتا تو کرم نہ ہوتا۔ کرم تو یہ ہے کہ گناہگاری کے باوجود مجھے معاف کر دیا جائے۔

(یقین نہیں آتا کہ خیام کے مصرعے ہیں نول ۲۰۵ ن ۱۱۳)

(۱۹۵)

یارب، کہ دلم بہر آزار شدہ است — او جائے دگر، بہ غم گرفتار شدہ است
من در طلبِ علاج چوں می کوشم — چوں آنکہ طبیب ماست بیمار شدہ است

خدایا جس کے لیے میں بے چین ہوں وہ خود کسی کا گرفتار ہے۔ میں علاج درد کی کوشش کروں تو کیسے؟ جو میرا طبیب خود ہی بیمار ہے ـــ مژدہ باد اے مرگ عیسےٰ آپ ہی بیمار ہے

(یہ رباعی بھی خیام کی نہیں۔ نول ۳۴ "آن بت کہ دلم ....." ن ۱۱۴)

(۱۹۶)

یزداں، چو گل وجود ما را آراست — دانست، ز فعل ما چہ بر خواہد خاست
بے حکمش نیست ہر گناہے کہ مراست — پس سوختن قیامت از بہر چہ خواست

جب خدا نے ہمارے جسم کا خمیر تیار کیا۔ اسی وقت اسے معلوم تھا کہ ہم کیا کریں گے۔ اب جو گناہ بھی ہم کرتے ہیں وہ اس کے حکم کے بغیر نہیں۔ اس لیے اب قیامت کے بعد ہمارا جہنم میں جلنے کا کیا مطلب؟

(نول ۱۹۴ ن ۲۸ "ایزد چو گل....." تج ۲۸۹ دینہ ۲۷)

(۱۹۷)

یک جرعۂ مے زِ ملکِ کاؤس بہ است — از تختِ قباد و ملکت طوس بہ است
ہر نالہ، کہ رندے بہ سحر گاہ زند — از طاعتِ زاہدانِ سالوس بہ است

شراب کا ایک گھونٹ، کاؤس کی شاہی، قباد کے تخت اور طوس کی حکومت سے بہتر ہے۔ صبح کے وقت رندوں کی فریاد، مکار زاہدوں کی نمازوں سے بہتر ہے۔

(نول ۱۲۲، ن ۱۱۵، ف ۵۲ تح ص ۲۸۸ دلیسنہ ۴۱)

(۱۹۸)

یک ہفتہ شراب خوردہ باشی پیوست — ہاں، تا نہ نہی تو روزِ آدینہ ز دست
در مذہبِ ما شنبہ و آدینہ یک است — جبّار پرست باش، نہ روز پرست

ایک ہفتے تک مسلسل شراب پی اور اگر جمعہ آجائے تو خبردار اس دن بھی پیالہ ہاتھ سے نہ رکھنا "ہر گناہ ہے کہ کہتی دو شب آدینہ مکن" کیونکہ ہمارے مشرب میں شنبہ اور جمعہ برابر ہیں۔ چونکہ انسان کو خدا پرست ہونا چاہیے، یہ دِنوں کا پوچھنا کیا۔ **میخوار جمعہ کو شراب نہیں پیتے۔**

(نول ۷۶)

ج

(۱)

تا بتوانی، غمِ جہاں ہیچ مسنج — بر دل منہ از آمدہ و نا آمدہ رنج
خوش می خور و می بخش دریں دیرِ سپنج — با خود نہ بری جوے، اگر داری گنج

جہاں تک ہو سکے غمِ دنیا کا کوئی وزن نہ سمجھو کسی نعمت کے ملنے نہ ملنے کا دل پر اثر نہ لو۔ مسرتوں کے ساتھ شراب پیو۔ داد و دہش کرو۔ کیونکہ اگر خزانوں کے مالک ہو تو یہاں سے ایک جو بھی نہیں لے جا سکتے۔

(نول ۲۲۶۔ ن ۱۱۶۔ دلیسنہ 45)

چ

(۲)

بنگر ز جہاں، چو رخت بر بستم ہیچ — وز حاصلِ عمر چیست، در دستم ہیچ
شمعِ طربم، و می چو بنشستم ہیچ — من جامِ جمم و لے چو بشکستم ہیچ

غور کرو کہ جب یہاں سے سامانِ سفر تیار کر لیا تو دنیا کیا رہی ؟ اس عمر و زندگانی کا حاصل کیا ہاتھ آیا۔ میں مسرتوں کی شمع ہوں۔ جب تک جل رہا ہوں لوگ خوش اور جب جل بجھا تو کچھ بھی نہیں۔ جامِ جمشید ہوں اور جب ٹوٹ گیا، تو بے حقیقت ٹھیکرا۔

(یہ رباعیاں خیّام کی نہیں معلوم ہوتیں۔ نول ۲۲۹۔ نسخہ بمبئی مجموعہ خطی دار المصنفین بنام خیّام)

ح

(۱)

ای، عارضِ تو نہادہ بر نسرین طرح
روئ تو فگند، پر بتانِ چین طرح
دے غمزۂ تو، داد شہ بابل را
اسپ و رخ و فیل و بیذق و فرزین طرح

اے محبوب تیرے رخساروں نے گل نسرین کو اور تیرے چہرے نے چین کے حسینوں کو شکست دے دی کم قیمت بنا دیا، تیرے ناز و انداز نے جادوئے بابل کی تمام گوٹوں (اسپ و رُخ و فیل و پیدل و فرزین) کو شہ مات دی۔ کون ہے جو تجھ سے سر بر ہو سکے۔ (یہ رباعی صرف نول کشوری ۲۲۸ نسخے میں ہے)

(۲)

کو مطرب و مے، تا بدہم داد صبوح
خوش وقت دلے کہ می کند یادِ صبوح
مارا بجہاں، سہ چیز می باید خوش
سرمستی و عاشقی و فریادِ صبوح

صبوح :- صبح کی شراب۔

مطرب و ساقی کہاں ہے کہ میں مے نوشیِ صبح کی داد دوں۔ کس قدر خوش نصیب ہے وہ شخص جو صبح کو یاد کرتا ہے۔ ہمارے لیے تو دنیا میں تین اچھی چیزیں ہونی چاہئیں۔ سرمستی، عاشقی اور صبح کی شراب پی کر ہاؤ ہُو کرنا۔ (ن ۲۲۷۔ دلیسنہ ۹۶)

خ

(۱)

چوں عمر بسر رسد، چہ شیریں و چہ تلخ ؟
پیمانہ چو پُر شد، چہ بغداد چہ بلخ ؟
مے نوش! کہ بعد از من و تو ماہ بسے
از سلخ بہ غرّہ آید و از غرّہ بہ سلخ

بغداد و بلخ :- پیگیس، خطِ جام۔ جام میں سات خطیوں ہوتے تھے۔ پہلا جور، دوسرا بغداد، تیسرا البصرہ

چوتھا ازرق، پانچواں درشکر، چھٹا خط کاسہ گر، ساتواں خط فرودینہ۔
سلخ :- آخری تاریخ ۔ غرّہ :- پہلی تاریخ۔
جب زندگی انتہا کو پہنچ جائے تو آسائش و مشکل کیسی، جب پیمانہ بھر جائے تو کسی خط جام کا ذکر ہی کیا۔ شراب پی، کہ میرے اور تیرے بعد چاند اکثر عروج پر آئے گا۔ اور زوال پائے گا۔ اس لیے آغاز ماہ اور آخری راتوں کی فکر نہ کر، جو بھی وقت ملے شراب پی۔
(نول ۲۲۹ ف ۵۳ ن ۱۱۷۔ دلیسنہ ۹۷ آتشکدہ)

د

(۱)

آورد بہ اضطرابم اوّل بہ وجود
جز حیرتم از حیات، چیزے نہ فزود
رفتیم بہ اکراہ، وندانیم چہ بود
زین آمدن و بودن و رفتن مقصود

پہلے تو مجھے مجبور کرکے پیدا کیا گیا۔ پھر اس زندگی سے حیرت کے علاوہ کوئی چیز زیادہ نہیں ملی۔ جب یہاں سے سفر کیا تو یہ نہ معلوم ہو سکا۔ کہ اس آنے جانے اور ہونے کا مقصود کیا تھا۔
(نول ۳۲۲۔ آتش کدہ)

(۲)

آں را کہ بہ صحرائے علل تاختہ اند
بے او ہمہ کارہا بہ پرداختہ اند
امروز بہانۂ در انداختہ اند
فردا ہمہ آں بود کہ در ساختہ اند

جسے علتوں کے میدانوں میں دوڑایا گیا ہے۔ اس کے بغیر بھی تمام کام پورے ہو رہے ہیں۔ اصل میں انھوں نے ایک بہانہ پیدا کر رکھا ہے۔ کل وہی ہوگا، جو پہلے سے طے کر رکھا ہے۔ ہمارا وجود و عدم، ہمارا عمل اور نتیجۂ عمل کچھ بھی نہیں۔ (ف ۵۵)

(۳)

آرند یکے و دیگرے بربایند
بر ہیچ کسے راز ہمی نکشایند
ما را ز قضا ایں قدر بنمایند
پیمانۂ عمر ماست، می پیمایند

ایک کو لایا اور دوسرے کو اٹھایا جاتا ہے، مگر اس کا راز کسی کو بتلایا نہیں جاتا۔ قضاو قدر کی باتوں کا ہمیں کچھ علم نہیں۔ ہاں ہماری عمر کا پیالہ ضرور گردش میں ہے۔
راز وجود، ہمارا آنا جانا، سب ایک راز ہے اور ناقابلِ حل۔ اگر ہم پوچھیں بھی تو کہا جاتا ہے

"من امر ربی" (ف ۵۸)

(۴)

آں روز کہ توسنِ فلک زین کردند | و آرائشِ ماہ و مشتری و پروین کردند
ایں بود نصیب ما ز دیوان قضا | ما را چہ گنہ؟ قسمت ما ایں کردند

جس دن آسمان کو سرگرم رفتار کیا۔ اور چاند، مشتری اور پروین جیسے تاروں سے آراستہ کیا گیا۔ اس دن دفتر قضا و قدر سے ہمیں اسی طرح قرار دیا گیا کہ عاشق و میخوار و گنہ گار ہوں۔ تو اب ہماری خطا کیا۔

(نول ۲۸۴۔ ن ۲۱۔ دلیسنہ ۱۱۲۔ آتشکدہ بنام بابا افضل)

(۵)

آں قوم، کہ در مقام تمکیں رفتند | با آخر کار، جملہ مسکیں رفتند
مسکین، مسکین، بہ مرگ ہم می گفتند | واں طائفہ کاندرہ تحسیں رفتند

وہ لوگ جو عزت و جلالی کی منزلوں میں تھے، آخر کار غریب و ذلیل اُٹھے۔ جن کی ہر وقت مدح و ستائش کی جاتی تھی۔ مرتے دم لوگ انھیں غریب و مسکین کہتے تھے۔ (نول ۲۹۲)

(۶)

آں قوم کہ سجادہ پرستند، خراند | زیرا کہ، بہ زیر بارِ سالوس دراند
دیں از ہمہ طرفہ تر، کہ در پردۂ زہد | اسلام فروشند، وز کافر بتراند!

یہ صاحبان سجادہ و تسبیح گدھے ہیں۔ کیونکہ ان پر مکاری کا بوجھ لدا ہوا ہے۔ پھر لطف بالائے لطف یہ ہے کہ زہد کے پردے میں اسلام فروشی و دین داری ظاہر کرتے ہیں۔ حقیقت میں یہ لوگ کافروں سے بدتر ہیں۔ (نول ۳۹۹۔ ن ۱۲۸)

(۷)

آں کاسہ گرے، کہ کاسۂ سرہا کرد | در کاسہ گری صنعت خود پیدا کرد
بر خوانِ وجودِ ما، نگوں کاسۂ نہاد | واں کاسۂ سر نگوں ترا رسوا کرد

اس کاسہ ساز نے کہ جس نے سروں کے پیالے بنا کر صناعی میں کمال حاصل کیا ہے۔ ہمارے کاسۂ سر (قسمت) کو اُلٹ دیا۔ اسی اُلٹی قسمت نے ہمیں ذلیل و خوار کیا ہے ـــــ یہ تینوں رباعیاں غلط طور پر خیام سے منسوب معلوم ہوتی ہیں۔ (نول ۲۶۰)

(۸)

آں کس، کہ زمین و چرخ و افلاک نہاد
بس داغ، کہ او بر دلِ غمناک نہاد
بسیار لبِ چو لعل، و زلفینِ چو مشک
در طبل زمین و حقّہٴ خاک نہاد

جس نے زمین و آسمان بنائے، اس نے ہمارے دلِ غمزدہ پر ہزاروں داغ بھی ڈال دئے، نہ معلوم کتنے سرخ لب اور کتنی مشکیں زلفیں زمین کے عطر خانے اور خزانے میں چھپائی ہیں۔

(نول ۲۳۳ ن ۱۳۲ ف ۵۷ دلینہ ۱۰ تح ص ۲۹۰)

(۹)

آں کس کہ گنہ بہ نزدِ او سہل بود
ایں نکتہ بگوید آں کہ او اہل بود
علمِ ازلی، علّتِ عصیاں کردن
نزدیکِ حکیم، غایتِ جہل بود

جس کے نزدیک گناہ کوئی بات نہیں (وہی یہ بات کہہ سکتا ہے، کہ ہماری شراب نوشی علم خدا میں ہے۔ اگر ہم مے نوشی نہ کرتے تو علم خدا علم نہ رہتا) یہ نکتہ نہیں کہہ سکتے کہ علم خدا گناہ کے لیے علت ہیں کیونکہ یہ بات حکماء کے نزدیک انتہائی جہالت ہے۔

(یہ رباعی قطعاً خیام کی نہیں۔ بلکہ کسی نے "ناکردہ گناہ در جہان کیست بگو" کا جواب لکھا ہے۔ نول ۲۲۷)

(۱۰)

آنہا، کہ اساسِ کار، بر زرق نہند
آیند، میانِ جان و تن فرق نہند
بر فرق نہم سبوئے مے را پس ازیں
گر ہمچو خروسم، ارّہ بر فرق نہند

زرق :۔ فریب ۔ فرق :۔ سر

جو لوگ اپنے معاملات کی بنیاد فریب و ریاکاری پر رکھتے ہیں، وہ آئیں اور روح و جسم میں فرق کریں۔ میں نے طے کر لیا ہے، کہ اب سر پہ شراب کی صراحی رکھا کروں گا، گو مرغ کی طرح میرے سر پہ آرہ ہی کیوں نہ چلائیں۔

(نول ۳۱۱ - ن ۱۱۸ تح ۲۶۳ دلینہ ۱۳۳)

(۱۱)

آنہا، کہ اسیرِ عقل و تمیز شدند
در حسرتِ ہست و نیست، ناچیز شدند
رَو باخبراں تو آبِ انگور گزین
کاین بے خبراں، بہ غورہ، مویز شدند

غورہ :۔ خوشۂ انگور - موئیز :۔ مَویز :۔ خشک انگور - منقیٰ -

جو لوگ عقل و تمیز کے پھندوں میں پھنس کر موجود و معدوم کی فکر میں مر رہے ہیں، انہیں چھوڑ دے تو

باخبروں کے ساتھ جا اور انگوری شراب پی، کیونکہ یہ بے خبر لوگ کچّے انگور ہی سے منقیٰ بن گئے ہیں یعنی خام کاری ہی کے عالم میں بوڑھے ہو گئے ہیں۔

(نول ۲۶۰ تح مں ۴،۲۷ دلیسنہ ۱۰۷)

(۱۲)

آنہا، کہ بہ فکر، دُرِ معنی سفتند | در ذاتِ خداوند، سُخنہا گفتند
سر رشتۂ اسرار، نہ دانست کسے | اوّل زیچے زدند، و آخر خفتند

زیچ:۔ زائچہ، وہ نقش جس سے ستاروں کی نشست معلوم کر کے آئندہ پر حکم لگاتے ہیں۔

وہ حکیم جنھوں نے اپنی فکر کے زور سے بڑے بڑے نکتے پیدا کیے، موتی پروئے، ذاتِ خدا پر بحثیں کیں۔ ان میں سے ایک کو بھی رازہائے قدرت کا کوئی نکتہ ہاتھ نہ آیا۔ گویا زائچے بنا کر حکم لگائے بغیر سو گئے۔

تمام کوششیں کرنے کے بعد بھی کوئی مسئلہ نتیجہ خیز نہ بنا سکے۔ (نول ۲۲۳ - ن ۱۲۹)

(۱۳)

آنہا، کہ بکارِ عقل در می کوشند | افسوس، کہ جملہ گاؤ نر می دوشند
آں بہ، کہ لباس ابلہی در پوشند | کامروز بہ عقل تیرہ مے بفروشند

جو لوگ عقل کے معاملات میں کوشش کر رہے ہیں۔ افسوس کہ ان کی یہ کوشش ایسی ہے، جیسے کوئی بیل سے دودھ دوہے، بہتر ہے کہ آج لباس بے وقوفی زیبِ تن کر کے عقل تیرہ روزگار کے ہاتھ مے فروشی کی جائے اور عقل کو بیکار بنا دیا جائے، کہ اس کمبخت کے ہاتھوں کسی کو چین نصیب نہیں۔

(نول ۳۶۳ ن ۱۱۹ دلیسنہ ۱۳۶)

(۱۴)

آناں کہ، بہ کہنہ نمدی موصوف اند | دائم بہ کفِ آب و دو نان، موقوف اند
گویند کہ "شبلی و جنید یم ہمہ" | شبلی، نہ ولی، در کرخی معروف اند

نمد پوش و خرقہ بردوش ریاکار، جن کی روزی ایک گھونٹ پانی اور دو روٹیاں ہیں۔ بڑے دعوے کرتے ہیں، کہتے ہیں "ہم شبلی و جنید بلکہ شبلی و معروف کرخی ہمارے برابر ولی ہی نہ تھے"!

(نول ۲۷۷۔ بھلا یہ اسلوب اور عہدِ خیام کا اسلوب کہاں)

(۱۵)

آنہا کہ جہاں زیرِ قدم فرسودند ... وندر طلبش ہر دو جہاں پیمودند!
آگاہ نمی شوم، کہ ایشاں شب و روز ... زیں حال چنانکہ ہست، آگہ بودند

جن لوگوں نے دنیا بھر کی خاک اُڑائی اور اس کی طلب میں دونوں جہان ناپے۔ مجھے معلوم نہیں کہ وہ رات دن اس حال سے جیسا کہ ہے آگاہ تھے۔ (نول ۳۸۳)

(۱۶)

آنہا کہ خلاصۂ جہاں، انسان اند ... بر اوجِ فلک، براقِ ہمت رانند
در معرفتِ ذاتِ تو، مانندِ فلک ... سرگشتہ و سرنگون و سرگردانند

وہ انسان جو خلاصۂ کائنات ہیں، جو براق ہمّت کو آسمان کی بلندیوں پر دوڑاتے ہیں (یعنی آنحضرتؐ) لیکن جب تیری معرفت کا موقع آتا ہے تو وہ بھی آسمان کی طرح پریشان و عاجز ہو جاتے ہیں۔ "ما عرفناك حق معرفتك" جس طرح پہچاننا چاہیے تھا نہیں پہچان سکے۔ (نول ۳۲۵)

(۱۷)

آنہا کہ در آمدند و در جوش شدند ... آشفتۂ ناز و طرب و نوش شدند
خوردند پیالۂ و خاموش شدند ... در خاکِ عدم جملہ ہم آغوش شدند

جو لوگ اس دنیا میں آئے اور ہنگامہ ساز، آشفتہ مزاج نازک دماغ، طربناک و مے نوش بنے، ان کے عیش و طرب کا نتیجہ یہ ہوا کہ دو چار پیالے پی کر چپکے لیٹ رہے اور آغوش قبر میں چلے گئے۔
(نول ۲۴۴)

(۱۸)

آنہا کہ، فلک دیدہ و دہر آرایند ... آیند و روند، و باز با دہر آیند
در دامنِ آسمان و در زیرِ زمین! ... خلقے ست کہ تا خدائے دہر آسایند

فلک دیدہ و مصیبت زدہ ہوں یا آرائش زمین و آسمان، ہوتا یہی ہے کہ آتے ہیں پھر اٹھ جاتے ہیں۔ اس کے بعد پھر آئیں گے۔ غرض دامن آسمان اور زیر زمین ایک دنیا ہے جو خدا کے دہر کے ساتھ آرام کر رہے ہیں۔

(رباعی کا فرانہ ہے۔ "دہر" کو قدیم ماننے والے شاعر کے مصرعے ہیں۔ خیام سے کوئی تعلق نہیں۔ مگر مجموعہ رباعیات نول ۲۴۳ اور ن ۱۲۵ پہ ہے)

(۱۹)

آنہا کہ کشندۂ شراب ناب اند | وانہا کہ بہ شب مدام در محراب اند
بر خشک یکے نیست، ہمہ در آب اند | بیدار یکے نیست ہمہ در خواب اند

خالص شراب پینے والے ہوں یا راتوں کو محراب عبادت میں جاگ کر بسر کرنے والے۔ ان میں سے دونوں خشک (بیگناہ) نہیں سب پانی میں (تر دامن گنہگار) ایک (خدا) جاگتا ہے باقی سب سو رہے ہیں۔

(تول ۲۸۵ ن ۱۳۰)

(۲۰)

آنہا کہ کہن شدند، وانہا کہ نو اند | ہر کس بہ مراد خویش یک یک برسند
این کہنہ جہاں، بہ کس نہ ماند باقی | رفتند و روم و دیگر آیند و روند

پرانے ہوں یا نئے، ہر ایک اپنی مراد باری باری پائے گا۔ پرانی دنیا کسی کا ساتھ نہ دے گی بہت سے چلے گئے۔ ہمیں بھی اب جانا ہے۔ اور لوگ بھی آئیں گے اور چلے جائیں گے۔

(تول ۴۰) "این سفلہ جہاں، بہ کس نہ ماند جاوید" تیسرا مصرعہ ن ۱۲۷۔ دوسرا مصرعہ "ہر یک پس از آمدن یکایک بروند" ف ۵۶)

(۲۱)

آنہا کہ، محیط فضل و آداب شدند | در جمع کمال شمع اصحاب شدند
رہ زین شب تاریک نہ بردند بروں | گفتند فسانۂ و در خواب شدند

جو لوگ فضائل و آداب کا سمندر اور باب کمال کی شمع محفل تھے، وہ بھی مشکلات و اسرار کی تاریکیوں میں رستہ نہ پا سکے۔ ان کی بحثیں ایسی تھیں، جیسے کہانیاں کہہ کر سو گئے۔
ایک خیام ہی نہیں، ہر متفکر کو یہ الجھن ہے کہ اتنی محنت کے بعد بھی کوئی مشکل حل نہیں ہوتی خواجہ نصیر الدین طوسی نے کہا ہے:-

آں قوم کہ راہ بیں فتادند و شدند | کس را بہ یقیں خبر نہ دادند و شدند
آں عقدہ کہ ہیچ کس نتانست کشاد | ہر یک بندے بر آں نہادند و شدند

(تول ۲۵۹ ن ۱۲۰، ف ۵۴ "آناں کہ" آتشکدہ، دیستہ ۱۰۲)

(۲۲)

آنگہ کہ نہالِ عمر، برکندہ شود واجزائے، زیک دگر پراگندہ شود
ورزانکہ صراحیے کنند از گلِ ما حالے کہ پُرازبادہ کنی، زندہ شود!

جس دن عمر کا پودا اُکھڑ جائے گا اور اجزائے بدن منتشر ہو جائیں اور جب ہماری خاک سے صراحی بنائیں گے تو جس وقت اسے شراب سے بھرے گا۔ وہ زندہ ہو جائے گی۔

(نول ۳۸۹ ن ۱۶۳، "نہالِ عمر من" "پُر از مَیش کنی")

(۲۳)

آں مرد نیم، کہ عدمم بیم آید کاں بیم، مرا خوشتر ازیں، بیم آید
جانیست مرا بہ عاریت دادہ خدا تسلیم کنم، چو وقتِ تسلیم آید

میں وہ شخص نہیں جو موت سے ڈرے، کہ موت کا خوف مجھے زندگی کے خوف سے اچھا معلوم ہوتا ہے۔

یہ جان خدا کی دی ہوئی امانت ہے۔ جب اس کی واپسی کا وقت آئے گا، اس کے سپرد کر دوں گا۔

(نول ۲۵۱ ن ۱۲۴ "جانیست دریں جہاں مرا عاریتے")

(۲۴)

اجرام، کہ ساکنانِ ایں ایوانند اسبابِ تردّدِ خردمند آنند
ہاں! تا سرِ رشتۂ خرد، گم نہ کنی کاناں کہ مدبرند، سرگردانند

اجرام، ستارے جو ایوانِ فلک میں رہتے ہیں، عقل مند حکیموں کی پریشانی کا سبب ہیں (وہ غور کرتے ہیں، نتائج نکلتے ہیں مگر غلط)

ہوشیار! ستاروں کے پیچھے عقل نہ کھو بیٹھنا، کیونکہ یہ مدبر و منتظم خود چکّر میں ہیں۔

یہ خیال ہے کہ اجرامِ فلکی (ستارے) کائنات پر مختلف اثر کرتے ہیں۔ وہ اثر طبیعیات و نجوم نے معین کیے ہیں، مگر نہ طبیعیات کے مسلّمات ہر جگہ نتیجہ خیز ہیں، نہ نجوم کے زائچے۔

خیّام کے لیے نظامی عروضی کا بیان ہے کہ وہ ماہر نجومی تھا، مگر احکام نجوم پہ اعتقاد نہیں رکھتا تھا۔ (نول ۲۶۸ ف ۵۹ ن ۱۳۱)

(۲۵)

از آبِ عدم، تخم مرا کاشته اند
از آتشِ غم، روح من افراشته اند
سرگشته چو باد، می روم گرد جهاں
تا خاکِ من، از چہ جائے برداشته اند

میری زندگی کی جڑوں میں فنا کا پانی دیا گیا ہے میری روح آتشِ غم سے منوّر کی گئی ہے۔ نتیجہ یہ کہ ہَوا کی طرح ساری دنیا کے چکّر لگا رہا ہوں، کہ کسی طرح یہ معلوم ہو کہ میری خاک کہاں سے لی گئی ہے ہر مصرع میں ایک عنصر کا ذکر لزوم مالا یلزم کی اچھی مثال ہے۔ نول ۳۳۹ ن ۱۳۴ "چوں باد می روم گِرد"

(۲۶)

از آمدنم، نہ بود، گردوں را سود
وز رفتنِ من، جلال و جاہش نہ فزود
وز ہیچ کسے نیز، دو گوشم نہ شنود
کایں آمدن و رفتنم، از بہر چہ بود

میرے وجود سے آسمان کو کوئی فائدہ نہیں تھا، نہ میرے جانے سے اس کے جاہ و جلال میں کوئی اضافہ ہوگا۔ لیکن میرے کانوں نے یہ بات کسی سے نہیں سنی کہ میرا یہ آنا اور جانا (وجود عدم) کسی مقصد کے لیے تھا۔ (نول ۲۳۱ ز آوردن، وز بردن۔ کاوردن و بردن من" ن ۸۶ ا دلیسنہ ۹۹ تح ص ۲۸۹ ف ۶۰)

(۲۷)

از بادۂ شب، اگر خمارم نہ بود
مَی خوردنِ روز، اختیارم نہ بود
گفتنی، "لیکن اختیار، می خوردنِ روز"!
در خوردنِ روز، بختِ یارم نہ بود

رات کی مَے خواری سے اگر مجھے خمار نہ ہوتا، تو دن کی مَے خواری میرے اختیار میں نہ ہوتی تو کہتا ہے کہ "اچھا دن ہی کو شراب پیا کرو! ہاں میں پیوں تو، مگر قسمت ساتھ نہیں دیتی (ورنہ کون ایسا کافر مشرب ہوتا، جو دونوں وقت نہ پیتا)۔ (نول ۲۸۱ دلیسنہ ۱۱۲)

(۲۸)

از دفترِ عمر، پاک می باید شد
در دستِ اجل، ہلاک می باید شد
اے ساقیِ مہ لقا، تو خوش خوش مارا
آبے درده کہ خاک می باید شد

زندگی کے دفتر سے صاف و بے تعلق اور موت کے ہاتھوں ہلاک ہونا پڑے گا۔ اے مہ لقا ساقی! خوشی خوشی مجھے شراب دے کہ ایک دن خاک ہونا ہے۔

(نول ۳۵۶ ن ۱۳۷ "خوش لقا توئی خوش مارا"۔ تح ص ۲۶۲
در چنگ اجل ہلاک می باید شد   اسے ساقیِ خوش لقا، فارغ منشین
ولیسنہ ۱۳۴)

(۲۹)

از رفتہ قلم ہیچ دگرگوں نہ شود   وز خوردنِ غم، بہ جز جگر خوں نہ شود
گر در ہمہ عمرِ خویشتن خونابہ خوری!   یک ذرّہ از آں کہ ہست افزوں نہ شود

رفتہ قلم :- بہ فکِ اضافت۔ تحریرِ قسمت۔

قسمت کا بدا اور مقدر کا لکھا بدلنے والا نہیں۔ غم سہنے سے سوائے خون پانی ایک اور جگر خون ہونے کے کوئی فائدہ نہیں۔ اگر زندگی بھر خون کے آنسو بہا ڈ حبیب بھی دنیا کا ایک ذرّہ اپنی موجودہ ہیئت سے آگے نہیں بڑھ سکتا۔ کہ جفّ القلم بما ھو کائن" (ن ۱۳۵ فقط)

(۳۰)

از مے، طرب و نشاط و مستی خیزد   در جمع کتب، خشکی و سردی خیزد
گر بادہ خوری، تو سرخ رو خواہی بود   کز خوردن سبزہ، روئے زردی خیزد

شراب سے، مسرت و مستی، کتابیں جمع کرنے سے طبیعت میں سرد مہری و خشکی پیدا ہوتی ہے۔ اگر شراب پیو، رو چہرہ سرخ ہو گا۔ کیونکہ بھنگ سے تو چہرہ زرد ہو جاتا ہے۔

(ظاہر ہے کہ یہ رباعیاں بھی خیام سے مشکوک نسبت رکھتی ہیں۔ نول ۳۲۵ "رو بادہ بخور کہ سرخ رو" ن ۱۳۲ کلیاتِ سعدی طبع اوّل کلکتہ ص ۱۲۷۳ میں یہ رباعی قابل توجہ نظر آئی۔

از مے طرب افزاید و مردی خیزد   وز طبع گیا خشکی و تری خیزد
در بادۂ سرخ پیچ و در طفل سفید   کز خوردن سبزہ روئے زردی خیزد)

(۳۱)

از رنج کشیدن آدمی، حُر گردد   قطرہ چو کشد حبس صدف، دُر گردد
گر مال نہ ماند، سر بہ ماناد بجائے   پیمانہ چو شد تہی دگر، پُر گردد!

مصیبتیں اٹھانے سے آدمی مضبوط و آزاد منش بن جاتا ہے۔ دیکھا نہیں کہ قطرۂ نیساں صدف کی قید میں رہ کر موتی نکلتا ہے؟ مال نہ رہے نہ سہی، سر تو رہے، کہ پیمانہ جب خالی ہو گا پھر بھرا جائے گا، جان ہے تو جہان ہے۔ نفسیاتی تجربہ اور ہمّت افزا پیام ہے۔ مشکلات سے مقابلہ کرنے کے لیے جرأت آفریں ہے، لیکن یہ رباعی صرف ت (۶۱) میں ہے۔

(۳۲)

از واقعہ، ترا خبر خواہم کرد! وان را بہ دو حرف مختصر خواہم کرد
با عشق تو در خاک فرو خواہم شد با مہر تو سر ز خاک، بر خواہم کرد

ایک دن موت کی تفصیل بتاؤں گا، اور اسے دو کلموں میں یوں کہوں گا: میں تیرے عشق کے ساتھ خاک میں جاؤں گا اور تیری محبت میں دوبارہ محشور ہوں گا۔ یعنے موت درحقیقت عشق کے سفر میں ایک منزل ہے اور بس۔

(نول ۲۵۲ ن ۱۳۳ نزہتہ الارواح، مگر تذکرۂ شمع انجمن میں بنام ابو یزید مظفر ہے)

(۳۳)

اسرارِ ازل، بادہ پرستاں دانند قدرِ مے و جام، تنگ دستاں دانند
گر چشمِ تو، حالِ من بداند نہ عجب شک نیست، کہ حالِ مست، ہستاں دانند

رازہائے قدرت صرف میخوار ہی جانتے ہیں، شراب و ساغر کی قیمت غریبوں سے پوچھو، اگر تم میرے حال سے واقف ہو (اور واقف کی حیثیت سے کفر کا فتویٰ لگا رہے ہو) تو تعجب کی بات نہیں، مست کا حال مست نہ جانے گا تو کون جانے گا — اَلْمَرْءُ یَقِیْسُ عَلٰی نَفْسِہٖ انسان جیسا ہوتا ہے ویسا ہی دوسرے کو سمجھتا ہے۔ زاہد پر طنز بھی ہے اور حریفانِ بادہ پیما کی مدح بھی۔ (نول ۳۹۲ ن ۱۳۸)

(۳۴)

افسوس، کہ سرمایۂ زکف بیرون شد وز دستِ اجل، بسے جگرہا خون شد
کس نامد ازان جہان، کہ پرسم از وے: کاحوالِ مسافرانِ دنیا، چون شد؟

اس کا غم ہے کہ سرمایۂ حیات ہاتھ سے نکل گیا۔ اس کمبخت موت کے ہاتھوں بہت سے جگر خون ہو چکے، افسوس تو اس کا بھی ہے کہ اُس دنیا سے کوئی واپس نہ آیا کہ اس سے پوچھا جاتا۔ "ارے مسافرانِ دنیا پر کیا گذری؟" خیّام کو یہ اُلجھن اکثر ستاتی ہے کہ "موت کے بعد کیا ہوتا ہے؟" اسے اس کا جواب نہیں ملتا۔

(نول ۳۶۱ ن ۱۳۹ ف ۶۲ - کاس الکرام ص ۷۱)

(۳۵)

افسوس، کہ نامۂ جوانی طے شد وین تازہ بہارِ زندگانی دے شد
آن مرغِ طرب کہ نام او بود شباب فریاد، ندانم کہ کے آمد، کے شد

افسوس کہ جوانی کا دفتر اُلٹ گیا، زندگی کی یہ تازہ بہار خزاں سے بدل گئی وہ طائرِ فرخندہ فال جس کا نام شباب تھا مجھے معلوم نہیں کب آیا اور (ترانے سنا کر) کب چلا گیا۔ (نول ۳۳۰ ن ۱۴۰ ف ۶۳ دلینہ ۱۴۹)

(۳۶)

اکنوں کہ، ز خوش دلی بجز نام نہ ماند ‏ امروز، کہ در دست بہ جز جام نہ ماند

دستِ طرب، از ساغرِ مے باز مگیر ‏ یک ہمدم پختہ، جز مئے خام نہ ماند

اب تو خوشی کا صرف نام ہی رہ گیا ہے۔ آج کے ہاتھ میں جام کے سوا کچھ نہیں رہا، تو خوشی کا ہاتھ شراب کے پیالے سے ہرگز نہ روک۔ خام شراب کے سوا کوئی تجربہ کار دوست نہیں رہا۔ (نول ۲۹۴)

(۳۷)

امشب، مئے جام یک منی خواہم کرد ‏ خود را، بہ دو جام مے، غنی خواہم کرد

اوّل، سہ طلاقِ عقل و دیں خواہم گفت ‏ پس دخترِ رز را، بہ زنی خواہم کرد

آج کی رات میں ایک بڑے پیالے میں شراب پیوں گا میں اپنے آپ کو شراب کے دو پیالوں سے بے پروا کر دوں گا۔ پہلے تو میں عقل اور دین کو تین طلاقیں دوں گا۔ پھر دخترِ رز کے ساتھ شادی کر لوں گا (مے نوشی میں مشغول ہوں گا)۔ (نول ۲۶۵ "من بادہ جام"۔ ن ۱۴۱ تخ ص ۲۸۳ دلینہ ۱۳۲)

(۳۸)

اندر رہِ عشق، جملہ صافاں، دُردند ‏ واللہ طلبش، جملہ بزرگان خردند

امروز، شب و روز، ز فردا ایں ست ‏ فردا طلبان در غمِ فردا مُردند

عشق کی منزل میں اعلیٰ ادنیٰ ہیں۔ اس کی تلاش میں تمام بڑے چھوٹے ہیں۔ دن رات کے جھگڑوں کا خلاصہ ہے "امروز فردا" کی فکر کرنے والے اکثر فکرِ فردا ہی میں دنیا سے اُٹھ گئے۔ (نول ۳۷۹ لیکن دوسرا شعر مشتبہ اور مغشوش ہے خصوصاً آخری مصرع)

(۳۹)

اندیشۂ جرمم، چو بہ خاطر گذرد! ‏ از آتشِ سینہ، آبم از سر گذرد

لیکن شرطیست، بندہ چوں توبہ کند ‏ مخدوم بہ لطف از سرِ آن درگذرد

جب گناہوں کا تصوّر آ جاتا ہے تو دل کی آتشِ غم سے آنکھیں آنسوؤں کا طوفان بہا دیتی ہیں۔ مگر پھر یہ سوچتا ہوں کہ اگر غلط کار غلام توبہ کر لیتا ہے تو آقا خطاؤں کو معاف کر دیا کرتا ہے۔ (واضح طور پر یہ رباعی خیام کی نہیں ہے نول ۳۰۷، دلینہ ۱۴۴)

(۴۰)

ایزد، بہ بہشت وعدہ با ما مے کرد ‏ پس در دو جہاں حرام مے را کے کرد

شخصے ز عرب، ناقۂ صالح پے کرد ‏ پیغمبرِ ما، حرام مے، بر وے کرد

جب خدا نے جنت میں شراب دینے کا وعدہ ہم سے کیا، تو پھر یہ شراب دونوں جہان میں حرام کب ہو سکتی ہے؟ بات یہ ہے کہ عرب کے ایک شخص کے ناقہ جناب صالح کو پے کیا تھا۔ ہمارے نبیؐ نے بطور سزا اس پر شراب حرام کی تھی۔

گویا جو شراب کو حرام کہتا ہے وہ ناقہ صالح کی کوچیں کاٹنے والا ہے۔ نعوذ باللہ۔ (نول ۲۹۳)

(۴۱)

این جمع اکابر، کہ مناصب دارند   از غصہ و غم، ز جانِ خود بیزارند
وانکس کہ اسیرِ حرص چوں ایشاں نیست   این طرفہ کہ آدمیش می نہ شمارند

وہ بڑے عہدے دار جو فکر و غم کی وجہ سے زندگی سے بیزار ہیں۔ وہ سب کو اپنی طرح سے اسیرانِ حرص و ہوس چاہتے ہیں اور جو ایسے نہیں اُن کو آدمی ہی نہیں سمجھتے۔ کیا خام خیالی ہے۔ (نول ندارد، ن ۱۴۳)

(۴۲)

این چرخ جفا پیشہ و دغائے بنیاد   ہرگز گرہ بستہ کس را نہ کشاد
ہر جا کہ یکے دید، کہ داغے دارد   داغے دگرش، بر سرِ آں داغ نہاد

اس جفا پیشہ، دغاباز آسمان نے آج تک کسی کی بند گرہ اور مشکل حل نہ کی، بلکہ جسے بھی دیکھا کہ اسے ایک غم ہے۔ اسے ایک اور غم دے دیا۔

(نول ۲۵۰ ن ۹۴ ۔ مصنفہ کا اس نے کہیں قطران بن منصور ترمذی (؟) کے نام سے لسے دیکھا ہے۔ ص ۳۵۴)

(۴۳)

این خلق، ہمہ خرانِ با افسوس اند   پر مشغلہ و میانِ تہی، چوں کوس اند
خواہی، کہ کعبِ پائے ترا می بوسند   خوش نام مہ زی، کہ بندۂ ناموس اند

یہ دنیا قابلِ رحم گدھوں سے بھری ہوئی ہے۔ باہر تو شور اشوری اور اندر سے کچھ بھی نہیں جیسے ڈھول۔ ان میں رہ کر اگر تم یہ چاہو کہ سب تمھارے قدم چومیں تو ناموری حاصل کرو۔ یہ تمھارے غلام ہیں۔ کیونکہ یہ شہرت کے پرستار ہیں۔

(نول ۳۰۱ ن ۱۵۰ دلینہ ۱۲۱ تینوں رباعیاں خیام کی طرف زبردستی منسوب ہیں)

(۴۴)

این عقل، کہ در رہِ سعادت پوید   روزے صد بار، خود ترا می گوید
دریاب، تو ایں یکدم وقتت کہ نۂ   آن ترہ کہ بدروند و دیگر روید

یہ عقل جو سعادت کے راستے میں چلتی ہے، دن میں بار ہا تجھے سمجھاتی ہے کہ "اے انسان! فرصتِ یک لحظہ کو غنیمت سمجھ، کہ تو کھیرا ککڑی نہیں جو بوئے جائیں اور کاٹتے جائیں"۔ بس ایک مرتبہ مرا تو دوبارہ اس دنیا میں آنا نہیں ہوگا۔

فروغی کہتے ہیں کہ جو لوگ خیام کو قائل تناسخ بتاتے ہیں انھیں اس قسم کی رباعیاں غور سے دیکھنا چاہیئے۔
(نول ۲۶۴ ن ندارد ف ۶۵ تح ص ۲۶۱ دلینہ ۱۰۹)

(۴۵)

این قافلۂ عمر، عجب می گزرد
دریاب دمے، کہ با طرب می گزرد
ساقی! غمِ فردائے حریفاں چہ خوری
پیش آر پیالہ را کہ شب می گزرد

زندگی کا یہ قافلہ عجب انداز سے گزر رہا ہے، لہٰذا جو دم بھر مسرت نصیب ہوئی، اسے غنیمت سمجھو۔ ساقی! حریفوں کے مستقبل پر سوچنا اور غم کھانا چھوڑ دے۔ پیالہ دے کہ رات گزری جا رہی ہے۔ کل کا کام کل کے ساتھ ہے۔ (نول ۲۴۳ ن ۱۴۵ ف ۶۶ دلیسنہ ۱۰۳ تح ص ۲۹۱)

(۴۶)

این کوزہ گران کہ دست در گل دارند
عقل و خرد و ہوش، براں بگمارند
مشت و لگد و طپانچہ تا چند، زنند
خاکِ بدن است، چہ می پندارند

یہ کوزہ گر و صراحی بنانے والے جو مٹی میں ہاتھ سانتے ہیں، پھر اسے تیار کرنے میں جان لڑاتے ہیں۔ ہاتھوں پیروں سے گوندھتے وقت نہ معلوم کیا سوچتے ہیں۔ کہ خاک جسم و بدن پر ظلم ڈھاتے ہیں۔

(خیال خیام کا ہے مگر اسلوب کسی اور کا۔ جواب مقابلہ کی رباعی معلوم ہوتی ہے۔ نول ۲۵۶ ن ۱۴۶)

(۴۷)

اے ہم نفساں! بہ مے مرا قوت کنید
ویں چہرۂ کہربا، چو یاقوت کنید
چوں فوت شوم، بہ بادہ شوئید مرا
وز چوبِ رزم تختۂ تابوت کنید

دوستو! مجھے کھانے کے بجائے شراب دو۔ کہ میرا زرد چہرا (کہربا رنگ)، یاقوت کی طرح سرخ ہو کر چمک اٹھے۔ جب مروں تو شراب ہی سے نہلانا، اور انگور کی لکڑی کا تابوت بنا کر اس میں رکھنا۔

(شاید یہی خیام کی رباعی ہو۔ نول ۳۰۶ ن ۱۴۷ تح ص ۲۹۰ دلیسنہ ۱۲۶ کنند۔ سوئید۔ کنند۔ این ہم نفسان وغیرہ)

(۴۸)

اے بسکہ نباشیم و جہاں خواہد بود
نے نام زما، نے نشان خواہد بود
زیں پیش نہ بودیم و نہ بُد ہیچ خلل!
زیں پس چو نباشیم، ہماں خواہد بود

کچھ دنوں بعد ہم نہ ہوں گے، اور ہم کیا ہمارا نام و نشان بھی نہ ہوگا۔ مگر یہ دنیا ہوگی۔ آخر اب سے پہلے بھی تو ہم نہ تھے، ہمارا وہم و گمان بھی نہ تھا۔ اس کے بعد جب ہم نہ ہوں گے تو وہی ہوگا جو پہلے تھا اوّل کو دیکھ کر آخر پر استدلال ہے۔ طبیعت کو تسلّی دے رہا ہے۔

(نہ معلوم کس کی رباعی ہے، خوب ہے۔ نول ندارد، ن ۱۲۲)

(۴۹)

اے دل! مَطَلب، دوا ز معلولے چند مشغول مَشو بہ ہرزہ مشغولے چند
پیرامنِ آستان درویشان گرد تا بو کہ شوی قبول مقبولے چند

اے دل، ان مخلوقات سے دوا نہ مانگ، جو لوگ خود اپنے اپنے جھگڑوں میں محو ہیں ان سے دل نہ لگا جا درویشوں کے آستان کا پرستار بن، شاید کسی مقبول بارگاہ کی بارگاہ میں مقبول ہو جا۔

(سلیمان ندوی کہتے ہیں کہ یہ رباعی بوڈلیں کے نسخے میں ہے۔ مگر مجموعہ مخلوطہ اعظم گڑھ میں کچھ اختلافات کے ساتھ باخرزی کے نام سے ہے)

(۵۰)

با ایں دو سہ نادان، کہ چناں می دانند از جہل کہ دانائے جہاں ایشانند
خر باش، کہ از خریِ ایشاں بہ مَثَل ہر کونہ خرست، کافرش می دانند

یہ دو چار احمق جو جہالت کی بنا پر اپنے آپ کو دانائے جہاں اور حکیم عصر جانتے ہیں، ان سے محتاط رہو۔ اگر ملو تو گدھے بن کر، کیونکہ ان کی حماقت کا تقاضا یہ ہے کہ جو گدھا نہ ہو، اسے یہ کافر کہا کرتے ہیں۔ (نول ندارد ن ۱۵۱)

(۵۱)

با مردم نیک و بد، نمی باید بود در بادیۂ دیو و دد، نمی باید بود
مفتونِ معاشِ خود، نمی باید بود مغرور، بہ فضل خود، نمی باید بود

اچھے بُرے آدمی کے ساتھ نہیں رہنا چاہیئے۔ یعنی شیطان و درندوں کے جنگل میں رہنا اچھا نہیں نہ اپنی روزی کی فکر کرو، نہ اپنے علم و فضل کا غرور۔

(ظاہر ہے کہ یہ گوشہ نشینی کا پیام خیام کا نہیں۔ نول ۳۷۳)

(۵۲)

با مے بکنار جوئے می باید بود! از غصہ کنارہ جوئے، می باید بود
ایں نزہتِ عمرِ ما چو گل دہ روزہ است خنداں لب و تازہ روئے، می باید بود

شراب لے کر نہر کے کنارے رہنا چاہیئے۔ دنیا سے کنارہ اختیار کرنا چاہیئے۔ ہماری زندگی کی یہ لطافت پھول کی طرح چند ہی روز کی ہے۔ اس لیے جہاں میں یوں رہنا چاہیئے لب ہنستے ہوئے اور چہرہ تازہ رہے۔

(نول ۳۴۶۔ یہ رباعی دیوان حافظ مطبوعہ نول میں بھی ہے کاس صـ۱۶۶)

(۵۳)

بدخواہِ کسان، بہ ہیچ مقصد نہ رسد	یک بد نہ کنند، تا بد و صد نہ رسد
من نیکِ تو خواہم و تو خواہی بدِ من	تو نیک نہ بینی و بہ من بد نہ رسد

حاسد کبھی کامیاب نہیں ہوتا۔ وہ ایک بُرائی کرتا ہے اور سو نقصان اُٹھاتا ہے۔ یہ قاعدہ ہے کہ اگر میں تمھارا نیک خواہ ہوں اور تم میری بد خواہی کرو تو میں بدی سے بچوں گا اور تم نیکی سے محروم رہو گے۔ (یہ داعتلانہ انداز بھی خیام کا نہیں۔ نول ۳۵۸)

(۵۴)

بر پشتِ من از زمانہ تُو می آید	وز من ہمہ کار، نانکو می آید
جان عزم رحیل کرد، گفتم بہ مرو	گفتا چہ کنم؟ خانہ فرو می آید

فلک کمر جھکائے میرے پیچھے ہے، کوئی اچھا کام مجھ سے ہوتا نہیں۔ روح تن سے نکلنے لگی، تو میں نے اسے روکا۔ روح نے کہا: نہ جاؤں تو کیا کروں کہ گھر گرنے کو ہے۔ یہ دیوار عناصر روح کو رہنے کہاں دیتی ہے؟

(ف ۶۷۔ نول، نون ندارد)

(۵۵)

بر چرخِ فلک ہیچ کسے چیر نہ شد	وز خوردن آدمی، زمین سیر نہ شد
مغرور بدانی کہ نہ خورد ست ترا	تعجیل مکن، ہم بہ بخورد، دیر نہ شد

آسمان پر کوئی غالب نہ آسکا۔ انسانوں کو کھانے سے زمین کا پیٹ نہ بھرا۔ جاہل دمغرور سمجھتا ہے کہ زمین چھوڑ دے گی۔ اس میں جلدی کی کیا بات ہے۔ ابھی باری آتی ہے۔

حافظ نے یہ تنبیہ ان لفظوں میں کی ہے:۔

رہزنِ دہر نخفتہ است، مشو ایمن ازاد	اگر امروز نبرد است، کہ فردا بہ بُرد

(نولی ۹۸)

(۵۶)

بر چشم تو عالم ارچہ می آرایند	مگرائے بدان کہ عاقلان نگرایند
بسیار چو تو روند و بسیار آیند	بربائے نصیبِ خویش، کت بربایند

اگر آنکھوں کے سامنے دنیا جنت بنادی جائے، تو فریفتہ نہ ہونا کہ عقل مند اس پہ مائل نہیں ہوتے۔ یہاں تو تم جیسے بہت سے گئے اور بہت سے آئیں گے۔ تم اپنا حصہ لے لو کہ یہ دنیا تمھیں کو

لے لے گی۔

(نول ۲۴۵ تیسرا مصرعہ چوتھا، اور چوتھا تیسرا ہے۔ ف ۶۹ دلیتہ ۱۰۴)

(۵۷)

بر روئے نکوئے ولب جوئے وگل ورد — تا بتوانم، عیش و طرب خواہم کرد
تا بودہ ام و باشم و خواہم بودن — مے خوردہ ام و می خورم و خواہم کرد

حسینوں کے مجمع، نہر کے کنارے۔ گل و مُل سے جتنا ہو سکے گا عیش و طرب حاصل کروں گا
جب سے میں ہوں شراب پیتا ہوں، جب تک رہوں گا شراب پیتا رہوں گا۔ (نول ۳۴۷ ن ۱۵۲)

(۵۸)

بر من قلم قضا چو بے من رانند — پس نیک و بدش ز من چرا می دانند؟
دے بے من و امروز چو دے بے من و تو — فردا بہ چہ حجتم بہ داور خوانند؟

کارکنانِ قضا و قدر نے میری قسمت میری رائے کے بغیر لکھی۔ اب اس کے اچھے بُرے کا مجھ سے کیا تعلق؟ گذشتہ دن مجھ سے خالی تھا اور آج بھی گویا کوئی نہیں (کہ جو ہیں وہ مجبور ہیں) اب کل خالق عادل کے سامنے کس دلیل پر مجھے طلب کیا جائے گا!

میرؔ نے کہا ہے:-

ناحق ہم مجبوروں پر یہ تہمت ہے مختاری کی
چاہتے ہیں سو آپ کریں ہیں ہم کو عبث بدنام کیا

اور غالبؔ نے تو خیام ہی کا خیال نظم کیا ہے اور عین وہی بات کہی ہے کہ:-

پکڑے جاتے ہیں فرشتوں کے لکھے پر ناحق — آدمی کوئی ہمارا دمِ تحریر بھی تھا؟

(نول ۳۷۰ ف ۷۰)

(۵۹)

بوسیدہ مُرقّع اند، ایں خامے چند — نارفتہ، رہِ صدق و صفا، گامے چند
بگرفتہ ز طامات، الف لامے چند — بدنام کنندۂ نکو نامے چند

مُرقّع:- پیوند دار کمبل۔ خرقہ۔ طامات:- مبالغہ آمیز دعوے کرنے والا اور جھوٹا آدمی۔ صوفی ریا کار۔ خود ستائی۔

یہ دو چار گدڑی پہننے والے خام و ناپختہ کار، راہِ صدق و سلوک میں دو قدم بھی چلے بغیر،

خودستائی کے لیے دو چار لفظ یاد کر کے نیک کاموں کو بدنام کرتے ہیں۔ (نول ۲۴۶)

(۶۰)

گر بادہ خوری، ہم بہ خمارے ارزد
بوئے خوشِ گل، بہ زخم خارے ارزد
انصاف بدہ بہ انتظارے ارزد
یارے کہ از و ہزار جاں تازہ شود

خوشبو کے لیے کانٹوں کے زخم اور شراب کے لیے تکلیف خمار گراں نہیں۔ جس دوست سے دل کر روح کو تقویت حاصل ہو۔ انصاف کی بات یہ ہے کہ اس کے لیے انتظار کرنا بُرا نہیں۔

(خیام کا رنگ یہ نہیں۔ نول ۲۶۰ - ن ندارد۔ دلینہ ۱۰۰)

(۶۱)

با خوردن مے، قصد بہ جانم دارد
بیمارم و تب، در استخوانم دارد
جز بادہ خورم، ہمہ زیانم دارد
ویں طرفہ نگر، کہ ہر چہ در بیماری

بیمار ہوں، ہڈیوں میں بخار بیٹھ گیا ہے۔ شراب پی کر جان دینے کا ارادہ ہے۔ مگر تعجب یہ ہے کہ اس بیماری کے عالم میں بھی اس ظالم شراب کے علاوہ جو چیز بھی استعمال کرتا ہوں اس سے نقصان ہی ہوتا ہے۔ (نول ۳۲۶ دلینہ ۱۴۰ - یہ رنگ بھی خیام کا نہیں)

(۶۲)

گلنارِ رخم، بہ رنگ آبی دارد
پیری سر و برگ در خرابی دارد
ویران شدہ و رُو بخرابی دارد
بام و در و چار رکن دیوار وجود

بڑھاپے میں تباہی کے آثار ہیں۔ گلابی چہرہ نیلا ہو گیا۔ بام و در اور دیوار وجود کے اربعہ عناصر خراب ہو کر تباہ ہونے کو ہیں۔

(نول ۲۶۱ "پیری سر رائے بے صوابی دارد" ن ۱۵۳ دلینہ ۱۰۸)

(۶۳)

در دامنِ زہدِ زاہداں، آتش باد!
پیوستہ خرابات، ز رنداں خوش باد!
افگندہ بہ زیر پائے دُردی کش باد!
آں دلق بہ صد پارہ و آں صوف کبود

خرابات رندوں سے ہمیشہ آباد رہے، زاہدوں کے خرقہ و جبہ میں آگ لگے۔ ان ریاکار صوفیوں کی گدڑیاں اور ان کے نیلے صوف دردی کش، تلچھٹ پینے والوں کے پاؤں تلے روندن میں آئیں۔

(نول ۳۳۶)

(۶۴)

تا چند اسیر رنگ و بو خواہی شد — چند، از پئے ہر زشت و نکو، خواہی شد
گر چشمۂ زمزمی، و گر آبِ حیات — آخر، بہ دل خاک فرو خواہی شد

اس رنگ و بو پر کب تک فریفتہ رہوگے۔ کب تک ہر اچھے بُرے کے پیچھے لگو گے؟ یاد رہے کہ تم کتنے ہی محبوب بنو، لوگ چشمۂ زمزم و آب حیات کی طرح سمجھ کر گھیرے رہیں، لیکن آخر کار تہ نشیں و قبر گزین ہونا ہوگا۔

(نول ؟ ن ۵۶، ف ۱، ۷ مجھے اس رباعی کی نسبت میں شک ہے)

(۶۵)

تا خاکِ مرا بہ قالب آمیختہ اند — بس فتنہ، کہ از خاک بر انگیختہ اند
من بہتر ازین نمی توانم بودن — کز بوتہ مرا چنیں برون ریختہ اند

جب سے میرا مجسمہ خاکی قالب چڑھا اور تیار ہوا ہے۔ خدا جانے اس دنیا میں کس قدر فتنے سر اُٹھا چکے ہیں۔ اب جیسا ہوں اس سے بہتر نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ کارکنان قضا و قدر سے گھریا سے یونہی انڈیل کر بنایا ہے۔ اب اگر میرا ہونا فتنہ و فساد کا سبب ہے، تو میرا کیا قصور اور مجھ میں کیا عیب؟

(نول ۳۵۳ مجمع الفصحا بنام بو علی سینا)

(۶۶)

تا راہِ قلندری نہ پوئی، نہ شود — رخسارہ بہ خون دل نہ شوئی، نہ شود
سودا چہ پزی تا کہ چو دل سوختگان — آزاد بہ ترکِ خود نہ گوئی نہ شود

قلندری کی راہیں طے کیے بغیر کچھ نہیں ہو سکتا۔ چہرہ خونی کے آنسوؤں سے دھونا ہی پڑیگا۔ خیالی پلاؤ کیا پکاتے ہو؟ دل جلے عارفوں کی طرح، جب تک ترکِ خودی نہ کروگے سب کچھ بیکار ہے۔ قلندری کے لیے ترک خودی و آزاد منشی شرط اوّل ہے۔ کہ شرط اوّل قدم آنست کہ مجنوں باشی۔ (ف ۲، ۷۔ ذوق گواہ ہے کہ یہ رباعی خیام کی نہیں)

(۶۷)

تا زہرہ و مہ، در آسمان گشت پدید — بہتر ز مئے ناب، کسے ہیچ نہ دید
من در عجبم ز مے فروشاں، کایشاں — بہ زانکہ فروشند، چہ خواہند خرید

آسمان پر زہرہ و ماہتاب جب تک نظر آتے رہیں گے۔ اس وقت تک شراب خالص سے بہتر

کوئی چیز نہ ملے گی۔ مجھے تو یہ حیرت ہے کہ مے فروش اسے بیچ کر خریدیں گے کیا؟
آدمی کوئی چیز بیچ کر اس سے زیادہ کارآمد و بہتر چیز خریدتا ہے۔ جب شراب سے بہتر کوئی چیز ہی نہیں تو اسے بیچتے کیوں ہیں؟

(نول ۳۴۸ ن ۱۵۵ ت ۳، ۷ تح ص ۲۸۲ آتش کدہ)

(۶۸)

تا یار شراب جان فزایم نہ دہد — صد بوسہ، فلک بر سرد پایم نہ دہد
گویند کہ "توبہ کن، اگر وقت آید" — چوں توبہ کنم، اگر خدایم نہ دہد

لوگ یہ چاہتے ہیں کہ ساقی دل ربا مجھے شراب روح پرور نہ دے اور آسمان میرے سرو قدم کو نہ چومے۔ مجھ سے کہتے ہیں:۔ کہ "مرتے دم تو توبہ کر لو"۔ کہنے والو اگر خدا توفیق نہ دے تو کیوں کر توبہ کروں، یہ روکنے والے میری عزت کے دشمن اور عروج اقبال کے حاسد ہیں۔ (نول ۳۴۲)

(۶۹)

توبہ مکن، از مے اگرت می باشد — صد توبہ ندامات در پے باشد!
گل جامہ دران و بلبلاں نعرہ زناں — در وقت چنیں، توبہ روا کے باشد؟

اگر ہو تو شراب سے توبہ نہ کرنا۔ کیونکہ سینکڑوں مرتبہ یہ ندامتیں ہوں گی اور توبہ کا وقت آئے گا مگر توبہ کا وقت کب ہے؟ ایک طرف گلوں کی قبا چاک، دوسری طرف بلبلیں چیخ رہی ہیں۔

نول ۳۴۱، ن ۱۵۷)

(۷۰)

توبہ نہ کند، ہر کہ ثباتش باشد — از بادہ، کہ چوں آب حیاتش باشد
اندر رمضان، اگر کسے توبہ نکرد — بارے، ز نماز ہا نجاتش باشد؟

شراب سے مستقل مزاج تو کبھی توبہ کرتے نہیں۔ کیونکہ وہ تو آب حیات ہے۔ اور پھر اگر رمضان میں بھی توبہ نہ کی تو نماز سے بھی نجات (اور روزے سے بھی) کیونکہ شراب پی کر نماز پڑھنے کی ممانعت ہے۔ (لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوۃَ وَاَنْتُمْ سُکَارٰی (س ۴ ی ۴۳)

(نول ۳۷۹۔ اندر رمضان اگر کسے توبہ کند۔ ن ۱۵۸ میں بھی یہی ہے۔ میکدۂ خیام میں یہ مصرع ہمارے متن کے مطابق ہے۔ مگر ترجمہ میں خلط صحت ہے)
رباعی کی نسبت مشکوک ہے۔

(٧١)

جانم بہ فدائے آنکہ او اہل بود — سر در قدمش اگر نہم، سہل بود
خواہی کہ بہ دانی بہ یقین دوزخ را؟ — دوزخ بہ جہاں صحبتِ نااہل بود

اہل ولائق پہ جان قربان، بلکہ اگر اس کے قدموں پر سر رکھ دوں تو کوئی عجیب بات نہیں اگر یقین کے ساتھ یہ معلوم کرنا ہو کہ دوزخ کیا ہے؟ تو دنیا میں نااہل کی ہم نشینی کر کے دیکھو۔
کسی نے خوب کہا ہے:۔

زنہار از قرین بد زنہار — وَقِنَا رَبَّنَا عَذَابَ النَّارِ

(نول ۲۴۰ ن ۱۵۹ ـ مشتبہ)

(٧٢)

چندان مَرَو ایں رہ کہ دوئی برخیزد — گر نیست دوی، زرہروی برخیزد
تو او نہ شوی، ولیک اگر جہد کنی — جائے نہ رسی، کز تو توئی برخیزد

راہ معرفت و سلوک میں اتنا نہ بڑھو کہ دوئی ختم ہو جائے۔ اگر دوئی خیال میں نہ رہی تو دین سے نکل گیا۔ کہ اصل ذات خدا اور اپنی ذات کو ایک سمجھنا کفر ہے۔ یہ بات یاد رہے کہ کتنی ہی ریاضت کرو۔ تم، وہ (خدا) نہیں بن سکتے۔ ہاں کوشش سے آنا، اور خودسری ختم کرو تو بات ہے۔

(ن ۳۴۵ چنداں برد۔ ظاہر ہے کہ رباعی خیام کی نہیں، بلکہ کسی ایسے متکلم کی طبع زاد ہے جو وحدتِ وجود و تصوّف کا منکر تھا)

(٧٣)

چوں دست بہ داماں ہوس می نہ رسد — جامے بہ مرادِ دل، بہ کس می نہ رسد
دردِہ قدحے درد، کہ جام صافی — ایں شیشۂ فیروزہ بہ کس می نہ رسد

یہ طے ہے کہ دامن تمنا تک ہاتھ نہیں پہنچ سکتا۔ نہ دل کی حسرت کے مطابق اس آسمان نیلگوں کے کرم سے کسی کو جام شراب صاف دستیاب ہوگا۔ لہٰذا مجھے تلچھٹ بھرا پیالہ ہی دے دے!

(نول ۳۶۶ - یہ رباعی بھی خیّام کی نہیں)

(٧٤)

چوں رزق تو آنچہ عدل قسمت فرمود — یک ذرّہ نہ کم شود، نہ خواہد افزود
آسودہ زہر چہ ہست می باید شد — آزادہ زہر چہ نیست می باید بود

عدل و انصاف خدا کے مطابق حبِ حصہ رسدی روزی تمہارے مقدر میں آ چکی ہے تو اس میں ایک ذرّہ بھر بھی کمی زیادتی ممکن نہیں۔ اب تو بہتر یہی ہے کہ جو ہے، اس پر مطمئن اور جو نہیں اس سے بے فکر رہنا چاہیئے (نول ۲۳۹ ن ۱۶۳۔ اگر یہ رباعی خیام کی ہے تو وہ شیعہ یا معتزلی سُنّی تھا کیونکہ یہی دو فرقے "عدل" کے قائل ہیں)

(۷۵)

چوں روزی و عمر بیش و کم نتواں کرد | دل را بہ کم و بیش دژم نتواں کرد
کارِ من و تو، چناں کہ رائے من و تست | از موم بدست خویش ہم نتواں کرد

چونکہ رزق و عمر دونوں میں کمی و زیادتی ناممکن ہے۔ اس لیے دل کو کمی اور زیادتی سے مغموم نہیں کر سکتے۔ ہمارے معاملات ہماری خواہشوں کے مطابق انجام پذیر نہیں ہو سکتے۔ لہٰذا جو ہو رہا ہے اس پر راضی بہ رضا رہو۔ حافظ کہتا ہے :۔

چو قسمتِ ازلی بے حضورِ ما کردند | گر اندکے نہ بوفقِ رضاست خردہ گیر

(نول۔ ن ندارد ف ۴۷، رباعی ف ۹۸ و ۱۲۲ بھی دیکھیں)

(۷۶)

چوں شاہدِ روح خانہ پرداز شود | ہر چیز باصلِ خویشتن باز شود
ایں سازِ وجود و چار ابریشمِ طبع | از زخمۂ روزگار بے ساز شود

منزلِ جسم کا حسین کارفرما (روح) جس دن رخصت ہوا اُس دن جسم کا ہر ہر جزو اپنے مرکز سے جا ملے گا۔ زندگی کا یہ ساز اور عناصر کے صدا دیتے ہوئے تار دنیا کے زخمے سے بے صدا ہو جائے گا۔

(نول ۳۰۴ دلیبہ ۱۲۴ مشتبہ ہے)

(۷۷)

چوں عشقِ ازل بود، مرا انشا کرد | بر من زنخست درسِ عشق املا کرد
وانگاہ قراضۂ زرِ قلبِ مرا | مفتاحِ خزائنِ دُرِ معنیٰ کرد

انشا :۔ ایجاد، مضمون لکھنا۔ درس :۔ سبق۔ املا کردن :۔ لکھوانا۔ قراضہ :۔ کترن۔ برادہ زرِ قلب :۔ کھوٹا سونا۔ مفتاح :۔ کنجی۔

عشقِ ازل سے مشیّتِ خداوندی مراد ہے۔ درس، انشاء املا اور قراضہ، زر، قلب، دُر، خزائن میں صنعتِ مراعاۃ النظیر ہے۔ جب ارادہ قدرت نے چاہا تو ہمیں پیدا کیا۔ پھر سبقِ عشق و معرفت

پڑھایا لکھایا۔ پھر یہ احسان کیا کہ ہماری معرفت ناقص کو معنی کے موتی بھرے خزانوں کی کنجی بنایا۔ کہ اب "آتے ہیں غیب سے یہ مضامین خیال میں"۔

(نول ۳۱۰ ن ۱۶۵ چوں بود ازل)

(۷۸)

چوں مردہ شوم، خاکِ مرا گم سازند
احوالِ مرا، عبرتِ مردم سازند
پس خاک وگلم بہ بادہ آغشتہ کنند
از کالبدم خشتِ سرِ خم سازند

جب میں مرجاؤں تو میری قبر کا نشان مٹا دیا جائے۔ میرے حالات عبرت کے لیے مشہور کریں پھر میری مٹی شراب سے تر کرکے میرے جسم سے خم کے ڈھکنے کی اینٹ بنائیں کہ مٹی سوارت ہو جائے۔

(نول ۲۷۷ ن ۱۶۱۔ سازید، کنید، دیستہ ۱۱۶)

(۷۹)

چوں نیست دریں زمانہ سودے زخرد
جز بے خرد از زمانہ بر می نہ خورد
پیش آر ازانکہ او خرد را ببرد
تا بو کہ زمانہ سوئے ما بہ نگرد

اس دنیا میں جب عقل سے کوئی فائدہ نہیں، اور بے وقوف کے سوا کسی کو کامیابی نہیں حاصل ہوتی، تو پھر وہی چیز لا، جو عقل وخرد کو غارت کردے کہ شاید زمانہ ہماری جانب بھی چشمِ التفات سے دیکھنے لگے۔ (نول ۳۳۶ ن ۱۶۴ "سودے نہ خورد"۔ " ازاں می کہ خرد را")

(۸۰)

حیٌے کہ بقدرت سر و روی سازد
ہموارہ، ہمو کار عدو می سازد
گویند "قرابہ گر مسلمان نہ بود"
اورا تو چہ گوئی، کہ کدو می سازد

حیّ :۔ خاندان، زندہ، خدا۔ ہموارہ:۔ ہمیشہ۔ ہمو:۔ ہمیں

وہ کارساز جو اپنے دستِ قدرت سے سر اور چہرے پیدا کرتا ہے، وہ ہمیشہ دشمنوں ہی کے کام بناتا ہے۔ کہتے ہیں کہ صراحی گر مسلمان نہیں (کہ شراب نوشی کے برتن بناتا ہے) اچھا اگر یونہی ہے تو (خاکم بدہن، نعوذ باللہ) کدو بنانے والے کے لیے جناب کی کیا رائے ہے؟

طنز ہی نہیں بلکہ رندانہ بے باکی کی انتہا ہے۔

(نول ۳۴۹ "کہ بقدر سرو رو۔ پیوستہ ہمہ کار آں را تو تناگو کہ کدو۔ ن ندارد نف ۷۵)

---

(۸۱)

خرّم دلِ آں کسے کہ معروف نہ شد
در جبّہ و درّاعہ و در صوف نہ شد
سیمرغِ صفت بہ عرش پروازے کرد
در کنجِ خرابۂ جہاں، بوف نہ شد

معروف:۔ مشہور۔ نیز اشارہ بمعروف کرخی۔ بوف:۔ بوم

گم نام آدمی بھی کس قدر خوش نصیب ہے، جسے جُبّہ و دستار و مسند کی پروا نہیں۔ گوشۂ عزلت میں بیٹھا عرش پروازیاں کرکے سیمرغ صفت بن جاتا ہے۔ وہ ویرانۂ عالم میں اُلّو نہیں، کہ صورت بھی منحوس اور آواز بھی بدتر۔ (نول ۳۶۰ ل ۱۶۷۔ مجھے صحتِ انتساب میں شبہ ہے)

(۸۲)

خطیکہ ز روئے یار برخاستہ شد
تو ظن نہ بری کہ حسنِ او کاستہ شد
در باغِ رخش بہر تماشا گہ جان
گل بود و بہ سبزہ نیز آراستہ شد

چہرۂ محبوب کا سبزۂ نوخیز دیکھ کر یہ نہ سمجھنا کہ حُسن کم ہوگیا۔ نہیں محبوب کے روح افزا باغ رخسار میں پہلے گلاب کھلے تھے اب سبزے نے اور رنگینی بڑھادی۔

(نول ۳۶۸، آتشکدہ بنام عمق بخاری۔ میری رائے میں یہ بھی خیام کی رباعی نہیں۔ کاس الکرام ص۲۸۴)

(۸۳)

خواہی کہ ترا رتبتِ ابرار رسد؟
مپسند کہ کس راز تو آزار رسد
از مرگ میندیش و غمِ رزق مخور
کین ہر دو بہ وقت خویش ناچار رسد

اگر مقبولِ بارگاہ لوگوں کا درجہ حاصل کرنا ہو، تو کسی کا دل دکھانا پسند نہ کر، موت سے نہ ڈر اور روزی کا غم نہ کر کہ یہ دونوں اپنے وقت پہ مل ہی جائیں گی۔

(نول ۲۹۹۔ آتشکدہ بنام شاہ سنجان، رباعیات سحابی میں بنام سحابی)

(۸۴)

خورشید کمندِ صبح بر بام افگند
کیخسروِ روز، بادہ در جام افگند
مے خور، کہ منادیِ سحرگہ خیزاں
آوازۂ "اِشْرَبُوا" در ایام افگند

سحرگہ خیز:۔ مستعد و چست، شرابی۔ اِشْرَبُوا:۔ پیو

سورج نے نورِ سحر کی کمند کوٹھوں پہ پھینکی، ادھر سلطانِ روز نے پیالے میں شراب بھری۔ میرے دوست اُٹھ کہ میخواروں کے منادی نے دنوں میں "پیو"! کی پکار لگادی ہے۔

(نول ۲۳۴ ن ۱۷۰ دلیسنہ ۱۰۲ تج ص ۲۹۱ لیکن مجھے یہ نسبت مشکوک نظر آتی ہے)

(۸۵)

خوش باش ! کہ عالم گذران خواہد بود — روح از پئے تن نعرہ زناں خواہد بود
ایں کاسۂ سرہا کہ تو بینی یک چند — زیر لگدِ کوزہ گراں خواہد بود

تو خوش رہ کہ دنیا فنا ہو کر رہے گی۔ روح جسم کے لیے فریاد کرے گی۔ یہ سر کے پیالے جو تو دیکھ رہا ہے، چند روز کے بعد کوزہ گروں کے پاؤں کے نیچے ہوں گے۔

(نول ۳۸۴ ن ۱۶۹ دلیسنہ ۱۳۷)

(۸۶)

خوش باش، کہ دہر بے کراں خواہد بود — بر چرخ قران اختراں خواہد بود
خشتے کہ ز قالب تو خواہند زدن — بنیاد سرائے دگراں خواہد بود

تو خوش رہ کہ زمانہ بے انتہا عرصے تک رہے گا۔ آسمان پر ستارے اکٹھے چمکتے رہیں گے۔ تیرے قالب سے جو اینٹ تیار ہوگی وہ دوسروں کے ایوان کی بنیاد بنے گی۔

قران: دو مبارک ستاروں کا ایک طالع میں ہونا

(نول ۳۲۸ ن ۱۶۸)

(۸۷)

خوش باش، مہ عید نکو خواہد شد — نے کار کسے بہ کام او خواہد شد
اے ساقی، اگر بادہ دہی، ور نہ دہی — می داں کہ سر جملہ فرو خواہد شد

تو خوش رہ کہ عید کا چاند اسی طرح سعد ہوتا رہے گا، مگر کسی کا کام اس کے مقصد کے مطابق پورا نہ ہوگا۔

ساقی ! شراب دے یا نہ دے، یہ یاد رکھ کہ سب کو ایک دن خاک میں ملنا ہے۔

مطلب یہ ہے کہ بد نصیب کے لیے عید کی سعادتیں معلوم ہیں۔ مگر دل کی دل میں رہے گی موت کا ایک دن مقرر ہے، پھر شراب دینے میں پس و پیش کیا ہے !

(نول ۳۱۵ دلیسنہ ۱۳۸)

---

(۸۸)

خون از دل افگار بروں می آید　　دز دیدۂ خونبار بروں می آید
گر خون بچکد از مژہ ام نیست عجب　　زیرا کہ گل از خار بروں می آید

دل خون شدہ و چشم خونبار سے خون ٹپک رہا ہے۔ پلکوں پر خون دیکھ کر تعجب نہ کرو۔ کیونکہ کانٹوں ہی میں گلاب ہوتا ہے۔ پلکوں کو خلہ اور سرخ آنسو کو گلاب فرض کرکے یہ معنے پیدا کیے ہیں۔ یہ خیال آفرینی خیّام کے بعد کی ہے۔

(نول ۳۶۸)

(۸۹)

دادم بہ اُمید زندگانی برباد　　نابودہ ز عمر خویشتن روزے شاد
زاں می ترسم کہ عمر امانم نہ دہد　　چنداں کہ ز روزگار بستانم داد

میں نے اُمید کے سہارے زندگی برباد کردی، مگر عمر میں ایک دن بھی خوشی کسے نہ گزرا، موت سے اس لیے ڈرتا ہوں کہیں زندگی یہ موقع نہ چھین لے کہ زمانے سے دادِ ظلم لے سکوں۔
عیش کوشی خون شدہ تمناؤں کا قصاص ہے، ورنہ دنیا کسے خوش رکھتی ہے!

(نول ۳۱۸ ن ۱۷۱ رباعی مندرجہ اسی کے مطابق ہے)

(۹۰)

در آتش سوزندہ اگر اہل بود　　آں آتش سوزندہ بر او سہل بود
با مردم نا اہل میا، در صحبت　　کہ ہر چہ بتر، صحبت نا اہل بود

جلا دینے والی آگ کے اندر لائق شخص ہو تو وہ آگ اُسی پر آسان ہوجاتی ہے نااہل کی صحبت میں نہ رہ کہ نا اہل کی ہم نشینی ہر چیز سے بدتر ہے۔

(نول ندارد ن ۱۷۶)

(۹۱)

در چرخ بہ انواع سخنہا گفتند　　ایں بے خبراں، گوہر دانش سفتند
واقف چو نہ گشتند بر اسرارِ فلک　　اوّل زنخے زدند و آخر خفتند

زنخ زدن: ہرزہ سرائی و لاف زنی۔ انوری کا شعر ہے:-

آسمان پیچ کمال ازخاک عالم برکشید　　　تو زنخ میزن کہ من در کنج نقصانی ہنوز

آسمان کے بارے میں فلسفیوں نے قسم قسم کی باتیں کہیں، باتیں کیا ان بے خبروں نے بخیال خود موتی پروئے اور عرش کے تارے توڑے ہیں، لیکن اسرارِ فلک سے چونکہ ناواقف تھے اس لیے پہلے تو بڑی اونچی اونچی باتیں کیں، آخر سو گئے۔

"خواب تھا جو کچھ کہ دیکھا جو سُنا افسانہ تھا۔"

(نول ۳۰۰)

(۹۲)

در دل نتواں درخت اندوہ نشاند　　　ہموارہ کتاب خرّمی باید خواند
مے باید خورد و کامِ دل باید راند　　　پیداست کہ چند در جہاں خواہد ماند

دل میں غم کے درخت نہ لگاؤ۔ ہمیشہ مسرّتوں کے دفتر دیکھو۔
شراب پیو (دل کے) ارمان نکالو۔ ظاہر ہے کہ دنیا میں زیادہ دن نہیں رہنا۔

(نول ندارد ن ۱۷۲)

(۹۳)

در دہر چو آوازۂ گل تازہ دہند　　　فرمائے بتا کہ می بہ اندازہ دہند
از دوزخ و از بہشت و ز حور و قصور　　　فارغ بہ نشین کہ آں خود آوزاہ دہند

دنیا میں جب بہار کی خبر سُنو، تو شراب طلب کرو، مگر معتدل طریقے پر۔ دوزخ و جنت، حُور و قصور سے بے فکر ہو جاؤ، تو یہ مقامات خود تم سے تمنائے ملاقات ظاہر کریں گے۔

(نول ۲۸۲ دلینہ ۱۱۲ ف ۷۶)

(۹۴)

در دہر کسے بہ گلعذارے نہ رسید　　　تا بر دلش از زمانہ خارے نہ رسید
در شانہ نگر کہ تا بہ صد شاخ نہ شد　　　دستش بہ سر زلف نگارے نہ رسید

دنیا میں کوئی اپنے محبوب تک دل پر زخم کھائے بغیر نہ پہنچ سکا۔ کنگھی کو دیکھو۔ جب تک اس میں سینکڑوں دندانے نہ ہوں۔ اس وقت تک اس کی رسائی زلف دل رُبا تک نہیں ہو سکتی۔

(نول ۳۳۷ ن ۱۷۵ تح ص ۲۶۸، لیکن نسبت مشتبہ ہے)

(۹۵)

در دہر ہر آنکہ نیم نانے دارد　　از بہر نشست آشیانے دارد
نہ خادم کس بود نہ مخدوم کسے　　گو، شاد بزی، کہ خوش جہانے دارد

یہاں جس کے پاس آدھی روٹی اور سر چھپانے کے لیے ایک جھونپڑا ہے۔ نہ کسی کا خادم نہ کسی کا مخدوم، اسے زندگی مبارک ہو کہ بہترین دنیا کا مالک ہے۔

آزادی و بے فکری کا اظہار۔

(نول ۱۷۱ ف ۷۷ ن ۱۷۳ آتشکدہ)

(۹۶)

در راہ چناں رو، کہ سلامت نہ کنند　　با خلق چناں زی کہ قیامت نہ کنند
در مسجد اگر روی، چناں رو کہ ترا　　در پیش نخواہند و امامت نہ کنند

راستہ یوں چل کہ کوئی سلام نہ کرے، اہلِ دنیا میں یوں زندگی گزار کہ تیری تعظیم نہ کریں مسجد میں جا تو اس طرح کہ آگے بڑھا کر تمہیں امام نہ بنائیں۔ "گم نام" و سادہ زندگی حاصل کرو۔

(نول ۲۹۷ آتشکدہ)

(۹۷)

در راہِ خرد بجز خرد را مپسند　　چوں ہست رفیق، نیک و بد را مپسند
خواہی کہ ہمہ جہاں ترا بپسندند　　میباش بجز خوش دلی، و خود را مپسند

دانشوری کی باتوں میں عقل کے علاوہ کچھ بھی پسند نہ کر۔ اگر دوست مل جائے تو اس کی نیکی بدی نہ دیکھ۔ اگر ہر دل عزیز بننا ہو تو ہنستے بولتے رہو اور خود پسند نہ ہو۔

(نول ۳۹۸)

(۹۸)

در سر ہوس بتاں چو حورم باد　　در دست ہمیشہ آب انگورم باد
گویند "خدا ترا ز مے توبہ دہاد"　　او خود ندہد من نہ کنم، دورم باد

حور کی طرح حسینوں کی ہوس برقرار رہے۔ ہاتھ میں ہمیشہ جام لبریز رہے۔ لوگ دعا دیتے ہیں کہ "خدا مجھے شراب سے توبہ کی توفیق دے"۔ اب اگر وہ ہی توفیق نہ دے اور میں نہ کروں تو میرا کیا قصور مجھ سے دور رہے۔ (نول ۳۳۸ ن ۱۷۴۔ نسخہ مطابق ن)

(۹۹)

در عالمِ جان بہ ہوش می باید بود — در کارِ جہاں خموش می باید بود
تا چشم و زباں و گوش بر جا باشد — بے چشم و زباں و گوش می باید بود

روحانی دنیا میں ہوشیار اور معاملات دنیا میں خاموش رہنا چاہیئے۔ جب تک نگاہ و زبان و گوش کی قوتیں برقرار رہیں اور اس وقت تک انھیں بے کار رکھنا چاہیئے، کہ لذت اندوزی چشم و گوش دل کی موت کا سبب بنتی ہے۔ (نول ۳۵۵ ن ۱۷۷۔ مذکورہ چاروں رباعیاں مشتبہ ہیں)

(۱۰۰)

در ملکِ تو، از طاعتِ من ہیچ فزود؟ — وز معصیتے کہ رفت نقصانے بود؟
بگذار و مگیر زانکہ معلوم شد — گیرندہ دیری و گزارندہ زود؟

اے خدا! کیا میری عبادت سے تیرے ملک میں کچھ اضافہ اور میری نافرمانی سے تیرے جلال میں کوئی کمی ہوتی ہے؟

معبود! گرفت نہ فرما۔ معاف کردے کہ مجھے معلوم ہوا ہے کہ تو گرفت میں تاخیر اور بخشش میں جلدی کرتا ہے۔ کہ سَبَقَتْ رَحْمَتِیْ غَضَبِیْ حدیث قدسی ہے۔ (نول ۱۷۷)

(۱۰۱)

در میکدہ، جز بہ مے وضو نتواں کرد — واں نام کہ زشت شد نکو نتواں کرد
خوش باش کہ ایں پردۂ مستوریِ ما — بدریدہ چناں شد کہ رفو نتواں کرد

میکدے میں شراب سے وضو ہوتا ہے۔ بدنام نیک نام نہیں ہوا کرتا۔ مبارک باد کہ ہمارے پردے اور ریاکاری یوں کھلے گی کہ اس کو چھپایا نہ جاسکے گا۔

(نول ۳۱۰ ن ۱۷۸ تح ص ۲۶۳ خیام کی رباعی نہیں)

(۱۰۲)

در وقتِ اجل چو کارم آمادہ کنندہ — در بسترِ خاکم زنخ سادہ کنندہ
در خاکِ لحد چو خشت خواہند نہاد — زنہار، کہ آب و گلش از بادہ کنندہ

موت کے وقت جب میری تجہیز و تکفین کا سامان کرلیں اور میرے بستر خاک میں سادہ کمبل بچھائیں، پھر جب لحد کی مٹی میں اینٹ رکھیں تو ضرور اس کے لیے گارا شراب سے بنائیں۔ جب قبر کو بند کیا جائے تو خدا کے لیے شراب کی کہگل کی جائے۔ (نول ۳۱۶)

(۱۰۳)

دست چو منے کہ جام و ساغر گیرد — حیف است کہ آں زبادہ کمتر گیرد
تو زاہد خشکی و منم فاسق تر! — آتش نہ شنیدہ ام کہ در تر گیرد

جب مجھ جیسا آدمی ہاتھ میں جام اُٹھالے، تو بڑا غضب ہوگا کہ اسے کم شراب دی جائے۔ اے شیخ! تو زاہد خشک ہے اور میں گنہگار (مست) (تر دامن) میں نے نہیں سنا کہ تر چیز میں آگ لگے۔

(نول ۲۳۵)

(۱۰۴)

دشمن کہ مرا ہمیشہ بد می بیند — حقا کہ نہ از روئے خرد می بیند
در آئینہ درول خود می نگرد! — واں صورت مردہ رنگ خود می بیند

میرا بداندیش دشمن درحقیقت بے وقوف ہے۔ وہ اپنے دل کے آئینے میں اپنا ہی مردہ رنگ، چہرہ دیکھتا ہے اور مجھے باعیب سمجھتا ہے۔

(خیام نہیں۔ نول ۳۷۱)

(۱۰۵)

دل چراغیست کہ نور از رُخ دلبر گیرد — ور بہ میرد ز غمش، زندگی از سر گیرد
صفتِ شمع بہ پروانہ دلے باید گفت — کیں حدیث است کہ با سوختگاں در گیرد

دل وہ چراغ ہے، جو رُخِ دلبر سے روشنی لیتا ہے۔ اور اگر فراق دلبر میں بجھتا ہے تو از سر نو زندہ بھی ہوتا ہے۔ اصل تو یہ ہے کہ شمع کی تعریف پروانے سے کرنا چاہیئے کہ بات دِل جلوں ہی کے ڈھب کی ہے۔

(نول ۲۴۱ - خیام نہیں)

(۱۰۶)

دہقانِ قضا، بسے چو ما کشت و درود — غم خوردنِ بیہودہ نمی دارد سود
پُر کن قدحِ مے بہ کفم دَر نہ زود — تا باز خورم کہ بود نیہا ہمہ بود

(نول:- غم خوردنِ بیہودہ کمجا دارد سود — کیں چرخِ فلک بسے چو ما کشت درود
پُر کن قدحِ مے بہ کفم بہ نہ زود — تا نوش کنم کہ بود نیہا ہمہ بود)

خالقِ عالم اور دہقانِ قضا نے ہم جیسے بہت سے بوئے اور کاٹے، اس لیے بلا وجہ غم کھانے سے کیا فائدہ؟ شراب کا ایک بڑا پیالہ بھر کر جلد میرے ہاتھ پر رکھ کہ خوب پیوں۔ ہونے والی باتیں تو ہو کر ہی رہیں گی۔

(نول ۳۸۷ متن مطابق ف ۷۸ ن ۱۸۰ د ۱۴۴ مکرر)

(۱۰۷)

رفتیم ز ما زمانہ آشفتہ بماند | با آنکہ ز صد گہر یکے سفتہ بماند
افسوس کہ صد ہزار معنیِ دقیق | از بے خردیِ خلق ناگفتہ بماند

ہم کیا گئے کہ دنیا پریشان ہو گئی، حالانکہ سینکڑوں معمون اور مسئلوں میں سے ایک ہی لاینحل رہا افسوس کہ بہت سے باریک نکتے لوگوں کی ناسمجھی کی بنا پر کہہ نہ سکا۔

رباعی کے تیسرے مصرع میں بندش کی ناپختہ کاری نے بڑی مشکل پیدا کر دی ہے۔ ردیف ہے "بماند" اور مصرع چاہتا ہے "نماند" چنانچہ بعض شارحین نے ردیف بدل دی اور "نماند" ہی پڑھا۔ بعض نے پڑھا "بماند" اور مطلب لکھا "نماند"۔ جیسے افسر الشعرا قزلباش نے ترجمہ یوں کیا ہے:

هم چل بسے زمانہ آشفتہ رہا! | سو میں سے کہیں ایک بھی موتی نہ بندھا
افسوس کہ صد ہزار معنے دقیق | بے عقلیِ عالم سے میں سمجھا نہ سکا

(خیام کی رباعی نہیں معلوم ہوتی۔ نول ۳۷۶ خمکدۂ خیام رباعی ۳۸۵)

(۱۰۸)

روزیست خوش و ہوا نہ گرم است و نہ سرد | ابر از رخِ گلزار ہمی شوید گرد
بلبل بزبانِ حال خود با گلِ زرد | فریاد ہمی کند کہ "مے باید خورد"

کیسا خوشگوار دن ہے، ہوا نہ گرم ہے نہ سرد۔ پانی بادل بن کر باغ کے چہرے سے گرد دھو رہا ہے بلبل، زرد پھولوں سے پکار پکار کر کہہ رہی ہے کہ "شراب پینی چاہیئے۔ زردی سرخی سے بدل جائے گی، رنگِ رخ گلابی ہو جائے گا، خون دوڑنے لگے گا۔ یہ بہار ہے۔

(نول ۲۸۹ ن ۱۸۱ ف ۷۹)

(۱۰۹)

روزیکہ جزائے ہر صفت خواہد بود | قدرِ تو بقدرِ معرفت خواہد بود
در حسنِ صفت کوش، کہ در روزِ جزا | حشرِ تو بصورتِ صفت خواہد بود

وہ دن کہ جب ہر صفت کا بدلہ دیا جائے گا۔ جس دن تیری عزت معرفت (خداوندی) کے تناسب سے ہوگی۔ اُس دن کے لیے صفاتی خوبیاں پیدا کر۔ کیونکہ صفتوں کی شکل میں حشر ہوگا۔

گویا رباعی گو حشر اجسام سے زیادہ حشر ارواح کا قائل ہے. مقصد صاف ہے کہ اخلاق عالیہ اور صفات کمالی پیدا کرنے سے فائدہ یہ ہے کہ روز حشر وہی صفتیں صورت حاصل کر لیں گی. جو جیسا ہوگا ویسا ہی نظر آئے گا۔

(نول ۲۷۵ ن ۱۹۵ " فردا کہ جزائے شش جہت خواہد بود"۔ در عرصۂ حشر، دلیسنہ ۱۱۴ یقین نہیں آتا کہ یہ رباعی خیام کی ہو)

(۱۱۰)

روزے کہ مرا ز خویش بیگانہ کنند وز ہستی من یاد بافسانہ کنند
بااین کہ من این سخن نیارم گفتن تا از گلِ من سبوئے میخانہ کنند

جس دن خود مجھ سے بیگانہ کر دیا جائے گا (رشتۂ روح و بدن منقطع ہو جائے گا) جب میری زندگی افسانوں میں دہرائی جائے گی (اُس وقت کے بارے میں) اگرچہ یہ بات کہہ تو نہیں سکتا. مگر (خیال یہی ہے کہ) شاید میری خاک سے میخانے کی صراحیاں ہی بنائی جائیں۔ (فقط نسخہ ن ۱۸۲)

(۱۱۱)

زاں پیش کہ گورِ من آگندہ شود واجزائے مرکبم پراگندہ شود
اے بادہ! سر از گورِ صراحی بردار باشد کہ دلِ مردۂ من زندہ شود

میری میت کے ساتھ قبر پر ہونے سے پہلے، اور اس مرکّب (بدن) کے اجزائے متفرق ہونے سے قبل، اے شراب! تو اپنی قبر (صراحی) سے نکل کہ شاید میرا مردہ دل زندہ ہو جائے۔

مرنے سے پہلے شراب پینے کی تمنا، اس سے مردہ دل زندہ ہوتا ہے۔ رباعی میں گور، اجزائے مرکّب، سر بردار، مردہ، زندہ جیسے الفاظ جمع کر کے صنائع لفظی، مراعات النظیر، تضاد و طباق کو استعمال کیا گیا ہے — رباعی صرف نسخہ نول میں ع۳۷۵ پر ہے۔

(۱۱۲)

زاں پیش کہ غمہات شبیخوں آرند فرمائے کہ تا بادۂ گلگوں آرند
تو زر نہ ای اے غافلِ ناداں کہ ترا در خاک نہند، و باز بیروں آرند

غموں کے شب خوں مارنے سے پہلے، بادۂ گلگوں کی فرمایش کر دو۔ کیونکہ اے نادان غافل تو سونا

اور کندن نہیں کہ خاک میں رکھا جائے، پھر نکال لیا جائے۔ جب خاک میں ملنے کے بعد کچھ بھی نہیں۔

(نول ۲۷۵ ن ۱۸۴ دلینہ ۱۱۵ ت ۸۰)

(۱۱۳)

زاں پیش کہ نام تو ز عالم برود　　مے خور کہ چو مے رسد بدل غم برود
بکشائے سر زلف بتے بند ز بند　　زاں پیش کہ بند بندت از ہم برود

اس سے پہلے کہ تیرا نام و نشان دنیا سے مٹ جائے تو شراب پی کہ جب شراب دل تک پہنچے گی تو غم دور ہو جائے گا۔ کسی محبوب کی زلف کی ایک گرہ کو کھول کر دوسری گرہ سے جدا کیے جا اس سے پہلے کہ تیرے جسم کا بند بند ایک دوسرے سے جدا ہو جائے۔

(نول ۲۳۶ ن ۱۸۳ "بند بہ بند")

(۱۱۴)

زاں سر بہ گلے کہ پیر دہقان دارد　　پر کن کہ دلم میل فراواں دارد
از سر گل آرزو بدر کن کہ جہاں　　در زیر گل آرزو فراواں دارد

سر بہ گل، وہ مٹکا جس کا منہ مٹی لیپ کر بند کر دیا گیا ہو۔ اس سر بہ مہر صراحی سے پیالہ بھر دو جو پیر دہقان کے پاس ہے (خالص و کہنہ، سوندھی) کہ وہی پینے کو دل چاہتا ہے۔ دل سے تمناؤں کے پھول نکال کر پھینک دو کہ قبر میں مٹی کے تلے تمناؤں کے بہت سے گل کھلیں گے

پہلی مرتبہ (گل) تر مٹی جو خشک ہو جائے کے معنی میں ہے۔ دوسری مرتبہ قبر کے معنی میں ہے۔ رباعی کئی افاضل سے مشورہ کے بعد بھی مشتبہ ہے۔ مصرعوں کے بے لطف ہونے کے علاوہ آخری مصرعوں میں تکرار قافیہ کا عیب ہے ـــ نہ معلوم کس کے مصرعے ہیں۔

(نول ۲۷۳ ن ۱۸۵)

(۱۱۵)

زلفیں تو، بامشک ختن بازی کرد　　بالعل لب تو روح دمسازی کرد
بالائے ترا بہ سرو نسبت کردم　　زاں روز سہی سرو، سرافرازی کرد

تیری زلفوں نے سیاہی و خوشبو میں مشک کو ہرا دیا۔ تیرے لعل جیسے لبوں سے روح نے ہمدمی کا دم بھرا۔ جب سے میں نے تیرے قد کی تشبیہ سرو سے دی ہے۔ اس دن سے اس نے سر بلندی دکھانا شروع کر دی ہے۔ (نول ۳۷۴)

(۱۱۶)

ساقی، علمِ سیاہِ شب، صبح ربود — برخیز و مئے مغانہ را در دہ زود
بکشائے زہم دو نرگس خواب آلود — برخیز کہ خفتنت بسے خواہد بود

ساقی رات کا تاریک و سیاہ جھنڈا صبح نے چھین لیا، اُٹھ، اور مغوں کی شراب جلد دے۔ نیند بھری نرگسی آنکھیں کھول۔ اُٹھ! کہ اس کے بعد بہت مدت تک سونا ہوگا۔ (نول ۳۸۱)

(۱۱۷)

سرّم ہمہ دانائے فلک می داند — کو، موی بموی رگ بَرگ می داند
گیرم، کہ بہ زرق خلق را بفریبی — یا او چہ کنی؟ کہ یک بیک می داند

دانائے فلک :- خدا۔ زرق :- فریب،

میرے تمام راز خداوند عالم خوب جانتا ہے، اور اسے تو بال بال اور رتی رتی کی خبر ہے۔ مانا، کہ دنیا کو مکر و فریب دے کر کام نکال لیا۔ لیکن اس سے کیوں کر بچوگے، جو ایک ایک بات کو سمجھتا ہے۔

خرقۂ سالوس و لباس زہد سے ہمہ شما فریب کھا سکتے ہیں، مگر حشر کے دن اور خدا کے سامنے حقیقتیں عریاں ہوں گی۔ (نول ۲۴۸ دلیتہ ۱۰۵)

(۱۱۸)

سودا زدہ را بادہ پر و بال بود — مَی بر رخِ خاتونِ خرد خال بود
ماہ رمضان بادہ نخوردیم و گذشت — یارے شب عید از مہ شوال بود

سودا زدہ :- دیوانہ، عاشق۔ خاتونِ خرد :- عقلِ حسین۔

عاشق کے لیے شراب بال و پر کا کام دیتی ہے۔ شراب عقل کے رخساروں پر تل ہے۔ رمضان کا مہینہ بے شراب پیئے گزار دیا، تو اچھا، شب عید شوال کے چاند کی وجہ سے شوال میں داخل ہے صبح ہونے سے پہلے ہی دل بھر کے پی لیں گے۔ (نول کشور، ۳۵۷)

(۱۱۹)

سودائے ترا بہانہ بس باشد — مستانہ ترا ترانہ بس باشد
در کشتنِ ما چرا کشد چشم تو تیغ — ما را سرِ تازیانہ بس باشد

تمھارے عشق کے لیے بہانہ کافی ہے۔ تمھارے مستوں کو ایک ہی ترانہ بہت ہے ہمارے قتل

کے واسطے تمھاری نگاہوں کو تلوار کھینچنے اور گھور کر دیکھنے کی کیا ضرورت، اس کے لیے تو تازیانۂ نظر کا ایک اشارہ یا دنبالۂ چشم ہی کافی ہے۔ ہم تو ایک اشارہ پر جان دینے والوں میں ہیں۔
(نول ۳۸۲۔ ظاہر ہے دونوں اگلی رباعیوں کی طرح یہ رباعی بھی خیام کی طرف زبردستی منسوب کی گئی ہے)

(۱۲۰)

سودے تو دریں قوم چہ کردی کہ خرند | دانش چہ بری کہ از تو دانش نہ خرند
سالے یکبار آب جویت نہ دہند | روزے صد بار آبرویت ببرند

تُو نے ان بیوقوفوں سے نفع کی تمنا ہی کیوں کی؟ ان کے پاس علم وحکمت لے کر کیا جاتا ہے کہ یہ عقل کے خریدار نہیں، یہ تو ایسے ہیں کہ سال میں ایک مرتبہ بھی تجھے نہر کا پانی نہ دیں اور دن میں سو مرتبہ تیری آبرو لوٹ لیں ـــ بقول کسے:

چشم کرم مدار، از ابنائے روزگار | دشنام می دہند، جواب سلام ما

(نول ۳۵۹ ولیتہ ۱۳۵)

(۱۲۱)

شادی ہا کن کہ ایں نہ آں خواہد بود | جسم ہمہ در خاک نہاں خواہد بود
تو بادہ خور و غم جہاں ہیچ مخور | خود غم خورد آنکہ در جہاں خواہد بود

خوشیاں مناؤ۔ کہ نہ یہ رہے گا نہ وہ، سب کے بدن مٹی تلے دبائے جائیں گے۔ تو شراب پی غم دنیا نہ کھا۔ یہ دُکھ تو وہ اُٹھائے جسے یہاں رہنا ہو ؎

در حال تنگدستی در عیش کوش و مستی | کایں کیمیاء ہستی قاروں کند گدا را — حافظ

(نول ۳۹۱)

(۱۲۲)

شاہا! فلکت بہ خسروی تعیین کرد | وز بہر تو اسپ شاہی زین کرد
تا در حرکت سمندِ زریں سمِ تو | بر گل نہ نہد پائے زمین سیمیں کرد

حضور والا، آسمان نے آپ کو بادشاہی کے لیے نامزد کیا ہے۔ آپ کے لیے شاہی کا راہوار تیار کیا۔ اس نے زمین کا فرش سیمیں (ریگزار) اس لیے کیا کہ آپ کا گھوڑا کہیں کیچڑ میں پیر نہ رکھ دے۔
(یہ رباعی بودلین کے نسخے میں ۱۷۱ پر خیام کے نام اور دولت شاہ نے عمق کے حال میں ہستی کے نام لکھی ہے۔ (نول، ن ندارد)

(۱۲۳)

شب نیست کہ آہِ من بہ جوزا نرسد | وز گریۂ من سیل بہ دریا نرسد
گفتی کہ بتو بادہ خورم پس فردا! | شاید کہ مرا عمر بہ فردا نرسد

کوئی رات ایسی نہیں گزرتی کہ میری آہیں بُرج جوزا (فلک) کے پار نہ ہوں۔ میرے اشکوں کے سیلاب دریا اور سمندر تک نہ پہنچیں۔ اس پس منظر میں سوچ کہ تو کہتا ہے پرسوں بیٹھ کے شراب پئیں گے۔ مجھے تو کل ہی تک زندہ رہنے میں شک ہے۔

(نول ۲۸۷)

(۱۲۴)

شب نیست کہ عقل در تحیّر نہ شود | وز گریہ کنارِ من پُر از دُر نہ شود
پُر می نشود کاسۂ سر، از سودا | آں کاسہ کہ سرنگوں بود پُر نہ شود

کوئی رات ایسی نہیں گزرتی کہ عقل حیران نہ ہوتی ہو اور اشکوں سے دامن موتیوں سے نہ بھر جاتا ہو۔ میرا سر جنون وحکمت کی شراب سے ہر شب مست رہتا ہے (یہ حالت ہر صاحب ہوش کی رہتی ہے۔ ہاں، وہ پیالہ نہیں بھرتا جو اوندھا ہو۔ (تہی ظرف پر یہ حالتیں طاری نہیں ہوا کرتیں)

(نول ۲۵۸ ن ۱۸۷)

(۱۲۵)

صیّادِ ازل کہ دانہ در دام نہاد | صیدے بگرفت و آدمش نام نہاد
ہر نیک و بدے کہ می رود، در عالم | او می کند و بہانہ بر عام نہاد

وہ صیّاد ازل جس نے جال میں ڈال کر ایک شکار پکڑا، جس کا نام آدم رکھا۔ اب دنیا میں اچھا بُرا جو بھی ہوتا ہے، اُسے وہی کرتا ہے اور عوام کے سر الزام تھوپ دیے۔

(نول ندارد۔ ن ۱۸۸)

(۱۲۶)

طبعم بہ نماز و روزہ چوں مائل شد | گفتم، کہ مراد کلّیم حاصل شد
افسوس کہ آں وضوبہ بادے بشکست | واں روزہ بہ نیم جرعۂ مے باطل شد

جب نماز روزے پہ دل راغب ہُوا تو میں نے کہا خوب ہُوا مدعائے دل پوری طرح حاصل ہوگیا۔ لیکن اس اتفاق کو کیا کیا جائے کہ وضو ہَوا سے اور روزہ شراب کا آدھا گھونٹ پینے سے ٹوٹ گیا۔

(نول ۳۶۴)

(۱۲۷)

طبعم ہمہ با روئے چو گل پیوندد — دستم ہمہ با ساغر و مُل پیوندد
از ہر جزوے نصیب خود بردارم — زاں پیش کہ جزوہا بہ کل پیوندد

میری طبیعت یکسر پھول جیسے چہرے کے ساتھ لگاؤ رکھتی ہے۔ میرا ہاتھ جام و شراب سے ہی تعلق رکھتا ہے۔ جزو کے کل کے ساتھ ملنے سے پہلے ایک ایک چیز سے اپنا حصہ لے کر رہوں گا۔ جو لمحہ ملے گا اس میں ہر ممکن لذّت حاصل کروں گا۔

(نول ۳۴۷ ن ۱۸۹ ، تح ص ۲۹۰)

(۱۲۸)

عاقل غمِ و اندیشۂ لاشے نہ خورد — جز جامِ لبالب و پیاپے نہ خورد
غم در دل و بادہ در صراحی باشد — خاکش بہ سر آنکہ غم خورد می نہ خورد

عقل مند آدمی لاشے، مہمل (دنیا) کا غم نہیں کھاتا، وہ صرف لبریز و مسلسل پیالے چاہتا ہے چاہئیے یہ کہ دل میں غم اور صراحی میں شراب بھری رہے اور غم کھانے والے کے سر پر خاک۔

فکرمندی و زہد بھی کوئی اپنانے کی چیز ہے۔

(نول ۲۵۳ . خیّام کی رباعی نہیں)

(۱۲۹)

بر چشمِ تو عالم ارچہ می آرایند — مگرائے بداں، کہ عاقلاں نگرایند
بر بائی نصیبِ خویش کت بربایند — بسیار چو تو شوند و بسیار آیند

اگر تیرے لیے دنیا کو آراستہ کر دیا جائے تو اس پر فریفتہ نہ ہونا کہ عقلمند دل باختہ نہیں ہوا کرتے تو اپنا نصیب لے کہ تجھے اُٹھا لے جائیں گے۔ یہاں تجھ ایسے بہت سے آئیں اور جائیں گے۔

کسی کو اس کے نصیبے سے زیادہ ملنے والا نہیں۔

(نفقط ن ۱۹۰)

(۱۳۰)

عشقے کہ مجازی بود آبش نہ بود — چوں آتشِ نیم مردہ تابش نہ بود
عاشق باید کہ سال و ماہ و شب و روز — آرام و قرار و خورد و خوابش نہ بود

جو عشق مجازی ہوتا ہے، اس میں آب و تاب نہیں ہوتی۔ بجھتی آگ کی طرح اس میں چمک نہیں

ہوتی۔ عاشق کے لیے تو یہ ہے کہ سال و ماہ، دن اور رات نہ آرام لے نہ اطمینان۔ خورد خواب کا نام تک نہ جانتا ہو۔ (نول ۲۹۲ ن ۱۹۱)

(۱۳۱)

عمرت تا کے بہ خود پرستی گزرد؟ | یا درپے نیستی و ہستی گزرد
مے کوش کہ عمرے کہ اجل درپے اوست | آں بہ بخواب یا بمستی گزرد

یہ تیری زندگی کب تک خود پرستی اور ہستی و نیستی (دولت و افلاس) کی فکر میں گزرے گی! شراب پی، کہ جو زندگی اس کے بعد ملے گی، اس کے لیے بہتر یہی ہے کہ یا سو کر گزرے یا مستی اور نشے میں۔

(نول ۲۹۰ " ۳ مے خور کہ چنیں عمر کہ غم درپئے" ن ۱۹۲ "عمر کہ مرگ از پئے" ف ۸۱ "آت ۲" یا درغم نیستی ۳ زنہار کہ سرمایۂ عمرت" کاس الکرام بنام مجدالدین ہمگر بحوالہ آتشکدہ ص ۱۲۵)

(۱۳۲)

عید آمد و کار ہا نکو خواہد کرد | ساقی مئے ناب در سبو خواہد کرد
افسار نماز و پوزبند روزہ | عید از سر ایں خراں فرو خواہد کرد

افسار:۔ لگام۔ دہانہ۔ پوزبند:۔ وہ خول جسے جانوروں کے منہ پر اس لیے باندھ دیتے ہیں کہ دانہ نہ کھا سکیں۔ دہانہ (فرہنگ آموزگار)

عید آگئی، اب مزے ہوں گے۔ ساقی شراب خالص سے صراحیاں بھرے گا۔ اب ان زاہدوں پر سے نمازوں کا ساز، زین اور روزے کا دہانہ تو بڑا اتارا جائے گا۔ اب یہ بھی ہم رندوں کی طرح کھائیں پئیں گے

(نول ۳۱۲ نے نسخہ دیا ہے "خیام شراب ناب" ن ۱۹۳ "کار ہا نکو خواہد شد ..... صافی مئے ناب ..... پوزہ بند" لیکن فرہنگ میں پوزہ بند نہیں)

کسی نے اسے یوں بھی لکھا ہے:۔

عید آمد و کار ہا نکو خواہد شد | (کذا) چوں روئے عروس
ساقی مئے لعل در سبو خواہد کرد | چوں چشم خروس
افسار نماز و پوزبند روزہ | یکبار دگر
عید از سر ایں خراں فرو خواہد کرد | افسوس افسوس (تحقیق بحوالہ نسخہ قلمی)

(۱۳۳)

فردا الم فراق سطے خواہد شد
باطالع سعد قصد مے خواہد شد
معشوقہ موافق ست وایام بکام
اکنوں نہ کنم نشاط کے خواہد شد

کل فراق کی تکلیفیں ختم ہو جائیں گی اور خوش قسمتی کے ساتھ مے نوشی کا ارادہ کیا جائے گا۔ محبوب ہم نوا ہے اور دن کا بھی ساتھ دے رہے ہیں۔ اگر اس کے باوجود اب عیش و نشاط نہ کروں۔ کب خوشیاں مناؤں گا۔

(نول ۳۳۳ ن ۱۹۴ "فردا علم نفاق سطے خواہم کرد" کی تبدیلی کے علاوہ ہمارے نسخے کی رباعی ۱۵۶ دیکھیے)

(۱۳۴)

فردا کہ نصیب نیک بختاں بخشند
قسمے بمن رند پریشاں بخشند
گر نیک آیم مرا از ایشاں شمرند
ور بد باشم مرا بدیشاں بخشند

صبح قیامت جب خوش قسمتوں کی بخشش کی جائے گی اور مجھ رندِ پریشان حال کو بھی میرا حصہ دیا جائے گا۔ اس وقت اگر نیک ثابت ہوں تو مجھے بھی ان میں شمار کیا جائے اور اگر بد عمل ہوا تو ان نیکوں کے صدقے میں بخشا جاؤں۔

(نول ۳۶۲)

(۱۳۵)

قدرِ گُل و مُل بادہ پرستاں دانند
نے تنگدلاں و تنگ دستاں دانند
از بے خبری بے خبراں معذورند
ذوقیست دریں بادہ کہ مستاں دانند

گُل و مُل :- بہار و شراب۔

بہار و شراب کی قدر و قیمت کچھ مے پرست ہی جانتے ہیں، تنگ دل (زاہد) و تنگدست و محتاج کیا جانیں؟ بے خبر و ناواقف ناواقفیت کی وجہ سے معافی کے قابل ہیں، اس شراب کا مزہ مست ہی جانتے ہیں۔ (نول ۲۳۰ پہلی رباعی ن ۴۶ "حال گُل و مُل۔ بے خبراں۔ دریں شیوہ دلیتہ ۹۸)

(۱۳۶)

قومے ز گزاف در غرور افتادند
قومے ز پئے حور و قصور افتادند
معلوم شود چو پردہ ہا بردارند
کز کوئے تو، دور دور افتادند

کچھ لوگ اپنی غبی (خود اعتمادی کی وجہ سے فریب) میں مبتلا ہیں۔ کچھ لوگ حور و قصور کے پیچھے پڑے ہیں۔ جب پردے اُٹھیں گے اور حقیقت ایمان سامنے آئے گی، تو معلوم ہوگا کہ یہ سب تیرے کوچے سے دُور دُور ہی تھے۔

عرفیؔ نے کہا ہے:۔

فقیہاں دفترے را می پرستند — حرم جویان درے را می پرستند
گروہے زشت خوینند اہلِ دنیا — کہ زیب و زیورے را می پرستند
بر افگن پردہ تا معلوم گرد — کہ یاراں دیگرے را می پرستند

(نول ۲۰۷ ن ۱۹۰)

(۱۳۷)

قومے کہ بخواب مرگ سر باز نہند — تا حشر ز قال و قیل خود باز رہند
تا کے گوئی "خبر کسے باز نہ داد" — در بے خبری از چہ خبر باز دہند

جو لوگ موت کی نیند سو کر قیامت تک فضول باتوں سے نجات پا جاتے ہیں، ان کے بارے میں تو کب تک کہے گا کہ "کسی نے لوٹ کر خبر نہ دی"۔ جب وہ سو ہی رہے ہیں اور بے خبری کے عالم میں ہیں تو خبر کیا دیں؟

غافل و بیدار دونوں یکساں ہیں۔

(نول ۳۴۰ ن ۱۹۶)

(۱۳۸)

کس را پسِ پردۂ قضا راہ نہ شد — وز سرّ خدا ہیچ کس آگاہ نہ شد
ہر کس ز سر قیاس چیزے گفتند — معلوم نہ گشت و قصہ کوتاہ نہ شد

قضا کے پردے پیچھے کیا ہے؟ کسی کو رسائی نہ ہوئی۔ رازِ خداوندی سے بھی کوئی باخبر نہ ہوا، جس نے کچھ کہا بھی تو قیاس و خیال کی بنا پر۔ نتیجہ یہ کہ نہ بات معلوم ہوئی نہ قصہ ختم ہوا۔ مسلسل اُلجھنیں لگا تار سوالات ہیں نہ نظر رُکتی ہے نہ کوئی حقیقت سمجھ میں آتی ہے۔ ع

کہ آ رہی ہے دمادم صدائے کُن فیکون

(نول ۳۴۳ ن ۱۹۹ کاس الکرام ص ۹۷ بحوالہ گلستانِ مسرت، بنام ابوسعید اشرف۔ میرے نزدیک بھی خیام کی رباعی نہیں۔ غزالی نامہ جلال ہمائی میں بنام غزالی۔)

(۱۳۹)

کس مشکلِ اسرارِ ازل را نہ کشاد کس یک قدم از نہاد بیروں نہ نہاد
من می نگرم ز مبتدی تا استاد عجز است بدست ہر کہ از مادر زاد

اسرارِ ازل یعنی صفات و ذات کی مشکلیں کسی نے بھی حل نہ کیں۔ کسی ایک نے بھی اپنی فطرت (جہالت) سے قدم آگے نہ بڑھایا۔ میں تو دیکھتا ہوں کہ طالب علم، اُستاد تک اور جسے بھی ماں نے جنا ہے، سب عجز بدست اور ناکام ہی ناکام ہیں۔ اک معمّا ہے سمجھنے کا نہ سمجھانے کا۔

(نول ۱۵۵ ن ۲۹۸ ت ۸۲)

(۱۴۰)

کم کن طمع از جہان و می زی خرسند وز نیک و بد زمانہ بگسل پیوند
می در کف و زلف راگیر کہ زود ہم بگذرد و نماند ایں روزے چند

دنیا کا لالچ چھوڑ دے اور خوش خوش زندہ رہ اور زمانے کے اچھے بُرے سے رشتہ توڑ لے۔ ہر وقت خوش رہ کیونکہ ان کا یہ دور بھی گزر جائے گا اور یہ چند روز بھی نہ رہیں گے۔

وہی فلسفۂ عیش و غم فراموشی۔

(نول ۲۵۴ "کہ باشی خرسند" نسخہ "وہ نیک و بد" مبارک علی "بمیری خورسند"۔ ن ۱۵۵ آت۔ ف ۸۳ تح ۲۸۲

(۱۴۱)

گر بادہ خورد گدا، بمیری برسد ور روبھکے خورد بہ شیری برسد
ور پیر خورد، جوانی از سر گیرد ور زانکہ جواں خورد بہ پیری برسد

شراب اگر فقیر پیے تو امیری پا جائے۔ اگر لومڑی (بزدل) پی لے تو شیر بن جائے۔ اگر بڈھا چکھے تو نئے سرے سے جوان اور جوان پیے تو اسے عقلِ پختہ کار حاصل ہو جائے۔

(نول ندارد، ن ندارد۔ آت ندارد)

(۱۴۲)

گر بادہ بکوہ بر زنی رقص کند ناقص بود آنکہ بادہ را نقص کند
از بادہ مرا تو بہ چہ می فرمائی روحیست کہ او تربیت شخص کند

شراب تو ایسی چیز ہے کہ اگر تو اسے پہاڑ پر ڈال دے تو وہ رقص کرنے لگے۔ جو اس کی مذمت کہے

وہ خود مبیبی ہے۔ شراب سے توبہ کی فرمائش کیا کرتا ہے۔ ارے ظالم یہ تو ایسی روح ہے جو شخصیت بناتی اور نفس کو پروان چڑھاتی ہے۔

(نول ۳۷۸ ن ۲۰۲ تح ص ۲۹۱)

(۱۴۳)

گرچہ غم و رنج من درازی دارد — عیش و طرب تو سرفرازی دارد
بر ہر دو مکن تکیہ کہ دوران فلک — در پردہ ہزار گونہ بازی دارد

اگرچہ میرے رنج و غم کی انتہا نہیں اور تیری عیش و راحت ترقی پر ہے، مگر دونوں پر بھروسا نہ کر، کہ فلک کی گردشیں پردے ہی پردے میں ہزاروں کھیل کھیلتی رہتی ہیں۔

(نقوط ف ۸۴)

(۱۴۴)

گردوں ز زمیں ہیچ گلے بر نارد — کش نشکند و ہم بزمیں نسپارد
گر ابر چو آب خاک را بردارد — تا حشر ہمہ خون عزیزاں بارد

آسمان زمین سے کوئی ایسا پھول نہیں کھلاتا، جسے توڑ کر پھر زمین ہی کو نہ سونپ دیتا ہو۔ ان شکستہ پھولوں کی فراوانی کا یہ عالم ہے کہ اگر بادل پانی کی طرح خاک کو بھی اٹھائے گا تو قیامت تک خون اعزہ کے سوا اور کچھ نہ برسائے گا۔ گویا یہ لالہ و گلاب کے پھول خون عزیزاں کی سرخیاں ہیں۔

اسی مضمون کے لیے دیکھیے ت ۱۸۹- ۱۸۸- ۱۰۰ وغیرہ۔

(نول ۳۷۲ "کس نشکندہ بازیہ گل" ن ۲۰۱ "تا حشر از دو خون" ف ۸۵)

(۱۴۵)

گر یار منند ترکِ طامات کنند — غمہائے مرا بہ مے مکافات کنند
چوں در گزرم خاک مرا خشت کنند — در رخنۂ دیوارِ خرابات کنند

اگر میرے دوست ہیں تو دعوے چھوڑ کر میرے غموں کا علاج کریں اور شراب دیں۔ جب مر جاؤں تو میری مٹی سے اینٹیں بنا کر میخانے کی دیوار کی مرمت کریں۔

(نول ۳۵۱ ن ۲۰۳)

---

(۱۴۶)

اگر یک نفست ز زندگانی گذرد
مگذار که جز بہ شادمانی گذرد
ہشدار کہ سرمایۂ سودائے جہاں
عمر است، چناں کش گذرانی گذرد

اگر زندگانی کا ایک لمحہ بھی گذر رہا ہو، تو خبردار اسے مسرتوں سے خالی نہ جانے دینا۔ یاد رکھ کہ دنیا کے کاروبار کا سرمایہ یہ "زندگی" ہی ہے تو اسے جس طرح گذارے گا گذر جائے گی۔ اگر یہ بے کیف گذری تو لعنت بر دنیا ــــ خوشی و مسرت حاصل زندگی اور خلاصۂ حیات ہے۔

(نول ۳۱، و آتشکدہ" زنہار کہ سرمایہ ایں ملک جہاں" ن ۱۶۲ "چوں یک نفست ..... نگذار" ت ۸۶)

(۱۴۷)

گویند بہ حشر گفتگو خواہد بود
واں یار عزیز تند خو خواہد بود
از خیر محض جز نکوئی ناید
خوش باش کہ عاقبت نکو خواہد بود

لوگ کہتے ہیں، قیامت کے دن جواب طلبی ہوگی اور وہاں وہ یار عزیز و محبوب ازلی ناراض و خفا ہوگا۔ سوچ تو سہی کہ جو نیک و خیر ہو، اس سے نیکی کے سوا بدی کیونکر ظاہر ہو سکتی ہے؟ اطمینان رکھ کہ عاقبت بخیر ہی ہوگی۔

جب وہ رحم ہی رحم ہے تو اس سے اُمید غضب کس طرح ہو سکتی ہے؟ یہ خوف زاہدوں کی نافہمی ہے۔

(نول ۴۴ ۳۱۴ - نزہتہ الارواح)

(۱۴۸)

گویند بہشت و حور عیں خواہد بود
آنجا مے و شیر و انگبیں خواہد بود
گر ما مے و معشوق گزیدیم روا ست
چوں عاقبت کار چنیں خواہد بود

لوگ کہتے ہیں، بہشت ہوگی، وہاں حوریں، شراب، دودھ اور شہد ہوں گے۔ آپ انصاف کیجیے کہ اگر ہم نے شراب و معشوق کو اسی دنیا میں منتخب کر لیا اور نتیجہ و آخرت میں بھی یہی ملے گا تو بتائیے کہ بُرا کیا کیا؟

اوّل لذتیت، آخر عشرت دیکھیے رباعی ۱۵۱

(نول ۲۸۳ "معشوق پرستیم رواست ..... ہمیں خواہد بود" ن ۲۰۴ "مے ناب و انگبیں" تح ص ۳۵۹ "پس بے مے و معشوق بناید بودن" ف ۸۷ - آت دلبستہ ۱۱۸ دیوان حافظ نامی - کاس اکرام ۲۱۳)

(۱۴۹)

گویند بہشت و حور و کوثر باشد
جوئے مے ناب و شہد و شکّر باشد
پُر کن قدحِ بادہ و بر دستم نہ
نقدے ز ہزار نسیہ خوشتر باشد

دنیا میں چرچا ہے کہ جنّت ہوگی، جہاں حوضِ کوثر، شراب کی نہریں، شہد اور شکّر ہوگی۔ ساقی یہ باتیں نہ سُن، تُو ایک پیالہ شراب کا بھر کر میرے ہاتھوں پر رکھ، کیونکہ ایک نقد ہزار قرض سے اچھّا۔ بقول کسے "نو نقد نہ تیرہ اُدھار"۔

گزشتہ رباعی ۱۴۸ اس رباعی میں کس قدر ہم آہنگی ہے۔ ایک ہی بات ہے جیسے دو مرتبہ یا ایک ہی رباعی ہے جسے دو نثاروں نے نقل کیا ہے۔ خصوصاً جب اختلاف نسخ پر نظر پڑتی ہے تو شبہ سا ہونے لگتا ہے کہ شاید اصل رباعی ایک ہی تھی۔ (نول ۳۹۵ آنجا مے ناب و شہد ن ۲۰۶ "۳" یک جام بدہ بیاد آں اے ساقی" "ز ہزار نسیہ" دیلسنہ ۱۱۹ ف ۸۸)

(۱۵۰)

گویند کہ ماہِ رمضان گشت پدید
من بعد بگردِ بادہ نتواں گردید
در آخر شعبان بخورم چنداں مے
کاندر رمضان مست بیفتم تا عید

مشہور ہے کہ رمضان کا مہینا آگیا، اب شراب کے قریب بھی جانا ممکن نہیں۔ اچھّا تو میں شعبان کے آخری دنوں میں اتنی پی لوں گا کہ رمضان بھر سے عید تک بے ہوش پڑا رہوں۔

(نول ۳۵۰ ن ۲۰۷ "ماہ روزہ نزدیک رسید"---)

(۱۵۱)

گویند کہ مرد را ہنر می باید
یا نسبتِ عالی پدر می باید
امروز خیال شدہ ست در نوبت ما
کایں جملہ ہمہ ہیچ است، زر می باید

لوگوں کا خیال ہے کہ آدمی میں یا ہنر ہو، یا کسی بڑے باپ سے تعلق اور خاندان عالی سے رشتہ، مگر آج کل تو یہ عالم ہے کہ ان باتوں کو کوئی نہیں پوچھتا۔ اب تو زر (دولت) کی ضرورت ہے۔

جس کے پاس پیسہ ہے وہی سب کچھ ہے۔

(نول ۲۸۳ - رباعی خیّام کی نہیں)

(۱۵۲)

گویند ہر آنکساں کہ با پرہیز ند ! زانساں کہ بمیرند چناں برخیزند
ما با مے و معشوق از آنیم مقیم باشد کہ بحشر ماں چناں انگیزند

پرہیزگار و مومنین کہتے ہیں کہ ہم جس طرح مریں گے، اُسی طرح دوبارہ زندہ ہوں گے۔ اچھا ہم اسی لیے تو شراب و معشوق کے ندیم رہیں، کہ ممکن ہے، قیامت میں اسی طرح ہمارا حشر بھی ہو۔

یعنی اگر حشر روحانی نہیں جسمانی ہے تو جو جس طرح ہے، اُسی طرح اُٹھے گا۔ اگر ہم شرابِ وساقی دربغل مرے تو یونہی زندہ ہوں گے۔ لہٰذا دنیا میں بھی مزے کیے، آخرت میں بھی مزے کریں گے۔ گھاٹا ہوُا تو زاہد کا، جو یہاں بھی لب خشک تھا، وہاں بھی خالی ہاتھ اُٹھے گا — گویا حشر یا حشر اجساد کے نظریے پر طنز ہے۔

(نول ۳۰۸ و ن ۲۰۵ "معشوق از انیم مدام۔ بو تاکہ بحشر ما" دلیسنہ ۲۵، ف ۸۹)

(۱۵۳)

لب بر لب کوزہ ہیچ دانی مقصود؟ یعنی لب من نیز چو لبہائے تو بود
آخر چو وجود من نماند موجود لبہات چنیں شود بفرمان وَدُوُد

لبوں سے ملتے ہوئے لب جام جانتے ہو، کیا کہتے ہیں؟ مطلب یہ ہوتا ہے، لا اسے پینے والے کہ میرے لب بھی تیری طرح (جاندار) تھے اور جب تیرا وجود فنا پذیر ہوگا تو یہ لب بھی حُکمِ خدا سے میرے لبوں کی طرح خشک و بے جان ہوں گے۔

(نول ۲۵۷ ن ۲۰۸)

(۱۵۴)

ماہ رمضان چنانکہ امسال آمد بر پائے خرد بند گراں حال آمد
اے یار خدائے، خلق را غافل ساز چندانکہ گماں کنند، شوّال آمد

اب کی مرتبہ رمضان کیا آیا، عقل کے پاؤں کے لیے بھاری بیڑیاں پڑ گئیں۔ یا اللہ دنیا کو ایسا مست کر دے کہ سب سمجھیں شوّال کا مہینہ ہے۔

روزہ و ترک میخواری عقل کو معطّل کرنے کے مرادف ہے، اس لیے کچھ ایسی غلط فہمی پیدا ہو جائے کہ لوگ رمضان کو شوّال سمجھ کر خوب مزے اُڑائیں۔ (نول ۳۲۹ ن ۲۰۹)

(۱۵۵)

مسکین تنِ من کہ در غریبی فرسود | آوازہ ز خانماں نمی دارد سود
عمرم بگذشت و یک زماں شاد نہ بود | تا عاقبتم اجل کجا خواہد بود

یہ میرا مصیبت زدہ بدن جو اس مسافرت میں گھل گیا۔ اس کو گھر بار کا خیال و وعدہ کیا پسند ہو۔ کہتا ہے، اتنی بڑی زندگی گزاری ہے، مگر ایک منٹ بھی خوشی سے نہ گزارا۔ اب دیکھیں موت کس سرزمین پر آتی ہے۔

(یہ رباعی کسی ایسے شاعر کی ہے جو سفر میں پریشان ہو۔ خیام کے مجموعے میں نہ معلوم اسے کیوں شریک کیا گیا ہے۔ نول ۳۲۱)

(۱۵۶)

مگذار کہ غصہ در حصارت گیرد | و اندوہ محالِ روزگارت گیرد
مے خور بہ کنارۂ و آبِ رواں | زاں پیش کہ خاک در کنارت گیرد

ایسا موقع نہ آنے دے کہ غم تجھے گھیر لے اور فکریں لمحاتِ زندگی کو پابند کر دیں۔ شراب پی اور لبِ نہر و گوشۂ چمن میں بیٹھ کر پی۔ اس سے پہلے کہ قبر تجھے آغوش میں لے لے۔
موت سے پہلے مے نوشی کی لذتیں حاصل کر لے۔

(نول ۳۱۳ ن۔ ۲۱ دلیشہ ۱۳۰)

(۱۵۷)

من دامن زہد و توبہ طے خواہم کرد | با موئے سفید قصدِ مے خواہم کرد
پیمانۂ عمرِ من بہ ہفتاد رسید | ایں دم نکنم نشاط کے خواہم کرد

میں زہد و توبہ لپیٹ لوں گا اور ان سفید بالوں کے باوجود شراب پینے کا ارادہ کروں گا
میری عمر کا پیمانہ ستر تک پہنچ گیا، اب بھی مزے نہ کروں تو کب کروں گا۔
(اگر یہ رباعی خیام کی ہے، تو اس سے تاریخ پیدائش کا تخمینہ لگانے میں آسانی ہو سکتی ہے۔ مگر یہ نسبت مشکوک ہے۔ نیز دیکھیے رباعی ۱۳۱ نول ۳۸۵ - ن ۱۹۴)

(۱۵۸)

من مے خورم و ہر کہ چو من اہل بود | مے خوردنِ او نزدِ خدا سہل بود
مے خوردنِ من حق ز ازل می دانست | گر مے نہ خورم علمِ خدا جہل بود

میں شراب پیتا ہوں اور جو بھی میری طرح صاحب عقل ہے، اس کی مے نوشی خدا کے نزدیک قابلِ معافی ہے۔ میری رندی کا حال حق روزِ ازل ہی سے جانتا تھا۔ اب جو میں شراب نہ پیوں تو علم ..... جہل ہو جائے گا۔

.... جانتا ہے۔ اب اگر اس کے جانتے ہوئے خیام شراب نہ پیے تو گویا ...... کے علم کے خلاف ہوا۔

(نول ۳۵۴ ن ۲۱۱ آتشکدہ بنام سراج قمری)

(۱۵۹)

موجود حقیقی بجز انساں نبود — بر فہم کسے ایں سخن آساں نبود
یک جرعہ ازیں شراب کیفش می کش — تا خلق خدا پیش تو یکساں نبود

اگرچہ یہ بات ہر ایک کی سمجھ میں مشکل سے آئے گی، مگر حقیقت یہ ہے کہ دنیا میں فقط انسان ہی موجود حقیقی ہے، تو بھی اس خالص شراب گھونٹ پی، تاکہ عام مخلوقات اور انسان میں یکسانی کا خیال دل میں نہ آنے پائے۔

(نول ۳۳۴ ن)

(۱۶۰)

مے باید بود و مرد مے باید بود — سرتا بہ قدم بدرد مے باید بود
دائم سبقے ز عشق مے باید خواند — در کوچۂ دوست گرد مے باید بود

شراب ہونا چاہیے، مردانگی اور سراپا درد بن کر ہمیشہ عشق کا سبق پڑھنا اور کوچۂ یار میں گرد و خاک بن کر رہنا چاہیے۔

(نول ۳۲۰ -

(۱۶۱)

مَی باید خورد و کام دل باید راند — در دل نتواں درخت اندوہ نشاند
ہموارہ کتابِ خرمی باید خواند — پیداست کہ چند در جہاں خواہی ماند

شراب پینا اور دل کی تمنائیں پوری کرنا چاہیے۔ دل میں غم کا درخت بٹھانے سے کیا فائدہ؟ ہمیشہ عیش و نشاط کی کتاب پڑھنا چاہیے، کیونکہ ظاہر ہے کہ دنیا میں چند ہی روز رہنا ہے۔

(نول ۲۷۹)

(۱۶۲)

میخوار اگر غنی بود عُور شود — وز عربدہ اش جہاں پُر از شور شود
در حقۂ لعل ازاں زمرد ریزم — تا دیدۂ افعی غمم کور شود

عور: برہنہ — عربدہ: جنگ۔ شورش — حقہ: جواہرات رکھنے کا صندوقچہ
افعی: سانپ۔ اژدہا۔

شراب خوار اگر دولت مند ہو تو کمبخت روٹی کپڑے کو محتاج ہو جائے گا۔ اس کی لڑائیوں سے دنیا میں ہنگامہ برپا ہو جائے گا۔ مَیں یاقوت کی پیالی میں زمرد جیسا ہرا اور دلکش نشہ (بھنگ) اس لیے اُنڈیلتا ہوں کہ میرے غموں کے کالے اس کی چمک سے اندھے ہو جائیں۔

(آتشکدہ ص ۲۰ طبع بمبئی پر یہ رباعی ملک شمس الدین کرت کے نام سے ہے: "در انکار شراب و وصف بنگ۔ ایں دو رباعی از دست"۔ سلیمان ندوی نے لکھا ہے کہ یہ رباعی بمبئی ایڈیشن میں ہے اور آتشکدہ میں بنام شاہ شجاع ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ آتشکدہ مطبوعہ بمبئی میں یہ رباعی شمس الدین شاہ کرت کے نام درج ہے، جس کا ذکر شاہ شجاع کے عین بعد آیا ہے۔ غالباً اسی وجہ سے مولانا سلیمان مرحوم کو اشتباہ ہوا۔ یہ تصریح بھی موجود ہے کہ شمس الدین نے دو رباعیاں شراب کی مخالفت اور بھنگ کی تعریف میں کہی ہیں، جن میں سے پہلی رباعی یہی تھی۔ (نول ۳۳۱ کاس الکرام ص ۱۲۶)

(۱۶۳)

مے خواہم خورد تا کہ جانم باشد — گر سودِ جہاں جملہ زیانم باشد
اے جانِ جہاں دریں جہاں خوش گذرانم — من کے دانم کہ آں جہانم باشد

جب تک جان میں جان ہے، شراب پیتا رہوں گا، چاہے دنیا کے فائدے سراسر نقصان بن جائیں۔ اے جانِ جہاں میں تو اس دنیا میں خوشی سے زندگی گزاروں گا، مجھے کیا معلوم کہ کوئی اور دنیا بھی ہو گی؟ (دیکھیے ۱۴۸ و ۱۵۶ - نول ۳۸۰ ل ۲۱۵)

(۱۶۴)

مے خور کہ ز دل قلت و کثرت ببرد — واندیشۂ ہفتاد و دو ملت ببرد
پرہیز مکن ز کیمیائے کہ ازو — یک جرعہ خوری، ہزار علت ببرد

شراب پی کہ قلت و کثرت، اور بہتر فرقوں کا خیال مٹ جائے۔ اس کیمیا (شراب) سے پرہیز نہ کر، کہ ایک گھونٹ پینے سے ہزاروں بیماریاں دُور ہو جاتی ہیں، جن میں سے قلت و کثرت

دین و بلے دینی کے مرض و خیال بھی ہیں۔

(نول ۳۰۳ "یک جرعہ می" ف ۹۰ - ن ۲۱۳ - آت۔ دلیسنہ ۱۲۳ تح ص ۲۷۲ "یک من بخوری")

(۱۶۵)

می خور کہ تنت بخاک در، ذرّہ شود خاکت پس ازاں پیالہ و جرّہ شود
از دوزخ و از بہشت فارغ می باش عاقل بہ چنیں عمر چرا غرّہ شود

جرّہ : صراحی غرّہ : دھوکا

پیو، کہ یہ بدن خاک میں مل کر ذرّہ ذرّہ ہو جائے۔ پھر وہ خاک پیالہ و صراحی بنے جنّت و دوزخ کے خیال سے آزاد رہو، کہ عقل مند اتنی سی زندگی میں کیوں فریب کھائے۔

(نول ۲۹۱ ن ۲۱۲ دلیسنہ ۱۳۰ - یقین نہیں آتا کہ خیّام نے کہا ہو۔)

(۱۶۶)

مے خور کہ سمن بسے سما خواہد شد خوش زی کہ سہی بسے سُہا خواہد شد
بر طرفِ چمن ز زندگانی بر خور زیرا کہ چمن بسے چو ما خواہد شد

سمن : چنبیلی کا پھول سما : آسمان سہی : سرد

سُہا : بنات النعش میں ایک چھوٹا ستارہ

شراب پی، کہ چنبیلی کے پھول آسمان تک جائیں گے۔ خوش و خرّم رہ کہ سرو تاروں سے جا ملیں گے۔ یہ بہار بہت دِنوں تک رہے گی۔ اس پُر بہار چمن کے کنارے بیٹھ کر زندگی کے مزے لوٹ لے، کہ یہ چمن ہماری طرح بہت دنوں تک رہے گا۔ (نول ۲۸۶ - ن ۲۱۴)

(۱۶۷)

مے گرچہ حرام است ولے تا کہ خورد وانگاہ چہ مقدار و دگر با کہ خورد
ہر گاہ کہ ایں سہ شرط شد باہم جمع پس مے نخورد مردمِ دانا کہ خورد

شراب حرام تو ہے مگر کب تک پی جائے، کتنی مقدار میں اور کس کے ساتھ بیٹھ کر پی جائے؟ اگر یہ تینوں نکتے ملحوظ رکھ کر پی جائے تو اس طرح پینے والا عقلمند جو پی رہا ہے، وہ شراب نہیں، کچھ اور ہے۔

(نول ۲۴۱ - تح ص ۲۶۵ - ونیفلڈ دلیسنہ ۱۳۱ نسخوں میں کافی اختلافات ہیں۔)

(۱۶۸)

مے نوش کہ تا غم از نہادت ببرد شغل دو جہاں جملہ زیادت ببرد
رو آتش تر گزیں کُن و آب رواں زآں پیش کہ ہمچو خاک بادت ببرد

شراب پی کہ دل سے غم کو نکال دے، دو جہان کے جھگڑے ذہن سے مٹا دے۔ جا آتش تر (شراب) اور نہر سے لطف اُٹھا۔ پیشتر اس کے کہ ہوا تیرے اجزائے بدن کو خاک کی طرح کر دے اور تم کچھ بھی کر نہ سکو۔

(نول ۲-۳۰۲- ویسنہ ۱۲۲ "رو آتش تر گزیں کہ ایں آب حیات" "آنگہ کہ شوی خاک زیادت برود" ردیف برود)

(۱۶۹)

با پردہ بصبح در طلب شامے چند ننہادہ بروں زخویشتن گامے چند
در کسوتِ خاص آمدہ عامے چند بدنام کنندۂ نکو نامے چند

یہ چند باریش اور نیک ناموں کے بدنام کرنے والے وہ ہیں کہ طلب و کوشش میں دو چار راتوں کو جاگ صبح نہیں کیا۔ جنھوں نے کبھی انا اور اپنی فکر سے قدم باہر نہیں نکالا۔ یہ چند عوام ہیں، جنھوں نے خواص کا لبادہ اوڑھ لیا ہے۔

(نول ۲۶۴ ن ۲۱۶ اعظم گڑھ کی ایک مخطوط بیاض میں دوسرا مصرع تیسرا اور تیسرا دوسرا ہے۔)

(۱۷۰)

نے جامۂ عمر کہنہ نو خواہد شد نے سیرِ جہاں بہ کام تو خواہد شد
مے خور بسبو و کوزہ اندوہ مخور کیں کوزہ چو بشکند سبو خواہد شد

نہ عمر کا پرانا لباس نیا ہو گا، نہ دنیا کے معاملات تیرے ڈھب پر آئیں گے۔ لہٰذا صراحیاں اور جام بھر بھر کے شراب پی۔ غم نہ کھا، کہ جب یہ کوزہ ٹوٹ جائے گا تو سبو بن جائے گا۔

(نول ۳۷۳)

(۱۷۱)

وقتیست کہ از سبزہ جہاں آرایند موسیٰؑ صفتاں زشاخ کف بنمایند
عیسیٰؑ نفساں زخاک بیروں آیند در چشم سحاب دیدہ ہا بکشایند

وہ موسم ہے کہ ہریالی سے دنیا سجائی جائے۔ موسیٰؑ صفت (ید بیضا کے سے روشن پھول)

شاخوں سے ہاتھ دکھائیں۔ عیسیٰ نفس سرو و سمن (حیات بخش بن کر) باہر نکلیں اور بادل کی آنکھوں سے آنکھیں لڑائیں۔ بہار آنے کو ہے۔ (نول ۲۷۰)

(۱۷۲)

وقتیکہ طلوع صبح ازرق باشد — باید کہ بکف جام مُرَوّق باشد
گویند کہ حق تلخ بود در ہمہ حال — باید بہ ہمہ حال کہ مے حق باشد

ازرق: نیلا — مُرَوّق: چھنا ہوا۔ مقطّر

جب نیلگوں اُفق سے صبح اُبھر رہی ہو، اُس وقت چاہیئے کہ ہاتھ میں چھنی ہوئی صاف و مقطّر شراب کا پیالہ ہو۔ کہتے ہیں حق ہر حال میں تلخ ہوتا ہے، تو شراب بھی تلخ ہونے کی وجہ سے ہر حال میں حق ہوئی۔

(نول ۲۸۰ ن ۲۱۷ "گویند در افواہ کہ حق تلخ بود" دلیسنہ ۱۱۱)

(۱۷۳)

ہر جرعہ کہ ساقیش بخاک افشاند — در دیدۂ گرم آتش غم بنشاند
سبحان اللہ تو بادہ می پنداری — آبے کہ ز صد درد دلت برہاند

جو گھونٹ (قطرہ) ساقی زمین پر پھینکتا ہے، وہ میری گرم آنکھوں میں غم کی آگ بجھا دیتا ہے
سبحان اللہ! تو اس پانی کو شراب سمجھتا ہے، جو سینکڑوں قلبی بیماریوں کو شفا بخشتا ہے۔

(نول ۳۷۵ ن ۲۱۹۔ مبا "دیدۂ من" ن "کہ رسد درد دلت" تح ص ۲۷۸)

(۱۷۴)

ہر راز کہ اندر دلِ دانا باشد — باید کہ نہفتہ تر ز عنقا باشد
کاندر صدف از نہفتگی گردد دُر — آں قطرہ کہ رازِ دلِ دریا باشد

جو بھی راز عقل مند کے دل میں ہوتا ہے، اُسے عنقا سے زیادہ روپوش ہونا چاہیئے۔ کیونکہ جو قطرہ دریا کے دل کا راز ہوتا ہے، وہ صدف کے دل میں چھپے چھپے موتی بن جاتا ہے۔

(نول ندارد ف ۹۱)

(۱۷۵)

ہر صبح کہ روے لالہ شبنم گیرد — بالائے بنفشہ در چمن خم گیرد
انصاف مراز غنچہ خوش می آید — کو دامن خویشتن فراہم گیرد

روزانہ صبح سویرے جب لالے کے رُخ پر شبنم کے قطرے اور بنفشے کی نازک ڈنڈیاں چمن میں جھکی

ہوئی ہوتی ہیں، مجھے کلیوں کا یہ اندازِ حق پسندی اچھا معلوم ہوتا ہے، کہ وہ اس سارے منظر میں اپنا دامن سمیٹے رہتی ہیں۔

(نول ۲۶۹ ن ۲۲۱ ف ۹۲)

(۱۷۶)

ہرگز دلِ من ز علم محروم نہ شد — کم بود ز اسرار کہ مفہوم نہ شد
ہفتاد و دو سال فکر کردم شب و روز — معلومم شد کہ ہیچ معلوم نہ شد

میرا دل لمحہ بھر بھی علم سے محروم نہ رہا، بہت کم راز ایسے تھے، جنھیں نہ سمجھا ہو۔ بہتر سال دن رات سوچنے کے بعد یہ معلوم ہوا کہ کچھ معلوم نہیں ہوا۔ انتہائے خرد و علم یہ ہے کہ علم نہ ہونے کا اقرار کر لیا جائے، لیکن یہ درجہ بھی ہزاروں درجے طے کرنے کے بعد نصیب ہوتا ہے۔

(نول ۲۶۳ "تا بود دلم ز عشق محروم نہ شد"، ۳ "اکنوں کہ ہمی بنگرم از روے خرد" ن ۲۲۰ "۳ و اکنوں کہ بچشمِ عقل در می نگرم" ف ۹۳ بفخر رازی نیز منسوب است)

(۱۷۷)

ہرگہ کہ بنفشہ جامہ در رنگ زند — در دامنِ گُل بادِ صبا چنگ زند
ہشیار کسے بود کہ با سیمبرے — می نوشد و جامِ بادہ بر سنگ زند

جس وقت بنفشہ اپنا لباس رنگتا اور بادِ صبا پھولوں کے دامن پکڑتی ہے، اُس وقت وہی شخص صاحبِ عقل ہے، جو کسی سیمتن کے ساتھ بیٹھ کر شراب پیتا اور پیالۂ شراب کو پتھر پر پھینک کر توڑتا (اور صراحی سے منہ لگا کر پیتا) ہے۔

(نول ندارد ن ۲۱۸)

(۱۷۸)

ہر لذّت و راحتے کہ خلاق نہاد — از بہرِ مجرّدانِ آفاق نہاد
ہرکس کہ ز طاق منقلب گشت بہ جفت — آسائش خود ببرد و بر طاق نہاد

خدا نے تمام راحتیں اور لذتیں مجرّدوں (غیر شادی شدہ یا قلندروں) کے لیے رکھی ہیں، جو بھی طاق سے جُفت، ایک سے دو ہُوا، اُس نے اپنی راحتیں بالائے طاق رکھ دیں۔

(نول ۳۳۲ دلبستہ ۱۴۲ ن ۲۲۲ -

(۱۷۹)

ہم دانۂ اُمّید بہ خرمن ماند — ہم باغ و سرائے بے تو و من ماند
سیم و زرِ خویش از درمے تا بجوے — با دوست بخور، اگر نہ بہ دشمن ماند

یاد رہے کہ اُمیدوں کے ڈھیر دل کے کھلیان میں اور باغات و محلات تیرے اور میرے بغیر رہیں گے۔ دولت و درم سے ایک دانہ جَو تک دوست کے ساتھ اُڑا دے، ورنہ دشمن کے ہاتھ آئے گی یہ سب تیرے لیے ہے اور وارث دولت کے لیے۔

(نول ندارد، ف ۹۴)

(۱۸۰)

ہم دستِ منِ تشنہ بجامے نرسید — ہم پائے تمنّا بمقامے نرسید
واں دل کہ بماندہ بود در ناکامی — ہم عاقبت الامر بکامے نرسید

مجھ پیاسے کا ہاتھ نہ تو کسی جام تک پہنچا، نہ تمنّاؤں کے قدم کسی منزل پر۔ وہ دل جو ناکامیوں میں تھا، اس غریب کو بھی کوئی نتیجہ ہاتھ نہ آیا۔ آخر جہنّم اوّل دوزخ —— ہم بھی کیا یاد کریں گے۔

(نول ۳۸۶)

(۱۸۱)

یاراں چو باتّفاق میعاد کنید — خود را بجمالِ یکدگر شاد کنید
ساقی چو مئے مغانہ درکف گیرد — بیچارہ فلاں را بہ دعا یاد کنید

دوستو! جب سب مل کر وقت گزارنا، اور آپس میں ایک دوسرے کو دیکھ کر خوش ہونا جب ساقی مغوں کی شراب ہاتھوں پر لیے ہو تو بیچارے خیّام کو بھی دعائے خیر سے یاد کر لینا۔

حافظ کہتا ہے:

چو باحبیب نشینی و بادہ پیمائی — بیاد آر حریفاں بادہ پیما را

(نول ۲۸۸ ن ۲۲۳)

(۱۸۲)

یارانِ موافق ہمہ از دست شدند — در پائے اجل یکاں یکاں پست شدند
خوردیم زیک شراب در مجلسِ عمر — دورے دو سہ پیشتر زما مست شدند

سب احباب ہمنوا چھوٹ گئے۔ اجل کے قدموں پر ایک ایک کرکے گر گیا۔ ہم سب زندگی

کی محفل میں ایک ساتھ شراب پینے آئے تھے، مگر وہ دو تین ہی دوروں میں ہم سے پہلے مست ہوگئے۔ اب ہم ہیں اور ماتم یک شہر آرزو۔

(نول ۳۷۹ ن ۲۲۴ ف ۹۵)

۱۸۳

یک جام شراب، صد دل و دیں ارزد
یک جرعۂ مے، مملکتِ چیں ارزد
جز بادۂ لعل نیست در روے زمیں
تلخی کہ ہزار جانِ شیریں ارزد

ایک پیالہ شراب کی قیمت سو دل و دین، ایک گھونٹ کے بدلے پورا ملکِ چین۔ شراب سرخ کے سوا اس زمین پر ہے کیا؟ ارے اس کی تلخی کے عوض تو ہزار جان شیریں بھی کم قیمت ہے۔

(نول ۳۰۸ "یک جام ہزار مرد یا دیں ارزد" "۳ در رُوے زمیں چیست زیادہ خوشتر؟" ن ۲۲۵ ف ۹۶ تح ع ۲۶۱ دلیسنہ ۱۲۸)

۱۸۴

یک جرعہ مے مُلک و جہاں می ارزد
خشتِ سرِ خُم ہزار جاں می ارزد
آں کہنہ کہ لب بہ از و پاک کنند
حقا کہ ہزار طیلساں می ارزد

ایک گھونٹ کے بدلے ملک و جہاں کم۔ خم مے کی ٹیک (اینٹ) کی قیمت میں ہزار جانیں مُفت۔ وہ بچی کھچی پُرانی شراب جس سے فقط منہ کا مزہ بدل لیا جائے۔ ایمانداری سے وہ ہزاروں آسمانوں کے بدلے بھی سستی ہے۔

(نول ۳۸۸ ن ۲۲۶ شاید پہلی رباعی کے جواب میں کسی اور نے کہی ہے)

۱۸۵

یک روز، فلک کار مرا ساز نہ کرد
ہرگز سوئے من دمے خوش آواز نہ کرد
یک دم نفسے از سرِ شادی نہ زدم
کاں روز کہ صد ہا درِ غم باز نہ کرد

اس آسمان نے ایک دن بھی میری کارسازی، اور کبھی اس نے خوش ادائی سے نہ دیکھا (کبھی سیدھے منہ بات نہ کی) ایک دم کے لیے بھی یہ نہ ہوا کہ میں نے خوشی کی سانس لی ہوتی، اور اس نے غم کے ہزاروں دروازے نہ کھولے ہوتے (اس کی عادت دشمنی اور دل آزاری ہے)۔

(نول ۳۱۶ ۔ نہ معلوم کس دل جلے کی رباعی ہے)

(۱۸۶)

یک قطرۂ آب بود، با دریا شد — یک ذرّۂ خاک، با زمیں یکتا شد
آمد شدن تو اندریں عالم چیست؟ — آمد مگسے پدید، ناپیدا شد

پانی کا ایک قطرہ تھا یہ انسان، جو سمندر سے ٹکرا گیا۔ خاک کا ایک ذرہ، مگر . زمین پر چھا گیا۔ مجھے معلوم یہی ہے کہ اس دنیا میں تیرے پیدا ہونے اور مرنے کی مثال کیا ہے! یہی جیسے ایک مکھی دکھائی دے، پھر نظر سے اوجھل ہو جائے۔ اس کے باوجود یہ انا، اے وائے آدمی!

(نول ندارد ف ۹۷ ن ۲۲۷)

(۱۸۷)

یک نان بدو روز اگر بود حاصل مرد — وز کوزۂ شکستہ دمے آبے سرد
مامور کم از خودے، چرا باید بود — یا خدمت چوں خودے، چرا باید کرد

اگر آدمی کو دو دن میں ایک روٹی نصیب ہو اور ٹوٹے آبخورے میں ایک گھونٹ ٹھنڈا پانی، تو اپنے سے کم رُتبہ کی خدمت گزاری یا اپنے جیسے انسان کی نوکری سے کیا حاصل!

آدمی کو خود دار ہونا چاہیئے۔

(نول ۴۴۳ - ن ۲۲۸ (کل ۱۱۱) ف ۹۸ آتشکدہ "محکوم کم از")

ر

(۱)

آں لعل در آبگینۂ سادہ بیار — واں محرم و مونس ہر آزادہ بیار
چوں می دانی کہ مدتِ عالم خاک — بادیست کہ زود بگذرد بادہ بیار

ایک سادہ سے آبگینے میں وہ یاقوت رنگ بھر لا۔ ہر آزاد کی محرم رازو غمخوار (شراب) لا۔ جب تو یہ جانتا ہے کہ اس دنیا کی زندگی آندھی کا جھونکا ہے، جو جلد ہی نکل جائے گا تو شراب دینے میں انتظار نہ کر۔ (نول ۴۰۱ ف ۹۹)

(۲)

آں مے کہ حیاتِ جاودانیست بخور — سرمایۂ لذّتِ جوانیست بخور
سوزندہ چو آتش است لیکن غم را — سازندہ چو آبِ زندگانیست بخور

جو شرابِ زندگیِ جاوید ہے پی۔ لذتِ جوانی کا سرمایہ ہے پی۔ وہ آگ کی طرح جلانے والی، گر غم کو۔ وہ آبِ حیات کی طرح موافق آنے والی ہے اُسے پی!

(مختصر بہ دلیلہ)

(۳)

از بودنی اے دوست چہ داری تیمار	وز فکرت بیہودہ دل و جان افگار
خرم بزی و جہاں بہ شادی گذران	تدبیر نہ با تو کردہ اند اول کار

اے ہمدم و دوست اس دنیا کی فکر اور اس بیکار غم سے دل و روح کو کیوں اذیت دے رکھی ہے۔ خوشی خوشی زندگی بسر کر اور ہنس کھیل کر دنیا سے گزر جا، کیونکہ ابتدا ہی سے تیرے معاملات میں باقاعدگی نہیں رکھی گئی۔ تو اب تدبیر کامیابی کی فکر تجھے کیوں ہے؟

(نول ۳۹۸ ص ۱۰۰)

(۴)

از گردشِ روزگار بہرہ برگیر	بر تختِ طرب نشین و ساغر برگیر
از طاعت و معصیت خدا مستغنی است	بارے تو مراد خود ز عالم برگیر

گردشِ فلک سے اپنا حصہ لے۔ مسرت کے تخت پر بیٹھ کر پیالہ پی۔ خدا ہماری طاعت و نافرمانی کا محتاج نہیں، اس لیے اپنی مراد پوری کر۔ (نول ۳۹۹)

(۵)

از چرخ بکام سر برافراشتہ گیر	وز عمر تمام بہرہ برداشتہ گیر
از گنج و گہر ہر چہ مراد دل تست	برداشتہ گیر و باز بگذاشتہ گیر

فرض کر لے کہ تو آسمان سے کامیابی حاصل کر کے سربلند ہو گیا اور زندگی سے پورا پورا حصہ حاصل کر لیا۔ خزانہ و جواہرات جس چیز کی خواہش تھی، فرض کر لے کہ وہ حاصل کر لی، پھر اُسے چھوڑ بھی دیا۔ یہاں کا معاملہ ہی کچھ ایسا ہے۔ (نول ۲۱۵)

(۶)

از ہر چہ خوری، باز شراب اولیٰتر	با لالہ رُخاں بادۂ ناب اولیٰتر
عالم ہمہ سر بسر خراب است و خراب	در جائے خراب ہم خراب اولیٰتر

تو جو بھی چیزیں استعمال کرتا ہے، ان میں شراب سب سے اچھی ہے۔ پھر اگر وہ خالص اور

لالہ رخوں کے ساتھ ہو تو سبحان اللہ — یاد رہے کہ دنیا از اوّل تا آخر تباہی ہے۔ اس تباہی کی جگہ تباہ حال رہنا ہی بہتر ہے۔

(نول ندارد ن ۲۲۹ دیوان حافظ نامی دلیند ۵۵ ، اختلاف سے)

(۷)

افلاک کہ جز غم نفزایند دگر — ننہند بجا، تا نہ ربایند دگر
نا آمدگان اگر بدانند کہ ما — از دہر چہ میکشیم، نایند دگر

یہ آسمان غم کے سوا کسی چیز میں زیادتی نہیں کرتے، یہ کوئی چیز کسی جگہ نہیں رکھتے کہ پھر اُسے وہاں سے اُٹھالیں۔ جو یہاں نہیں آئے، اگر انھیں معلوم ہو جائے کہ ہم اس دنیا میں کیا کیا دُکھ جھیل رہے ہیں تو وہ ہرگز نہ آئیں۔

(نول ۳۹۶ ن ۲۳۰ ت ۱۰۱ دلیند ۱۴۳)

(۸)

اے خواجہ فقیہ اگر ترا ہست خبر — چندیں ز حسد مپیچ بر اہل نظر
ایشاں ہمہ از صانع و صنعش گویند — تو از دم حیض و از نجاسات دگر

اے خواجہ فقیہ (واقفِ شریعت) اگر آپ کو کچھ علم و خبر ہے تو اہلِ نظر پر یوں پیچ و تاب نہ کھائیے، لوگ اللہ اور اس کی کاریگر اور کاریگری کا ذکر کرتے ہیں۔ آپ خونِ حیض اور دوسری نجاستوں کا۔

(نول ۴۲۳)

(۹)

اے دل غم این جہان فرسودہ مخور — بیہودہ نۂ غمان بیہودہ مخور
چوں بودہ گزشت و نیست نابودہ پدید — خوش باش و غم بودہ و نابودہ مخور

اے دل! اس دنیائے فرسودہ کے غموں کو چھوڑ۔ تو بیکار نہیں، لہٰذا بیکار غموں سے گذر۔ جو کچھ تھا، نہ رہا۔ جو نابود و معدوم ہے، وہ ظاہر نہیں، اس لیے خوش رہ اور گذشتہ و نابود کا غم نہ کھا۔

(نول ۴۲۱ ف ۱۰۲)

(۱۰)

اے دل ہمہ اسباب جہاں خواستہ گیر | باغ طرب بہ سبزہ آراستہ گیر
وانگاہ بر آں سبزہ شبے چوں شبنم | بنشستہ و بامداد برخاستہ گیر

اے دل! فرض کرلے کہ تُونے دنیا کے سارے سامان کی خواہش کرلی۔ اپنی خوشی کا باغ سبزے سے سجالیا۔ پھر اس سبزے پر ایک رات شبنم کی طرح بیٹھ لیا اور صبح کو اُڑ گیا۔

(نول ۲۰۔ ۲۴ ت ۱۰۳ ولینہ ۱۵۲ آت بنام شاہی کاس الکرام ص ۲۳۲)

(۱۱)

اے دل ہمہ اسباب جہاں خواستہ گیر | دیں خانہ پُر از نعمت و آراستہ گیر
خوش باش، دریں نشیمن کون و فساد | روزے دو سہ بنشستہ و برخاستہ گیر

اے دل! فرض کرلے کہ تونے جہاں کا سارا مال اسباب چاہ لیا۔ یہ گھر نعمتوں سے بھرا اور سجا ہوا ہے۔ اس موجود و نابود ہونے والے نشیمن (دنیا) میں خوش رہ۔ فرض کرلے کہ تُونے دو تین دن اس میں قیام کرلیا، پھر اُٹھ کر چل دیا۔ (شاید پہلی رباعی کا جواب ہو، یا اختلاف، روایت نے ایک رباعی کو دو کردیا)

میر نظام الدین کی رباعی ہے:

برخیز تو اے دولت افراشتہ گیر | دنیا ہمہ در زیر نگیں داشتہ گیر
آفاق از آں خویش پنداشتہ گیر | آخر ز جہاں رفتہ و بگذاشتہ گیر

(نول ۱۷، ۴۱ ولینہ ۱۵۱ "۳ در دنیائے کہ نہ جائے من و تست")

(۱۲)

ایں اہل قبور خاک گشتند و غبار | ہر ذرّہ ز ہر ذرّہ گرفتند کنار
آہ ایں چہ شراب است کہ تا روز شمار | بیخود شدہ و بیخبر اند از ہمہ کار

یہ قبروں والے خاک و غبار بن گئے، ان کے بدن کا ایک ایک ذرّہ الگ ہوگیا۔ افسوس! یہ کیسی شراب ہے، جس کے باعث یہ لوگ قیامت تک بے خود اور تمام کاموں سے بے خبر ہیں۔

یہ کیسے سوئے ہیں سونے والے کہ حشر تک جاگنا قسم ہے

(نول ۱۱، ۴ ل ۲۳۱ ف ۱۰۴ ولینہ ۱۴۶)

(۱۳)

باسفلۂ تند خوی بے عقل و وقار
زنہار مخور بادہ کہ رنج آرد بار
بدمستی و شور عربدش در شب عیش
دردسر و عذر خواہیش روز شمار

ذلیل و بد مزاج بے وقوف و بے عزت کے ساتھ بیٹھ کر شراب نہ پینا کہ دُکھ ہوگا۔ اس کی بدمستیاں، ہنگامہ آفرینیاں شب عیش میں، درد سر، وبالِ جان کے بعد روزانہ کی معافی طلبی ایک مصیبت ہوگی۔ (آداب شراب نوشی ندارد و انداز و صفات ندیم)

(نول ۳۹۳)

(۱۴)

با یار چو آرمیدہ باشی ہمہ عمر
لذات جہاں چشیدہ باشی ہمہ عمر
ہم آخر عمر رحلتت باید کرد
خوابے باشد کہ دیدہ باشی ہمہ عمر

زندگی بھر دوست کے ساتھ آرام کرنے، دنیا بھر کی لذتیں حاصل کرنے کے بعد پھر آخری دنوں رحلت کرنا ہوگی۔ اس وقت یہ سب عشرتیں زندگی بھر کا خواب نظر آئیں گی۔

(ن ۲۳۴ - نول کشوری ۲-۴ میں چوتھا مصرع دوسرا ہے اور آخری مصرع دوسرا)

(۱۵)

برخیز و دوائے ایں دل تنگ بیار
زاں بادۂ مشکبوے گلرنگ بیار
اجزائے مفرّحِ غم ار مے خواہی
یاقوت می و بریشمِ چنگ بیار

اُٹھو، اور اس عاجز و غمگین دل کی دوا، مشک بو اور گلابی شراب لا۔ معجونِ مفرّح غم کے نسخے کی اگر تلاش ہو تو شراب کا یاقوت اور چنگ (رباب) کا ابریشم لاؤ۔ یعنی دوائے غم سامان مے و مطرب کے علاوہ کچھ بھی نہیں۔

(ن ۲۳۵ نول ندارد)

(۱۶)

تا چند ازیں حیلۂ و زراقیِ عمر
تا چند مرا درد دہد ساقیِ عمر
حقا کہ من از ستیزۂ و خدعۂ او
چوں جرعہ بخاک ریزم ایں باقیِ عمر

زندگی کی یہ فریب کاریاں اور ساقی عمر (خالق) کی دردسری کی عطا کب تک؟ ایمان کی بات تو یہ ہے کہ میں اس کشمکش و فریب کاری کی بدولت زندگی کے باقی حصہ کو جرعۂ شراب کی طرح خاک پر گرا دوں گا۔ زندگی سے تنگ ہوں، اب مجھے خدا موت ہی دیدے۔ (نول ۳۹۷ "حقا کہ من" ن ۲۳۶)

(۱۷)

جانا ہئی صاف وقت گُل خوش میخور | بر یاد بتان نغز دلکش مے خور
می خون رز است رز ترا می گوید | خون ہر تو حلال کردہ ام خوش میخور

پیارے محبوب بہار کے دن ہیں، صاف و معطر شراب حسین دل رباؤں کی یاد میں پی شراب انگور کا خون ہے اور انگور خود کہتا ہے کہ میں نے اپنا خون تم پر حلال کیا — آپ کو اس کے پینے میں کیا عذر ہے۔ خوشی خوشی پی۔

(نول ۱۸۴ ن ندارد۔

(۱۸)

چوں حاصل آدمی دریں جائے دودر | جز دردِ دل و دادن جاں نیست دگر
خرم دل آنکہ یک نفس زندہ نہ بود | وآسودہ کسے کہ خود نزاد از مادر

اس دورخی دنیا میں آدمی کا حاصل یا دردِ دل ہے، یا جان دینا اس لیے قابلِ مبارک باد ہے وہ، جو لمحہ بھر بھی نہ جیا، اور اس سے زیادہ مطمئن وہ ہے جو بطنِ مادر سے پیدا ہی نہ ہوا جائے دردِ دل اس لیے کہا کہ ایک راہ سے آنے والے آتے ہیں اور رمنا کے راستے جاتے ہیں۔

(نول ۲۰۸ ن ۲۳۷ تج م ۲۹۳ "دو در — جز خون دل" دلپسند ۱۴۹)

(۱۹)

جز نیست ترا جز آنکہ او داد قرار | چندیں ز پئے مرادِ دل رنجہ مدار
ہاں، تا ننہی بر دلِ خود چندیں بار | بگذشتن و بگذاشتنش آخر کار

جو تیرے لیے مقدر کر دیا گیا ہے، اس کے سوا تیرا کچھ بھی نہیں، لہٰذا دلی تمناؤں کے لیے غم نہ اُٹھا، خبردار اپنے دل پہ اتنا بوجھ نہ اُٹھا، یہ دل چھوڑنا پڑے گا۔ یہ غریب فنا ہو کے رہے گا۔

(نول ۳۹۴)

(۲۰)

خشتِ سرِ خم ملکت جم خوشتر | بوئے قدح از غذائے مریم خوشتر
آہ سحری زسینۂ خمارے | از نالۂ بوسعید وادھم خوشتر

خُم کی ٹھیکری حکومت جمشید اور قدح کی خوشبو غذائے حضرت مریم سے اچھی رندِ مے نوش کی ایک آہ سحری ابوسعید و ادہم جیسے عارفوں کی فریادوں سے بہتر کہ رند بادہ نوش صاف دل اور شراب کے

گھڑے کے نیچے رکھا ہوا ٹھیکرا جامِ جمشید سے زیادہ جہاں نما ہوتا ہے۔
(نول ۳۹۵ "یک جرعہ مے زمملکتِ جم خوشتر" کذا آت۔ ف ۱۰۵ ن ۲۳۸)
بہتر

(۲۱)

در دائرۂ سپہرِ ناپیدا غور ۔۔۔ جامیست کہ جملہ را چشانند بہ دور
نوبت چو بہ دَورِ تو رسد آہ مکن ۔۔۔ مینوش بخوشدلی کہ دوراست نہ جور

غَور: گہرائی۔

آسمان کے ان اتھاہ دائروں میں ایک پیالہ ہے کہ وہ باری باری سب کو چکھایا جاتا ہے۔ جب حلقے میں تمھاری باری آئے تو آہیں نہ بھرنا، بلکہ ہنسی خوشی پینا کہ یہ دَورا اور باری ہے، کوئی زبردستی یا ظلم نہیں۔ ہر ایک اپنے نمبر پہ یہ فنا کا جام لبالب پیے گا۔

(نول ۴۰۶ ل ۲۳۹ "دوراست بہ جور" اور مصرع ۲ آخری اور آخری مصرع دوسرا ہے اور بلاشبہ رباعی چست ہو جاتی ہے۔ ف ۱۰۶ "چشانند بدور")

(۲۲)

در موسمِ گُل بادۂ گلرنگ بخور ۔۔۔ با نالۂ نائے و نغمۂ چنگ بخور
من می نخورم و عیش کنم نوشم باد ۔۔۔ گر تو نہ خوری من چہ کنم سنگ بخور

موسمِ بہار میں گلابی رنگ شراب بانسری کے نالے اور چنگ کے ساتھ میں تو شراب پیتا اور زندگی کی مسرتوں میں گزارتا ہوں۔ اگر تو مجھے دیکھ کر بھی نہیں پیتا تو میں کیا کروں پتھر کھا۔ اپنی بدنصیبی پہ رو۔ (مشتبہ یہ دیکھ)

(۲۳)

دی کوزہ گرے بدیدم اندر بازار ۔۔۔ بر پارہ گلے لگد ہمی زد بسیار
واں گِل بزبانِ حال با او می گفت ۔۔۔ "من ہمچو تو بودہ ام مرا نیکو دار"؟

کل ایک کوزہ گر کو بازار میں بھیگی مٹی پاؤں سے گوندھتے اور خوب کچلتے دیکھا اور یہ سُنا کہ وہ مٹی زبانِ حال سے اسے کہہ رہی تھی: کبھی میں بھی تیری طرح تھی ذرا حسنِ سلوک سے کام لے۔ (کس بلا کی رباعی اور انسان کے نتیجے کا کس قدر دل دوز نقشہ ہے۔ میر تقی میر کا وہ قطعہ یاد کیجیے:

کل پاؤں ایک کاسۂ سر پر جو آ گیا ۔۔۔۔

(نول ۱۰-۲۱ ن ۲۴۰ ف ۱۰۷، دلبند ۱۵۰ یہ رنگ خالص خیامی ہے)

(۲۴)

زاں مے کہ حیاتِ جاودانی ست بخور
سرمایۂ لذّتِ جوانی ست بخور
سوزندہ چو آتش است لیکن غم را
سازندہ چو آبِ زندگانی ست بخور

وہ شراب، جو زندگی جاودانی اور جوانی کی لذّتوں کا سرمایہ ہے، پی۔ وہ شراب، جو آگ کی طرح جلاتی مگر غموں کو آبِ حیات کی طرح سازگار ہے، پی اور خوب پی۔

(نول ون ندارد ف ۱۰۸)

(۲۵)

سستی مکن و فریضۂ حق بگزار
واں لقمہ کہ داری ز کساں باز مدار
در خونِ کسے مال کسے قصد مکن
در عہدۂ آنجہاں منم، بادہ بیار

خدا کی اطاعت میں سستی نہ کر۔ جو روزی نصیب ہو، اُسے غریبوں سے عزیز نہ رکھ۔ کسی کا خون نہ کر، کسی کا مال نہ ہتھیا۔ اس کے بعد آخرت کا میں ذمہ دار ہوں۔ شراب لا اور پی، کوئی خطرہ نہیں۔ حقوق عباد و فرائض الٰہی میں کوتاہی کے بعد شراب سے فرار بیکار ہے اور اگر اس کے عبادات اور بندوں کے حقوق ادا کرنے کے بعد پی تو خدا بخش دے گا۔

(نول ۲۰۹) تیسرا مصرعہ "غیبت مکن و کس را آزار مکن"

(۲۶)

عمرت چہ دو صد بود چہ سی صد چہ ہزار
زیں کہنہ سرا بروں برندت ناچار
گر بادشہی و گر گدائے بازار
ایں ہر دو بیک نرخ بود آخر کار

خواہ تیری عمر دو سو سال کی ہو خواہ تین سو سال کی خواہ ہزار سال کی ناچار تجھے اس پرانی سرائے (دنیا) سے باہر لے جائیں گے۔ بادشاہ ہو یا بازار کا بھکاری دونوں کا حشر ایک اور دونوں کو خاک ہونا ہے۔

(نول ۱۹۴ "عمر تو" ن ۲۴۱)

(۲۷)

کار ہمہ عالم ہمہ بمرادت شدہ گیر
ویں عمر برفتہ و اجل آمدہ گیر
گفتی کہ بکام خویش دستے بزنم
خود نتوانی، وگر توانی زدہ گیر

ساری دنیا کے کام اپنی خواہش کے مطابق انجام یافتہ سمجھو، اور اس عمر کو فنا شدہ

داخل آمدہ مانو، تم یہ کہتے ہو کہ "اپنے مقصد کا دامن تھام لوں"۔ یاد رکھو کہ یہ نہیں کر سکتے اور اگر کچھ کر سکتے ہو تو یہی کہ فرض کر لو دامن مقصد ہاتھ آگیا۔

دنیا میں مقاصد میں کامیابی فرض تو کی جا سکتی ہے۔ واقعی کامیابی ناممکن ہے۔

(نول ۲۱۳ ——

(۲۸)

گر بادہ خوری تو با خردمنداں خور — یا با صنمے لالہ رخے خنداں خور
بسیار مخور، ورد مکن فاش مساز — اندک خور و گہ گہ خور و پنہاں خور

شراب پینا ہو تو یہ شرطیں ذہن میں رکھ:

عقل مندوں یا ہنس مکھ لالہ رُو محبوب کے ساتھ پی۔ بہت نہ پینا، عادت نہ ڈالنا اور اعلان نہ کرنا۔ تھوڑی پینا، کبھی کبھی پینا اور چھپ کے پینا۔

(نول ۲۱۶ "سادہ رُخ" ن ۲۴۲ ت ۱۰۹، آت "یا با صنم نوش لب" و ولینفلڈ ۱۵۳، نیز دیکھیے ردیف د کی رباعی ۲۶۲)

(۲۹)

مردانہ در آز خویش پیوند ببر — خود را تو ز بند زن و فرزند ببر
ہر چیز کہ ہست سد راہست ترا — یا بند چگونہ رہ رود بند ببر

مردانگی دکھا، اور اپنی خودی سے بھی رشتہ توڑ لے۔ زن و فرزند کے سلسلے یا طول کر دے، جو چیز بھی تیرے راستے میں رکاوٹ بنے ان کی راہیں بند کر دے، وہ بندشیں اٹھا دے۔

(نول، علاوہ ازیں ولینفلڈ ۱۵۴ نہ معلوم کس قلندر کی رباعی ہے۔)

(۳۰)

وقت سحر است خیز اے طرفہ پسر — پُر بادۂ لعل کن بلوریں ساغر
کایں یک دم عاریت دریں کنج فنا — بسیار بجوئی و نیابی دیگر

صبح کا وقت ہے۔ اے پیارے نوجوان ساقی اٹھ، بلوری ساغر میں شراب سرخ رنگ بھر دے۔ اس گوشۂ فنا میں یہ ایک نفس مستعار ہے۔ اسے بعد میں تو کتنا ہی تلاش کرے پھر یہ نہ ملے گا۔

(نول علاوہ ن ۲۴۳ ت ۱۱۰ ولینفلڈ ۱۲۵)

ز

(۱)

آب از رخِ تو عروسِ رز پاک مریز | جز خونِ دلِ تائبِ ناپاک مریز
خونِ دو ہزار زاہدِ نامعلوم | بر خاک بریز و جرعہ بر خاک مریز

انگور (کی نئی دلہن) کی آبرو نہ لے، بجز توبہ کرنے والے کے خونِ دل کے سوا کچھ نہ بہا، ہزاروں نامعلوم زاہدوں کا خون خاک میں ملا۔ مگر شراب کا ایک گھونٹ زمین پر نہ گرا۔ یہ کونسا دستور ہے کہ تو شراب کو خاک پر پھینکتا ہے؟

(نول ندارد ل ۲۴۴)

(۲)

از جملۂ رفتگانِ ایں راہِ دراز | باز آمدہ کیست تا بما گوید راز
پس بر سرِ ایں دوراہۂ آز و نیاز | تا ہیچ نمانی کہ نمی آئی باز

فنا کی لمبی مسافت سے کون واپس آیا، جو ہم سے راز بتاتا۔ اس حرص و ضرورت کے دوراہے پر جب تک سب کچھ ختم نہ ہو جائے۔ اے انسان تو رُکنے والا نہیں — مسلسل تمنائیں دم نہیں لینے دیں گی۔ اس لیے جو مل جائے، اس پر صبر کرنا ہی بہتر ہے۔

(نول ۲۴۵ — باز آمدہ کو، کہ بما گوید راز۔ زنہار دریں سراچہ از روے مجاز۔ چیزے نگزاری کہ نمی آئی باز۔ ل ۲۴۵ ف ۱۱۱ تج ص ۲۶۰)

(۳)

از روے حقیقتی و نہ از روے مجاز | مالعبتگانیم و فلک لعبت باز
بازیچہ ہمی کنیم بر نطعِ وجود | رفتیم بصندوقِ عدم یک یک باز

لعبت: کھلونا، گڑیا۔ نطع: چمڑے کا فرش۔ لعبت باز۔ مداری

مجازاً نہیں، حقیقت میں ہم کھلونے ہیں اور آسمان کھلاڑی شعبدہ گر کہ زندگی کے سٹیج پر ہم کھیل رہے ہیں اور باری باری فنا کے صندوق میں چلتے رہتے ہیں۔

(نول ۲۴۴ ل ۲۵۹ تج ص ۲۶۰ کہیں دوسرا مصرع پہلے بھی ہے)

(۴)

از عمرِ تو چونکہ میسّر اشد شب و روز — مگذار کہ بر تو خاک پا شد شب و روز
رفتہ و شبِ خویش را بشادی گذران — اے بسکہ نباشی تو و باشد شب و روز

چونکہ دن و رات تیری زندگی کو تراش رہے ہیں، اس لیے انھیں اس کا موقع نہ دے کہ تجھے مٹی دینے لگیں۔ ان دن اور راتوں کو ہنس کھیل کر گزار، کیونکہ تو نہ رہے گا، یہ دن رات یونہی رہیں گے۔

(فقط نول ۴۳۹)

(۵)

افسوس ازیں سگ بچہ پر تگ و تاز — کو در رفتن بباد بودے ہمراز
از بسکہ دلش باستخواں مائل بود — شد عاقبتش نصیب دنداں گراز

افسوس کہ یہ لالچی کتے کا بچہ دوڑنے میں ہوا کو مات دیتا تھا، اسے ہڈیوں کا اتنا چسکا لگا کہ آخرکار سوروں نے پھاڑ کھایا۔

لالچی انسان اور دنیا کا بندہ یہ آدمی آخر دام دود کا لقمہ بنے گا۔ یہ حرص و ہوس کے کس کام آئے گی۔

(نول ۴۴۵)

(۶)

اے بر ہمہ سروراں عالم فیروز — دانی کہ چہ وقت مے بود روح افروز
یک شنبہ و دو شنبہ و سہ شنبہ و چار — پنجشنبہ و آدینہ و شنبہ، شب و روز

اے دنیا کے تمام سرداروں پر فتحمند ساقی تو کیا جانتا ہے کہ شراب پینے کا روح افزا وقت کونسا ہوتا ہے؟ سُن، پینے کے لیے تمام ہفتے کے دن رات سب یکساں دلکش و دل نواز ہیں، جب بھی ملے پی لے۔

(نول ۴۴۸ آتشکدہ)

(۷)

اے پیرِ خردمند پگہ تر بر خیز — واں کودکِ خاک بیز را بنگر تیز
پندش دہ و گو کہ نرم نرمک می بیز — مغز سرِ کیقباد و چشمِ پرویز

اے عقل مند پیر ذرا سویرے سویرے اُٹھ اور خاک چھاننے والے بچے کو دیکھ، اسے سمجھا اور کہہ کہ کیقباد کے مغز سر اور پرویز کی آنکھوں سے یہ سلوک نہ کر۔ یہ خاک ذرا آہستہ آہستہ چھان۔

(نول ۴۳۴ وانگاہ بگویش کہ بہ غفلت پے پر۔ ل ۴۶۲ ت ۱۱۲)

(۸)

اے دل چو حقیقت جہاں ہست مجاز   چندیں چہ بری خواری ایں رنج دراز
تن را بقضا سپار و با درد بساز   کایں رفتہ قلم ز بہر تو ناید باز

اے دل! جب دنیا کی حقیقت وہم و مجاز ہی ہے تو اس ملیے رنج دنیا کے لیے کیوں اتنی ذلت برداشت کرتا ہے! راضی برضا ہو جا۔ درد و غم سے نہ گھبرا کہ قلم تقدیر تیرے لیے دوبارہ نہیں چل سکتا جَفَّ الْقَلَمُ بِمَا هُوَ كَائِنٌ (جو ہونے والا تھا قلم لکھ چکا)

(نول ۱۳۴ ن ۲۴۰ "چندیں چہ خوری تو غم")

(۹)

ایں چرخ کہ با کسے نمی گوید راز   کشتہ بہ ستم ہزار محمود و ایاز
مے خور کہ بکس عمر دوبارہ نہ دہند   ہر کس کہ شد از جہاں نمی آید باز

یہ آسماں کسی سے راز نہیں کہتا۔ اس نے ہزاروں محمود و ایاز کو ظلم سے مار ڈالا ہے (کشتہ بستم ؟ بستہ: اس نے ہزار محمود و ایاز پابند و شہید کیے) شراب پی، کہ کسی کو زندگی دوبارہ نہیں ملے گی۔ جو اس دنیا سے اٹھا پھر نہیں آتا۔ (نول ندارد ن ۲۴۸)

(۱۰)

با تو بخرابات اگر گویم راز   زاں بہ کہ کنم روے بمحراب نماز
اے اول و آخر ہمہ خلق توئی   خواہی تو مرا بسوز، خواہی بنواز

ساقی! اگر میخانے میں تجھ سے بات کر لوں، تو پھر اس دل سے مسجد کا رخ بھی نہ کروں گا۔ اے وہ، جو خلقت کی ابتدا بھی ہے اور انتہا بھی، میں تیرے سامنے افتادہ و ناتواں ہوں۔ چاہے جہنم میں جلا دے، چاہے جنت سے سرفراز فرما۔

(نول ۲۸۴ ن ۲۵۰ "بہ زانکہ بمحراب کنم بے تو نماز" "تو اے اول و اے آخر خلقاں ہمہ تو" دلیسنہ ۱۵۶)

(۱۱)

بازے بودم پریدہ از عالم راز — بو، تا کہ پرم دمے نشیبی بہ فراز
ایں جا کہ نیافتم کسے محرم راز — زاں در کہ در آمدم بروں رفتم باز

عالم راز کا شاہباز تھا، اُڑا تھا اس فکر میں یہ اس پستی سے کسی اور بلندی پر جا بیٹھوں گا۔
مگر یہاں کوئی محرمِ راز نہ ملا، اس لیے جس راستے سے آیا اُسی پیروں واپس چلا گیا۔

(نول ۲۳۰ ن ۹۴۲ "شاید کہ برم رہ ز" شاید خیام کے مصرعے ہوں)

(۱۲)

با مردم پاک اصل و عاقل آمیز — وز نا اہلاں ہزار فرسنگ گریز
گر زہر دہد ترا خردمند، بنوش — ور نوش رسد ز دست نااہل گریز

پاک اصل، شریف ذات اور صاحب عقل آدمیوں سے مل۔ نااہلوں سے ہزاروں کوس بھاگ۔
سمجھ دار اگر زہر دے تو پی جا، نااہل و جاہل اگر شہد بھی دے تو مت پی۔
صحبتِ بد سے پرہیز اور جاہلوں سے گریز عقلمندوں کا شیوہ ہے۔

(نول ۲۴۱ فقط)

(۱۳)

بر روئے گل از ابر نقاب است ہنوز — در طبع و دلم میل شراب است ہنوز
در خواب مرو، چہ خواب است ہنوز — جاناں مے خور کہ آفتاب است ہنوز

گُلوں کے رُخ ابر سے ڈھکے ہوئے ہیں۔ میرے دل میں شراب کی تمنا ابھی تک ہے۔ ساقی!
اب نہ سو، یہ بھی کوئی سونے کا وقت ہے؟ میری جان شراب پی کہ جوانی کا سورج چڑھا ہوا ہے۔
سردی کا موسم اور جوانی کا عالم ہے۔ یہی دن تو پینے پلانے کے ہیں۔

(نول ۲۴۰ ن ۱۵۱ "مے دہ کہ آفتاب")

(۱۴)

بودی کہ نبودت بخور و خواب نیاز — کردند نیاز مندت ایں چار انباز
ہر یک بتو آنچہ داد بستاند باز — تا باز چناں شوی کہ بودی ز آغاز

ایک دن وہ تھا کہ نہ تجھے کھانے کی ضرورت تھی، نہ سونے کی، لیکن اب تیرے ان چار عنصروں
اور جسمانی تقاضوں نے ان باتوں کا نیاز مند بنا دیا، مگر جو کچھ دیا گیا ہے، اسے پھر واپس لے لیا جائیگا

کہ پھر ویسا ہی ہو جائے، جیسا پہلے تھا۔ اوّل فنا آخر فنا۔ (نول ۳۷، ۴)

(۱۵)

حکمے کہ ازو محال باشد پرہیز فرمودہ و امر کرد کزوے بگریز
آنگاہ میان امر و نہیش، عاجز درماندہ جہانیاں، کہ کج دار و مریز

یہ قاعدہ ہے کہ محال بات کے حکم دینے سے بچنا چاہیئے۔ لیکن تو نے حکم فرمایا ہے کہ "دنیا سے بچو" پھر یہیں حکم بھی دیے ہیں اور ممانعتیں بھی۔ کسی چیز کے لیے حکم دیتا ہے، کہ کرو، کسی کام کے لیے منع کرتا ہے۔ اب اہل دنیا "کج دار و مریز" کی حالت میں ہیں کہ عجیب گومگو اور کشمکش میں گرفتار ہیں۔

(نول ۲۲، ۴ ن ۲۵۲ "ایں قصہ چناں بود کہ کج دار ...")

(۱۶)

درکتم عدم خفتہ بُدم گفتی خیز دار و بجہاں و در جہاں شور انگیز
واکنوں کہ بفرمان توام حیرانم القصہ چناں دار کہ کج دار و مریز

گوشۂ فنا میں سو رہا تھا۔ تُو نے حکم دیا کہ "اُٹھ، دنیا میں جا اور وہاں ایک غلغلہ ڈال دے"۔ اب تیری فرمانبرداری میں حیران ہوں، چاہتا ہوں کہ ایسے مشکلات میں، نہ پڑ جاؤں کہ وہ حل نہ ہو سکیں۔

(نول ۲۹، ۴ دونوں رباعیاں خیام کی نہیں)

(۱۷)

رفتند وز رفتگاں یکے نامد باز تا با تو بگوید از پس پردۂ راز
کارت ز نیاز می کشاید نہ نماز بازیچہ بود نماز بے صدق و نیاز

دنیا سے سب اُٹھ گئے اور ان جانے والوں میں سے ایک بھی واپس نہ آیا کہ پردۂ راز کی کوئی بات کہتا۔ تیرے معاملات نہ نیاز مندی سے حل ہوں گے، نہ نماز سے۔ کیونکہ وہ نماز جو صدق و خلوص سے خالی ہو بیکار ہے۔ (نول ۴۶، ۴ ن ۲۵۳)

(۱۸)

رو بر سر افلاک جہاں خاک انداز مے می خور و گرد خوبرویاں می تاز
چہ جائے عبادتست، و چہ جائے نماز کز جملۂ رفتگاں یکے نامد باز

جا، افلاکِ عالم کے سر پر خاک ڈال کر شراب پی اور حسینوں کے گرد چکر لگا، انھیں تاک جھانک، عبادت و نماز سے کیا فائدہ، جب جانے والوں سے ایک بھی واپس نہ آیا کہ ان ریاضتوں کے نتیجے کا

حال کھلتا۔

(نول ۲۶۴ ن ۲۵۴ "ماہرویاں متیاز" "کسے نامدہ")

(۱۹)

ساغر پُر کُن کہ برگوں آمدہ روز — زاں بادہ کہ لعل ہست ازاو رنگ آموز
بردار دو عود را و مجلس افروز — یک عود بساز و آن دگر عود بسوز

برف باری کا دن ہے۔ اُس سرخ و خالص شراب کا پیالہ دے، جس سے یاقوت نے رنگ لیا ہے۔ دو قسم کے عود اٹھا، ایک عود (باجا) بجا اور دوسرے (خوشبو) کو لا، کہ شراب و ساز و عطر بیزی سے محفل گرما جائے۔ (نول ندارد ن ۲۲۵)

(۲۰)

کردیم دگر شیوۂ رندی آغاز — تکبیر ہمی زنیم بر پنج نماز
ہر جا کہ پیالہ ایست مارا بینی — گردن چو صراحی سوے او کردہ دراز

ہم پھر سے رندی اختیار کر رہے ہیں۔ پانچوں نمازوں کو آج سے سلام۔ اب دیکھنا کہ جدھر بھی پیالہ ہوگا، ہم اُدھر ہی صراحی کی طرح گردن دراز کیے ہوں گے۔

(نول ۲۳۶ ن ۱۵۶ دلیسنہ ۱۵۹)

(۲۱)

گر گوہر طاعتت نہ سفتم ہرگز — ور گردِ گنہ ز رُخ نہ رُفتم ہرگز
نومید نیم ز بارگاہ کرمت — زانی، کہ یکے را، دو نہ گفتم ہرگز

گرچہ میں نے تیری اطاعت کے موتی نہیں سمیٹے، نہ اپنے چہرے سے گناہوں کی خاک پونچھی، اس کے بعد بھی تیرے کرم سے مایوس نہیں، کیونکہ کبھی تیری وحدت میں دوئی کا تصور نہ کیا۔

اور تو نے دو باتوں کے لیے صاف صاف کہہ دیا ہے:

۱۔ لَا تَقْنَطُوا مِنْ رَحْمَةِ اللّٰہ (اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو)

۲۔ اِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ اَنْ یُشْرِكَ بِہٖ (شرک ناقابلِ معافی ہے)

(نول ۲۴۴ ن ۱۵۷، "با ایں ہمہ نومید نیم از کرمت"۔ "زانرو" آت دلیسنہ ۱۹۷، تیج ص ۲۹۴ میرے خیال میں خیام ہی کے دور کی رباعی ہے)

(۲۲)

لب بر لب کوزه بردم از غایت آز — تا زو طلبم واسطهٔ عمر دراز
با من بزبان حال می‌گفت این راز — عمری تو چو بوده‌ام دمی با من ساز

میں نے انتہائے شوق میں لب ساغر پر لب رکھے تاکہ اس سے لمبی عمر کا وسیلہ کروں، پیالہ مجھ سے زبانِ حال سے یہ بھید کہتا تھا: "میں بھی ایک عمر تک تیری طرح رہا ہوں، تو ایک لمحہ مجھ سے موافقت کر۔"

(نول ۲۲۷، ن ۵۸ "لب بر لب من نهاد و میگفت این راز — مے خور که بدین جهان نمی آئی باز" دلیند ۱۶۳۔ بہرحال پرانی رباعی ہے)

(۲۳)

ما عاشق و آشفته و مستیم امروز — در کوی بتان باده پرستیم امروز
از هستی خویشتن بکلی رسته — پیوسته بمحراب الستیم امروز

آج ہم عاشق، پریشان بتوں کے کوچے میں بادہ پرست، اپنی خودی سے مکمل آزاد، اور محراب الست میں بیٹھے ہیں — عالم کیف و سرور ہے، نشۂ توحید میں غرق ہیں۔

(نول ۲۳۵ دلیند ۱۵۸)

(۲۴)

ماییم فتاده روز و شب هم تک و تاز — بر خیره نهاده روی در شیب و فراز
نه هیچ ره آورده بجز رنج دگر — نه هیچ کس افگنده بجز راه دراز

ہم صبح سے شام تک دوڑ دھوپ میں پڑے ہوئے ہیں۔ بے شرمی سے کبھی نشیب میں ہیں، کبھی فراز میں۔ نہ کوئی رہ آورد و تحفہ ہے سوا غم کے، نہ کچھ بس انداز ہے سوا طولانی راستے کے۔ دن رات دکھ جھیلے مگر جب آئے تو خالی ہاتھ غموں سے زیر بار۔ (نول ۲۳۳)

(۲۵)

معشوقی که عمرش چو غمم باد دراز — امروز تلطفی بتو کرد آغاز
بر چشم من انداخت دمی چشم و برفت — یعنی که نکوئی کن و در آب انداز

وہ معشوق کہ جس کی عمر میرے غم کی طرح طولانی ہو۔ آج مجھ پر از سرِ نو مہربانی کرنے لگا۔ اس نے ایک لمحے کو میری آنکھوں میں آنکھیں ڈالیں اور چلا گیا، یعنی کہا: نیکی کر دریا میں ڈال۔

(نول ۲۳۸ ن ۲۶۰ دلیند ۱۶۱)

(۲۶)

می پرسیدی کہ "چیست، این نقش مجاز" گر بر گویم حقیقتش، ہست دراز
نقشیست پدید آمدہ از دریائے وانگاہ شدہ بقعر آن دریا باز

تُو نے پوچھا تھا کہ اس نقشِ مجاز (دنیا) کی حقیقت کیا ہے۔ اگر یہ بحث چھیڑوں تو بہت طولانی ہے۔ مختصر یہ ہے کہ یہ سطحِ دریا کا ایک نقش (بھنور) ہے، جو اسی دریا کی گہرائی میں کھو جاتا ہے۔

(نول ۹۴۴ ان ۲۶۱ کادیانی، بمبئی، دلیسنہ، مگر ایک مخطوط میں بنام عطار ہے۔ سلیمان ندوی از خیام)

(۲۷)

وقت سحر است خیز اے مایۂ ناز نرمک نرمک بادہ خور و چنگ نواز
کانہا کہ بجایند نہ پایند بسے وآنہا کہ شدند، کس نمی آید باز

صبح کا وقت ہے، اے مایۂ نازِ حسن اُٹھ! آہستہ آہستہ شراب پی اور چنگ بجا کہ جو لوگ زندہ ہیں وہ زیادہ دنوں تک نہیں رہیں گے اور جو جا چکے ہیں وہ واپس نہیں آئیں گے۔

(نول ۴۳۲ ف ۱۱۳)

(۲۸)

یارب تو جمال آں مہِ مہر انگیز آراستہ بسنبل عنبر بیز
پس حکم ہمی کنی کہ در وے منگر ایں حکم چناں بود کہ کج دار و مریز

خدایا! وہ محبت انگیز چاند اپنی عطر بیز زلفوں کو آراستہ کیے سامنے ہے اور تو حکم دیتا ہے اسے دیکھو، خطا معاف یہ حکم تو "کج دار و مریز" والی بات ہے۔ بھلا کس دل سے نظر روکوں۔
(نول ۴۴۴ رباعی ۱۵، ۱۶ دیکھیے تو معلوم ہو جائے گا کہ تکلف ہے۔ کسی فلسفی کی تراوش فکر نہیں)

س

(۱)

آغازِ رواں گشتنِ ایں زرّیں طاس وانجام خرابی چنیں نیک اساس
دانستہ نمی شود بمعیار عقول سنجیدہ نمی شود بہ مقیاس قیاس

زرّیں طاس: سورج کہ سنہری کاسہ اور تسلا ہے۔

اس آفتاب کے حرکت کرنے کی ابتدا اور اس نیک بنیاد کی تباہی کا انجام (نظامِ شمسی کا آغاز و انجام) عقل کے معیار اور قیاس کے ترازو پر نہ سمجھ میں آتا ہے، نہ تولا جا سکتا ہے۔ خدا جانے ابتدا کیا ہے اور انتہا کیا ہوگی۔

(نول ۴۵۱ ن ۲۶۲)

(۲)

از حادثۂ زمان زاینده مترس　　وز هرچه رسد، چو نیست پاینده مترس
این یک دم نقد را بعشرت گزران　　از رفته میندیش وز آینده مترس

مستقبل کی حادثہ نمائیوں سے نہ ڈر۔ جو مل رہا ہے، چونکہ یہ بھی مستقبل نہیں، اس لیے ڈرنا بیکار ہے۔ یہ ایک نقد لمحہ مزے میں گزار اور جو ہو چکا، اس کے بارے میں سوچنا اور مستقبل کے بارے میں خوف چھوڑ دے۔

(نول ۴۵۲ ن ۲۶۳ آت، دلیسنہ ۱۶۵ نول میں ردلیف "مپرس" ہے۔ ہم نے نسخہ ن و آتشکدہ کے مطابق لکھا ہے)

(۳)

ای چرخ خسیس خس دل پرور خس　　هرگز نه روی تو بر مراد دل کس
چرخا، فلکا، ترا همین عادت بس　　ناکس تو کسے کنی و کس را ناکس

اے کمینہ پرور ذلیل آسمان! تو کبھی کسی کے مقصد کے مطابق گردش نہیں کرتا۔ اے آسمان، اے چرخ! تیری یہ عادت خوب ہے کہ ذلیل کو عزیز اور معزز کو حقیر بناتا رہے۔

(نول ۴۵۳)

(۴)

ای واقف اسرار ضمیر همه کس　　در حالت عجز و دستگیر همه کس
یا رب تو مرا توبه ده و عذر پذیر　　ای توبه ده و عذر پذیر همه کس

اے تمام لوگوں کے ضمیروں کے رازوں سے باخبر! عاجزانہ حالتوں میں دستگیری کرنے والے خدا! میری توبہ قبول کر، معافی منظور فرما کہ ہر ایک کو معاف کرنا تیری صفت ہے۔

(نول ۴۵۰ دلیسنہ ۱۶۲)

(۵)

مرغے دیدم نشستہ بر بارۂ طوس
در پیش نہادہ کلۂ کیکاؤس
با کلہ ہمی گفت کہ افسوس افسوس
کو بانگ جرسہا و کجا نالۂ کوس

ایک طائر کو طوس کے قلعے پر دیکھا۔ سامنے تھا کیکاؤس کا کاسۂ سر۔ وہ پرندہ اس کھوپڑی سے کہہ رہا تھا:
وہ گھنٹے اور گجر، نوبت و نقارہ کہاں گیا؟

نول ۴۵۴ ن ۲۶۴ ق ۱۱۴ - نسید یحیٰی کی رباعی ہے

دوشم گذر افتاد بویرانۂ طوس — دیدم چغدے نشستہ جائے طاؤس
گفتم چہ خبر داری ازیں ویرانہ — گفتا خبر ایں ست کہ افسوس افسوس

ش

(۱)

آں مے کہ حیات جاودانی ست بنوش — سرمایۂ لذت جوانی ست بنوش
سوزندہ چو آتش است لیکن غم را — سازندہ چو آب زندگانی ست بنوش

وہ شراب، جو زندگی جاوید ہے۔ لذتِ جوانی کا سرمایہ ہے۔ جو آگ کی طرح جلانے والی ہے۔ مگر غم کے لیے آبِ حیات ہے، اسے پی
(نول ۴۷۳ ن ۲۶۵)

(۲)

آں مے کہ خضر خجستہ دارد پاسش — او آبِ حیات ست و منم الیاسش
من قوتِ دل و قوتِ روحش خوانم — چوں گفت خدا "منافع للناسش"

ایسی شراب جس کا احترام خضر کے مبارک قدم بھی کرتے ہیں، وہ آبِ حیات ہے اور میں الیاس میں اس کو غذائے دل اور قوتِ رُوح اس لیے کہتا ہوں کہ خدا نے سے لوگوں کے لیے نفع بخش کہا ہے۔

قرآن میں ہے: "یسئلونکَ عن الخمر والمیسر قل فیھما اثم کبیر ومنافع للناس واثمھما اکبر نفعھما" (البقرۃ ۲/۲۱۹)

لوگ شراب اور جوئے کے بارے میں پوچھتے ہیں۔ کہہ دیجیے کہ ان دونوں میں بہت بڑا گناہ ہے۔ اگرچہ لوگوں کو نفع ہوتا ہے۔ مگر ان کے گناہ نفع سے زیادہ ہیں۔

(نول "مے راکہ خضر" ۴۶۵ ن ۲۷۹ "مے راکہ خرد ہمیشہ دارد پاسش" دلیبنہ ۱۶۹)

(۳)

ازنامدہا زرد مکن چہرۂ خویش   وز آمدہا، آب مکن زہرۂ خویش
بردار ز دنیائے دنی بہرۂ خویش   زاں پیش کہ دہر برکشید دہرۂ خویش

جو نہیں آیا اس کے غم میں چہرہ زرد نہ کر، جو افتاد پڑ جائے، اس سے پتے کو پانی نہ کر۔ اس دنیائے دنی سے اپنا حق لے لے، کہیں ایسا نہ ہو کہ آسمان اپنا (دہرہ) دو دھارا خنجر نکال کر تیرا کام تمام کر دے۔ (نول ۴۵۸ ن ۲۶۶)

(۴)

ایامِ شباب رفت وخیل حشمش   تلخ است مرا عیش ولے میچشمش
ایں قامتِ ہمچو تیر من گشتہ کماں   زہ کردہ ام از عصا وخوش میکشمش

جوانی کے دن اور اس کی شان وشوکت گئی۔ اب زندگی تلخ ہے، مگر چکھ رہا ہوں۔ یہ میرا تیر جیسا قد کمان بن گیا، جس میں عصا کو زہ کر کے کھینچ رہا ہوں۔

جھکی کمر کو کمان سب نے کہا ہے مگر عصا کو تیر اور اس کے ہاتھ میں ہونے کا زہ کرنے سے استعارہ بڑا نادر استعارہ ہے۔ (نول ۴۶۴ ن ۲۶۷ مگر خیام کی رباعی نہیں معلوم ہوتی)

(۵)

اے چرخ مرا کش، بہ بدمستی خویش   بشناس بلندی من وپستی خویش
من خود ز غمِ خویش وتہی دستی خویش   پیوستہ ملول باشم از ہستی خویش

اے آسمان اپنی بدمستیوں سے مجھے نہ مار۔ میری بلندی اور اپنی پستی کو دیکھ۔ ارے میں خود غموں کی فراوانی اور تہی دستی کی وجہ سے دل تنگ و پریشان اور اپنی زندگی سے بیزار ہوں۔

(نول ۶۷ ۴ ن ۲۶۸)

(۶)

اے دل مطلب ز دیگران محرم خویش — خوش باش بہر درد دل و مرہم خویش
تنہا بنشین و خویشتن خور غم خویش — ار ہمدمت آرزو کند ہمدم خویش

اے دل دوسروں میں محرم راز نہ ڈھونڈ۔ دل کے ہر درد و مرہم پر مطمئن رہ۔ تنہا رہ اور اپنا غم خود ہی کھا۔ اگر کوئی ہمدمی کا دم بھرے، جب بھی تو اپنے سوا کسی کو اپنا ہمدم نہ بنا۔

(نول ۴۶۱)

(۷)

با روئے نکو شراب روشن درکش — با دوست دل از جفائے دشمن درکش
با سادہ رخ نشین و بگر راز خویش — پیراہن کبر و ہستی از تن درکش

کسی خوبصورت کے ساتھ بیٹھ کر شراب رنگین پی۔ دل سے دوست و دشمن کے خیالات دل آزاری نکال دے۔ کسی سادہ رخ کمسن کے ساتھ بیٹھ کر تکبر و وجود کے لباس اتار دے اور عشق کے سامنے پوری فروتنی سے جھک جا۔ آخری بیت کا انداز قطعاً خیام سے الگ ہے۔)

(نول ۵۹ ۴ دیوان حافظ نول بنام حافظ۔ کاس ص ۲۳۹)

(۸)

بگرفت مرا عشق بکارے خوش خوش — گفتا چو من آدم تو پا بروں کش
القصہ چناں سوخت دلم از غم او — کاتش ہمہ ہیزم شد و ہیزم آتش

مجھے عشق نے بڑی مسرتوں کے ساتھ پکڑا۔ جب میں اس کے قبضے میں آگیا تو حکم دیا کہ "قدم بڑھا"۔ مختصر یہ کہ اس کے غم میں دل ایسا جلا، گویا لکڑی آگ اور آگ لکڑی، دونوں میں کوئی فرق نہ رہا۔ عشق و دل دونوں ایک تھے۔ (نول ۴۶۶)

(۹)

بگزار دلا وسوسۂ عقل معاش — از ہستی خویشتن بیرون اوباش
در بزم قلندران معنی بنشیں — آزادہ شو و شراب نوش و خوش باش.

اے دل اس عقل معاش طلب کے وسوسے چھوڑ۔ آزادوں کی طرح اپنے وجود سے قطع تعلق کر۔ حقیقی قلندروں کی محفل میں بیٹھ، تعلقات سے آزاد ہو کر شراب نوشی کر اور خوشیاں منا۔ (نول ۴۶۰)

(۱۰)

پندے دہمت اگر بمن داری گوش — از بہر خدا جامۂ تزویر مپوش
عقبیٰ ہمہ روزہ است دنیا یک دم — از بہر دمے عمر ابد را مفروش

ایک نصیحت کرتا ہوں، کاش تو غور کرے، خدا کے لیے مکاری کا لباس نہ پہن، آخرت دائمی ہے اور دنیا ایک دم کی، ایک دم کے لیے دائمی دنیا کو نہ بیچ، صدق دل سے آخرت کا ہو جا۔

(نول ۴۶۹ ن ۲۶۹)

(۱۱)

تا چند کنم عرضۂ نادانی خویش — بگرفت دل من از پریشانی خویش
زنار مغانہ بر میان خواہم بست — دانی ز چہ از ننگ مسلمانی خویش

کب تک اپنی نادانی بیان کروں، اپنی پریشان حالی سے دل گرفتہ ہو گیا۔ اب پیر مغاں کی طرح زنار پہننے کی سوچ رہا ہوں۔ اس کا سبب یہ ہے کہ مجھے اپنی اسلام پرستی سے شرم آتی ہے۔

(نول ۴۵۶ ن ۲۷۱)

(۱۲)

تا دیگ لقائے من بود اندر جوش — در کاسۂ خوشدلی کنم دردی نوش
اے کوزہ گر از گلم اگر کوزہ کنی — واں کوزہ بہ جز مے فروشاں مفروش

جب تک میری زندگی کی دیگ میں جوش ہے، اس وقت تک مسرتوں کے پیالے میں تلچھٹیں بھی نہ چھوڑوں گا۔ اے کوزہ گر (کمہار) اگر میری قبر سے کبھی پیالے بنائے تو دیکھنا انھیں مے فروشوں ہی کے ہاتھ بیچنا کہ ان میں شراب بھری جائے۔ (نول ۴۷۲ ن ۲۷۰)

(۱۳)

جامیست کہ عقل آفریں میزندش — صد بوسہ ز مہر بر جبیں میزندش
ایں کوزہ گر دہر چنیں جام لطیف — میسازد و باز بر زمیں میزندش

یہ پیالہ وہ ہے، جس کی تعریف عقل بھی کرتی ہے، بلکہ محبت سے اس کی پیشانی پر سینکڑوں بوسے دے دیتی ہے۔ کاسہ گر اس قدر لطیف چیز کو خود ہی بناتا ہے، پھر زمین پر پٹخ دیتا ہے، کس قدر ظالم ہے۔

یہ زمانہ۔ (نول ۵۰،۴ ن ۲۷۲ ف ۱۱۵)

(۱۴)

خیّام! اگر بادہ پرستی خوش باش — با ماہ رُخے اگر نشستی خوش باش
چوں عاقبتِ کارِ جہاں نیستی ہست — انگار کہ نیستی چو ہستی خوش باش

اے خیّام! اگر تو شراب نوش ہے تو خوش رہ۔ اگر کوئی ماہرو تیرا ہم نشین ہے تو خوش رہ۔ جب نتیجۂ عالم نیست ہونا ہے سمجھ لے کہ تو نیست ہے اور اگر تو ہست ہے تو خوش رہ۔

(نول ۵۵،۴ ن ۲۷۳ تح ۲۵۹ آت دلیند ۱۶۶ ف ۱۱۶)

(۱۵)

در کارگہے کوزہ گرے بودم دوش — دیدم دو ہزار کوزہ گویا و خموش
ناگاہ یکے کوزہ بر آورد خروش — کو کوزہ گر و کوزہ خر و کوزہ فروش؟

کوزہ:- پیالہ۔ کارگہ کوزہ گری دنیا— غزالی اپنے ایک مکتوب بنام بادشاہ سلجوقی میں لکھتے ہیں:
"بزرگان چنیں گفتہ اند کہ اگر دنیا کوزہ زریں بودی کہ بنماندی وعقبیٰ کوزۂ سفالین کہ بماندی عاقل کوزہ سفالین باقی بر کوزۂ زریں فانی اختیار کردی فکیف کہ دنیا کوزۂ سفالین فانی است و آخرت کوزۂ زریں باقی۔" (غزالی نامہ ص ۱۲۳)

خیام کی رباعیوں میں کوزہ، کارگہ کوزہ، کوزہ گر وغیرہ اسی ایرانی تمثیلی فلسفہ سے متعلق ہیں۔
کل میں ایک کوزہ گر کے کارخانے میں تھا۔ دو ہزار بولتے ہوئے اور خاموش کوزے دیکھے۔
اچانک ان میں سے ایک کوزہ پکارا: کہاں ہے کوزہ بنانے والا کوزہ خریدنے والا اور کوزہ بیچنے والا؟

(نول ۱،۴۷ ن ۲۷۴ آت، دلیند ۱۷۰ ف ۱۱۷)

(۱۶)

زاں رُوح کہ راح ناب می خوانندش — تیمار دل خراب می خوانندش
جامے دو سہ سنگین بمن آرید سبک — خیر آب چرا؟ شراب می خوانندش

وہ روح جسے راح ناب (خالص شراب) اور دلِ بیمار کی دوا کہتے ہیں، اس کے دو تین بھاری پیلے فوراً میرے پاس لاؤ، اسے خیر آب (اچھا پانی) نہیں، شر آب (برا پانی) کہتے ہیں۔
روح، راح، خیر آب، شراب، تجنیس کی صنعت ہے اور واضح تکلف۔ (نول ندارد۔ ن ۲۷۵)

(۱۷)

سرمست ز میخانہ گذر کردم دوش
پیرے دیدم مست و سبوئے بردوش
گفتم ز خدا شرم نداری اے پیر!
گفتا: کرم از خدا است مے نوش و خموش

کل رات میں سرمستی کے عالم میں میخانے سے گزرا۔ وہاں دیکھا ایک بڈھا مستی میں ایک سبو کاندھے پر لیے ہوئے ہے۔ میں نے کہا: "بڑے میاں خدا سے شرم نہیں آتی؟" اُس نے کہا: "میاں! خدا بڑا کریم ہے، آؤ اور چپکے سے شراب پیو!"

(نول ۴۶۳ ن ۲۷۷ نخ ص ۲۹۲ دلیسنہ ۱۶۸)

(۱۸)

سیر آمدم اے خدائے، از ہستی خویش
از تنگ دلی واز تہی دستی خویش
از نیست، چو ہست میکنی بیروں آر
زیں نیستیم بحرمت ہستی خویش

اے خدا! میں اپنی زندگی سے تنگ دلی و مفلسی کے باعث بیزار ہو چکا ہوں۔ اگر یہ زندگی نیست ہے اور تو ہست بناتا ہے تو اپنی کے طفیل مجھے ہست بنا دے۔ میں تیری طرح زندۂ جاوید رہنا چاہتا ہوں مجھے اپنی معرفت اور عشق عطا کر۔

(نول ندارد ن ۲۷۶)

(۱۹)

غم چند خوری، بکار نا آمدہ پیش
رنج است نصیب مردم دُور اندیش
خوش باش و جہاں تنگ مکن بر دل خویش
کز خوردن غم قضا نہ گردد کم و بیش

جو بات ابھی درپیش ہی نہیں، اس کا غم کھانا یعنی چہ؟ بات یہ ہے کہ دور اندیش آدمی ہمیشہ غمگین رہتا ہے۔ تُو خوش رہ اور دنیا اپنے آپ پر تنگ نہ کر کہ غم کھانے سے تقدیر میں کمی زیادتی نہیں ہو سکتی۔ (نول ۴۶۸ ن ۲۷۸)

(۲۰)

مے گرچہ حرام است، مدامش می نوش
با نغمہ و چنگ صبح و شامش می نوش
جامی ز مے لعل گرت دست دہد
یک قطرہ رہا مکن تمامش می نوش

شراب اگرچہ حرام ہے، مگر ہمیشہ پی، ساز و چنگ کی جھنکار میں صبح و شام پی۔ شراب سرخ کا ایک پیالہ نصیب ہو جائے تو ایک قطرہ ضایع کیے بغیر سارے کا سارا پی جا۔ (نول ۴۶۲)

(۲۱)

ہفتاد و دو ملت اندرین دیں کم و بیش
از ملت ہائے عشق دارم در پیش
چہ کفر و چہ اسلام و چہ طاعت چہ گناہ؟
مقصود توئی، بہانہ بردار از پیش

اس مذہب میں کم و بیش بہتر فرقے ہیں، مگر میں ان میں سے عشق کا پرستار ہوں۔ کفر، اسلام، اطاعت، گناہ ان سب کا مطلب مجھے نہیں معلوم، میرا مقصد تُو ہے۔ بہانوں کو مٹا، عشق قبول کر۔

(نول ۲۷۴ ن ۲۸۰)

(۲۲)

یک یک ہُنرم بین وگنہ دہ دہ بخش
ہر جُرم کہ رفت حسبتہً للہ بخش
از بادہ ہوا، آتش کیں رامفروش
مارا بدرِ خاک رسول اللہ بخش

میرا ایک ایک ہُنر دیکھ اور دس دس گناہ معاف کر۔ جتنے گناہ ہوئے ہیں اُنھیں بے بہانہ بخش دے۔ خواہشات کی ہواؤں سے دشمنی و قصاص کی آگ کو نہ بھڑکا اور آستانۂ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خاک کے طفیل بخش دے۔

(نول ۲۷۰)

ف

(۱)

مے در قدحِ صاف کہ جانیست لطیف
در کالبدِ شیشہ روانیست لطیف
لائق نبود ہیچ گراں ہمدمِ من
جز ساغر و بادہ کاں گرانیست لطیف

صاف پیالے میں شراب، جیسے لطیف رُوح، جس کا بدن شیشہ ہو۔ مجھے کوئی رفیق و ہمدم گراں پسند نہیں مگر ساغر و مے گراں ہی محبوب ہے۔ (نول ۲۷۵)

ک

(۱)

از آتشِ آخرت نمی داری باک؟
در آبِ ندامت نہ شدی ہر گز پاک؟
چوں بادِ اجل چراغ عمرت بکشد
ترسم کہ ترا ازننگ نپذیرد خاک

تجھے محشر کی آگ سے ڈر نہیں لگتا؟ شرمندگی کے پسینے سے بھی پاک نہیں ہوتا کہ شرمندہ ہو کر معافی طلب کر لیتا؟ جب موت کی ہوا تیری زندگی کا چراغ گل کر دے، کہیں یہ نہ ہو کہ ننگ و رسوائی کی وجہ سے تجھے زمین قبول کرنے سے انکار کر دے۔

(نول ۴۸۲)

(۲)

اے چرخِ فلک، نہ نان شناسی نہ نمک
پیوستہ مرا برہنہ سازی چو سمک
از چرخ زنے دو شخص پوشیدہ شوند
پس چرخِ زنی بہ از تو اے چرخ فلک

اے چرخ آسمان تو کسی کے احسان نہیں مانتا، مچھلی کی طرح برابر مجھے برہنہ کرتا رہتا ہے۔ عورت کے چرخے سے دو چار کو لباس ہی ملتا ہے، مگر تیرا انداز ہی نرالا ہے۔ میں تو سمجھتا ہوں کہ تجھ سے عورت کا چرخہ بہتر ہے۔

(نول ۴۸۰)

(۳)

بس پیرہنِ عمر کہ ہر شب افلاک
بر دوختہ و کرد گریبانش چاک
ہر روز لیسے زمانہ شاد و غمناک
از آب بر آورد، فرو برد بخاک

کتنی زندگیوں کے جامے ہر رات کو آسمان بیونتتا، پھر ان کے گریبان چاک کرتا ہے روزانہ اکثر کو زمانہ خوش اور غمگین پانی سے نکالتا اور دوسرے کو خاک قبر میں سلاتا ہے۔ یہ کارخانہ یونہی چل رہا ہے۔ (نول ۴۷۸)

(۴)

تا کے زجفا ہائے تو اے چرخِ فلک؟
از بہرِ خدا جور کن آہستہ ترک
من سوختہ ام تمام و ہر لحظہ تو نیز
بر سوختہ می پراگنی سودہ نمک

اے چرخِ فلک تو کب تک ظلم و ستم ڈھاتا رہے گا۔ خدا کے لیے اس سختی میں فدا کمی کر۔ ادھر میں جلا ہوا ہوں، اُدھر تو میرے جلے زخم پر پسا ہوا نمک خوب چھڑک رہا ہے۔ (نول ۴۸۱)

(۵)

روحے کہ منزّہ است از آلائشِ خاک
مہمانِ تو آمدہ است از عالمِ پاک
می دہ تو بہ بادۂ صبوحی مددش
زاں پیش کہ گوید "انّما اللّٰہ مساک"

خاکی کثافتوں سے پاک روح عالم قدس سے تیرے پاس مہمان ہوئی ہے۔ اسے صبح کی کیف بخش و معرفت آموز شراب سے طاقت دے۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ خدا حافظ و "شب بخیر" کہہ کر رخصت ہو جائے۔

(نول ۷۷، ۴ ن ۲۸۲ دلیسنہ ۱۷۲)

(۶)

گر صلح نیایم ز فلک، جنگ اینک ۔۔۔ ور نام نکو نہ یاشدم، ننگ اینک
جام مے لعل ارغواں رنگ اینک ۔۔۔ آں کس کہ نمی خورد، سر و سنگ اینک

اگر آسمان صلح نہیں کرتا تو جنگ قبول اور اگر شہرت و ناموری نہیں ملتی تو رسوائی ہی سہی۔ اب تو ارغوان و یاقوت رنگ شراب دے اور جو اسے نہ پیے اُسے دیواروں سے سر ٹکرانے دو، اس کا سر پتھروں کے حوالے۔

(نول ۷۹، ۴) نیز ۲۸۳ پر ایک رباعی " گر گل نبود نصیب ما خار، اینک" ہے لیکن یہ رباعی ت ۱۶۳ پر لکھی جا چکی ہے۔

(۷)

ہاں صبح دمید و دامن شب شد چاک ۔۔۔ برخیز و صبوح کن چرائی غمناک؟
مے نوش دلا کہ صبح بسیار دمد ۔۔۔ او روے بما کردہ و ما روے بخاک

دیکھو نور سحر چمکا، دامن شب پھٹا۔ اُٹھ اور صبوحی لا۔ یہ غم کاہے کا؟ اسے دل! شراب پی، کہ یہ صبحیں تو یونہی ہوتی رہیں گی، یہ ہماری طرف رخ کریں گی اور ہم خاک (قبر) کو دیکھ رہے ہوں گے۔

(نول ۷۶، ۴ ن ۲۸۳ - نول ۸)

گ

(۱)

ایام زمانہ از کسے دارد ننگ ۔۔۔ کو در غم ایام نشیند دل تنگ
مے خور تو در آبگینہ با نالۂ چنگ ۔۔۔ زاں پیش کہ آبگینہ آید بہ سنگ

یہ دُنیا اور اس کے شب و روز اس سے بیزار ہیں، جو غم کھاتا اور دل تنگ کُڑھا کرتا ہے۔ میرے دوست، سازِ چنگ کے نغموں کے ساتھ آبگینوں میں شراب پی ۔ پیشتر اس کے کہ یہ آبگینہ

وجود پتھر سے ٹکرا کر چُور چُور ہو جائے۔

(نول ۴۸۴ ل ۲۸۱ تح س ۲۶۸ ف ۱۱۸ دلینہ ۱۷۳۔ اکثر نسخوں میں "خیّامِ زمانہ" ہے۔)

ل

(۱)

از جرمِ گِلِ سیاہ تا اوجِ زحل   کردم ہمہ مشکلاتِ کلی را حل
بکشادہ ام بندہائے مشکل بہ حیل   ہر بند کشادہ شد بجز بند اجل

مٹی کی پستیوں سے زحل (ستارے) کی بلندیوں تک تمام کلی اور بنیادی مشکلوں کو حل کر لیا۔ سخت سے سخت گرہیں تدبیروں سے کھول لیں۔ تمام گرہیں کھل گئیں مگر موت کا معمّا حل نہ ہو سکا۔

(نول ۴۹۳ ل ۲۸۴ ف ۱۱۹ مجمع الفصحا و گلستانِ مسرت بنام بو علی سینا۔ کاس الکرام س ۷۲)

(۲)

اسرارِ حقیقت نشود حل بہ سوال   نے نیز بدر باختن نعمت و مال
تا جاں نکنی خوں نخوری پنجہ سال   از قال ترا رہ نہ نمایند بحال

حقیقت کے بھید سوالوں سے حل نہیں ہوتے، نہ مال و دولت کے لُٹا دینے سے۔ جب تک پچاس سال عمر بھر جان نہ مارے گا اور خونِ جگر نہ پیے گا، اس وقت تک قال (ظاہری حالت) سے حال (حالتِ باطنی) تک راستہ ملنا محال ہے۔

فنا کے درجے اور حقیقت تک سالک کو خطرے جھیلے اور صبر کیے بغیر پہنچنا ناممکن ہے)

(نول ۴۹۴)

(۳)

اے دل مشنو نصیحت اہلِ حیل   کز بادۂ ناب عقل و دیں راست خلل
گر راحتِ جان و قوتِ روحت باید   مے نوش بہ بوستاں بگلبانگ غزل

اے دل! مکّاروں کی یہ نصیحت نہ سُن، کہ شراب خالص عقل و دین میں خلل ڈالتی ہے۔ میری بات یاد رکھ اگر راحتِ جان اور غذائے روح کی نگہ ہے تو چمن میں بیٹھ کر غزلوں اور ترانوں کی گونج میں مے نوشی کر۔

(نول ۴۹۵)

(۴)

ایں صورتِ کون جملہ نقشے ست خیال — عارف نبود ہر کہ نداند ایں حال
بنشیں قدحِ بادہ بنوش و خوش باش — فارغ شو ازیں نقش و خیالاتِ محال

کائنات کی یہ تصویر ایک خیالی تصویر ہے۔ جس شخص کو یہ کیفیت نہ معلوم ہو، وہ عارف (سالک کامل) نہیں، جب یہ بات مسلّم ہے تو اس نقش و تصویر کی فکر چھوڑ۔ خوشیوں میں بیٹھ اور مے نوشی کر کہ ایک ایک جرعہ حقیقت آفریں و عشق نواز ہے۔

(نول ۴۸۷ ن ۲۸۵)

(۵)

با سرو قدے تازہ تر از خرمنِ گُل — از دست مَنِہ جامِ مے و دامنِ گُل
زاں پیش کہ ناگہ شود از بادِ اجل — پیراہنِ عمرِ ما چو پیراہنِ گُل

خرمنِ گل اور تختۂ گلاب سے زیادہ شگفتہ سرو قد محبوب کے ہوتے ہوئے جامِ شراب و دامنِ گلاب کو نہ چھوڑنا۔ کہیں یہ نہ ہو کہ موت کی ہوا زندگی کے پیراہن کو جامۂ گل کی طرح قبا اور بادِ فنا چراغِ زندگی کو گُل کر دے۔

(نول ۴۹۰ ن ۲۸۶ ف ۱۲۰ بقول کاس الکرام ص ۷۲، منسوب بکمال الدین اسمٰعیل آتشکدہ نیز تاریخ ادبیات در ایران ج ۲ ص ۸۷۷)

(۶)

بگذار دلا، وسوسۂ فکرِ محال — درکش قدحِ بادہ و بگذر ز ملال
آزاد شود، مجرّد و بادہ پرست — تا مرد شوی، رسی بہ سر حدِّ کمال

اے دل! فکرِ محال (کامیابی و دنیا طلبی کا خیال) چھوڑ کر شراب کا بڑا پیالہ پی اور رنج و ملال سے ہاتھ دھو۔ آزاد، مجرّد اور میخوار بن۔ جب تو مرد بنے گا تو حدِ کمال کو پہنچ جائے گا۔

(نول ۴۸۶)

(۷)

تا کے زاہد حدیث رانی ز ازل — بگذشت ز اندازۂ من علم و عمل
مے خور کہ شرابِ ناب را نیست بدل — ہر مشکل را شراب گرداند حل

اے زاہد! ازل کی کہانی کب تک کہتا رہے گا؟ یہاں تو علم و عمل اندازوں سے آگے اور

قوت سے باہر ہے - میں تو کہتا ہوں، شراب پی کہ اس کا کوئی جواب نہیں۔ شراب ہر مشکل کو حل کر دیتی ہے۔

شراب ذہن میں لطافت و پرواز عطا کرتی ہے۔ (نول ۴۹۱)

(۸)

چند از غم و غصۂ جہاں قالا قال | برخیز دیشادی گزران حالا حال
از سبزہ چو شد روئے زمیں میلا میل | در کش مئے لعل از قدح مالا مال

دنیا کے غم و اندوہ پر یہ بحث کب تک ہوتی رہے گی۔ اٹھو اس وقت تو مسرتوں بسر کرو۔ اس وقت میلوں تک زمین ہری ہو رہی ہے۔ آؤ اور لبریز پیالوں میں شراب لعل گوں پیو!

(نول ۴۸۵ ن ۲۸۷)

(۹)

چوں باد بزلف او رسیدن مشکل | وز دست غمش عناں کشیدن مشکل
گفتند: "بدیدہ روئے او نتواں دید" | گر دیدۂ ماست دیدہ، دیدن مشکل

ہوا کی طرح اس کی زلفوں تک رسائی اور اس کے غم عشق سے عنان چھڑانا دشوار ہے لوگ کہتے ہیں: "کہ اسے آنکھوں سے دیکھنا غیر ممکن ہے"۔ اگر آنکھیں ہماری ہی آنکھوں جیسی ہیں تو اس کا دیکھنا مشکل ہے۔

(نول ۴۸۸ ن ۲۸۹)

(۱۰)

در سر مگزار ہیچ سودائے محال | مئے خور ہمہ سالہ، ساغر مالا مال
با دختر رز نشین و عیشے می کن | دختر بحلال بہ، کہ مادر بحلال

دماغ میں کوئی خیال محال نہ آنے دے۔ پورے سال لبریز و لبالب پیالے پی۔ دختر رز (شراب) کے پاس بیٹھ اور عیش کرتا رہ۔ بیٹی (انگور سے کشید کردہ شراب) کا حال سمجھنا بہتر ہے یا انگور کا جو ماں ہے۔

یہ عجیب فلسفہ ہے کہ انگور کو حلال مانتے ہو اور اس کا عرق حرام۔ ظاہر ہے کہ بیٹی میں جو کیف ہے، وہ ماں میں کہاں؟

(نول ۴۹۶ ن ۲۹۰)

(۱۱)

کس خلد و جحیم را ندیداست، اے دل — گو کس کہ ازاں جہاں رسیداست آدل
اُمید و ہراس ما بہ چیزیست، کزواں — جز نام و نشانے نہ پدیداست اے دل

اے دل کسی نے بہشت اور دوزخ کو نہیں دیکھا۔ ایسا شخص کہاں ہے جو اس جہان سے واپس آیا ہو۔ ہمیں ایسی چیز کے متعلق امید اور خوف ہے جس کا نام ہی نام ہے، نشان اور وجود کوئی نہیں۔

(نول ۴۹۰ ن ۲۹۱)

(۱۲)

مے برکفِ من نہ و برآور غلغل — با نعرۂ عندلیب و صوتِ بُلبُل
بے نغمہ اگر روا بُدے مے خوردن — مَے در سرِ شیشہ ہا نکردے قلقل

میرے ہاتھ پر پیالۂ شراب رکھ اور شور مچا۔ یہ ہنگامہ اتنا لطیف و سامعہ نواز ہو کہ بلبلوں کے نغموں میں گھُل مل جائے۔ اگر نغمے کے بغیر شراب نوشی ممکن ہوتی تو شراب گردنِ صراحی میں قلقل کا شور نہ کرتی ـــ قلقل کی صدا اشارہ ہے کہ مے بے نغمہ بے محل بات ہے۔ (نول ۴۹۲ ن ندارد)

(۱۳)

مے خور کہ نہ علم دست گیر نہ عمل — اِلّا کرم و رحمتِ حق، عزّ و جلّ
آں طائفہ کہ از آخری مے نخورند — از جملۂ اَنعام شمار اے احول

شراب پی کہ نہ علم مدد کرے گا، نہ عمل۔ وہاں تو عزیز و جلیل خدا کی رحمت ہی کام آئے گی۔ جو گروہ بے وقوفی سے شراب نہیں پیتا، اُسے بھینگے جانوروں میں شمار کر۔

اَنعام: جانور، چوپائے۔ احول: بھینگا۔ (نول ۴۸۹ ن ندارد)

م

(۱)

آں آہ کہ پیش ہیچ محرم نہ زنم — واں دم کہ بہ پیش ہیچ ہمدم نہ زنم
گر دریابم کہ جز تو کس می شنود — حقّا کہ بمیرم ز غم و دم نہ زنم

وہ آہ جو میں کسی محرم کے سامنے نہیں بھرتا اور وہ دم جو کسی ہمدم کے آگے نہیں مارتا، ان کے متعلق اگر مجھے معلوم ہو جائے کہ انھیں تیرے سوا کوئی اور بھی سنتا ہے تو خدا کی قسم میں اس غم سے مر جاؤں اور دم نہ ماروں۔

اُف تک زبان پر نہ آئے۔ لاوارث ہوں، تیرے بغیر میری دُکھ بھری کہانی سننے والا کون ہے۔ آہ و فریاد کے سننے والا کوئی نہیں۔ (نول ۵۷۸ ن ندارد)

(۲)

آں بہ کہ زجام و بادہ دل شاد کنیم
وز نامدہ و گزشتہ، کم یاد کنیم
ایں عاریتی رواق زندانی را
یک لحظہ زبندِ عقل آزاد کنیم

بہتر یہی ہے کہ ہم جامِ شراب سے دل خوش کریں اور نصیب نہ ہونے یا ختم ہو جانے والی نعمتوں کو یاد نہ کریں۔ یہ مانگا ہوا ایوان (روح) جو جسم کی چار دیواری میں گھرا ہوا ہے۔ کچھ دیر کے لیے عقل کی قید سے آزاد کر دیں۔

(نول ۵۷۳ ن ۲۹۲ کاس ص ۲۱۵ دیوان حافظ طبع نول) مکرر ہے دیکھو ی مبارک ۵۳،

(۳)

آں لحظہ کہ از اجل گریزاں گردم
چوں برگ زشاخ عمر ریزاں گردم
عالم زنشاطِ دل بہ غربال کنم
زاں پیش کہ خاکِ خاک بیزاں گردم

جس دم میں موت سے بھاگنے اور پتے کی طرح زندگی کی شاخ سے جھڑنے لگوں۔ میں دنیا کو خوشی کے لیے چھلنی میں چھانوں گا۔ پیشتر اس کے کہ خاک چھاننے والوں کی خاک بنوں۔

(نول ۵۷۵)

(۴)

از خالقِ کردگار و از ربّ رحیم
نومید مشو بجرم و عصیانِ عظیم
گر مست و خراب خفتہ باشم امروز
فردا بخشد بہ استخوانہاے رمیم

پیدا کرنے والے اور مہربان مالک کی رحمت سے بڑے گناہوں اور جرموں کی وجہ سے نا اُمید نہ ہو (قرآن نے کہا ہے: لَا تَقْنَطُوْا) مجھے یقین ہے کہ اگر آج میں شراب کی مستیوں میں سو گیا اور موت آگئی تو کل خدا میری بوسیدہ ہڈیوں پر ضرور رحم کرے گا اور بخش دے گا۔

(نول ۵۰۰ "خراب بودہ / مردہ باشم" ن "خفتہ باشم ۲۹۶)

---

(۵)

از بادہ شود تکبّر از سر ہا کم
وز بادہ شود کشادہ بندِ محکم
ابلیس اگر ز بادہ خوردے یکدم
کردے دو ہزار سجدہ پیشِ آدمؑ

شراب (عشق) سے دماغوں میں تکبّر نہیں رہتا۔ اس رسم و آئین سے مضبوط پابندیاں ختم ہو جاتی ہیں
یہ تو ایسی ہے کہ اگر ابلیس ایک گھونٹ پی لیتا تو آدمؑ کے سامنے دو ہزار سجدے کرتا۔

(نول ۵۵۱ ن ۴۹۱ ح ص ۶۹۴ یہ اختلاف بیت اوّل: بے بادہ مباش ناتوانی یکدم، کز بادہ شود عقل و دل و دین خرّم۔)

(۶)

از آب و گِلم سرشتۂ من چہ کنم
ویں پشم و قصب تو رشتۂ من چہ کنم
ہر نیک و بدی کہ از من آید بوجود
تو بر سرِ من نوشتۂ من چہ کنم

تُو ہی نے تو میری آب و گل سے تخلیق کی ہے؟ یہ ریشم و زربفت جیسی رگیں تُو نے ہی تو بُنی ہیں۔
اب جو اچھائی بُرائی میرے ہاتھوں ہوتی ہے (خاکم بدہن) وہ تُو نے ہی میری تقدیر میں لکھی ہے۔
اب اس میں میرا کیا دخل ہے؟

(نول "یارب تو گِلم" ۵۰۴ ن ۲۹۸ شاید خیام نے کہی ہو۔)

(۷)

افسوس کہ بے فائدہ فرسودہ شدیم
وز داسِ سپہرِ سرنگوں سُودہ شدیم
دردا و ندامتا کہ تا چشم زدیم
نابودہ بکامِ خویش نابودہ شدیم

افسوس کہ ہم بے فائدہ تباہ ہوئے۔ آسمان کی درانتی سے کاٹے گئے۔ درد و شرمندگی،
حسرتیں اور ناکامیاں کہ پلک جھپکتے میں تمنّاؤں کے پورا ہونے سے پہلے ہم خود نہ رہے۔

(نول ۵۳۲ ن ۲۹۷)

(۸)

امروز کہ نیست خود شراب تاکم
زہرے بود ار دہر دہد تریاکم
زہر است غمِ جہان و تریاقش مے
تریاق خورم ز زہر و نبود باکم

آج جبکہ میرے پاس شراب انگور نہیں، اگر دنیا مجھے تریاق (اس کا بدل) دے تو میرے لیے
زہر ہوگا۔ بات یہ ہے کہ غمِ روزگار زہر ہے اور شراب اس کا تریاق۔ چونکہ زہر (غم) کے بدلے تریاق

کھاتا ہوں، تو ڈر کس بات کا — گویا شراب کو جان بچانے اور دوا کے لیے استعمال کرتا ہوں۔

(نول ۵۱۸ ل ۲۹۳ "آل روز")

(9)

اے چرخ ز گردش تو خرسند نیم　　آزاد کن کہ لائق بند نیم
گر میل تو بلے خرد و نااہل است　　من نیز چناں اہل و خردمند نیم

اے آسمان! میں تیری گردش سے خوش نہیں، مجھے آزاد کر دے کہ میں قید کے قابل نہیں۔ اگر تو بیوقوف نااہل لوگوں سے مانوس ہے۔ تو مجھے ہنرمند کیوں سمجھتا ہے۔ میں بھی بے ہنر و بے عقل ہوں۔

ہم کہاں کے دانا تھے، کس ہنر میں یکتا تھے؟　　بے سبب ہوا غالب دشمن آسماں اپنا (غالب)

(نول ۵۲۱ ل ۲۹۸ دلینہ ۱۸۶ کاس مں ۱۱۲، آتشکدہ بنام اثیر الدین ادمانی)

(10)

اے دوست بیا تا غم فردا نخوریم　　ایں یک دم عمر را غنیمت شمریم
فردا کہ ازیں دیر فنا در گذریم　　با ہفت ہزار سالگاں سر بسریم

اے دوست آؤ، آنے والے دن کی فکر نہ کریں۔ اس ایک لمحے کی زندگی کو غنیمت سمجھیں کل جب اس دنیائے فانی سے گزر جائیں گے تو ہم میں اور ہزار سالہ زندگی پانے والوں میں کوئی فرق نہ ہو گا، جو ان پر گزرے گی وہی ہم پر گزرے گی اور اس وقت بھی مرگ انبوہ جشنے دارد۔

(نول ۵۴۸ ل ۲۹۹ تخ ص ۲۶۶ ت ۱۲) دلینہ ۱۸۳۔ نول میں اسی رباعی کو ص ۵۶۲ پر آخری مصرعوں کے اس اختلاف کے ساتھ لکھا ہے:

بے حکمش نیست ہر گناہے کہ مراست　　پس تا غم آئندہ ز بہر چہ خوریم

(11)

ایزد چو نخواست آنچہ من خواستہ ام　　کے گردد راست آنچہ من خواستہ ام
گر جملہ صواب است کہ او خواستہ است　　پس جملہ خطا ست آنچہ من خواستہ ام

اگر میرے ارادے ایسے ہیں جو خدا نہیں چاہتا تو میرے ارادے کیسے پورے ہو سکتے ہیں؟ اور اگر اس کے تمام ارادے درست ہیں تو میرے تمام ارادے غلط۔ بندے کا ارادہ بے حقیقت ہے۔ ارادۂ مشیت باری میں جائے دم زدن نہیں۔ ہم مجبور محض ہیں۔

(نول ۴۹۹ ل ۳۰۰)

(۱۲)

اے مفتیِ شہر از تو پُر کارتریم
با ایں ہمہ مستی از تو ہشیار تریم
تو خونِ کساں خوری و ما خونِ رزان
انصاف بدہ، کدام خونخوار تریم

اے مفتی شہر ہم آپ سے زیادہ چالاک اور باوجود ان مستیوں کے جناب سے زیادہ ہوشیار ہیں۔ گستاخی معاف، آپ انسانوں کا خون پیتے ہیں اور ہم انگور کا خون۔ اب آپ ہی فیصلہ فرمائیں کہ ہم میں سے کون زیادہ خونخوار ہے!

یہی بات خیام نے اس رباعی میں کہی ہے، جس کا مصرعہ اوّل ہے: "شخصے بزن فاحشہ گفتا مستی"

(نول ۵۲۸ ن ۳۰۱ تح ص ۲۹۴)

(۱۳)

ایں چرخِ فلک کہ ما درو حیرانیم
فانوسِ خیال ازو مثالے دانیم
خورشید چراغدان و عالم فانوس
ما چوں صُوریم، کاندرو حیرانیم

فانوس خیال: لیمپ کا ایک متحرک خول، جس پر تصویریں ہوتی ہیں۔ فردغی کہتے ہیں: فانوس خیال ہمانست کہ کودکان ما شہر فرنگ دارو پایاں فانوس سحری می گفتند و اکنوں بصورت سینما در آمدہ است:"

یہ آسمان کا چرخ، جس میں ہم حیران ہیں، اسے فانوس خیال سمجھتے ہیں۔ دیکھو، سورج چراغدان دنیا فانوس اور اس فانوس کی تصویریں ہم تم ہیں یا نہیں؟ اب اس فانوس (سٹیج) میں حیران نظر آتے ہیں۔ ع

عالم تمام حلقۂ دامِ خیال ہے (غالب)

(نول ۵۰۷ ن ۳۰۲ ف ۱۲۲)

(۱۴)

با رحمتِ تو من از گنہ نندیشم
با توشۂ تو ز رنج رہ نندیشم
گر لطف توام سفید رو انگیزد
یک ذرّہ ز نامۂ سیہ نندیشم

میں تیری رحمتوں کے ہوتے ہوئے گناہوں کی فکر نہیں کرتا۔ تیری محبت کا زادِ راہ ہوتے ہوئے راستے کی زحمتوں پر وا نہیں کرتا۔ اگر تیرا کرم مجھے قیامت کو سفید رو (کامیاب) اُٹھائے تو اپنے سیاہ نامۂ اعمال کی ذرّہ برابر بھی فکر کیوں ہو؟ (نول ۵۶۰ ن ۳۰۳)

(۱۵)

بازلفِ تو گر دست درازی کردم | از روے حقیقت نہ مجازی کردم
در زلفِ تو دیدم دلِ دیوانۂ خویش | من بادلِ خویش دستبازی کردم

اگر تیری زلفوں کی طرف ہاتھ بڑھایا ہے تو مذاق سے نہیں، بلکہ اس میں ایک حقیقت و واقعیت ہے۔ ان پیچ دار زلفوں میں اپنے دلِ دیوانہ کو گرفتار دیکھا تو اس کی مدد کے لیے ہاتھ ہے۔ اسرارِ مشیّت میں دخل دینے کو منع کیا جاتا ہے۔ شاعر کہتا ہے کہ دل کے ہاتھوں مجبور ہوں۔ چونکہ ان معاملات میں دل اُلجھتا ہے، اِس لیے اطمینانِ قلب کے لیے عقل سے ان معموں کو حل کرنا چاہتا ہوں۔ (نول ۵۷۰)

(۱۶)

بانفس ہمیشہ در نبردم، چہ کنم؟ | وز کردۂ خویشتن بدردم چہ کنم؟
گیرم کہ زمن درگذرانی بہ کرم | آں شرم کہ دیدی کہ چہ کردم چہ کنم!

ہر وقت نفس سے جنگ کرتا ہوں، اپنے کیے پر پچھتاتا ہوں۔ اس سے زیادہ کیا کروں! مانتا ہوں کہ تُو اپنے کرم سے مجھے معاف کردے گا، لیکن شرم تو یہ ہے، کہ میرے اعمال دیکھے گا تو۔ (نول ۵۰۵ ن ۳۰۴ آت)

(۱۷)

برخود درِ کام و آرزو بربستم | وز منّت ہرناکس وکس وارستم
گر صوفیِ مسجدم وگر راہبِ دیر | من دانم واو چنانکہ ہستم ہستم

اپنے لیے مقصد و تمنّا کا دروازہ بند کرکے ہر کس و ناکس کے احسان سے نجات پالی، مسجد نشین صوفی سمجھو یا دیر نشین راہب، مومن کامل ہوں یا مشرک و کافر، اسے میں جانوں یا میرا خدا کوئی میرے معاملے میں مداخلت و فیصلہ کرنے والا کون؟ (نول ۵۱۰)

(۱۸)

برخیز زخواب تا شرابے بخوریم | زاں پیش کہ از زمانہ تابے بخوریم
کایں چرخِ ستیزہ روے ناگہ روزے | چنداں نہ دہد اماں کہ آبے بخوریم

نیند سے اُٹھ کہ تھوڑی سی شراب پی لیں۔ کہیں یہ نہ ہو کہ زمانہ چکر دے دے، کیونکہ یہ جنگجو چرخ ایک دن اچانک آپڑے گا اور اتنی مہلت بھی نہ دے گا کہ ایک گھونٹ پانی ہی پی سکیں۔ اس لیے

وقت کو غنیمت سمجھ اور جب تک ساغر چل سکے چلتا رہے۔

نول کشوری نسخے میں یہ رباعی یوں ہے:

زاں پیش کہ از زمانہ تابے بخوریم   با یکدگر امروز شرابے بخوریم

کیں پیک اجل بگاہ رفتن مارا   چنداں نہ دہد امان کہ آبے بخوریم

دوسرے نسخوں کا اختلاف بھی اسی نوعیت کا ہے۔ (نول ۴۶۷، ۵ ن ۳۲۳ دلیند ۱۸۲ فروغی ۱۲۳)

(۱۹)

برخیزم و عزم بادۂ ناب کنم   رنگ رخ خود برنگ عنّاب کنم

ایں عقل فضول پیشہ را مشتی مے   بر روے زنم چنانکہ در خواب کنم

اب اٹھوں اور شراب خالص پینے کا ارادہ کروں۔ اس (دور) چہرے کو عنّابی (سرخ و سفید) کروں۔ اس فضول و بیکار عقل کے چہرے پر شراب کا ایک چلّو اس طرح ڈالوں کہ یہ سو جائے۔ جب تک یہ ہوش میں ہے، ہر بات میں شبہ پیدا کرنا اس کا کام ہے۔ حافظ نے کہا ہے:

زبادہ ہیچت اگر نیست ایں نہ بس کہ ترا   دمے ز وسوسۂ عقل بے خبر دارد

(نول ندارد ن ۳۰۶ ف ۱۲۴)

(۲۰)

برخیز و بیا کہ چنگ بر چنگ زنیم   مے نوش کنیم و نام بر ننگ زنیم

چوں بادہ خوریم در خرابات خوریم   ویں شیشۂ نام و ننگ بر سنگ زنیم

اٹھ اور آ کہ ساز چنگ بجائیں، شراب پئیں، نام و ننگ نام رکھیں۔ جب ہم شراب پئیں تو شراب خانے میں پئیں اور نام و ننگ کا شیشہ پتھر پر دے ماریں۔

(نول ۵۶۵ "۳ در زلف دراز دامن چنگ زنیم" ن ۳۰۵ دوسرا مصرعہ اسی سے لیا ہے۔) دیکھیے رباعی ۳۹ و ۵۴)

(۲۱)

بر مفرش خاک خفتگاں می بینم   در زیر زمیں نهفتگاں می بینم

چنداں کہ بصحراے عدم می نگرم   ناآمدگان و رفتگاں می بینم

میں خاک کے فرش پر سوئے ہوؤں کو دیکھ رہا ہوں۔ زمین کے نیچے چھپے ہوؤں کو دیکھ رہا ہوں۔ میں جتنا بھی عدم کے صحرا پر نظر ڈالتا ہوں، نہ آئے ہوؤں اور نہ گئے ہوؤں کو دیکھتا ہوں۔

محشر وہ دن ہوگا کہ ہمارا تمہارا تو ذکر ہی کیا وہ بھی ہوں گے جو یہاں آئے بھی نہیں، پھر ہمیں کیا فکر اور نتیجہ کا کیا ڈر اور قیامت کا کیا خوف؟

(ناآمدگان و بہ رفتگان را باید پس و پیش کرد یعنے رفتگانے می بینم کہ نیامدند و برنگشتہ اند فروغی)

(نول ۵۵۷، ن ۳۰۸ ف ۱۲۵)

(۲۲)

بے بادہ نبودہ ام دمے تا ہستم — امشب شب قدر است و من امشب مستم
لب برلب جام و سینہ بر سینۂ خُم — تا روز بگردن صراحی دستم

جب سے مَیں پیدا ہُوا ہوں، ایک لمحے کو بھی شراب کے بغیر نہیں رہا۔ آج کی رات شب قدر ہے اور میں آج کی رات مست ہوں، دن نکلنے تک میرے لب پیالے کے لب پر، سینہ خُم کے سینے پر اور ہاتھ صراحی کی گردن میں رہیں گے۔

(نول ۵۱۳ ن ۳۱۲)

(۲۳)

پاک از عدم آمدیم و ناپاک شدیم — آسودہ در آمدیم و غمناک شدیم
بودیم ز آب دیدہ در آتش دل — دادیم بباد عمر و در خاک شدیم

عالمِ عدم سے جب یہاں آئے تھے تو پاک وصاف و بے گناہ تھے۔ مگر یہاں آکے ناپاک ہوگئے۔ مطمئن آئے تھے، غمگین ہونا پڑا۔ اشکباری کی بدولت دل میں آگ، زندگی ہَوا کے سپرد کرکے خاک میں آرہے۔ یہ ہے خلاصہ وجود و فنا، موت و حیات۔

(نول ۵۴۰ ن ۳۱۵ دلیند ۱۸۱)

(۲۴)

پیوستہ زگردشِ فلک غمگینم — با طبع خسیس خویشتن در کینم
علمے کہ نہ از سر جہاں برخیزم — عقلے نہ کہ فارغ از جہاں بنشینم

آسمان کی مسلسل گردشوں سے غمگین اور اپنی اس کم ہمت طبیعت و فطرت سے بھی دشمنی ہے۔ اب نہ تو اتنا علم ہے کہ خیال دنیا کو چھوڑ دوں، نہ وہ عقل و حکمت کہ سارے جہان سے فارغ البال ہو جاؤں۔

فطرت کمزور، علم ندارد، عقل و حکمت ناکافی۔ نتیجہ یہ کہ غم کھاتا اور کڑھتا رہتا ہوں۔
(نول ۵۵۴)

(۲۵)

تا چند اسیر عقل ہر روزہ شویم — در دہر چہ صد سالہ و یک روزہ شویم
در دہ تو بکاسہ مے ازاں پیش کہ ما — در کارگہ کوزہ گراں کوزہ شویم

عقل ہر روزہ۔ یعنی عقل عامیانہ کہ در عمق مطالب تفکر نمی کند و غافل است (فروغی) ہم کب تک اس ضعیف کے پابند رہیں۔ دنیا میں سو سال اور ایک دن کی زندگی برابر ہے۔ اس لیے تو پیالے میں شراب بھر دے، پیشتر اس کے کہ ہم کوزہ گروں کے کارخانے میں کوزہ بن جائیں۔
خیام یہ خیال کئی مرتبہ دہرا چکا ہے۔ (نول ۵۵۵ ن ۳۱۰ ف ۱۲۹)

(۲۶)

تا چند ملامت کنی اے زاہدِ خام — ما رندِ خراباتی و مستیم مدام
تو در غمِ تسبیح و ریا و تلبیس — ما با مے و معشوقہ مدامیم بکام

اے زاہدِ جاہل! کب تک ہمیں ملامت کرتا رہے گا۔ ہم رندِ خراباتی ہیں اور ہمیشہ نشے میں رہتے ہیں۔ مگر تو بھی ہمیشہ تسبیح کے غم اور ریاکاری و مکاری میں رہتا ہے۔ پھر ہمارا شراب و معشوق و مقصد برآری کی فکر میں رہنا کیا بُرا ہے۔ (نول ۵۵۶ ن ۳۱۳)

(۲۷)

تا ظن نبری کہ از جہاں می ترسم — وز مردن و از رفتن جاں می ترسم
مردن چو حقیقت ست زاں باکم نیست — چوں نیک نزیستم ازاں می ترسم

کہیں یہ نہ سمجھ لینا کہ دنیا سے ڈرتا ہوں، کہ مرنے اور جان جانے سے خوف کھاتا ہوں۔ مرنے کی کیا حقیقت جو اس سے ڈروں۔ اچھے طریق پر زندگی نہیں گزاری، اس لیے ڈرتا ہوں۔ (نول ۵۶۳)

(۲۸)

تا ظن نبری کہ من بخود موجودم — یا ایں رہ خونخوارہ بخود پیمودم
چوں بود حقیقتِ مرا از وے بود — من خود کہ بُدم؟ کجا بُدم؟ کے بودم

یہ نہ سمجھنا کہ میں خود بخود موجود ہو گیا۔ میں نے اپنی پسند سے یہ خونی راستہ طے کرنا شروع کیا ہے نہیں، بلکہ میرے وجود کی حقیقت چونکہ اسی وجود مطلق کے سہارے سے ہے۔ اس لیے خود میری حقیقت کچھ

بھی نہیں۔ میرا وجود نابود، میرا زمانہ وجود معدوم ہے۔

(نول ۵۱۱ ن ۳۱۲ "چوں بُود حقیقتِ من ازاد بودست" تیسرا مصرعہ)

(۲۹)

تا کے ز جفائے ہر کسے تنگ کشیم
وز ناکسِ روزگار نیرنگ کشیم
خوش باش کہ ایّامِ تراویح گزشت
عید ست بیا تا مے گلرنگ کشیم

ہم ہر ایک کے ستم کب تک سہتے رہیں۔ زمانے کی حقیر و ذلیل حرکتوں سے نیرنگیاں کب تک جھیلیں!
خوش ہو کہ تراویح کا زمانہ (ماہ رمضان) ختم ہوگیا۔ عید آگئی، آ کہ گلرنگ شراب پئیں۔

(نول ۴۹۸ ن ۳۰۷ "برخیز و بیا تا مے گلرنگ کشیم، با نغمۂ دود نالہ سچنگ کشیم")

(۳۰)

ترسم کہ چو بعد ازیں بہ عالم نہ رسیم
با ہمنفساں نیز فراہم نہ رسیم
ایں دم کہ درو ئیم غنیمت شمریم
شاید کہ بہ عمرِ خود دریں دم نہ رسیم

چونکہ ہم اس دنیا میں پھر نہ آسکیں گے، اس لیے ڈر معلوم ہوتا ہے کہ شاید ان دوستوں کے ساتھ بھی نہ بیٹھ سکیں، لہٰذا جو لمحہ نصیب ہو گیا ہے، اسے غنیمت سمجھیں۔ ممکن ہے کہ ہم اپنی عمر میں اس دم کو نہ پاسکیں۔

ساقیا، یاں لگ رہا ہے چل چلاؤ
چل سکے بس جب تلک ساغر چلے

(نول ۵۵۸ ن ۳۱۴)

(۳۱)

جانا! من و تو نمونۂ پرکاریم
سر گرچہ دو کردہ ایم یک تن داریم
بر نقطہ روانیم کنوں دائرہ وار
تا آخر کار سر بہم باز آریم

میرے دوست ہم تم دونوں پرکار کا نمونہ ہیں، کہ بظاہر سر تو دو ہیں مگر جسم ایک۔ اس وقت دائرہ کی طرح ایک نقطہ پر گھوم رہے ہیں۔ لیکن جب یہ چکّر (زندگی) ختم ہو جائے گا تو دونوں پھر مل جائیں گے۔ جب خاک میں گئے تو دونوں ایک ہو گئے۔ یہ عارضی زندگی ختم ہو کے رہے — "ہم اس کے ہیں ہمارا پوچھنا کیا" — وحدت وجود کی طرف اشارہ ہے۔

(نول ۵۰۶ ن ۳۱۶)

(۳۲)

جانم ز دریغ دی بدرد است مقیم | بیچارہ دل از نہیب فردا بدو نیم
یکبارگی ایں عمرِ من اے دُرِّ یتیم | رفتہ ہمہ حسرت است یا اندُہ و بیم

میری روح ابھی تک ماضی کے غم میں مبتلا ہے اور غریب دل مستقبل کے ہول کھا رہا ہے۔ اے گوہرِ یک دانہ و محبوب! میری ساری عمر حسرت و غم ہی میں اچانک ختم ہو جائے گی۔ اس لیے مجھ پر رحم کر۔ (نول ۵۴۲)

(۳۳)

چنداں آنکہ زخود نیست ترم ہست ترم | ہر چند بلند پایہ ترم، پست ترم
زیں طرفہ تر آنکہ از شراب ہستی | ہر لحظہ کہ ہشیار ترم، مست ترم

جس قدر میں ہیچ ہوں اُسی قدر ہست موجود ہوتا جاتا ہے۔ جس قدر درجہ بلند ہوتا (اور معرفت بڑھتی جاتی) ہے، اُسی قدر پست نظر آتا ہوں۔ اس سے زیادہ تعجب اس پر ہے کہ شراب وجود ہے جتنا جتنا ہوشیار ہوتا جاتا ہوں، زندگی کے ساتھ دنیاوی آلائشیں بڑھ رہی ہیں۔ کسی عارف کے مصرعے ہیں۔ (نول ۵۷۱)

(۳۴)

چوں آتش اگر بر آسماں بر گذریم | وز آب رواں اگر چہ پاکیزہ تریم
در خاک شویم از آنکہ خاکے بودیم | یاد است جہاں، بادہ بدہ تا بخوریم

لطافت میں آگ کی طرح آسمان تک پہنچیں، یا پاکیزگی میں پانی سے زیادہ لطیف و رواں مزاج ہوں۔ خاک میں بہر حال جانا ہوگا، کہ پہلے بھی خاک تھے لہٰذا دنیا کو بے حقیقت سمجھ اور شراب دے کہ وہی پییں۔ (نول ۵۴۳)

(۳۵)

چوں نیست مقامِ ما دریں دہر مقیم | پس بے مے و معشوق خطائے است عظیم
تا کے ز قدیم و محدث اُمید و بیم | چوں من رفتم جہاں، چہ محدث چہ قدیم

اس باقی (مقیم) دنیا میں جب ہمیں رہنا ہی نہیں تو پھر شراب و محبوب کے بغیر رہنا بہت بڑی غلطی ہے۔ قدیم و محدث سے اُمید و نا اُمیدی کب تک؟ ہمیں دنیا سے چلے گئے تو محدث و قدیم سے کیا فائدہ؟

قدیم: ازلی و ابدی۔ محدث: فانی۔ جدید فلاسفہ میں یہ بحث ہے کہ دُنیا، خالقِ دنیا کی طرح قدیم ہے یا نہیں۔ رباعی گو کا مقصد یہ ہے کہ جب ہمیں یہاں رہنا ہی نہیں تو دنیا کو باقی یا فانی ثابت کر کے کیا ہو گا؟

(قدہ ۲۷، نول ۵۳۹ ن ۳۱۷ "اُمید و بیم" کے بجائے نول میں "اے مردِ سلیم" اور ن میں "اے مردِ حکیم" تح ص ۲۹۲)

(۳۶)

خورشید بگِل نہفت می نتوانم و اسرارِ زمانہ گفت می نتوانم
از بحرِ تفکرم برآورد خرد دُرّے کہ ز بیم سفت می نتوانم

آفتاب مغرب میں چھپ گیا، مَیں نہ چھپ سکا، اسرارِ دنیا بھی نہیں بیان کر سکتا۔ فکر کے سمندر سے عقل تو اُبھری، مگر وہ موتی، جو بندھنا چاہیے تھا، لوگوں کے ڈر سے اسے پرو نہیں سکتا کہ حوصلے پست ہیں۔ لوگ ان باتوں کی تاب نہیں لا سکتے۔ (نول نذارف ۱۲۸)

(۳۷)

در پاے اجل چو من سر افگندہ شوم وز بیخ اُمیدِ عمر برکندہ شوم
زنہار گِلم بجز صراحی نکنند باشد کہ ز بادہ تر شود زندہ شوم

جب موت کے قدموں پر سر ڈال دوں، جب زندگی کی اُمید جڑ سے اُکھڑ جاؤں، اس وقت خدا کے لیے میری مٹی سے صراحی کے سوا کچھ اور نہ بنانا، کیونکہ شاید جب وہ خاک شراب سے تر ہو جائے تو میں زندہ ہو جاؤں۔

کیا پیاری رباعی ہے اور شراب کو آبِ حیات کہنے کا کیا اچھا اسلوب ہے!

(نول ۵۴۱ ن ۳۱۸)

(۳۸)

در جُستنِ جامِ جم جہاں پیمودیم روزے ننشستیم و شبے نغنودیم
ز استاد چو وصفِ جامِ جم بشنودیم خود جامِ جہاں نمائے جم ما بودیم

جامِ جم: جہاں نما پیالہ، دلِ عارف۔

جامِ جہاں نما کو ڈھونڈنے کے لیے ساری دنیا چھان ڈالی۔ ایک دن بھی چین سے نہ بیٹھے، ایک رات بھی پلک نہ جھپکائی۔ مگر جب مرشد استاد سے اس کی تعریف سُنی تو سمجھ میں آیا کہ وہ تو خود میں ہی ہوں۔ میرا ہی وجود دل جامِ جہاں نما ہے۔ جو اپنے آپ کو دیکھے وہ عالم کو سمجھتا ہے۔ (نول ۵۳۱)

(۳۹)

در دامنِ یارِ بے وفا چنگ زنیم
مے نوش کنیم و نام بر ننگ زنیم
سجادہ بیک پیالہ مے بفروشیم
ناموس بہ مے دہیم و بر سنگ زنیم

محبوبِ بے وفا کا دامن تھام کر شراب پئیں اور رسوائی میں شہرت حاصل کریں۔ جا نماز ایک جامِ شراب کے عوض بیچ کر عزت بھی شراب کو دیں اور اسے تباہ کر دیں۔

(نول ۵۶۶) نیز دیکھیے رباعی ۲۰ و ۵۴)

(۴۰)

در دائرۂ وجود دیر آمدہ ایم
وز پایۂ مردمی بزیر آمدہ ایم
چوں عمر نہ بر مراد ما می گزرد
ای کاش، بسر آمدے کہ سیر آمدہ ایم

ہم دائرۂ امکان میں بہت بعد آئے اور ہمت و مردمی کے درجے سے نیچے رہ گئے۔ جب زندگی یونہی ہمارے مقاصد کے خلاف گزر رہی ہے تو کاش یہ کمبخت ختم و فنا ہی ہو جاتی کہ دل سیر ہو گیا۔

(نول ۵۲۷ ن ۳۲۰)

(۴۱)

در راہِ تو تا اسب طلب تاختہ ایم
با عیش و طرب دمی نہ پرداختہ ایم
قصہ چہ کنم کہ باب نشناختہ ایم
در منزلِ دزد آشیاں ساختہ ایم

تیری راہ میں جب سے تیری تلاش میں نکلا ہوں، اُس وقت سے عیش و طرب میں ایک لمحہ بھی نہیں گزرا۔ میں اپنا عیب کیا بتاؤں کہ ابھی تیرا آستانہ ہی نہ پہچانا اور اب تک چوروں کی گلی میں منزل بنائے رہا۔

اب کچھ راہ و رسم سے واقف ہو چلا ہوں تو دنیا کی لذتوں سے کنارہ کش ہوا ہوں۔

(نول ۵۱۶)

(۴۲)

در عشق تو صد گونہ ملامت بکشم
در بشکنم ایں عہد غرامت بکشم
گر عمر وفا کند جفا ہائے ترا
بارے کم از آنکہ تا قیامت بکشم

میں تیرے عشق میں سینکڑوں ملامتیں سہتا ہوں اور اگر یہ عہدِ محبت توڑ دوں تو نقصان اُٹھاتا ہوں گا۔ اگر عمر وفا کرے تو تیرے ظلم و ستم کم از کم قیامت تک تو اُٹھاؤں۔ (نول ۵۱۶)

(۴۳)

در مسجد اگرچہ با نیاز آمدہ ایم
حقا کہ نہ از بہر نماز آمدہ ایم
زینجا روزے سجادہ دزدیدیم
آں کہنہ شد است دوبارہ باز آمدہ ایم

اگرچہ ہم مسجد میں نیازمندی کے ساتھ آئے ہیں، مگر حقیقت یہ ہے کہ نماز کے لیے نہیں آئے۔ ہوا یہ کہ ایک مرتبہ ہم یہاں سے جا نماز چرا لے گئے تھے۔ اب وہ پرانی ہو گئی ہے، اس لیے دوبارہ آئے ہیں۔

(نول ۵۴۴ ن ۳۱۹)

(۴۴)

در میکدۂ عشق نیازے دارم
با شمع رخش سوز و گدازے دارم
آنگہ بہ مے عشق طہارت کردہ
با روئے بتِ خویش نیازے دارم

میں عشق کے شراب خانے سے بڑی نیازمندیاں رکھتا ہوں۔ ساقی کے چہرے کی شمع سے سوز و گداز میں مبتلا ہوں۔ پہلے مَے عشق سے طہارت کرتا ہوں۔ پھر اپنے محبوب کے جلوے کے سامنے نیازمندی کا اظہار کرتا ہوں۔ (نول ۵۵۳)

(۴۵)

دشمن بہ غلط گفت کہ من فلسفیم
ایزد داند کہ آنچہ او گفت نیم
لیکن چو دریں غم آشیاں آمدہ ام
آخر کم ازاں کہ من بدانم کہ کیم

دشمن نے غلط کہا کہ میں "فلسفی" ہوں۔ خدا گواہ کہ یہ لوگ جو کہتے ہیں، میں وہ نہیں۔ لیکن اس منزلِ غم و آلام میں چونکہ آ گیا ہوں، اس لیے کم از کم یہ ضرور جاننا چاہتا ہوں کہ میں ہوں کیا!

میرے خیال میں یہ رباعی خیام کی ہونا چاہیے۔ کیونکہ اس عہد میں فلسفی کافر سمجھا جاتا تھا۔ حکومت و عوام اسے گردن زدنی جانتے تھے۔ چنانچہ بوعلی سینا جیسا حکیم اپنے تئیں مُتَفَلسِف کہتا تھا۔ جیسا کہ خود اس کی محفوظ تحریر میں لکھا ہوا ہے۔ خیام پر بھی شاید یہ الزام لگایا گیا ہو۔ جیسے بشار بن برد وغیرہ پر الزام لگایا گیا تھا۔

خیام نے اپنی حیثیت واضح کی ہے کہ فلسفی سے دشمن جو مراد لیتے ہیں، وہ غلط ہے۔ میں منکر دین نہیں، نہ فلسفہ جانتا ہوں۔ وہ تو بہت بڑی چیز ہے، ہاں ان علوم کا طالب علم ضرور ہوں اور

اس سے صرف اپنی حقیقت جاننا چاہتا ہوں۔ (نول ۵۸۱ ت ۱۲۹)

(۴۶)

دل فرق نمی دہد ہمیں دانہ ز دام
رُوئیش بہ مسجد است و رائیش بہ جام
با این ہمہ ما و مے و معشوق مدام
در میکدہ پختہ بہ کہ در صومعہ خام

دلِ نادان دانہ و دام میں فرق نہیں کرتا۔ اس کا منہ تو مسجد کی طرف ہے۔ سوچتا ہے جام نوشی کی۔ اس کے باوجود ہم شراب اور معشوق ہمیشہ مے خانے میں پختہ بہتر ہیں یا خانقاہ میں خام ؟ میکدہ کا پختہ عقیدہ بہتر یا عبادت خانہ کا خام۔ غالب کی رائے تو ہے:

وفاداری بشرطِ استواری اصل ایماں ہے
مرے کعبے میں تو بتخانے میں گاڑو برہمن کو

(نول ندارد ن ۳۳۱)

(۴۷)

دنیا چو فناست، من بجز فن نہ کنم
جز یادِ نشاط و مئی روشن نہ کنم
گویند: "خدا ترا ز مے توبہ دہد"
او خود ندہد، و گر دہد، من نہ کنم

جب دنیا فنا کا مقام ہے تو میں بھی یہاں مکر و فن کے سوا کچھ نہیں کرتا۔ اگر کچھ یاد بھی کرتا ہوں تو حسینوں کے جلوے اور دلکش شراب۔ اس پر لوگ کہتے ہیں "خدا تجھے شراب سے توبہ کی توفیق دے"، مگر ان بزرگوں کو یہ نہیں معلوم کہ اوّل تو وہ ایسی توفیق دے گا نہیں اور اگر ایسا موقع آیا بھی تو میں ٹال جاؤں گا۔

(نول ۵۲۴ ن ۳۲۲)

(۴۸)

دیگر غمِ این گردشِ گردوں نخوریم
جز بادۂ صاف و مئی گلگوں نخوریم
مے خونِ جہانست و جہاں خونیِ ما
با خونِ دلِ خونیِ خود چوں نخوریم

اب ہم آسمان کی اس گردش کا غم نہیں کھائیں گے۔ آج سے صاف اور گلابی شراب کے سوا کچھ نہ پئیں گے۔ شراب دنیا کا خون ہے اور دنیا ہماری قاتل، اب تمھیں بتاؤ کہ ہم اپنے خونی کا خون کیوں نہ پییں ؟

(نول ۵۲۶ ن ندارد)

(۴۹)

روزیکہ بکوے کوزہ گر می گذرم
خود را بمیان کوزہ ہا می شمرم
زاں پیش کہ گِل بکوزہ گر مدیہ برم
شاید کہ کنند کوزہ کیے بادہ می خورم

جس دن میں کوزہ بنانے والے کے کوچے سے گزرتا ہوں، اپنے آپ کو کوزوں کے درمیان شمار کرتا ہوں۔ اس سے پہلے کہ میں اپنی مٹی بنانے والے کے لیے تحفہ لے جاؤں، تھوڑی شراب تو پی لوں۔ شاید وہ اس مٹی کو کوزہ ہی بنالے۔ کیا پیارا انداز اور کس قدر شراب سے محبت ہے۔

(نول ۵۷۴)

(۵۰)

زینگونہ کہ من کار جہاں می بینم
عالم ہمہ رائیگاں براں می بینم
سُبحان اللہ ہر چہ درمی نگرم
ناکامی خویشتن دراں می بینم

جس رنگ میں جہاں کا کارخانہ میں دیکھ رہا ہوں، اُس لحاظ سے تو ساری دنیا بے کار ہے۔
ماشاء اللہ یہاں جو بھی چیز نظر آتی ہے، اُس میں اپنی ناکامی ہی دیکھتا ہوں۔
یہ دنیا جب ہمارے ہی کام نہ آئی تو بیکار ہے۔

(نول ۵۳۶ ل ۳۲۴)

(۵۱)

سر حلقۂ رندانِ خرابات منم
افتادہ معصیت ز طامات منم
آنکس کہ شبِ دراز از بادۂ ناب
وز خونِ جگر کند مناجات منم

میں شراب خانے کے رندوں کا سردار ہوں۔ فضولیات سے گناہوں میں مبتلا ہوں۔ وہ شخص، جو طولانی راتوں میں خالص شراب اور خونِ جگر سے مناجات کرتا ہے، میں ہی ہوں (دیکھیے ردیف ک رباعی ۷)

(نول ۵۲۲ ل ندارد)

(۵۲)

شبہا گذرد کہ دیدہ برہم نزنیم
تا پائے نشاط بر سرِ غم نزنیم
برخیز کہ دم زنیم پیش از دمِ صبح
کیں صبح بسے دمد کہ ما دم نزنیم

بہت سی راتیں ایسی گزرتی ہیں کہ اُس وقت تک پلک نہیں جھپکاتے، جب تک خوشی کا پاؤں غم کے سر پہ نہیں مار لیتے۔ اُٹھ کر ہم صبح سے پہلے شراب کی چسکی پی لیں، کیونکہ یہ صبح تو اکثر طلوع ہوگی۔ البتہ ہمیں دم نہیں مار سکیں گے۔

(نول ۵۱۵ دلینہ ۱۸۴ ان ۳۱۱ آتشکدہ "تادست باتفاق برہم نزنیم" مبا اور میکدۂ خیام "مادست

باتفاق" اور جزئی فرق سے مکرر لکھ گئے ہیں۔

(۵۳)

شد دعویٰ دوستی دریں دیر حرام
اُلفت زکہ؟ مردمی کجا؟ دوست کدام؟
دامن زہمہ کشیدن اولیٰ باشد
از دور بہر یکے سلام است وکلام

اس دنیا میں دوستی کا دعویٰ حرام ہے۔ یہاں محبت کس میں، مردانگی اور دوست کہاں؟ یہاں تو ہر ایک سے دامن کشی ہی اچھی ہے۔ ہر ایک کو دور ہی سے سلام وکلام اچھا۔

(نول ۵۰۸)

(۵۴)

صبح است دمے برمے گلرنگ زنیم
ویں شیشۂ نام وننگ برسنگ زنیم
دست از اہلِ دراز خود باز کشیم
در زلفِ دراز و دامن چنگ زنیم

صبح کا وقت ہے، آؤ، تھوڑی دیر گلابی شراب کا دور چلے۔ اس نام وننگ کی یہ صراحی پتھر پر دے ماریں۔ اپنی ان طولانی اُمیدوں سے ہاتھ کھینچ لیں۔ محبوب کی لمبی زلف اور ساز چنگ کا دامن تھام لیں۔

(نول ۵۷۲)

(۵۵)

عیداست بیا تا مے گلرنگ کشیم
با نغمۂ عود و نالۂ چنگ کشیم
با یار سبک روح دمے بنشینیم
رطلے دو سہ بادۂ گراں سنگ کشیم

عید کا دن ہے، آ کہ گلرنگ شراب پئیں۔ بربط اور چنگ سے نغمہ سرائی ہو۔ کچھ دیر سبک روح ونازک بدن محبوب کے ساتھ بیٹھ کر شراب کے دو تین بھاری پیالے نوش کریں۔

(نول ۵۶۱)

(۵۶)

فرزیں صفتا کہ مست غمہات شدم
وز اسپ، پیادۂ جفاہات شدم
از بازی فیل وشاہ چوں درماندم
رخ بر رُخ او نہادہ و مات شدم

فرزیں کی طرح تیرے غموں میں مست رہنے کے باوجود تیرے ستموں نے "اسپ" سے "پیادہ" کر دیا۔ جب "فیل" و "شاہ" کی بازی نہ کھیل سکا تو اُس کے "رُخ" پر رُخ رکھ کر مات مان لی۔

فرزین: اسپ، پیادہ، فیل، شاہ، رُخ شطرنج کے مہروں کے نام ہیں۔ مات: عربی میں مرگیا اور اصطلاح میں شکست۔ (نول ۵۱۹)

(۵۷)

گر در گیری چگونہ پرواز کنم | یا عشق توئے چگونہ آغاز کنم
یک لحظہ سرشک دیدہ می نگذارد | تا چشم بروئے دیگرے باز کنم

جب تو گرفتار کرچکا تو کہیں اُڑ کر کیونکر جاسکتا اور کسی اور سے عشق کیونکر کرسکتا ہوں؟ پھر دوسری مصیبت یہ کہ آنکھیں ہیں، جن کے آنسو لمحہ بھر بھی نہیں رُکتے، کہ کسی غیر کا جلوہ دیکھ سکوں۔ اِس لیے میرے بارے میں یہ غلط فہمی کہ کسی اور پر جان دیتا ہوں، کتنی غلط اور بے محل ہے۔

(نول ۵۷۷)

(۵۸)

گر من ز مۓ مغانہ مستم، ہستم | گر کافر و گبر و بُت پرستم ہستم
ہر طائفۂ بمن گمانے دارند | من زانِ خودم چنانکہ ہستم ہستم

مُغ: آتش پرست برہمن، جو شراب کے بارے میں بہت اچھا اہتمام کرتے ہیں۔ میں مغوں کی شراب سے مست، کافر مجوس و بُت پرست ہوں تو ہی سہی، مگر اصل یہ ہے کہ ہر ایک میرے بارے میں الگ الگ رائے رکھتا ہے۔ میں خود اپنی ملکیت ہوں۔ جیسا بھی ہوں، ہوں، کسی کو کیا معلوم میں کیا ہوں۔ دلوں سے یا صاحب باخبر ہے خدا۔

(نول ۵۶۴ ن ۳۲۶ دیکھیے رباعی ۶۲)

(۵۹)

گر من گنہِ روئے زمیں کر دستم | عفوِ تو اُمیداست کہ گیرد دستم
گفتی کہ بروزِ عجز دستت گیرم | عاجز تر ازیں مخواہ کہ اکنوں ہستم

اگرچہ میں نے ساری دنیا کے گناہ کیے ہیں، مگر تیری بخشش و رحمت سے اُمید ہے کہ وہ دستگیری کرے گی۔ جب تُو نے وعدہ کیا ہے کہ پریشانی کے وقت مدد کرے گا، تو معبودا اب اس پریشانی و عاجزی سے زیادہ پریشان نہ فرما کہ غموں کی انتہا ہوچکی۔ اور تو نے کہا ہے:

"اَمَّن یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاہُ وَیَکْشِفُ السُّوْٓءَ"

(نول ۵۰۱ تذکرہ حسینی و بقول جامی و مجموعہ منتخبات اعظم گڑھ بنام سیف الدین

باخرزی م ۸۵۶ھ دلینہ ۱۷۴، کاس الکرام ص ۲۰۱)

(۶۰)

گفتم، کہ دگر بادۂ گلگوں نخورم
مے خونِ رزست و من دگر خوں نخورم
پیرِ خردم گفت: "بہ جد می گوئی"
گفتم: کہ مزاح میکنم، چوں نخورم"

میں نے کہا کہ اب سے شراب نہ پیوں گا، کیونکہ شراب خونِ انگور ہے اور خون نہ پینا چاہیئے۔ لیکن میرے مرشدِ عقل نے کہا: "کیا یہ سنجیدگی سے کہہ رہے ہو؟ میں نے عرض کی: "نہیں، یونہی مذاق میں کہہ دیا تھا۔ میں اور شراب نہ پیوں"۔

(نول ۵۱۳ "گفت بحرمت گوئی" یا "بجِد میگوئی" ن ۳۲۷ "بجد میگوئی" تح ص ۲۹۳)

(۶۱)

گُل گفت کہ من یوسفِ مصرِ چمنم
یاقوت گرانمایۂ پر زر، دہنم
گفتم: "چو تو یوسفی نشانے بنمائی؟"
گفتا کہ "بخون غرقہ نگر پیرہنم!"

گلاب کے پھول نے مجھ سے کہا۔ میں چمن کے مصر کا یوسف بے مثال ہوں۔ میں وہ سرخ یاقوت ہوں جس کے بیچ میں سونا بھرا ہو (سُرخ پنکھڑیوں میں زرد ریزہ) میں نے پوچھا کہ اگر یوسف ہے تو کوئی پہچان بتا۔ اُس نے کہا: "میرے پیرہن کو خون آلود دیکھ لو"۔

حضرت یوسفؑ کے بھائیوں نے جناب یعقوبؑ سے کہا تھا کہ یوسفؑ کو بھیڑیئے کھا گئے۔ لیجیے یہ اس کا خون بھرا اور چاک پیرہن اس کا ثبوت ہے۔ گلاب نے بھی اپنے خونیں اور چاک چاک پیرہن کو دکھا کر عزیزِ چمن ہونے کا ثبوت دیا۔

بھلا کہاں خیام کہاں یہ تلمیح اور اس کے تفصیلی تلازمے۔ (نول ۵۶۹ ن ۳۲۸)

(۶۲)

گویند مرا کہ مے پرستم ہستم
گویند مرا، عارف و مستم ہستم
در ظاہرِ من نگاہِ بسیار مکن
کاندر باطن چنانکہ ہستم ہستم

کوئی مجھے شرابی کہتا ہے، کوئی عارف و مست۔ دوستو! میرے ظاہری حالات پر غور نہ کرو، درحقیقت میری حقیقت جو کچھ ہے، وہ اپنی جگہ ہے۔

(دیکھیے رباعی ۵۸-نول ۵۰۹ ن ۳۲۹ فاسق و مستم" مجمع الفصحا میں بنام بو علی سینا)

(۶۳)

ما افسرِ خان و تاجِ کے بفروشیم | دستار قصب ببانگ نے بفروشیم
تسبیح کہ پیکِ لشکرِ تزویر است | ناگاہ بیک جرعۂ مے بفروشیم

افسر: تاجِ کے، کیانیوں کا لقب۔ قصب: ایک قیمتی کپڑا۔

ہم بادشاہوں اور شہنشاہوں کے تاج اور زاہدوں کے ریشمی عمامے، بانسریوں کے نغموں کے عوض بیچ ڈالے۔ تسبیح جو مکاریوں کے فوج کی قاصد ہے، اسے بھی اچانک ایک گھونٹ شراب کے عوض دے ڈالیں۔ ہم خراباتیوں کو تکلف و زینت سے کیا کام؟

(نول ۵۳۸ ں ۳۳۳ ولینڈ ۱۷۹)

(۶۴)

ما خرقۂ زہد در سرِ خم کردیم | وز خاکِ خرابات تیمم کردیم
باشد کہ درون میکدہ دریابیم | عمرے کہ درون مدرسہ گم کردیم

ہم نے زہد کا جبہ و دستار خُم مے کے منہ پر چڑھا کر خرابات کی مٹی پر تیمم کر لیا کہ شاید میکدے میں جا کر وہ عمر پا جائیں، جو مدرسوں میں کھو گئی تھی۔

امیرا خیال ہے کہ یہ رباعی غزالی معاصر خیام ہی کی ہے۔ جیسا کہ مجمع الفصحا، روضات الجنات غزالی نامہ دالغزالی وغیرہ میں ہے۔ مگر نول ۵۳۳ ں ۳۳۲، کاویانی، وینفیلڈ، بمبئی، نکولس وغیرہ کے نسخوں میں بنام خیام ہے۔ مگر غزالی و خیام کے سوانح سے واقف ہرگز باور نہیں کر سکتا۔ دیکھیے کاس الکرام ص ۲۹۷ اور رباعی ل ۷، نول کشور کے حاشیہ پر اس رباعی کا ایک اور نسخہ بھی اسی نے لکھا ہے:

ما جامۂ نمازے بہ سرِ خم کردیم | خود را بہ مے لعل چو مردم کردیم
در کوے خرابات مگر بتواں یافت | آں عمر کہ در صومعہ ہا گم کردیم

(۶۵)

ما کز مئی بیخودی طربناک شدیم | وز پایۂ دوں بر سرِ افلاک شدیم
آخر ہمہ ز آلائش تن پاک شدیم | از خاک برآمدیم و بر خاک شدیم

ہم بے خودی کی شراب سے مست ہو کر کمتر مرتبے سے افلاک پر جا پہنچے۔ موت کے ذریعے جسم کی کثافتوں سے پاک ہو گئے۔ خاک سے اٹھے تھے اور خاک سے دور آسمانوں پر جا پہنچے۔

اصل حقیقت تو روح ہے، خاک پر پیدا ہوئے تھے، جسم کی آلائشیں ساتھ تھیں۔ خاک پر پڑے رہے۔ اب جو رشتہ جسم میں پیدا ہوا تو پھر اُسی لامکان میں جا پہنچے۔

(نول ۵۲۷)

(۶۶)

مائیم دراو فتادہ چو مرغ بہ دام — دل خستۂ روزگار و آشفتہ مدام
سرگشتہ دریں دائرۂ بے در و بام — نا آمدہ بہ مراد و نا رفتہ بکام

ہم یہاں ایسے پھنسے ہیں، جیسے شکار جال میں پھنس جائے۔ دنیا سے دل زخمی اور ہمیشہ پریشان۔ اس بے در و بام کے دائرے اور گول چکّر میں پریشان و حیران، نہ آنا اپنی خوشی سے نہ یہاں سے نکلنا اپنی تمنا پر۔ یہ دنیا عجیب چکّر اور بھول بھلیاں ہے۔ "لائی حیات آئے قضا لے چلی چلے۔"

(نول ندارد ن ۳۳۰)

(۶۷)

مائیم کہ اصل شادی و کانِ غمیم — سرمایۂ دادیم و نہادِ ستمیم
پستیم و بلندیم و کمالیم و کمیم — آئینۂ زنگ خوردۂ جامِ جمیم

ہم ہی بنیادِ مسرت و خزانۂ غم ہیں، ہم ہی سرمایۂ انصاف و تعمیرِ ستم ہیں۔ ہم پست بھی ہیں بلند بھی، کمال بھی ہیں اور زوال بھی۔ یوں سمجھو کہ جامِ جمشید تو ہیں، مگر زنگ لگ گیا۔
روح کی لطافتوں اور طبیعت کی ترقیوں کے ساتھ ساتھ مادّے کی کثافتیں اور دنیا کے جھمیلے تکمیلِ سعادت میں رکاوٹ بنے ہوئے ہیں۔

(نول و ن ندارد فقط ف ۱۳۰)

(۶۸)

مائیم کہ سرمست شرابیم مدام — در مجلس ما نیست بجز بادہ و جام
بگذار نصیحتِ من اے زاہدِ خام — ما بادہ پرستیم و لبِ یار بکام

ہم ہمیشہ کے مست شرابی، ہماری بزم میں شراب و جام کے علاوہ کچھ بھی نہیں۔ اے زاہدِ خام! ہماری اصلاح کا خیال چھوڑ۔ ہم بادہ پرست اور لبِ یار کے چومنے والے ہیں، ہم تیری کب سُنیں گے۔

(نول ۵۵۹ ن ۳۳۱)

(۶۹)

محرمِ ہستی؟ کہ با تو گویم یک دم | کز اوّل کار خود چہ بود است آدم
محنت زدہ سرشتہ اندر گلِ غم | یک چند جہاں بخورد برداشت قدم

ن میں یوں ہے:

(۱) کہ محرمِ راز تا بگویم یک دم (۲) کز اول . . . .
(۳) کذا . . . . (۴) یک چند جہاں بگشت . . . . . .

تم راز دار بھی ہو کہ راز بتاؤں اور یہ سمجھاؤں کہ آدمؑ کی ابتدا کیا تھی؟ آدم بیچارے غم کے خمیر اور معصیت کی چوٹوں سے پیدا ہوئے اور کچھ دن جہان میں رہ کر گذر گئے۔ نہ کوئی فریاد رس ہے، نہ محنتوں کا صلہ۔ مگر اس راز و نکتہ کا متحمل کون ہے، جو تفصیل بتاؤں۔

(نول ۵۶۷ ن ۳۲۵)

(۷۰)

مقصود ز جملہ آفرینش، ماایم | در چشم خرد جوہر بینش، ماایم
ایں دائرہ جہاں چو انگشتری ست | بے ہیچ شکے نقش نگینش، ماایم

ساری مخلوق کا جوہر ہم، عقل کی نظر میں بصیرت کی جان ہم ہی ہیں۔ دنیا کا حلقہ انگوٹھی اور بلا شبہ ہم اس کا نگینہ ہیں۔ انسان جوہر روح و رونق عالم ہے۔

(نول ۵۱۴ ن ۳۳۴)

(۷۱)

من بادۂ تلخ، تلخ دیرینہ خورم | و اندر رمضان در شب آدینہ خورم
انگور حلال خویش در خُم کردہ | گو تلخ مکن خدائے تا می نخورم

مَیں شرابِ تلخ، اور تلخ بھی کہنہ پیتا ہوں، اور رمضان میں جمعہ کی رات کو پیتا ہوں میں حلال و جائز انگور خُم میں ڈال دیتا ہوں۔ خدا سے دعا کرو کہ وہ اس کا شیرہ تلخ ہو جاتا ہے۔ میں اسے پی جاتا ہوں۔ اب میں مجرم کیوں ہوں؟

(نول ۵۴۹ ن ۳۳۵)

(۷۲)

من بادہ خورم ولیک مستی نکنم — الّا بقدح، دراز دستی نکنم
دانی غرضم ز مے پرستی چہ بود؟ — تا ہمچو تو خویشتن پرستی نکنم

میں شراب پیتا ہوں لیکن مستی اور پیالے کے علاوہ کسی پر دراز دستی نہیں کرتا۔ جانتے ہو کہ شراب پینے کا مطلب کیا ہے؟ میں چاہتا ہوں کہ اسے پی کر تمھاری طرح سے خود پرست نہ رہوں۔

(نول ۔ ۵۳ ن ۳۴۱)

(۷۳)

من بے مے ناب زیستن نتوانم — بے بادہ کشید بارِ تن نتوانم
من بندۂ آں دمم کہ ساقی گوید: — "یک جام دگر بگیر" من نتوانم

شرابِ خالص کے بغیر میں زندہ نہیں رہ سکتا۔ بغیر مے پیے ہوئے جسم کا بوجھ نہیں اٹھا سکتا۔ میں تو اس وقت کا غلام اور اس لمحے پر قربان جب ساقی کہہ رہا ہو کہ "ایک پیالہ اور" اور میں نہ اٹھا سکوں۔ یعنی مست و بے حال ہو چکا ہوں اور ساقی دریا دلی دکھا رہا ہو۔

(نول ۵۲۳ ن ۳۳۶ ف ۱۳۲ - آت)

(۷۴)

من در رمضان روزہ اگر می خوردم — تا ظن نبری کہ بے خبر می خوردم
از محنت روزہ روزِ من چوں شب بود — پنداشتہ بودم کہ سحر می خوردم

میں نے اگر رمضان کا روزہ کھا لیا تو اس کی وجہ ناواقفیت نہیں۔ بات یہ تھی کہ تکلیف روزہ کی شدت میں دن رات ہو گیا۔ میں سمجھا کہ سحری کا وقت ہے۔ کچھ کھا پی لیا۔ اور رات کو کھانے پینے میں کوئی مضائقہ نہیں۔ زاہد کو روزے میں یہ تکلیف ہوتی تو وہ بھی یہی کرتا۔

(نول ۵۳۵ ن ۳۳۹)

(۷۵)

من گر ورق عمر نعم در شکنم — ایں خندۂ مے در دل ساغر شکنم
برخیز و پیالہ رازِ مے پر گرداں — باشد کہ غمِ جہاں بہم در شکنم

نعمتوں سے مالا مال زندگی کا ورق الٹ دوں اور مسکراتی شراب و قلقل مینا کی صدا کو پیالے میں بند کر دوں۔ جب بھی حاصل خاک نہیں۔ ایک ہی صورت ہے کہ ساقی اٹھے اور پیالہ

شراب کو محفل میں گردش دے۔ ممکن ہے کہ اس طرح غم جہاں تباہ ہو سکے۔
(نول ۵۰۲)

(۷۶)

من گوہر خود بقیمتِ کم نہ دہم   دردِ تو بصد ہزار مرہم نہ دہم
خاکِ درِ تو بمملکتِ جم نہ دہم   یک مُوئے ترا بہر دو عالم نہ دہم

اپنا دل و جوہر کم قیمت اور تمہارا درد کسی مرہم کے عوض دینے پر تیار نہیں۔ تیری خاک در ملک جمشید اور تیرا ایک بال دو عالم کی قیمت پر بھی نہ دوں گا۔ دل تیری عطا اور غم تیری عطا کردہ دولت ہے۔ (نول ۵۷۹)

(۷۷)

من زین دل بے خرد بہ جان آمدہ ام   وزجان ستم کش بفغاں آمدہ ام
چوں کارِ جہاں با من و بے من یکساں   پس من بچہ کار، در جہاں آمدہ ام

میں اس دل ناداں دانائی طلب کے ہاتھوں بے قرار اور اس روح مظلوم کے پریشان ہوں ہوں۔ جب مجھ حقیر، زندہ مردہ صفت کی دجود و عدم سے کارخانہ عالم کا نظام متاثر نہیں ہوتا، تو میں اس دنیا میں کیوں پیدا ہوا؟
میری تخلیق کا راز اور وجود کا فائدہ سمجھ میں نہیں آتا۔
(نول ندارد ن ۳۳۷)

(۷۸)

من ظاہر نیستی و ہستی دانم   من باطن ہر فراز و پستی دانم
با ایں ہمہ از دانش خود شرمم باد   گر مرتبۂ ورائے مستی دانم

میں وجود و عدم کے ظاہری حالات سے باخبر، پستیوں بلندیوں کے رازوں سے واقف ہونے اور اتنی حکمت و دانش کے باوجود اگر مجھے مستی کے علاوہ کچھ اور مطلوب ہو تو شرم و ہزار شرم۔
یہ علوم و فلسفہ، یہ دانش و عقل سب اس لیے ہے کہ مست و سرخوش رہوں، ایک مستیٔ استغنا اور نشہ رہتا۔ غالب نے یہی بات فقط شراب کے لیے کہی ہے؛

مَے سے غرض نشاط ہے کس رو سیاہ کو   یک گونہ بیخودی مجھے دن رات چاہیئے

نیز رباعی مذکور کو سمجھنے کے لیے ۲۱ ش دیکھیے۔ (نول ۵۲۵ ن ۳۳۸ مبا میں "خود بیزارم")

(۷۹)

من مے نہ زبہر تنگ دستی نخورم | یا از غم رسوائی و مستی نخورم
من مے ز برائے خوشدلی میخوردم | اکنوں کہ تو بر دلم نشستی نخورم

میں نے اس لیے شراب نہیں چھوڑی کہ پیسے نہیں یا بدنامی و مستی ہوتی ہے، بلکہ میں شراب اس لیے پیتا تھا کہ سرور و خوش دلی رہے۔ اب تم میرے دل میں ہو تو شراب کی کیا ضرورت ؟

(نول ندارد ف ۱۳۱)

(۸۰)

میلم بہ شراب ناب باشد دائم | گوشم بہ نے و رباب باشد دائم
گر خاک مرا کوزہ گراں کوزہ کنند | آں کوزہ پر از شراب باشد دائم

ہمیشہ سے خالص شراب نغمۂ چنگ و رباب کا شوق ہے۔ خیال تو یہ ہے کہ اگر میری خاک سے کوزہ بنایا گیا تو اس میں شراب ہی رہا کرے گی۔

(نول ۵۲۰ ن ۳۴۰ تح ص ۲۹۳ دلینہ ۱۷۷)

(۸۱)

ہاں تا بہ خرابات خروشے نزنیم | بر میکدہ بگذریم و نوشے نزنیم
دستار و کتاب را فروشیم بمے | بر مدرسہ بگذریم و جوشے نزنیم

کب تک میکدہ میں نہ جائیں اور ہنگامہ نہ کریں اور ایک آدھ گھونٹ نہ پییں۔ دستار و کتاب کے بدلے شراب خریدیں۔ پھر مدرسے جا کر شور مچائیں —— دل چاہتا ہے کہ شراب پییں، کتاب و دستار بیچ باچ مدرسے جا کر سب کو ستائیں۔

(نول ۵۶۸)

(۸۲)

ہر چند کہ مے خلافِ دین است و رہم | از خوردنِ وی ہمی کشاید درہم
دانی کہ زمے چراست چندیں شغفم | تا بو کہ دمے ز خویشتن باز رہم

اگر شراب مخالف دین ہے اور شراب نوشی سے میری گرہیں کھلتی، علم و حکمت کی مشکلیں حل ہوتی ہیں۔ لیکن اتنی مے نوشی کا سبب یہ ہے کہ شاید اس سہارے میں اپنے وجود و تصور سے دور ہو سکوں۔ (نول ۵۸۵ بقول کماس الکرام ص ۳۳۶ دیوان رومی میں بنام رومی)

(۸۳)

ہر روز پگاہ در خرابات شوم   ہمراہ قلندراں طامات شوم
چوں عالم سرّ و الخفیات توئی   توفیقم دہ تا بمناجات شوم

روزانہ صبح سویرے طامات گو قلندروں کے ساتھ خرابات جاتا ہوں، پیدا کرنے والے تو عالم ظاہر و باطن ہے۔ اتنی توفیق اور عطا ہو کہ خرابات میں تجھ سے مناجاتیں کرنے لگوں۔ (نول ۵۵۰)

(۸۴)

ہرگز بطرب شربتے آبے نخورم   تا از کف اندوہ شرابے نخورم
نانے نزنم بر نمک ہیچ کسے   تا از جگر خویش کبابے نخورم

جب تک غم کے ہاتھوں سے پوری طرح غم کے گھونٹ نہیں پیے اس وقت تک خوشی خوشی ایک گھونٹ پانی کا نصیب نہ ہو سکا اور جب تک اپنے جگر کو بھنتے نہ دیکھا اس وقت تک روٹی کا ٹکڑا کسی کے نمک سے لگانا ممکن نہ ہوا۔

ایک اطمینان دہ ہزار غم، ایک نوالہ روٹی اور خون جگر کے ہزاروں گھونٹ پلانا اس زمانے کا دستور ہے۔ (نول ۵۱۷ ن ۳۴۲)

(۸۵)

ہر یک چندے یکے بر آید کہ منم   بانعمت و باسیم و زر آید کہ منم
چوں کارک او نظام گیرد روزے   ناگہ اجل از کمین در آید کہ منم

ہر انسان تھوڑی دیر کے لیے وجود پذیر ہوتا اور "منم" کہتا ہے۔ ناز و نعمت، دولت و ثروت کا مظاہرہ کر کے اپنی برتری جتاتا ہے۔ مگر جب اس کاروبار میں باقاعدگی اور جاہ و جلال شباب پر آتا ہے تو اچانک موت رونما ہوتی ہے اور کہتی ہے، بس میں آگئی اور بنجارہ اپنا ٹھاٹھ چھوڑ کے اٹھ کھڑا ہوتا ہے۔

(نول ندارد ف ۱۳۳)

(۸۶)

ہنگام گل است اختیارے بکنم   وانگہ بخلاف شرع کارے بکنم
با سبز خطاں لالہ رخے روزے چند   بر سبزہ ز جرعہ لالہ زارے بکنم

موسم بہار ہے۔ آؤ فال نکالیں۔ اس کے بعد خلاف شریعت کوئی کام کریں۔ یعنی لالہ رخ

سبز خط محبوب کے ساتھ کسی سبزہ زار میں بیٹھ کر شراب پییں اور اس کی رنگینی سے میدان کو لالہ رخ بنائیں۔

اختیار: زائچہ بنا کر ساعتِ نیک معلوم کرنا۔ "سبز خطاں" کے ساتھ "لالہ رخاں" یا "لالہ رخ" کے ساتھ "سبز خطے" ہونا چاہیئے۔

(نول ۵۸۰)

(۸۷)

یارب من اگر گناہ بے حد کردم | بر جان و جوانی و تن خود کردم
چوں بر کرمت وثوق کلی دارم | برگشتم و توبہ کردم و بد کردم

خدایا! میں نے اگر حد سے زیادہ گناہ کیے تو جان، اپنی جوانی اور اپنے اوپر ستم ڈھایا۔ مگر چونکہ تیرے کرم پر پورا بھروسہ تھا، اس لیے اپنے کیے سے باز آتا ہوں، توبہ کرتا ہوں اور اقرار کرتا ہوں کہ جو کچھ کیا بُرا کیا۔ کیا اب بھی معاف نہ کرے گا؟

(نول ۵۴۴)

(۸۸)

یک جو غمِ ایام نداریم خوشیم | گر چاشت بود شام نداریم خوشیم
چوں پختہ بما میرسد از مطبخ غیب | از کس طمع خام نداریم خوشیم

ذرہ بھر بھی غمِ روزگار نہ رکھنے پر خوش ہوں۔ اگر صبح کو مل جائے اور شام کے لیے کچھ نہ ہو جب بھی راضی ہوں۔ جب غیب کے (باورچی خانے) خزانے سے ہمیں (پکی پکائی) تیار خندہ ملتی ہے۔ تو کسی سے طمع خام کیوں رکھیں؟

(نول ۵۵۲ ن ۳۴۶)

(۸۹)

یک چند بکودکی باستاد شدیم | یک چند باستادی خود شاد شدیم
پایانِ سخن شنو کہ ما را چہ رسید؟ | از خاک در آمدیم و برباد شدیم

چند دنوں کے اندر اندر کمسنی سے طالب علم بن کر استاد کے پاس گئے۔ پھر استادی حاصل کی اور بہت خوش ہوئے۔ اب نتیجہ بھی تو سنو کہ اس کے بعد کیا ہوا؟ ہوا یہ کہ خاک سے نکلے تھے اور برباد ہو گئے (خاک و باد) یہ ہے ہمارا آغاز و انجام۔

(نول ۵۴۶ ن ۳۴۵ ف ۱۳۴ دیکھیے رباعی ۲۳)

(۹۰)

یکدست بمصحفیم و یکدست بجام — گہ نزد حلالیم و گہے نزد حرام
ماتیم دریں گنبدِ فیروزہ فام — نے کافر مطلق نہ مسلمان تمام

ایک ہاتھ میں قرآن دوسرے میں پیالہ۔ کبھی حلال سے رشتہ کبھی حرام سے ربط، ہم تو فیروزہ رنگ گنبد کے تلے نہ خالص مومن نہ پکے کافر، دونوں مزے اُٹھاتے ہیں۔

(نول ۵۲۹ ن ۳۴۳ تح ص ۲۹۴)

(۹۱)

یک روز ز بندِ عالم آزاد نیَم — یک دم زدن از وجود خود شاد نیَم
شاگردی روزگار کردم بسیار — در کارِ جہاں ہنوز اُستاد نیَم

ایک دن کے لیے بھی عالم کی قید سے آزاد، ایک لمحہ بھی اپنی زندگی سے خوش نہیں۔ اس دنیا کی مدتوں شاگردی کی، برسوں اس نظام پر غور کیا۔ مگر ابھی تک یہاں کے معاملات یوں نہ سمجھ سکا کہ اُستاد و ماہر ہو جاتا۔ بقول غالب:

یک الف بیش نہیں صیقل آئینہ ہنوز — چاک کرتا ہوں میں، جب سے کہ گریباں سمجھا

(نول ۶۰۲ ن ۳۴۴ ف ۱۳۵)

ن

(۱)

آنرا کہ وقوف است بر احوال جہاں — شادی و غم و رنج بر وشد آساں
چوں نیک و بد جہاں بسر خواہد شد — خواہی ہمہ درد باش خواہی درماں

جسے حالاتِ زمانہ کا علم ہو جائے، اُسے دنیا کی خوشی و غم ناقابل توجہ معلوم ہوتی ہے۔ تم یہ نکتہ سمجھ لو کہ دنیا کا نیک و بد ختم ہو کے رہے گا۔ لہٰذا چاہے درد بن کے زندگی بسر کرو چاہے مسیحا بن کر۔

(نول ۶۲۰ ن ۳۴۷ تح ص ۲۹۶)

(۲)

از دے کہ گزشت، ہیچ ازو یاد مکن
فردا نیامدہ است فریاد مکن
برنامدہ و گزشتہ بنیاد مکن
حالی خوش باش و عمر برباد مکن

جو دن گزر گیا، اُسے یاد نہ کر۔ جو دن ابھی نہیں آیا اُس کے لیے فریاد نہ کر (نہ جوانی کا غم رکھنا چاہیئے، نہ موت و قیامت کی فکر) ماضی و مستقبل پر معاملات کی بنیاد نہ رکھ۔ آج خوشیاں منا اور زندگی ضائع نہ کر۔

(نول ندارد ف ۱۳۶۔ آیا فلسفۂ مرگ را ازیں بہتر میتواں بیان کرد، و آیا نکتہ سنجی ازیں لطیف ترمے شود۔

ایں رباعی در دیوان کمال الدین اسمٰعیل ہم آوردندہ اند اما سخن کاملاً از خیامی است ف)

(۳)

از گردشِ ایں دائرۂ بے پایاں
برخورداری دو نوع مردم را داں
یا باخبری تمام از نیک و بدش
یا بے خبری از خود و از کارِ جہاں

اس دنیائے دنی کے مسلسل چکروں میں دو قسم کے انسانوں کو کامیاب سمجھو۔ ایک وہ جو یہاں کے نیک و بد سے بے خبر ہے۔ دوسرے وہ جو خود اپنے آپ اور دنیا سے بے خبر ہے۔ سرمد نے کہا ہے:

سرمد گلہ اختصار می باید کرد
از ایں دو کار یک کار می باید کرد
یا تن برضائے دوست می باید داد
یا قطع نظر ز یار می باید کرد

ابو طالب کلیم کا شعر ہے:

طبعے بہم رساں کہ بسازی بہ عالمے
یا ہمتے کہ از سرِ عالم تواں گزشت

(نول ۶۰)

(۴)

اسرارِ ازل را نہ تو دانی و نہ من
ویں حرفِ معمّا نہ تو خوانی و نہ من
ہست از پسِ پردہ گفتگوے من و تو
چوں پردہ براُفتد نہ تو مانی و نہ من

قدرت کے بھید نہ تجھے معلوم نہ مجھے۔ یہ معمّے نما حروف نہ تم پڑھ سکتے ہو نہ میں۔ اس وقت ہماری تمہاری باتیں پسِ پردہ ہو رہی ہیں۔ جب پردہ اُٹھ جائے گا تو نہ ہم ہوں گے نہ تم، بس وہی باقی رہ

جائے گا۔

(نول ۵۸۲ تح ص ۲۹۵ مجمع الفصحا بنام ابن سینا دلیسنہ ۱۸۵)

(۵)

اکنوں کہ زند ہزار دستاں، دستاں | جز بادۂ لعل، از کفِ مستاں مستاں
برخیز و بیا کہ گل بہ شادی می گفت | روز دو سہ، داد خود ز لبستاں، بستاں

یہ بہار کے دن جبکہ بلبل ہزار داستان چہچہا رہی ہے۔ ان میں مستوں کے ہاتھوں سے یاقوت نما شراب کے علاوہ اور کچھ نہ لو، اُٹھو اور دوڑو کہ پھول ہنس ہنس کر کہہ رہے ہیں کہ دو تین دن تو داد زندگانی لے لو۔

(نول ۶۲۲ ن ۳۴۸ دلیسنہ ۱۹۲)

(۶)

احوالِ جہاں بر دلم آساں می کُن | وافعالِ بدم ز خلق پنہاں می کن
امروز خوشم بدار فردا با من | آنچہ از کرم تو می سزد آں می کن

دنیا کے مسئلے ستا رہے ہیں، خدایا! ان الجھنوں سے دل کو اطمینان عطا کر، میری بداعمالیاں دنیا کی نگاہوں سے چھپا۔ یہ چاہتا ہوں کہ آج (حال) ہنسی خوشی گزرے اور کل قیامت کے دن جو تیرے کرم کا تقاضا ہو وہ کرنا۔ (نول ۶۱۳۔ دلیسنہ ۱۸۹)

(۷)

اے آنکہ توئی خلاصۂ کون و مکاں | بگزار دمے وسوسۂ سود و زیاں
یک جام مے از ساقی باقی بستاں | تا باز رہی تو از غمِ ہر دو جہاں

تم جوہرِ کائنات ہو، کچھ دیر کے لیے نفع و نقصان کا خیال چھوڑ کر ساقی لایزال سے ایک پیالۂ شراب (معرفت) لو، تاکہ غمِ دو عالم سے نجات مل جائے۔

انسان اشرف المخلوقات ہوکر غمِ دوراں میں اس لیے مبتلا ہے کہ اسے معرفت خدا حاصل نہیں۔ اگر اس آبِ حیات کا ایک گھونٹ پی لیتا تو یہ فکر نہ ہوتی۔ (نول ۶۰۵)

(۸)

اے چرخ ہمیشہ در نبردی با من | درماں دگر کسی و دردی با من
در صلح چہ ماند کاں نہ کردم با تو | در جنگ چہ بود، کاں نہ کردی با من

اے آسمان مجھ سے لڑتا ہی رہتا ہے۔ دوسروں کا مداوا اور میرا درد بنا ہوا ہے۔ سوچ تو
میں نے تجھ سے صلح کے لیے کیا کیا نہ کیا، اور تو نے جنگ میں میری کیا کسر اُٹھا نہ رکھی ؟
مَیں نے عاجزی کی حدیں اور تو نے ظلم کی حدیں ختم کر دیں۔ اب تو رحم کر۔ (نول ۵۸۵)

(۹)

اے دیدہ اگر کور نۂ گور ببیں — ویں عالم پر فتنہ و پر شور ببیں
شاہان و سران و سروران زیر گلند — رو ہائے چو مہ در دہن مور ببیں

اگر آنکھوں سے کچھ دکھائی دیتا ہے، تو قبر کی منزل دیکھو۔ اس فتنہ و فساد بھری دنیا پر
غور کرو۔ بادشاہ و امیر و فقیر سب کے سب زیر زمین ہیں۔ ان کے چاند سے چہرے چیونٹوں کے
کام و دہن کے لیے لذت بخش ہیں۔ (نول — ف ۱۳۷)

(۱۰)

اے گشتہ شب و روز بہ دنیا نگراں — اندیشہ نمی کنی تو از روزِ گراں؟
آخر نفَسے بہ بیں دباز آئے بخود — کا ایام چگونہ می کند بادِ گراں

اے دن رات دنیا کو دیکھنے والے۔ کبھی قیامت کا خیال بھی نہیں آنے دیتا؟ ارے لمحہ بھر
تو غور کر اور اپنے آپے میں آ، دیکھ تو یہ دنیا دوسروں کے ساتھ کیا کر رہی ہے ؟
ایک دنیا ہے سفر کر رہی ہے، ایک زمانہ ہے جو مبتلائے آلام ہے۔ تم ہو کہ اپنی راحتوں کی
فکر میں ہو — نہ معلوم کس عارف کی رباعی ہے۔

(نول ۵۹۳ ن ۳۴۹)

(۱۱)

ایں جسم پیالہ بیں، بہ جان آبستن — ہمچوں سمنے بہ ارغوان آبستن
نے نے غلطم کہ بادہ از غایتِ لطیف — آبیست، بہ آتش رواں آبستن

پیالے کا سراپا دیکھو کہ روح سے حاملہ ہے، جیسے کسی چنبیلی کے پیٹ میں لالہ ہو۔ نہیں
میں نے غلط کہا، بلکہ وہ بلوری پیالہ اتنا لطیف ہے، کہ اس میں آتشِ رواں ٹھہری ہوئی
ہے۔

(نول ۶۰۰)

(۱۲)

برخیز و مخور غم جہاں گذراں
بنشیں دمے بہ شادمانی گذراں
در طبع جہاں اگر وفائے بودے
نوبت بہ تو خود نیامدے از دگراں

اُٹھ اور دنیائے فانی کی غمخواری و حسرت چھوڑ، ایک آدھ لمحہ تو خوشی سے گزار، سوچ تو سہی، اگر فطرت عالم میں وفا ہوتی تو دوسرے یہاں سے کیسے جاتے اور تیری باری کیونکر آتی؟

(نول ۵۸۶ ن ۳۵۰ آت، نیز بنام کمال اسمٰعیل، کاس الکرام ۳۶۳ ت ۱۳۸، دلپسند ۱۸۶)

(۱۳)

بر موجب عقل زندگانی کردن
شاید کردن ولے نہ دانی کردن
استادِ تو روزگار چابکدست است
چنداں بہ سرت زند، کہ دانی کردن

عقل و حکمت کی بنیادوں پر زندگی بسر تو کرنا چاہیئے۔ لیکن تم وہ انداز زندگی گزاری جانتے نہیں۔ تمہارا اُستاد یہ چالاک زمانہ ہے۔ اس کے اشارے کے خلاف ذرا چلیے اور اس نے تمہارے سر پر اتنی لگائیں کہ من مانی کا مزا مل جائے گا۔

(نول ۶۰۳)

(۱۴)

بشنو ز من، اے زبدۂ یارانِ کہن
اندیشہ مکن زیں فلک بے سروبن
بر گوشۂ عرصۂ سلامت بہ نشیں
بازیچۂ چرخ را تماشائے بکن

زبدہ: جوہر، خلاصہ۔

اے پرانے دوستوں کی یادگار، میری سُنو! کہ اس بے سروپا آسمان کے بارے میں نہ سوچ، اگر گوشۂ عافیت مل جائے تو اس فلک کے تماشے دیکھ اور بس۔

(نول ۵۹۶ ن ۳۵۱)

(۱۵)

تا بتوانی خدمت رنداں می کُن
بنیاد نماز و روزہ ویراں می کُن
بشنو سخن راست ز خیّام عمر
مے میخور و رہ می زن و احساں می کُن

جب تک بن پڑے میخواروں کی خدمت کرو، نماز و روزے کو چھوڑ دو۔ عمر خیّام نے کیا سچی بات کہی ہے کہ "شراب پیو، ڈاکہ مارو اور احسان کرو"۔

(نول ۶۱۹ ن ۳۵۲ دیستہ ۱۹۱ تح ۲۷۸ لیکن خیام کی رباعی ہرگز نہیں معلوم ہوتی)

(۱۶)

تا کے غم آں خورم کزیں دیر کہن
احوال مرا نہ سر پدیداست نہ تن

زاں پیش کہ رخت زیں سرا بربندم
ساقی بدہم مَے کہ ہمیں است سخن

اس دنیا میں یہ غم کب تک اٹھاؤں کہ میرے حالات بے سروپا ہیں۔ اس لیے یہاں سے سفر کرنے سے پہلے مجھے ایک جام پلادے کہ یہی اصل بات اور حاصل حیات ہے۔

(نول ۶۱۱)

(۱۷)

تو آمدۂ بباد شاہی کردن
با خویشتن آئے زیں تباہی کردن

چیزے نہ بدی دے و نباشی فردا
پیداست کہ امروز چہ خواہی کردن

اے انسان! تو یہاں بادشاہی کرنے کے لیے پیدا کیا گیا ہے۔ لہٰذا سنبھل یہ آوارگیاں کب تک۔ سوچ تو، کل کچھ نہ تھا اور کل کچھ نہ رہے گا۔ ظاہر ہے کہ آج تجھے کیا کرنا چاہیئے۔

(نول ۵۹۸۔ از خیام نیست)

(۱۸)

جانہا ہمہ آب گشت دلہا ہمہ خوں
تا چیست حقیقت اُزیں پردہ بروں

اے با علمت خورد شدہ رو گرداں
از تو دو جہاں پر و تو از ہر دو بروں

روحیں پانی اور دل خون ہو کر بہ گیا۔ پردے کے باہر جو کچھ ہے، اس کی حقیقت کیا ہے تیرا علم بے حدو انتہا، تیرا وجود جانِ دو جہان، لیکن بیرون از جہان۔

(نول ۶۰۸ نہ معلوم کس کے مصرعے ہیں)

(۱۹)

چوں حاصل آدمی دریں شورستان
جز خوردن غصہ نیست، تا کندن جاں

خرم دل آنکہ زیں جہاں زود برفت
و آسودہ کسے کہ خود نیامد بہ جہاں

اس شورستان و بے حاصل زمین سے آدمی کو غم کھانے اور جان دینے کے علاوہ کچھ بھی حاصل نہیں ہوتا۔ اس لیے وہ شخص بڑا مطمئن اور فارغ البال ہے، جو یہاں سے جلدی اٹھ گیا اور اس سے زیادہ خوش نصیب وہ ہے، جو سرے سے پیدا ہی نہ ہوا ہو۔

۵ سودا

ترکش نے تیری عید نہ چھوڑا زمانے میں		تڑپے ہے مرغ قبلہ نما آشیانے میں

(نول ۶۰۶ ن ۳۵۳ ج ۲۹۶ ف ۱۳۹ دلیسنہ ۱۸۸)

(۲۰)

حق جانِ جہان است و جہاں جملہ بدن		واصنافِ ملائکہ حواسِ ایں تن

افلاک عناصر و موالید اعضا		توحید ہمیں است، دگرہا ہمہ فن

ذاتِ حق دنیا کی رُوح اور سارا جہان بدن اور اس بدن کے حواس فرشتے کہلاتے ہیں آسمان عناصر، موالید (طبقاتِ مخلوق: جماد، نبات، حیوان) اعضاء ہیں۔ یہ ہے توحید کی حقیقت، باقی سب افسانہ۔

حقیقتِ وحدت یہ ہے کہ ذاتِ واجب الوجود روح اور دنیا جسم۔ اس کے عناصر کا نام آگ، پانی، ہوا، مٹی کے بجائے آسمان ہے اور فرشتے حواس کا کام کرتے ہیں اور مخلوقات اس بدن کے اعضاء۔

(نول ۵۵۳۔ اتنی مفصّل تمثیل		خیّام سے منسوب کرنا مشکل ہے)

(۲۱)

خواہی بہ نہد پیش تو گردوں گردن		کار تو بود ہمیشہ جان پروردن

ہمچوں منت اعتقاد باید کردن		مے خوردن و اندوہ جہاں ناخوردن

اگر تیرے سامنے یہ آسمان گردن جھکا دے، جب بھی تجھے تن پروری ہی کی فکر رہے گی تجھے میری طرح کا اعتقاد رکھ کر شراب پینا چاہیئے اور غمِ دوراں سے بے تعلق ہو جانا چاہیئے۔

(نول ۵۹۹)

(۲۲)

دارم ز جفائے فلکِ آئینہ گوں		وز گردشِ روزگارِ خس پرور دوں

از دیدہ رخے ہم چو پیالہ پر اشک		در سینہ دلے ہمچو صراحی پُر خوں

آئینہ رنگ آسمان اور کمینہ پرور ذلیل دُنیا کے ظلم وستم کی بدولت آنکھوں کے آنسوؤں سے رخسارے کا پیالہ لبریز اور دل کا یہ حال ہے جیسے پُر خون صراحی۔

(نول ۶۱۷ دلیسنہ ۱۹۰)

(۲۳)

دانی کہ چرا است توبہ ناکردن من | زیرا کہ حرام نیست مے خوردن من
بر اہل مجاز است یہ تحقیق حرام | مے خوردنِ اہل راز در گردنِ من

تمھیں یہ بھی معلوم ہے کہ میں توبہ کیوں نہیں کرتا؟ بات یہ ہے کہ میری شراب نوشی ممنوع نہیں۔ شراب مجاز پرستوں اور دنیا داروں پر تو یقیناً حرام ہے۔ مگر اہلِ راز و صاحبانِ معرفت پر حرام نہ ہونے کا میں ذمہ دار ہوں۔

(نول ۶۱۰ ن ۳۵۴ ؟؟)

(۲۴)

در جسم پیالہ جان روانست روان | در روح مجسم آں روانست روان
در آبِ فسردہ آتش سیال است | در دُرجِ بلور لعل کانست روان

پیالے کے جسم میں یہ سیال شراب رُوح و جان ہے، یا پیالہ رُوح مجسم اور شراب روح کی جان ہے۔ پیالہ ڈھلا ہوا پانی اور شراب آتشِ سیال یا پیالہ بلوری ڈبیہ اور شراب یا قوت کی کان و لعل رواں و سیال ہے۔

پیالہ و شراب کی چار تشبیہیں ہیں۔ (نول ۶۲۳ ؟؟)

(۲۵)

در دامن ایں چرخِ نو انگیز کہن | با دوست، تو سرزنیک گہ پیالہ بر کن
دستے کہ زمانہ را نہ سر یافت نہ بُن | کوتہ نہ کن از مے کہ دراز است سخن

اس نو انگیز و موجد آسمانِ پیر کے سائے میں، محبوب ساقی کے ساتھ بیٹھ کر یک رنگی دکھاؤ۔ اور وہ ہاتھ جسے دنیا کا نہ آغاز معلوم ہے نہ انجام، شراب سے نہ کھینچ کہ یہ کہانی طولانی ہے۔

(نول ۶۱۶ میں دوسرا مصرعہ "با یار تو" تیسرے میں "دستے کہ زمانہ را نتاید سروبن" چوتھا مصرعہ "کوتہ مکن از دے" متن مطابق ن ۳۵۵)

(۲۶)

در عالمِ خاک، از کراں تا بہ کراں | چنداں کہ نظر کنند صاحب نظراں
حاصل ز جہانِ بیوفا چیزے نیست | الّا مئے لعل و عارضِ خوش پسراں

اس خاکی دنیا میں، اس سرے سے اُس سرے تک صاحبانِ نظر جس قدر بھی غور کرتے ہیں

نتیجہ یہی نکلتا ہے کہ اس لیے دنیا سے کچھ فائدہ نہیں۔ اور اگر کچھ ہے تو شراب یا قوتی اور حسینوں کے خوبصورت جلووں میں ہے۔

(نول ۶۱۵)

(۲۷)

دی بر لب جوے ما نگاری موزوں
من بودم و ساغر شراب گلگوں
در پیش نہادہ صد نئے کہ گہرش
نوبت زن صبح صادق آید بیروں

کل ہماری نہر کے کنارے ایک موزوں قد معشوق، میں اور گلابی شراب کا جماؤ تھا اور سامنے سینکڑوں بانسریاں تھیں، جن کے زیر و بم سے صبح کا نقارچی اُبھرتا ہے۔

(نول ۶۲۵)

(۲۸)

دی شب ز سر صدق صفائے دل من
در میکدہ آں رُوح فزائے دل من
جامے بمن آورد، کہ بستاں بنوش
گفتم نخورم، گفت: "برائے دل من"

میرے دل کی پاکیزگی و طہارت کی بنا پر کل رات کو میرے دل ربا و روح نواز نے میکدے میں مجھے پیالہ دیتے ہوئے کہا، لو اور پیو۔ میں نے کہا، نہیں پیوں گا۔ اُس نے کہا: "اچھا میری خاطر، میرا دل رکھنے ہی کے لیے سہی پیو تو!

کس قدر غضب کی رباعی اور کس بلا کی شوخی ہے۔ مگر خیام کی رباعی ہرگز نہیں۔

(نول ۶۰۴ آتشکدہ بنام قتالی، خزانۂ عامرہ میں کہ یہ رباعی لطف اللہ نیشاپوری کے ہاتھ میں اس وقت تھی، جب وہ جان دے رہا تھا، کاس الکرام ص ۲۴۶)

(۲۹)

رفتم، کہ دریں منزل بیداد بُدن
در دست نخواہد بجز از باد بُدن
آں را باید بمرگ من شاد بُدن
کز دست اجل تواند آزاد بُدن

بُدن : مخفف بودن

اس دنیا سے اس لیے چلا کہ یہاں کی زندگی سوائے خالی ہاتھ رہنے کے کچھ بھی نہیں۔ میرے مرنے پر تو صرف اُس کو خوش ہونے کا حق ہے، جو موت کے ہاتھ سے آزاد ہو سکتا ہو۔

(نول ندارد ن ندارد ف ۱۴۰)

(۳۰)

رندے دیدم نشستہ بر خنگ زمیں　　نہ کفر نہ اسلام نہ دنیا و نہ دیں
نہ حق نہ حقیقت نہ شریعت نہ یقیں　　اندر دو جہاں، کرا بود زہرۂ ایں ؟

مَیں نے ایک قلندر کو خاک پر بیٹھے دیکھا، جس کا عالم یہ تھا کہ نہ کفر سے غرض تھی نہ اسلام سے نہ دنیا کو جانتا تھا نہ دین کو، نہ حق و حقیقت سے باخبر، نہ شریعت و اعتقادات سے واقف۔ مَیں نے کہا: کائنات میں یہ دل جگر کس کا ہو سکتا ہے ؟ آفریں ہے اس مرد قلندر پر۔

(نول ۶۱۸ ن ۳۵۲ ف ۱۴۱)

(۳۱)

روزیکہ مقدسان خاکی مسکن　　گردند سوار، باز بر مرکبِ تن
چوں لالہ، بخونِ خویش آغشتہ کفن　　از خاک سرِ کوئے تو برخیزم من

جب خاکی مکان و قبر نشین پاکیزہ انسان دوبارہ ان جسموں سمیت اُٹھیں گے (اور وہ پیادے جسم کی سواری پر فروکش ہوں گے، رُوح و بدن کا ربط قائم ہو گا) اُس روز میں بھی تمھارے کوچے کی خاک سے شہیدوں کی طرح لالے کی مانند خونیں کفن اُٹھوں گا۔ سوچو تو سہی کہ میدانِ حشر میں تمھارے شہید تمھارے لیے کیا غضب ڈھائیں گے ؟

(نول ۶۲۴ ن ۳۵۸ ؟)

(۳۲)

زیں گنبدِ گردندہ بدافعالی بیں　　وز جملۂ دوستاں جہاں خالی بیں
تا بتوانی، تو یک نفس خود را باش ؛　　فردا منگر، دمے مطلب حالی بیں

اس چکر کاٹتے آسمان کی حرکتیں اور دل آزاریاں اور ان دوستوں سے جہان کو خالی دیکھو گے لہٰذا جب تک ہو سکے تم اپنے بنو، کل کے بارے میں نہ سوچو۔ تھوڑا سا وقفہ ہے، اسی کو غنیمت سمجھو۔ جس قدر بھی وقت ملے عیش کرو۔

(نول ۶۲۶ ن ۳۵۹)

(۳۳)

شرمت ناید ازیں تباہی کردن　　زیں ترک او امر و نواہی کردن
گیرم کہ سراسر دیں جہاں ملک تو شد　　جز آنکہ رہا کنی، چہ خواہی کردن ؟

تجھے ان بد اعمالیوں سے شرم نہیں آتی۔ احکام چھوڑنے اور ممانعتوں کی مخالفت کرنے میں مزہ آتا ہے۔ مانتا ہوں کہ ساری کائنات تیری ملکیت میں آ گئی، مگر یہ تو کہو اسے چھوڑنے کے علاوہ اور کیا کرو گے؟

بڑی اثر انگیز زاہدانہ رباعی ہے۔

(نول ۵۹۷ ؟)

(۳۴)

صیاد نہ ای حدیث نخچیر مکن　　چیزے کہ نخواندۂ تو تقریر مکن
چوں پیر حقیقت از تو معنے طلبید　　از دیدہ بگیر روایت از پیر مکن

تو شکاری نہیں اس لیے شکار کی باتیں نہ کر۔ جو نہیں پڑھا اُسے نہ سمجھا۔ لیکن مرشد کامل کسی بات کا مطلب پوچھے تو نگاہوں سے روایت کرنا۔ شیخ نے نہیں۔ مشاہدے کے واردات اور شیخ کی کرامات میں فرق ہے۔ مرشد کامل کے سامنے اپنی قلبی کیفیتیں بیان کرنا چاہیئے۔

(نول ۶۱۲)

(۳۵)

قانع بہ یک استخوان چو کرگس بودن　　بہ زانکہ طفیل خوان ناکس بودن
با نانِ جویں خویش حقا کہ بہ است　　کالودہ بپالودۂ ہر خس بودن

گدھ کی طرح تھوڑی سی گلی سڑی چیز پر قناعت دوسرے کے دسترخوان کی حرام روٹی سے بہتر ہے۔ اپنی کمائی کی جَو کی روٹیاں کمینوں کے دسترخوان سے بچی کھچی نعمتوں سے اچھی ہیں۔

(نول، ن ندارد، ت ۱۴۲ ؟)

(۳۶)

قومے متفکر اند اندر رہ دیں　　قومے بگماں فتادہ در راہ یقیں
می ترسم ازاں کہ بانگ آید روزے　　کای بیخبراں راہ نہ آنست و نہ ایں

ایک گروہ دین و مذہب کے بارے میں سوچ رہا ہے۔ ایک اعتقادات میں اپنے خیالات پر سہارا کیے ہوئے ہیں۔ مجھے یہ ڈر ہے کہ کہیں ایک دن یہ ندا نہ آئے کہ "بے خبر نادانو! دونوں راستے غلط ہیں۔

(نول ۵۹۲ ن ۳۶۰ ت ۱۴۳)

(۳۷)

کس نیست دریں گفت و شنو ہمدمِ من | شد نالۂ من ہم نفس و محرمِ من
بے گریہ چو نیست دیدۂ پُرنم من | من سر بہ نہم یا بسر آید غمِ من

میری نکہ و گفتگو میں جب کوئی غم خوار نہ ملا تو آنکھوں کے آنسوؤں نے میری ہمدمی کی۔ اور چونکہ میری آنکھیں ہمیشہ پُرنم و اشک آلود رہتی ہیں اس لیے یا میں نہ رہوں گا یا میرا غم ختم ہو کے رہے گا۔

یہ روز روز کا رونا کچھ کر کے رہے گا۔ (نول ۵۹۰ ؟؟)

(۳۸)

گاویست در آسمان و نامش پروین | یک گاوِ دگر نہفتہ در زیرِ زمین
چشمِ خرَدت باز کُن، از روے یقین | زیر و زبر دو گاو، مشتے خر بین

پروین، ستاروں کا جھمکا۔ ثریّا ستارے، فلکی بُرجوں میں سے اس بُرج کا نام جسے گاو کی شکل کا فرض کیا گیا ہے۔ اور عربی ثور کہلاتا ہے۔ ستارہ ہائے پروین اسی بُرج ثور کا جُز ہیں۔

گاوِ زمین: مشہور ہے کہ پانی میں ایک مچھلی، اس مچھلی کے سینگ پر کرۂ زمین ہے۔ اس افسانے پر پُرانے ادیبوں کی بہت سی نکتہ آفرینیاں مبنی ہیں۔ مثلاً فردوسی کا ایک بہت عمدہ شعر ہے۔

فرو شد بہ ماہی و بر شد بماہ | بن نیزہ و قبۂ بارگاہ

مطلب یہ ہے کہ ایک آسمان پر گائے ہے، جس کا نام پروین ہے۔ دوسری گائے زمین کے نیچے ہے۔ اب اگر عقل کی آنکھیں کھول کر دیکھو تو ان دو بیلوں کے بیچ میں گدھے ہی گدھے نظر آئیں گے۔ جو اپنے تئیں بڑا صاحبِ عقل جانتے ہیں۔

(نول ۶۰۲ ن ۳۶۱ ف ۱۴۴)

(۳۹)

گر بر فلکم دست بُدے چوں یزداں | بر داشتمے من ایں فلک را ز میاں
وز نو فلکے دگر چناں ساختمے | کازادہ بہ کامِ دل رسیدے آساں

اگر خدا کی طرح آسمان میرے قبضے میں ہوتا تو میں یہ آسمان یہاں سے ہٹا کر ایسا ہی ایک اور ایسا آسمان بناتا جس کے سائے میں دلی تمناؤں کی رسائی آسان ہوتی —— چہ حسن فطرتی و

چہ نکتہ لطیفے۔

(نول ۵۹۵ ن ۳۶۲ ت ۱۴۵)

(۴۰)

گویند مرا کہ مے بخور کمتر ازیں ... آخر بچہ عذر بر نداری سر ازیں
عذرم رُخ یار و بادۂ صبحدم است ... انصاف بدہ چہ عذر روشن تر ازیں

مجھ سے کہا جاتا ہے کہ شراب ذرا کم پیا کرو۔ آخر کس بنا پر اس قدر توجہ میں کمی نہیں کرتے؟ میرا عذر جلوۂ جانانہ اور شراب صبح ہے۔ انصاف سے بتائیں کہ اس سے زیادہ واضح عذر کیا ہو سکتا ہے؟

(نول ۵۹۴ ن ۳۶۳ ؟؟)

(۴۱)

مسکین دلِ دردمند و دیوانۂ من ... ہشیار نہ شد ز عشق جانانۂ من
روزے کہ شرابِ عاشقی می دادند ... در خونِ جگر زدند پیمانۂ من

میرا مسکین و دردمند و دیوانہ دل ابھی تک عشق جانانہ سے ہوشیار نہ ہوا۔ بات یہ ہے کہ جس دن شراب عاشقی تقسیم ہو رہی تھی، اُس دن میرے پیمانے میں خون جگر بھر دیا گیا تھا چنانچہ وہی پی رہا ہوں اور اسی کے نشے میں مست ہوں۔

(نول ۵۹۱ ن ۳۶۴ ؟؟)

(۴۲)

مشنو، سخن از زمانہ ساز آمدگاں ... مے خواہ مُروّق بطراز آمدگاں
رفتند یگاں یگاں فراز آمدگاں ... کس می ندہد نشان ز باز آمدگاں

زمانہ ساز عیاروں کی بات نہ سُنو، صاف چھنی ہوئی شراب حسینوں سے لو اور پیو۔ نام آور اُبھرنے والے ایک ایک کر کے چلے گئے۔ جو وہاں سے آ رہے ہیں۔ وہ ان جانے والوں کی خبر نہیں دیتے۔

(نول ۶۰۱ ت ۱۴۶ ؟؟ دیکھیے ردیف ہ رباعی ۳۴)

(۴۳)

مَے خوردن و گردِ نیکواں گردیدن   بہ زانکہ بزرق زاہدی ورزیدن
گر عاشق و مست دوزخی خواہد بود   پس روئے بہشت کس نخواہد دیدن

شراب نوشی و نظر بازی مکارانہ زہد سے بہتر ہے۔ اگر عاشق و میخوار جہنمی ہیں تو پھر یقین مانو کہ جنّت کی صورت ایک بھی نہ دیکھ سکے گا۔ یعنی میخوار و عاشق گناہگار تو ضرور ہیں، مگر موحد و مومن تو ہیں یہ زاہد تو ریاکاری کی وجہ سے مشرک ہیں اور قرآن میں کہ" اِنَّ اللّٰہ لَا یغفران یشرک بہ و یغفر مادون ذالک۔ اللہ اپنی عبادت میں شریک بنانے والے شخص کے علاوہ ہر ایک کو بخش دے گا۔ پھر جب ہم جنّت نہ جا سکے تو بہشت خالی ہی رہے گا۔

(نول ۶۰۹ ن ۳۶۵ ف ۱۴۷)

(۴۴)

نتواں دلِ شاد را بہ غم فرسودن   وقت خوش خود بہ سنگ محنت سودن
کس عیب چہ داند کہ چہ خواہد بودن   مَے باید و معشوق و بکام آسودن

ہنستے دل کو رُلانا اچھا نہیں۔ خوشی کے لمحوں کو غم کے پتھروں سے ٹکرانا بُرا ہے۔ کسی کو کیا معلوم کہ عنیب (قیامت) میں کیا ہو گا۔ لہٰذا شراب و معشوق سے دل کی تمنّائیں پوری کر کے آرام سے سو رہنا چاہیئے۔

عاقبت کی خبر خدا جانے۔

(نول ۵۸۹ ن ۳۶۶ تح ص ۲۸۱)

(۴۵)

نیک است بنام نیک مشہور شدن   عار است زجور چرخ رنجور شدن
مخمور بہ بوئے آب انگور شدن   بہ زانکہ بزہدِ خویش مغرور شدن

نیک نامی کی شہرت اچھی ہے، مگر آسمان کے ستم سے تباہ حالی بُری ہے۔ آبِ انگور و شراب کی خوشبو سے مست ہونا، اپنے زہد پر مغرور ہونے سے بہتر ہے۔

زاہدوں کو نشۂ تکبّر مبارک، ہم اسی شراب سے مست رہیں گے۔ غرور سے ہماری مستی بھلی۔

(نول ۵۸۷ ن ۳۶۷ تح ص ۲۹۵)

(۴۶)

ہر روز ز گردشِ تو اے چرخ کہن — نخلِ طربم بر کند از بیخ و ز بُن
دین طرفہ کہ نا اہل نوازد وانگہ — کس نیست کہ گویدش ننگ است مکن

اے چرخ کہن سال ہر روز تیری گردشوں سے میری مسرتوں کے نہال بیخ و بُن سے گرتے رہتے ہیں۔ لیکن کس قدر تعجب ہے کہ ایک شخص بھی تجھ سے نہیں کہتا کہ آسمان یہ تیری بڑی زیادتی ہے۔ ایسا نہ کر۔ اے خالق آسمان فریاد !

(نول ۴ ۵۸ ؟؟؟)

(۴۷)

یارب بدلِ اسیرِ من رحمت کُن — بر سینۂ غم پذیرِ من رحمت کُن
بر پاے خرابات رودِ من بخشاے — بر دست پیالہ گیرِ من رحمت کُن

الٰہی ! اس غم کے قیدی دل پر رحم فرما۔ اس غم انگیز سینے پر کرم فرما۔ میرے ان قدموں کا گناہ بخش دے جو میخانے کی طرف بڑھتے ہیں۔ اُس ہاتھ پر عذاب نہ کر جو جام اُٹھاتے ہیں۔

(نول ۵۸۸ ، مبارک ۵۷۰ میں " بر سینۂ غم پذیر اور" بر جان و دل اسیر" ہے۔ آت دلیفہ ۱۸۷ ؟؟)

(۴۸)

یارب ! ز قبول واز رَدم، باز رہان — مشغولِ خودم کُن، ز خودم باز رہان
تا ہشیارم ز نیک و بد میدانم — مستم کُن واز نیک و بدم باز رہان

خدایا ! مجھے دنیا کے رد و قبول، عروج و زوال سے آزاد فرما۔ مجھے اپنی طرف موڑ کر خودی سے غافل کر دے۔ معبود جب تک مجھے اپنا ہوش ہے، نیکی و بدی سے باخبر، رنج و غم سے دوچار ہوں تو مجھے مست کر کے اچھائی بُرائی سے غافل کر دے۔ تیرے علاوہ سب کچھ بھول جاؤں۔

(نول ۴ ۶۱ ؟؟؟)

و

(۱)

آں قصر کہ بر چرخ ہمی زد پہلو بر درگہ او شہاں نہا دندی رو
دیدیم کہ بر کنگرہ اش فاختۂ بنشستہ ہمی گفت کہ کو، کو، کو

وہ محل جو آسمان سے ٹکر کھاتا تھا، جس کی ڈیوڑھی پر شہنشاہانِ عالم سر جھکاتے تھے۔ اس کی منڈیر پر ایک فاختہ حیرانی سے کہہ رہی تھی۔ یہاں کے رہنے والے کہاں گئے؟ یہاں کے حشم و خدم کہاں گئے؟ یہاں کے گلبدن کہاں ہیں؟ کو؟ کو؟ کو؟ یہاں کون رہتا ہے؟

(نول ۶۲۰ ن ۳۶۸ ف ۱۴۹ تح ۳۹۵ مجھے اس انتساب میں شک ہے)

(۲)

از آمدن و رفتنِ ما سودے کو؟ وز تارِ اُمید عمر ما پودے کو؟
چندیں سرو پاے نازنینانِ جہاں می سوزد و خاک میشود دودے کو؟

یہاں ہمارے آنے جانے سے کیا حاصل؟ ہماری اُمیدوں کا نہ تار ملتا ہے، نہ پود۔ اس دنیا میں خدا جانے کتنے حسینوں کے سراپا جلتے اور خاک ہوتے ہیں۔ مگر ان کا دھواں اور غبار بھی نظر نہیں آتا۔

(۶۲۱ ن ۳۷۰ ف ۱۵۰ تح ص ۲۹۷ دلیند ۱۹۴)

(۳)

از تن چو برفت جانِ پاک من و تو خشتے دو نہند بر مغاک من و تو
وانگاہ برائے خشت گورِ دگراں در کالبدے کشند خاک من و تو

جسم میں جب روح لطیف نہ رہے گی تو ہم ہوں یا تم، قبر کی دو چار اینٹوں تلے دبا دیے جائیں گے۔ پھر دوسروں کی قبر پر رکھنے کے لیے ہماری تمھاری خاک بدن سے اینٹیں تیار کی جائیں گی۔

یہ خاک کا ڈھیر یونہی چکر کھاتا رہے گا۔ بقول فروغی مرحوم "ایں نکتہ سنجی را آیا ہیچ می تواں قیمت کرد"؟

(نول ۶۴۰ ن ۳۶۸ ف ۱۵۱ تح ص ۳۹۵)

(۴)

اے آبِ حیات مضمر اندر لبِ تو | مگزار کہ بوسہ لبِ تو ساغرِ لبِ تو
گر خون صراحی نخورم مرد نیم | او خود کہ بود لب بہ نہد بر لبِ تو

میرے پیارے تمھارے لبوں میں آبِ حیات ہے۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ ساغر اپنے منہ سے تمھارے لبوں کو چھو لے۔ اگر خون صراحی نہ پیا تو مرد نہیں۔ بھلا اس کی یہ مجال کہ تمھارے لبوں پر اپنا لب رکھے۔ (نول ۶۲۹ ن ندارد ؟؟؟)

(۵)

اے آنکہ پدید گشتم از قدرتِ تو | پروردہ شدم بناز و ز نعمتِ تو
صد سال بامتحاں، گنہ خواہم کرد | یا جرمِ منست بیش یا رحمتِ تو

اے وہ جس کی قدرت کی وجہ سے پیدا اور جس کی نعمتوں میں پرورش پائی۔ اب صدیوں اس تجربے میں گناہ کروں گا کہ میرے گناہ زیادہ ہیں یا تیری رحمت، جس نے بلا استحقاق ہست سے نیست کیا ہے۔ یقین ہے کہ وہی گناہ بھی بخش دے گا۔

(نول ۶۳۵ ن ۳۶۹ آت، دلبستہ ۱۹۵ ؟)

(۶)

اے رفتہ بہ چوگانِ قضا ہمچو گو | چپ میخور و راست می رود، ہیچ مگو
کانکس کہ ترا فگند اندر تگ و پو | او داند، واو داند، واو داند، واو

اے قضا کے قدموں (چوگان: بلا) میں گیند کی طرح ٹھوکریں کھانے والے۔ دائیں بائیں اسی طرح چوٹیں کھائے اور لب نہ ہلا، کیونکہ جس نے تجھے ٹھوکروں میں ڈالا (اور گھوڑوں کی دوڑیں پھینکا) ہے، ٹھوکروں کا سبب اسی کو معلوم ہے۔ یہ بلائیں کیوں آتی ہیں؟ یہ پریشانیاں کیا ہیں؟ ایسے سوالات ہیں، جن سے باخبر ہونے کا تجھے حق ہی نہیں۔

(نول ۶۳۶ ن ۳۷۳ آت ؟؟؟)

(۷)

اے دل! ز غم جہاں کہ گفتت خون شو | یا ساکنِ عشوہ خانۂ گردوں شو
دانی چہ کنی چو نیست سامانِ مقام | انگار، درون نیامدی بیرون شو

اے دل! تجھ سے کس نے کہا کہ غم دنیا میں خون ہو یا آسمان کے ناز و انداز اٹھا اور عشوہ خانہ

فلک میں جارہ؟ جب یہ دنیا جائے قیام نہیں تو پھر جو کچھ تو کر رہا ہے اس کا مقصد کیا ہے؟
یہاں تو یہ فرض کر لے جیسے آئے بغیر چلا گیا۔ ترک دنیا کر — کوئی صاحب طامات و کرامات ہے۔
(نول ۴۴، ۶۴ ن ۳۷۴ ؟؟)

(۸)

اے زندگی تن و توانم ہمہ تو جانی و دلی اے دل و جانم ہمہ تو
تو ہستی من شدی ازانم ہمہ تو من نیست شدم در تو ازانم ہمہ تو

تو میری زندگی و تاب و تواں ہے۔ تو میرا دل میری جان ہے۔ تو میری ہستی و وجود ہے
اس لیے میں خود فنا ہو گیا۔ اب تو ہی میں ہو چکا۔ لہٰذا یہ کہنا کہ تو میرا ہے۔ غلط نہیں۔
(نول ۶۴۳ ؟؟؟)

(۹)

اے ماندہ بتزویر فریبندہ گرو وز بہر دو روزہ عمر خود در تگ و دو
گفتی: کہ پس از مرگ کجا خواہم رفت؟ مے پیش من آر و ہر کجا خواہی رو

اے پُرفریب مکاریوں میں گرفتار! اور اے روزِ زندگی کے لیے دوڑ دھوپ کرنے والے
انسان! یہ پوچھتا ہے کہ مرنے کے بعد کہاں جاؤں گا؟ ارے شراب پلا پھر جہاں جی میں آئے
وہاں نکل جا۔
(منحصر بہ آتشکدہ)

(۱۰)

مے خور کہ فلک بہر ہلاکِ من و تو قصدے دارد بجانِ پاکِ من و تو
در سبزہ نشین و می روشن مے خور کیں سبزہ بسے دمد ز خاکِ من و تو

شراب پیو کہ آسمان ہمیں تمھیں مارنے کے لیے ہماری پاک جانوں کے پیچھے پڑا ہے۔
چمن میں بیٹھ کر سرخ انگارا آگ جیسی شراب پی کہ یہ ہریالی ہماری تمھاری قبروں پر بہت اُگے گی۔
اس لیے اس چمن سے پورا لطف اُٹھا لو۔ پیو اور پلاؤ۔
(نول ۶۳۷ "ایں چرخ فلک" ن ۳۷۲ ف ۱۵۲ تح ص ۲۶۹ دلیتہ ۱۹۶)

(۱۱)

بردار پیالہ و سبوئے دل جو
برگیر، بہ گردِ سبزہ زار ولبِ جو
کیں چرخ بسے قدِ بتانِ مہ رُو
صد بار، پیالہ کرد، و صد بار سبُو

اے دلبر! جام و صراحی اُٹھا، اور کسی چمن و نہر کے کنارے ان کا دَور چلے۔ کیونکہ یہ آسمان بہت سے مہ رُو بتوں کے جسموں سے سو مرتبہ پیالہ بنائے گا اور سو مرتبہ صراحی تیار کرے گا۔ کس قدر بد قسمتی ہوگی کہ ہماری خاک سے بنی ہوئی صراحیوں سے دوسرے پییں اور ہم صراحی و پیالے سے محروم رہیں۔

(نول ۶۲۸ ن ۳۷۵)

(۱۲)

چوں بادہ خوری، ز عقل بیگانہ مشو
مدہوش مباش و جہل را خانہ مشو
خواہی کہ مئے لعل حلالت باشد
آزار کسے مجوے، و دیوانہ مشو

شراب نوشی کے آداب یہ ہیں کہ جب پیو تو عقل سے بیگانہ اور مدہوش جہالت کا مرکز نہ ہو۔ اگر یہ چاہتے ہو کہ شراب پینا تمھارے لیے مباح ہو۔ تو کسی کو نہ ستاؤ اور پاگل بننے کی حد تک نہ پیو۔

(نول ۶۳۲ ن ۳۷۶ ؟؟)

(۱۳)

چوں رفت ز جسم جوہرِ روشنِ تو
با جنس دگر گزیں کند مسکنِ تو
آیند و روند ہیچ کس نشناسد
تا زیرِ زمیں چہ میرود بر تنِ تو

جب یہ نورانی جوہر (نفس و روح) تیرے جسم سے نکل کر اس جنس کے علاوہ کہیں اور مرکز بنائے گا، اُس وقت آنے جانے والوں کو خبر نہ ہوگی کہ قبر میں تیرے جسم پر کیا گزرتی ہے؟

(نول ۶۳۹ ن ندارد ؟؟؟)

(۱۴)

در دیدۂ تنگ مور، نور است از تو
در پائے ضعیف پشّہ زور است از تو
ذات تو سزا است مر خداوندی را
ہر وصف کہ ناسزا است، دور است از تو

چیونٹی کی غیر محسوس آنکھوں میں تیرے کرم سے روشنی اور مچھر سی نازک مخلوق میں تیرا زور ہے۔ تو ہی خداوندی کے لائق ہے۔ کیونکہ ہر عیب تیری ذات سے دُور ہے۔ (نول ۶۳۳ ؟؟؟)

(۱۵)

روزیکہ بود وقت ہلاکِ من و تو — از تن برود روان پاک من و تو
از بسکہ نباشیم دریں چرخ کبود — مہ در تابد بر سر خاک من و تو

جس دن ہمارے تمھارے مرنے کا وقت آئے گا اور ہماری تمھاری یہ لطیف روحیں جسم سے نکل جائیں گی۔ اس دن اگرچہ ہم اس چرخ نیلگوں تلے نہ ہوں گے۔ مگر یہ چاند ہماری قبروں پر یونہی چمکتا رہے گا۔ نظام عالم کی جاودانی میں ہمارے ہونے نہ ہونے کوئی فرق نہ آئے گا۔ (نول ۶۳۴ ؟؟؟)

(۱۶)

سرّ از ہمہ ناکساں نہاں داری تو — راز از ہمہ ابلہاں نہاں داری تو
بنگر کہ میان مرداں کار تو چیست — چشم از ہمہ مرداں نہاں داری تو

اے معبود! تو اپنے راز ہر ایک سے چھپاتا، ہر نادان سے مخفی رکھتا ہے۔ مگر گستاخی معاف جب نگاہوں سے نہاں ہے، تو پھر ہونے کا مقصد کیا ہے؟

(نول ندارد، مبارک ملی ۶۳۴)

(۱۷)

گر باخردی تو حرص را بندہ مشو — در پائے طمع خوار و سرافگندہ مشو
چوں آتش تیز باش چوں آب رواں — چوں خاک بھر باد، پراگندہ مشو

اگر صاحب عقل ہو تو لالچ کا بندہ نہ بن، حرص کے قدموں پر ذلیل ہو کر سر نہ جھکا۔ آگ کی طرح تیز اور پانی کی طرح رواں تو رہ، مگر مٹی کی طرح ہوا سے پراگندہ و پریشان نہ ہو۔

(نول ۶۴۱ آتشکدہ)

(۱۸)

مائیم خریدار مئے کہنہ و نو — وانگاہ فروشندہ جنّت بہ دو جَو
دانی کہ پس از مرگ کجا خواہی رفت — مے پیش من آر و ہر کجا خواہی رَو

ہم تو شراب کے خریدار ہیں، نئی ہو یا پُرانی اور شراب پی کر جنّت بھی دو جَو کے عوض بیچنے والے ہیں۔ یہ تم سوچو کہ کہاں جانا ہے، مجھے تو شراب دو پھر جہاں دل چاہے جاؤ — خیال ہوتا ہے کہ رباعی نمبر ۸ کی ایک روایت یہ رباعی بھی ہے۔

(نول ۶۳۸ ن ۳۷۷ ؟؟؟)

(۱۹)

ناکردہ گناہ در جہاں کیست بگو؟ آنکس کہ گنہ نکرد، چوں زیست بگو؟
من بد کنم، تو بد مکافات دہی پس فرق میانِ من و تو چیست بگو؟

دنیا میں بے گناہ کون ہے؟ اور جس نے گناہ نہیں کیا وہ یہاں زندہ کیسے رہا؟ معبود! میں گناہ کروں اور تُو اس کی ویسی ہی سزا دے، تو بتا کہ مجھ میں اور تجھ میں کیا فرق ہُوا!

(نول ۶۴۲ ن ۳۷۸، آتشکدہ، لیکن بقول فروغی خیّام کی رباعی نہیں)

(۲۰)

یاقوت لبے لعل بدخشانی کو؟ واں راحتِ رُوح و راح ریحانی کو؟
مے گرچہ حرام در مسلمانی شد تو مے خور و غم مخور مُسلمانی کو!

وہ حوریں جن کے لب یاقوت اور جس کا سراپا لعل، وہ شراب طہور و راحت رُوح کہاں ہے؟ ہاں اسلام میں شراب حرام ہے، مگر تم پیو کہ اسلام ہے کہاں؟

(نول ۶۳۱ ن ۳۷۹ آتشکدہ ؟؟؟)

ہ

(۱)

از آتش و باد و آب و خاکیم ہمہ در عالمِ کون در ہلاکیم ہمہ
تا تن با ماست، در جفائیم ہمہ چوں تن برود، رواں پاکیم ہمہ

ہم سب عناصر اربعہ کا مجموعہ ہیں اور اس عالمِ کون و فساد میں ہم سب کو فنا ہونا ہے۔ جب تک یہ جسم ہمارے ساتھ ہے، اُس وقت جفاؤں میں ہیں۔ جب یہ ٹوٹے گا تو ہم روح پاک ہی ہوجائیں گے۔ یہ سب زندگی کے جھگڑے ہیں۔ بڑی حکیمانہ رباعی ہے۔ (نول ۶۸۰)

(۲)

از درسِ علوم جملہ بگریزی بہ واندر سرِ زلفِ دلبر آویزی بہ
زاں پیش کہ روزگار خونت ریزد تو خونِ قرابہ، در قدح ریزی بہ

مشورہ یہ ہے کہ ہر قسم کے علوم سے دور رہو۔ دلبروں کی زلفوں پر جان دو۔ دنیا کے فنا کرنے اور تمھارا خون بہانے سے صراحی کی سرخ شراب پیالے میں انڈیلو یہی بہتر ہے۔ (نول ۶۷۲ تح ص ۲۷۴)

(۳)

از ہر چہ بجز مے است کوتاہی بہ	مے ہم ز کفِ بتانِ خرگاہی بہ
مستی و قلندری و گمراہی بہ	یک جرعۂ مے ز ماہ تا ماہی بہ

شراب کے علاوہ ہر چیز سے دست کشی اچھی، خرگاہ نشین حسینوں کے ہاتھ سے پیالے لینا بہتر ہے۔ مستی، قلندری اور گمراہی کا کیا کہنا۔ ایک جرعۂ شراب دُنیائے ماہ و ماہی سے بہتر ہے۔ حاصل دنیا ایک جرعۂ مے ہے اور بس۔

(نول ۴، ۷، ف ۱۵۳ تج مں ۲۶۴ پر یوں ہے:

از ہر چہ نہ خرمی ست کوتاہی بہ	مے ہم ز کفِ بُتاں خرگاہی بہ
مستی و قلندری و گمراہی بہ	یک جُرعہ مے ز ماہ تا ماہی بہ)

(۴)

اندیشۂ عمر، بیش از شصت مَنِہ	ہر جا کہ قدم نہی بجز مست مَنِہ
زاں پیش کہ کاسۂ سرت کوزہ کنند	رو کوزہ فروش و کاسہ از دست مَنِہ

ساٹھ برس سے زیادہ زندگی کا اندازہ نہ لگاؤ، پھر جہاں بھی جاؤ مست و دیوانہ وار جاؤ۔ اپنے کاسۂ سر کے کوزہ بننے سے پیشتر کوزہ فروشی کرو اور پیالہ ہاتھ سے نہ رکھو۔

(نول ۶۴۹ ن ۳۸۰)

(۵)

اے بے خبر از کارِ جہاں ہیچ نہٗ	بنیاد بہ باد است ازاں ہیچ نہٗ
شد حدِّ وجود درمیان دو عدم	اطراف بود تو درمیاں ہیچ نہٗ

اے بے خبر و ناداں! دنیا کچھ نہیں، چونکہ سارے وجود کی بنیاد ہوا پر قائم ہے۔ اس لیے یہاں جو کچھ ہے بے حقیقت ہے۔ وجود کی حدیں دو عدموں اور فناؤں میں گھری ہوئی ہیں۔ اس لیے وجود دو سمتیں اور دو طرف ہو سکتے ہیں، خود اس کی حقیقت کچھ بھی نہیں (موجوداتِ عالم کو ممکن الوجود ہونے کی وجہ ممکنات کہتے ہیں، اور ممکن وہ موجود ہے، جو پہلے نہ تھا، اب ہے پھر آئندہ نہ رہے گا — گویا دو عدموں کے بیچ میں گھری ہوئی چیز کا وجود بھی کوئی وجود ہے؟

(نول ۹۵۸ ؟؟؟)

(۶)

اے در رہِ بندگیت یکساں کہ و مہ
در ہر دو جہان خدمت درگاہ تو بہ
نکبت تو ستانی و سعادت تو دہی
یارب تو بہ فضلِ خویش بستان و بدہ

اے وہ خالق جس کی راہ بندگی میں چھوٹے بڑے سب برابر، تیری درگاہ کی خدمت گزاری دو جہاں سے بہتر، تُو بدقسمتی دُور کرتا ہے، تو سعادتیں دیتا ہے۔ یارب! تو ہی اپنے کرم سے (بدقسمتی و تکلیف) لے، اور (خوش نصیبی) عطا فرما۔

(نول ۶۹، ۶ ؟؟؟)

(۷)

اے رفتہ و باز آمدہ "بل ہم" گشتہ
نامت ز میان مرداں گم گشتہ
ناخن ہمہ جمع آمدہ سُم گشتہ
ریشت ز عقب کون در آمدہ دُم گشتہ

گدھے کو دیکھ کر زاہد پر پھبتی کسی گئی ہے۔ کہ دنیا سے جاکر پھر واپس تو آئے۔ مگر گمراہ ترین و بدترین شکل میں۔ کہ انسانوں کی فہرست میں نام بھی نہ رہا۔ ناخن یک جا ہو کر سُم اور داڑھی پیچھے سے نکل کر دُم بن گئی۔

کہا گیا ہے کہ یہ مسئلہ تناسخ ہے۔ لہٰذا خیام کافر ہے۔ مستشرقین بیچارے فارسی لُغت اُلٹتے رہے، انھیں "بَل ھُم" کوئی لفظ نہ ملا تو زمین و آسمان کے قلابے ملانے لگے حالانکہ اس کا پس منظر ایک تو ادبی طور پر صرف طنز ہے۔ دوسرے تاریخی بات یہ ہے کہ بقول عبدالقادر بدایونی اکبر کے عہد میں (میں سمجھتا ہوں کہ ہر دَور میں جیسا کہ ابونواس وغیرہ کے حالات میں ہے۔ دیکھیے میری کتاب احوال مشاہیر شعرائے عرب) دستور تھا کہ روز نئے نئے مسائل چھیڑنے اور عجیب و غریب عقائد پر بحثیں کرتے۔ پھر ان خیالات و عقائد کے لیے سابقین کی رائیں اور متقدمین کے اقوال و اشعار پیش کر کے یہ سند دی جاتی تھی کہ فلاں حجۃ الحق اور فلاں امام اعظم کا یہ ارشاد ہے۔

رہا "بَل ھُم" تو وہ آیت کا ایک ٹکڑا ہے "اُولٰئِکَ کالانعام بل ھم اضل سبیلا" بیچارے نیم ادیب راہ و رسمِ منزل کو کیا جانیں۔

(نول ۷۰، رباعی خیّام کی نہیں)

(۸)

اے من در میخانہ بہ سلیت رفتہ ترک بد و نیک ہر دو عالم گفتہ
گر ہر دو جہاں چو گوے افتند بگوئے بر من بجوے چو مست باشم خفتہ

سلب: نفی۔ لوگوں نے سلت شیل بمعنے مونچھ پڑھ کر عجیب و غریب معنے لکھے ہیں۔
میں، کہ میخانہ میں نفی ماسوا کے لیے گیا۔ دو جہاں کے اچھے برے سے بے تعلق ہوا۔
جب میں مست ہوں تو اگر دو جہاں گیند کی طرح زیر قدم ہوں تو بیکار، فرصت کار و بار شوق کسے!

(نول ۶۵۶ ؟!!)

(۹)

ایں چرخ، چو طاسے ست نگوں افتادہ درو ے ہمہ زیرکاں زبوں افتادہ
در دوستی شیشہ و ساغر نگرید لب بر لب و در میان خوں افتادہ

آسمان اس اُلٹے طشت کی طرح ہے۔ جس میں تمام عقلمند حقیر و خوار ہیں۔ صراحی و پیالے
کی دوستی دیکھو کہ لبوں پر لب ہوتے ہوئے دل خون ہوتے ہیں۔

(نول ۶۵۹ ن ۳۸۱ تح م ۲۷۳ ؟؟!؟)

(۱۰)

اے نیک نہ کردہ و بد ہا کردہ آنگاہ بلطف حق تولا کردہ
بر عفو مکن تکیہ کہ ہرگز نبود نا کردہ چو کردہ، کردہ چوں ناکردہ

تولا: محبت، اعتماد مراد ہے۔
نیکی کیے بغیر برائیاں کرنے والے، رحمت خدا پر بھروسہ کرنے کے بعد اس کی عفو و
بخشش پر اعتبار نہ کرو۔ کیونکہ جو تمھیں نہ کرنا تھا وہ کر چکے اور جو کرنا تھا وہ کیا نہیں، تو اب فائدہ کیا۔
(نول ۶۷۸ بنام ابو الخیر ہے۔ نیز کاس الکرام ص ۲۰۵ نیز رباعی مابعد مائیم بلطف
حق الخ دیکھیے رباعی ۳۳)

(۱۱)

اے یار ز روزگار باش آسودہ و اندوہ زمانہ کم خور از بیہودہ
چوں کسوت عمر بر تنت چاک شود چہ کردہ و چہ گفتہ و چہ نابودہ

دوستو! زمانے کی فکر دل سے بے خبر رہ، غم روزگار کی بیکار غمخواری فضول ہے۔ عمر کا

جامہ جب بھی جسم پر چاک ہو تو یہ سوچنا کہ کیا کیا؟ کیا کہا؟ کیا وجود! کیا عدم! یہ راز توجوانی میں جب حل نہ ہوئے تو مرتے دم غور کرنے سے کیا فائدہ؟

(نول ٤٧، ۶۴ ؟؟!)

(١٢)

بنگر ز صبا دامن گل چاک شدہ — بلبل ز جمال گل طربناک شدہ
در سایۂ گل نشیں کہ بسیار این گل — در خاک فرو ریزد و ما خاک شدہ

دیکھو، دیکھو باد صبا نے پھولوں کے دامن چاک کر دیے۔ بلبلیں بہار کے حسن سے مست ہو رہی ہیں۔ تم بھی آؤ اور بہار و گل کے سائے میں بیٹھو۔ کہ یہ پھول یونہی خاک پر گریں گے اور ہم زیر خاک ہوں گے۔ نظامی نے لکھا ہے:

"۵۰۶ھ میں بلخ کے "کوچہ بردہ فروشاں" میں امیر ابو سعید جرّہ کے مکان میں خواجہ امام عمر خیامی اور خواجہ امام مظفر اسفزاری آئے ہوئے تھے۔ ایک روز میں بھی حاضر خدمت تھا۔ اثنائے گفتگو حجۃ الحق عمر نے فرمایا:۔

"گور من در موضعے باشد کہ ہر بہارے شمال بر من گل افشاں می کند۔"

میں یہ سن کر حیران ہو گیا۔ مگر جانتا تھا کہ خیّام جیسا بزرگ ایسی مہمل باتیں نہیں کر سکتا، لیکن ۵۳۰ھ میں جب نیشاپور گیا تو معلوم ہوا خواجہ انتقال فرما چکے ہیں۔

جمعہ کے دن کسی کو ساتھ لیا کہ قبر پر فاتحہ پڑھ آؤں۔ وہ شخص قبرستان حیرہ پہنچا۔ وہاں جا کر "در پائیں دیوار باغے خاک او دیدم نہادہ درختان امرود و زردآلو سر از آں باغ بیروں کردہ و چنداں برگ شگوفہ بر خاک او ریختہ بود کہ خاک او در زیر گل پنہاں شدہ بود۔"

مجھے یہ دیکھ کر بلخ کی گفتگو یاد آئی اور آنکھوں سے آنسو رواں ہو گئے۔ شاید یہ رباعی اسی تحت الشعوری علم کا نتیجہ ہو۔

(نول ٤٧٣ ل ۲۸۲ ف ۱۵۴، غالباً یہ رباعی خیّام ہی کی ہے۔)

(١٣)

پیرے دیدم بخواب مستی خفتہ — وز گرد شعور خانۂ تن رفتہ
مے خوردہ و مست خفتہ و آشفتہ — "اللہ لطیفٌ بعبادہ" گفتہ

ایک پیر مرد کو مستی میں غافل دیکھا، کہ جسم کے گھر کو ہوش و شعور کی گرد سے صاف کر چکا تھا

شراب پیے نشے میں پریشان حال، قرآن کی یہ آیت پڑھ رہا تھا کہ "اَللّٰہُ لَطِیفٌ بِعِبَادِہٖ"
خدا اپنے بندوں پر مہربان ہے۔

(نول ۲۶۲ ؟!؟)

(۱۴)

تا چند ز مسجد و نماز و روزہ
در میکدہ ہا مست شو از دریوزہ
خیام بخور بادہ کہ ایں خاک ترا
گہ جام کنند گہ سبو، گہ کوزہ

یہ مسجدوں میں نماز و روزہ کب تک، میکدے میں بھیک مانگ کر پی اور مست رہ خیام
شراب پی کہ تیری خاک سے کبھی جام بنے گا، کبھی سبو، کبھی کوزہ۔

(نول ۲۷۶ جن لوگوں نے تخلص کو دیکھ کر رباعی کو مستند مانا ہے۔ اُن کے نزدیک یہ رباعی
خیام کی ہے۔ مگر ایرانی محققین کو اختلاف ہے)

(۱۵)

تا کے غم آں خورم کہ دارم یا نہ
ویں عمر بخوشدلی گزارم یا نہ
پر کن قدح بادہ کہ معلوم نیست
کایں دم کہ فرو برم برآرم یا نہ

یہ غم کب تک کھاؤں کہ ہے یا نہیں! یہ دن خوشیوں میں گزاروں کہ نہیں، ساقی اُٹھ
اور شراب کا پیالہ لبریز کر۔ کیا معلوم کہ یہ سانس نکل کر واپس آئے گی یا نہیں!

(نول بدارد ۱۵۵)

(۱۶)

تن در غم روزگار بیداد مدہ
ما را ز غم گزشتگاں یاد مدہ
دل جز بسر زلف پری زاد مدہ
بے بادہ مباش و عمر بر باد مدہ

بیداد روزگار نہ اُٹھا، ہمیں بھی گزرے ہوؤں کی یاد نہ دلا۔ پری زادوں سے محبت
کرو اور شراب کے بغیر ایک دم نہ بیٹھو۔

(نول ۶۴۵ ن ۳۸۵ ؟؟)

(۱۷)

جانا، بکدام دست بہ خاستۂ
کز طلعت خویش ماہ را کاستۂ
خوباں جہاں بہ عید رو آرایند
تو عید بروے خویش آراستۂ

میری جان، کس ساعت پیدا ہوئے ہو کہ اپنے جلوے سے چاند کو شرمندہ کر رکھا ہے حسینانِ جہاں عید کے دن آراستہ ہوتے ہیں۔ تم نے اپنے جلوے سے عید کو زینت دی۔

(نول ۶۶۰ ؟)

(۱۸)

جانیست دریں راہ خطرناک شدہ
تن زیر زمین زنیک و بد پاک شدہ
بس رہ گزرے کہ بگذرد بر من و تو
ما بے خبر از دو جہاں خاک شدہ

یہ جان اس دنیا کے خطروں میں گرفتار ہے۔ مگر جسم زمین میں جا کر ہر اچھی بُری بات سے بے خبر ہوگا۔ بہت سی راہیں ہماری تمھاری قبروں سے ہو کر گزریں گی اور ہم خاک تلے دو جہاں سے بے خبر ہوں گے۔

(نول ۶۷۷ ؟؟)

(۱۹)

چند از پے حرص و زتن فرسودہ
اے دوست دوی گرد جہاں بیہودہ
رفتند و روند ہر چہ آیند و روند
یک دم بمرادِ خویشتن نابودہ

حرص و ہوس میں زحمت کشی کب تک اور بیہودہ و بیکار دنیا بھر میں کب تک پھرتا رہے گا۔ لوگ جا چکے اور بھی جائیں گے، پھر آنے والے آئیں گے اور واپس ہوں گے اور ایک لمحہ میں تیری دلی تمنائیں خاک ہو جائیں گی۔

(نول ۶۵۰ لی ۳۸۶ ؟)

(۲۰)

دانی زچہ روئے افتاد است وچہ راہ
آزادی سرو سوسن اندر افواہ
کیں دارد، دہ زبان ولیکن خاموش
واں راست دو صد دست ولیکن کوتاہ

جانتے ہو کہ سرو و سوسن کی آزادی جو مشہور ہے۔ اس کا مطلب کیا ہے۔ در حقیقت یہ آزادی ان دونوں پر طنز ہے۔ کہ سوسن کی زبانیں ہیں لیکن بول نہیں سکتے، سرو کے بیسیوں ہاتھ (شاخیں) ہیں مگر کچھ کر نہیں سکتے۔

(نول ۶۷۶)

(۲۱)

در مجلسِ عشاق نشستیم ہمہ　　از محنت ایام بر رستیم ہمہ
از بادۂ شوقش قدحے نوشیدیم　　آزادہ و آسودہ و مستیم ہمہ

عاشقوں کی محفل میں ہم سب بیٹھے اور غم دوراں سے نجات حاصل کرلی۔ چونکہ اس کی محبت کا پیالہ پیا اس لیے ہم سب آسودہ و مست ہیں۔

(نول ۶۴۶)

(۲۲)

دل دست بہ طرّۂ طرب ناوردہ　　جام مئے خوشدلی بہ لب ناوردہ
افسوس بہ سر رسیدہ روز عمرم　　روزے بہ مرادِ دل بہ شب ناوردہ

عیدوں کی زلفیں چھوے اور مسرتوں کے شراب کے پیالے لبوں تک لائے بغیر زندگی کا آخری دن آگیا، افسوس ابھی تو میں نے ایک دن بھی حسب خواہش رات نہیں کیا تھا۔

(نول ۶۶۴)

(۲۳)

دُنیا بہ مراد راندہ گیر آخر چہ؟　　ویں نامۂ عمر خواندہ گیر آخر چہ؟
گیرم کہ بکام دل بماندی صد سال　　صد سال دگر بماندہ گیر آخر چہ؟

دنیا کو فرض کرلو کہ حسب منشا ہے۔ یہ بھی سمجھ لو کہ زندگی کی کتاب اوّل سے آخر تک پڑھ لی۔ مانا کہ تم نے سو سال زندگی پائی، مگر اس کے باوجود ابھی مزید سو سال باقی بھی تو رہے۔ اِس لیے ہوسِ دُنیا و زندگی سے کوئی فائدہ نہیں۔

(نول ۶۶۸)

(۲۴)

روزے بینی مرا تو مست افتادہ　　در حلقۂ زلف بُت پرست افتادہ
دستار ز سر قدح ز دست افتادہ　　در پائے تو سر نہادہ پست افتادہ

ایک دن وہ ہوگا کہ تمھاری نگاہوں کے سامنے مست پڑا، کسی کافر کی زلفوں کا دیوانہ بے حال ہوں گا۔ شراب سرخ کے پیالے پگڑیوں کی طرح سر سے گرے اور تمھارے قدموں پر پڑے ہونگے۔ پیالہ ہاتھ سے اور میں روح سے خالی میخانہ محبوب میں جاں بحق ہوں گا۔ (نول ۶۵۳؟)

(۲۵)

زاں مے کہ مرا قوت روان ست بدہ — زاں گرچہ سرم لیسے گراں ست بدہ

بر نہ بکفم قدح، کہ دہر افسانہ است — دیں عمر، چو بادے گزراں ست بدہ

جس شراب سے روح کو قوت ملے وہ دے، چاہے اسے پی کر سرگرانی ہو۔ جب بھی پلا اسی کا ایک پیالہ ہاتھ پہ رکھ کہ دنیا کہانی اور یہ عمر فانی ہے۔

(نول ندارد ن ۳۸۷)

(۲۶)

ساقی بصبوحی مئے ناب اندر دہ — مستانِ شراب را شراب اندر دہ

مستیم و خراب در خراباتِ فنا — آوازہ بہ عالم خراب اندر دہ

ساقی! شراب خالص کی صبوحی دے۔ مستوں کو شراب پر شراب پلا۔ ہم سب کے سب خراباتِ فنا میں مست پڑے ہیں۔ آ اور اس عالم خراب میں فنا کی خبر پھیلا دے۔

(نول ۶۶۷ ؟؟؟)

(۲۷)

ساقی مئے خوشگوار بر دستم نہ — واں ساغر چوں نگار بر دستم نہ

واں مَی کہ چو زنجیر بہ پیچد بر خود — دیوانہ شدم بیار، بر دستم نہ

ساقی! خوشگوار شراب، سراپا نگاہ پیالہ میرے پھیلے ہوئے ہاتھ پر رکھ دے۔ موج مے کی وہ زنجیر جو خود بخود پیچ کھا رہی ہوتی ہے، اس کا دیوانہ ہوں لا، وہ موج خیز قدح دے۔

(نول ۶۶۵ کاس الکرام ۹۴۲ بنام حافظ نولکشور ایڈیشن)

(۲۸)

غرّہ چہ شوی بمسکن و کاشانہ — بر عمر کہ ہست حاصلش افسانہ

ہمخوابۂ بادی و افروزی شمع — بر رہ گزر سیل چہ سازی خانہ

قصر و محل پر کیوں فریب کھاتا ہے۔ عمر کا حاصل افسانہ ہے۔ تو ہوا کے ساتھ چل رہا ہے۔ مگر شمع ہاتھ میں جلائے ہے۔ سیلاب کی راہوں میں مکان بنا رکھا ہے۔ یہ دنیا اور اس کی تمنائیں خواب و خیال سے زیادہ کچھ بھی نہیں۔

(نول ۶۶۳ ؟؟؟)

(۲۹)

فریاد کہ عمر رفت بر بیہودہ		ہم لقمہ حرام و ہم نفس آلودہ
فرمودۂ ناکردہ سیہ رویم کرد		فریاد ز کردہ ہائے نا فرمودہ

افسوس کہ زندگی برباد ہو گئی۔ ہر لقمہ حرام اور ہر سانس گناہگار۔ تیرے احکام کی نافرمانی نے روسیاہ کر دیا۔ ہائے تیرے ممانعت شدہ احکام کی مخالفت کی ہے۔

(نول ۶۴۸ - ظاہر ہے کہ یہ اسلوب خیام نہیں)

(۳۰)

گر اسپ و یراق است دگر فیروزہ		مغرور مشو بدولت دہ روزہ
از قہر فلک ہیچ کسے جاں نبرد		امروز سبو شکست و فردا کوزہ

اگر ساز و آرائش کے رہوار و جواہرات ہیں تو مغرور نہ ہو کہ یہ دولت دو روزہ ہے آسمان کی ستم رانیوں سے کوئی جاں بر نہیں ہو سکتا۔ دیکھو آج سبو ٹوٹا تو کل کوزہ بھی نہ رہے گا۔ جو دم ہے اسے غنیمت جانو۔

(نول ۶۷۱ ؟؟؟)

(۳۱)

گویند حشیش بہر دل تنگی بہ		وز جام شراب نغمۂ چنگی بہ
در مذہب کاملاں، چنیں ماندہ راست		یک قطرۂ مے ز خونِ صد بنگی بہ

لوگوں کا خیال ہے کہ پریشانیوں کا بہترین علاج بھنگ ہے اور جام شراب کے بدلے نغمۂ چنگ و رباب بہتر ہے۔ لیکن کاملوں کا خیال ہے کہ ایک قطرۂ شراب سینکڑوں بھنگ نوشوں کے خون سے بہتر ہے۔ شراب کے ہوتے ہوئے بھنگ بھی کوئی پینے کی چیز ہے۔

(نول ۶۶۹ کجا خیام کجا یہ ہفوات)

(۳۲)

ما عاشق و مست و مے پرستیم ہمہ		در کوئے خرابات نشستیم ہمہ
بگذشت ز قبح و حسن واز وہم و خیال		از ما مطلب ہوش کہ ہستیم ہمہ

ہم سب کے سب عاشق و مے پرست، کوچۂ خرابات کے ساکن۔ ہم سے ہوش کی باتیں۔ اچھائی، برائی، وہم و خیال کا پوچھنا ہی کیا۔ جب مست ہیں تو یہ باتیں ہم میں کہاں؟ (نول ۶۵۱ ؟؟؟)

(۳۳)

مائیم بلطف حق تولا کردہ وز طاعت و معصیت تبرا کردہ
آنجا کہ عنایت تو باشد باشد ناکردہ چو کردہ، کردہ چوں ناکردہ

ہم تو خدا کی مہربانیوں پہ بھروسہ (تولا: محبّت) اور طاعت و نافرمانی سے بیزاری کر چکے ہیں۔ ہمارا تو اعتقاد ہے کہ اگر تیری نظر عنایت ہو جائے تو کیسے گناہ معاف اور ناکردہ نیکیاں محسوب ہو سکتی ہیں۔

(نول ۶۷۵ نیز دیکھیے رباعی ۱۰ ؟؟؟ دونوں مشکوک)

(۳۴)

مشنو سخن چرخ پُر آوازشدہ مے خور ز کف ساقی دمسازشدہ
کاں کز رحم مادر آمد امروز بروں فردا بینی بکوں زن باز شدہ

اس شہرۂ آفاق زاہد کی نہ سنو۔ ساقی ہمراز کے ہاتھ سے پیالہ لو اور شراب پیو۔ کیونکہ جو بھی شکم مادر سے آج پیدا ہوا ہے۔ کل قبر (کونِ زن۔ کتنا مہمل استعارہ ہے) میں ہو گا۔

(نول ۶۶۱ ؟ خیّام کی رباعی نہیں)

(۳۵)

نقشے ست کہ بر وجودِ ما ریختۂ صد بو العجبی ز ما بر انگیختۂ
من زاں بہ ازیں نمی توانم بودن کز بوتہ مرا چنیں فرو ریختۂ

میرے وجود کا یہ نقشہ تو ہی نے بنایا، پھر مجھ سے ہزاروں بو العجبیاں پیدا کیں۔ اس لیے جو ہوں اس سے بہتر نہیں ہو سکتا۔ کہ تُو نے مجھے یونہی بنایا اور خلق کیا ہے۔

(نول ۶۵۴ ؟؟)

(۳۶)

ہر توبہ کہ کردیم، شکستیم ہمہ بر خود درِ نام و ننگ بستیم ہمہ
علیم مکنید اگر کنم بے خردی کز بادۂ عشق مست ہستیم ہمہ

جو توبہ بھی کی اسے توڑ چکا۔ اب تو یہ حالم ہے کہ ننگ و نام سے بھی در گزر رہا۔ اگر کوئی بے وقوفی ہو جائے تو مجھے بد نام نہ کرو۔ کیونکہ ہم تو شراب عشق سے مست و بے ہوش ہیں۔

(نول ۶۵۵)

(۳۷)

هر روز بر آنم، که کنم شب توبه — از جام و پیالهٔ لبالب توبه
اکنوں که رسید وقت گل ترکم دِه — در موسم گل ز توبه یارب توبه

روز یہ طے کرتا ہوں کہ رات کو توبہ کروں گا۔ جام و پیالۂ لبریز سے توبہ کر لوں گا۔ پھر اب تو موسم بہار آگیا ہے۔ ذرا مہلت دو۔ موسم بہار کی توبہ سے توبہ، یہ دن گزر جائیں گے تو دیکھا جائے گا۔

(نول ۶۵۷ ن ۳۸۸)

(۳۸)

یک جرعهٔ مئی کهن ز ملکِ نو به — وز هر چه نه مَے طریق بیروں شو به
در دست به از تخت فریدوں صد بار — خشت سر خم ز ملک کیخسرو به

پرانی شراب کا ایک گھونٹ نئی مملکتوں سے بہتر ہے۔ جس مسلک میں شراب نہ ہو، اس سے نکلنا اچھا۔ تخت فریدوں سے ہزار درجہ تلچھٹ بہتر ہے۔ یہ نئی مملکت کیخسرو سے خم مے کی ٹیکری اور اینٹ اچھی — (نول ۶۵۲ ن ندارد۔ راحت الصدور طبع یورپ ۲۵۴ گمنام باختلاف ذیل: "و یک شیشهٔ مے کهن ز ملکے" بحوالہ رباعیات خیام بمبئی ایڈیشن ص ۵۸ حاشیہ میں خیام کا نام ہے)

ے

(۱)

آں به که ز جام باده دل شاد کنی — وز مانده و گذشته کم یاد کنی
ویں عاریتی لباس زندانی را — یک لحظه ز بند عقل آزاد کنی

مکرر دیکھیے ردیف میم رباعی ۲

(۲)

آدم چو صراحی بود و روح چو مے — قالب چو نے بود و صدائے در وے
دانی چه بود، آدم خاکی خیام؟ — فانوس خیالی و چراغے در وے

انسان پُر از شراب صراحی کے مانند ہے، یا یہ بولتا بدن اس بانسری کی طرح ہے، جیسے نے نواز بجا رہا ہو۔ خیام معلوم ہے کہ آدم خاکی کیا ہے؟ یہ انسان اُس فانوس خیالی کی طرح ہے۔ جس کے

اندر چراغ رکھا ہو۔

جسم و روح کی تین نادر تشبیہیں ہیں۔ مگر رباعی خیام کی نہیں معلوم ہوتی۔

(نول ۲۴، ن ۳۸۹)

(۳)

آں مایہ ز دنیا کہ خوری یا پوشی　　معذوری اگر در طلبش می کوشی
باقی ہمہ رائیگاں نیرزد ہشدار　　تا عمر گراں بہا بداں نفروشی

دنیا کے ساز و سامان سے جو کھانے اور پہننے کے لیے تلاش و جستجو ہے، وہ معاف ہے۔ اس کے علاوہ سب کچھ اگر مفت ملے جب بھی ذرا ہوشیار رہنا کہ عمر گراں بہا سے اس کا سودا نہ کرنا کہ زندگی اسباب دنیاوی سے بدرجہا بہتر ہے۔

(نول ۶۵، ن ۳۹۱ ت ۱۵۷)

(۴)

آنہا کہ ز پیش رفتہ اند، اے ساقی　　در خاک غرور خفتہ اند، اے ساقی
رو بادہ خور و حقیقت از من بشنو　　باد است ہر آنچہ گفتہ اند، اے ساقی

ساقی! جو بزرگ ہم سے پہلے دنیا سے گزر چکے وہ خاک غرور میں محو خواب ہیں۔ اس لیے چلو شراب پیو اور اس دنیا کی حقیقت مجھ سے سنو کہ جن باتوں پر بحث کی جاتی ہے، وہ سب ہوائی قلعے ہیں — (نول ۶۸۹ ن ۳۹۰)

(۵)

ابریق مئے مرا شکستی ربی!　　بر من در عیش را ببستی "ربی"!
بر خاک بریختی مئے ناب مرا　　خاکم بدہن، مگر تو مستی "ربی"!

بار الٰہا! میری صراحی شراب توڑ دی، میری زندگی کی راہیں بند کر دیں، میری شراب خالص زمین پر گرا دی۔ میرے منہ میں خاک "کہیں نشے میں تو نہیں"!

مشہور ہے کہ ایک مرتبہ خیام شراب پینا چاہتا تھا کہ اچانک صراحی زمین پر گری اور ٹوٹ گئی اور پی نہ سکا۔ خیام نے جل کر یہ رباعی کہی۔ لیکن چونکہ رباعی ملحدانہ تھی۔ اس لیے اس کا منہ سیاہ ہو گیا۔ خیام نے شرمندگی و توبہ میں دوسری رباعی کہی "ناکردہ گناہ در جہاں کیست بگو" رباعی ت ۱۹ "وچوں ایں قسم اعتذار کرد خداوند اور ا جشید و رویش دوبارہ سفید شد، حاجت بتوضیح نیست کہ ایں داستان کودکانہ

است وازین دو رباعی ہم ہیچیک از خیام نیست می ۔
(نول ۵۰۷، ن ۳۹۲ نول "برخاک فگندی مئے گلگون مرا")

(۶)

از آمدن بہار و از رفتن دے — اوراق وجود ما ہمی گردد طے
مے خور، مخور اندوہ کہ فرمودہ حکیم — غمہائے جہاں چو زہر و تریاقش مے

اوراق: پتیاں، صفحات، بہار کی مناسبت سے یہ استعمال خوب ہے۔

بہاروں کے آنے اور خزاں کے جانے (زمانے کی آمد و رفت) سے ہماری زندگی کے ورق طے ہوتے رہتے ہیں۔ شراب پیو۔ غم نہ کھاؤ کہ عقلمندوں نے کہا ہے کہ غم دوراں زہر اور شراب اس کا تریاق و علاج ہے۔

(نول ۴۸، ن ۳۹۳ تح ص ۲۹۸ ت ۱۵۸)

(۷)

از دفتر عمر، میکشودم فالے — ناگاہ ز سوز سینہ صاحب حالے
میگفت خوشا کسے کہ اندر بر او — یار یست چو ماہے و شبے چوں سالے

کتاب عمر سے ایک مرتبہ فال نکالی۔ اچانک ایک درد دل رکھنے والے عارف نے فرمایا اس کی خوش نصیبی کا کیا کہنا، جس کا چاند سا محبوب پہلو میں ہو اور شب وصل ایک سال کے برابر طولانی ہو گئی ہو۔

(نول ۴۸۶، ن ۳۹۴ آت ؟)

(۸)

از دور پدید آمدہ ناپاک تنے — وز دود جہنم بہ تنش پیرہنے!
بشکست صراحیم کہ عمرش کم باد — وانگہ چو مئے لطیف مر قرے چو منے

نہ معلوم کہاں سے ایک نجس شخص (محتسب) آیا، جس کا سراپا جہنم کے دھوئیں سے سیاہ دآتشیں تھا۔ کمبخت نے، خدا اُسے موت دے صراحی توڑ کر صاف شراب اور مجھ پہ مصیبت ڈال دی۔

معلوم ہوتا ہے کہ کسی میخوار کو عین موقعہ پہ محتسب نے آلیا اور اس نے جل کر یہ مصرعے کہے ہیں۔

(نول ۷۴۶ ؟؟؟)

(۹)

از کبر مدار ہیچ در دل ہوسے | کز کبر بجائے نرسید ست کسے
چوں زلفِ بتاں شکستگی عادت کن | زاں پیش کہ بگسلد ز تار نفسے

اپنی بڑائی کی بنا پر دل میں ہوس نہ کر کہ تکبر کے ذریعے آج تک کوئی منزل تک نہیں پہنچ سکا حسینوں کی زلفوں سے شکست و عاجزی سیکھ اس سے پہلے کہ تمھاری سانس کا تار ٹوٹے اور تم نہ رہو۔

(نول ۲ ۷۵)

(۱۰)

از کوزہ گرے کوزہ خریدم بارے | آں کوزہ سخن گفت، زہر اسرارے
شاہی بودم، کہ جامِ زرّینم بود | اکنوں شدہ ام کوزۂ ہر خمّارے

کل ایک کمہار سے ایک پیالہ خریدا۔ اس پیالے نے بہت سے رازوں پر گفتگو کی۔ کہنے لگا کہ پہلے بادشاہ تھا۔ میرے پاس سنہری جام تھے۔ اب یہ حال ہے کہ شراب فروش کا کوزہ بنا ہوا ہوں۔ اسے گردشِ زمانہ کہتے ہیں۔

(ف ۹ ۱۵)

(۱۱)

از مطبخِ دنیا تو ہمہ دود خوری | تا چند غمِ بودہ نابود خوری
دنیا کہ بر اہلِ دیں زیانست عظیم | گر ترکِ زیاں کنی ہمہ سود خوری

دنیا کے باورچی خانے سے دھواں ہی دھواں ملتا ہے۔ لہٰذا یہاں کے بود و نابود کا غم فضول ہے۔ یہ دنیا دین داروں کے لیے سخت خسارہ ہے۔ اور اگر اس نقصان (دنیا) کو چھوڑ دیا تو نفع ہی نفع ہے ــــ بوئے داروغہ مطبخ می آید۔

(نول ۱۲ ۷ ن ۳۹۵ ؟؟؟)

(۱۲)

افتادہ مرا با مئے و مستی کارے | خلقم ز چہ می کنند ملامت بارے
اے کاش کہ ہر حرام مستی کردے | تا من بجہاں ندیدمی ہشیارے

مجھے شراب و مستی سے سابقہ پڑا ہے تو دنیا والے میری مذمت کیوں کریں۔ کاش کہ ہر حرام چیز سے مستی پیدا ہوتی تاکہ میں دنیا میں کسی کو بھی ہوشیار نہ دیکھتا۔

مطلب یہ ہے کہ شراب بھی حرام اور ریاکاری بھی حرام۔ میں شراب پیتا ہوں تو ساری دنیا تام رکھتی ہے۔ اور زاہد ریاکاری جیسی ہزاروں حرام کاریاں کرتا ہے اور کوئی کچھ نہیں کہتا۔ بات یہ ہے کہ شراب میں نشہ ہوتا ہے اور دوسری چیزوں میں مستی نہیں۔ میری سیاہ کاری گناہ یا لذت تو ہے۔

(نول ۲۹۷ ن ۳۹۶ ؟!؟!)

(۱۳)

اوّل بخودم چو آشنا میکردی — آخر زخودم چرا جدا میکردی
چوں ترکِ منت نبود از روز نخست — سرگشتہ بہ عالمم چرا میکردی

معبود، پہلے پہل جب تونے اپنا عشق دیا تو آخر میں اپنی بارگاہ سے مجھے الگ کیوں کر دیا (اگر یہ مرضی تھی کہ جدا کر کے پھر اپنے آستانے پر بلا لیا جائے تو) اگر مجھے چھوڑنا روزِ اوّل منظور نہ تھا تو پھر اس دنیا میں مجھے سرگشتہ و دیوانہ کیوں کیا؟

(نول ۷۶۳ ؟!؟!)

(۱۴)

اے آنکہ نتیجۂ چہار و ہفتی — وز ہفت و چہار، دائم اندر تفتی
مے خور، کہ ہزار بار بیشت گفتم — باز آمدنت نیست، چو رفتی رفتی

اے وہ انسان جو چاروں عنصروں اور ساتوں سیاروں کا نتیجہ ہے، اور انہی ساتوں، چاروں کی وجہ سے ہمیشہ پریشان و غمگین ہے۔ شراب پی کہ تجھ سے ہزاروں مرتبہ پہلے بھی کہہ چکا ہوں کہ اب یہاں آنا نصیب نہ ہوگا۔ اگر ایک مرتبہ گیا تو گیا۔

(نول ۲۵ ، ن نداردتح ص ۲۶۷ ف ۱۶۰ دلیتہ ۲۰۲ دیکھیے ت ۸۱)

(۱۵)

اے آنکہ خلاصۂ چہار ارکانی — بشنو سخن از عالمِ روحانی
دیوے و ددے و ملک و انسانے — با تست، ہر آنچہ می نمائی آنے

اے انسان تو جوہر چار ارکان (عناصر اربعہ، پانی، ہوا، آگ، خاک) ہے۔ سن۔ عالمِ روح کی بات سن۔ شیطان و فرشتہ، جانور و انسان ہونا تیرے اختیار میں ہے۔ جو ظاہر کرے گا۔ جیسے کام کرے گا وہی سمجھا جائے گا۔

(نول ۷۶۰)

(۱۶)

اے از حرم ذاتِ تو، عقل آگہ نے
وز معصیت و طاعت ما مستغنے
مستم ز گناہ، وز رجا ہشیارم
امید ز رحمت تو دارم یعنے

خدایا! عقل تیری حریم ذات سے بے خبر ہے۔ وہ ہماری فرمانبرداری و نافرمانی سے بے پرواہ ہے بیشک گناہوں میں غافل ہوں مگر اُمید کے موقعہ پر ہوشیار ہوں۔ یعنی تیری رحمتوں کا اُمیدوار ہوں۔

(نول ۱۰۱، ل ۴۸۰ ؟؟؟)

(۱۷)

اے بادۂ خوشگوار در جام مہی
بر پائے خِرد تمام بند و گرہی
ہر کس کہ ز تو خورد، امانش ندہی
تا گوہر او بر کف دستش نہ نہی

اے بادہ خوشگوار اور اے جام سیمیں نشین، تو عقل کی گرفت و زنجیر ہے۔ جس نے تیرا ایک گھونٹ چکھا پھر تو اسے نہیں چھوڑتی۔ جب تک اس کے ہاتھ پر اس کا جوہر نہیں رکھ دیتی۔ شراب کھرے کھوٹے کی کسوٹی ہے۔

(نول ۲۷، ل ۳۹۷ دلینہ ۲۰۳ ؟؟؟؛ بعض نسخوں میں "جام بہی" ہے۔

(۱۸)

اے بادۂ ناب، وائے مئے مینائی
چنداں بکشم ترا من شیدائی
کز دور مرا ہر کہ بہ بیند گوید
اے خواجہ شراب از کجا می آئی

اے شراب خالص اور اے بادہ مینائی۔ میں دیوانہ تجھے اتنا پیوں گا کہ جو بھی دیکھے وہ پوچھے کہ خواجہ محترم یہ اتنی شراب آپ کو ملتی کہاں سے ہے؟

(نول ۴۳، مبارک میں ہے" اے بادۂ نوشریت می لالاے۔ چنداں بکشم ترا من شیدائی ۔۔۔ اے خورد شراب از کجا می آئی" ؟؟؟)

(۱۹)

اے چرخ چہ کردہ ام مپیوست بگوے
پیوستہ مرا فگندۂ در تگ و پوے
نانم ندہی تا نبری کوئے بکوئے
آبم ندہی تا نبری آب ز روے

اے آسمان! میں نے کیا خطا کی ذرا مجھے ٹھیک ٹھیک بتا تو سہی کہ مسلسل دوڑ دھوپ میں پھنسا رکھا ہے۔ جب تک گلی گلی نہیں پھروا لیتا۔ اس وقت تک روٹی اور جب تک آبرو نہیں لے لیتا۔ اس

وقت تک گھونٹ پانی نہیں دیتا۔

(نول ۳۷، میا ۲۹، ؟)

(۲۰)

اے چرخ دلم ہمیشہ غمناک کنی　　پیراہن خرمیِ من چاک کنی
بادے کہ بمن رسد تو آتش کنیش　　آبے کہ خورم در دہنم خاک کنی

اے آسماں! ہمیشہ میرا دل دُکھاتا رہتا ہے۔ میری مسرتوں کا لباس چاک کرتا رہتا ہے۔ اگر کوئی ہوا مجھے لگتی ہے تو اسے آگ اور جو پانی کا قطرہ پینا چاہتا ہوں تو اسے خاک بنا دیتا ہے۔ یہ بھی کوئی انصاف ہے۔

(نول ۳۰، میا ۶۹۵ ن ۳۹۸ ؟؟؟)

(۲۱)

اے چرخ، ہمہ خسیس را چیز دہی　　گرمابہ و آسیا و دہلیز دہی
آزادہ بہ نان شب گروگاں تہ نہد　　شاید کہ برایں چنیں فلک تیز دہی

اے آسماں! ہر ذلیل و ناچیز ہی کو نوازتا ہے۔ حمام اور چکیاں اور ڈیوڑھیاں عطا کرتا ہے۔ شریف آدمی رات کو بھیک مانگنے والوں کو روٹی دیتے ہیں۔ چاہیئے تو یہ تھا کہ آسمان بھی انھیں نوازتا۔

(نول ۳۰، دوسرا مصرعہ، گرمابہ و آسیا و کاریز دہی۔ آزادہ بنان شب گردگان تہ نہند۔ شاید کہ برایں چنیں فلک تیز دہی (ن ۳۹۹ مطابق متن، میا ۲۲، دوسرا مصرعہ: ہرمایہ و آسیا و دہلیز دہی، آزاد میان سست کہ دکان نہند۔ شاید کہ ازیں فلک بما نیز دہی۔ میکدہ خیام ص۔ ۲۳ "اے چرخ ..... سرمایہ و آستان و دہلیز دہی۔ آزادہ زنان شب کہ دکان بہ نہند۔ شاید کہ ازیں نمک یا و نیز دہی ؟؟؟)

(۲۲)

اے دل اگر از غبار تن پاک شوی　　تو روح مجردی بر افلاک شوی
عرش است نشیمن تو شرمت بادا　　کائی و مقیم خطۂ خاک شوی

اے دل! اگر جسم و مادے کے غبار سے پاک ہو جا، تو تو روح ہے۔ آسمانوں پر جا سکتا ہے عرش تیری منزل ہے۔ کس قدر شرم کی بات ہے کہ وہاں سے زمین پر آکر اپنا وطن بنا لیا ہے۔

(نول ۰۹، ن ۴۰۲ میا ۰۱، جہاں کشا بنام احمد بدیلی مجمع الفصحا بنام بدیعی سجاوندی۔

تاریخ گزیدہ بنام فخر الدین)

(۲۳)

اے دل تو باسرارِ معمّا نہ رسی　　در نکتۂ زیرکاں دانا نہ رسی
ایں جا بہ مئے لعل بہشتی میساز　　کانجا کہ بہشت است رسی یا نہ رسی

اے دل! تو ان معموں کے رازوں تک نہیں پہنچ سکتا۔ دانا و نکتہ دروں تک تیری رسائی نہیں ہو سکتی۔ لہٰذا دنیا میں شراب سے جنت بناؤ۔ کیونکہ نہ معلوم جنت تک پہنچ ہو یا نہ ہو۔

(نول ۱۰۱ ہم تج من ۳۷۰ ف ۱۶۱ نزہۃ المجالس میں ہے:

گیرم کہ باسرار معمّا نہ رسی　　در شیوہ عاقلاں ہمانا نہ رسی
از سبزہ و می خیز بہشتے میساز　　کانجا کہ بہشت است رسی یا نہ رسی

(۲۴)

اے دل چو بہ بزم آں صنم بنشستی　　از خویش بریدی وبدو پیوستی
از جام فنا چو جرعۂ نوشیدی　　از بود و نبود کاں بہ کلی رستی

اے دل! جب اُس محبوب کی مجلس میں بیٹھے اور اپنے آپ سے قطع تعلق کر کے اس سے رشتہ جوڑ لے، فنا کا پیالہ پی لیا تو موجود و معدوم سب سے مکمل آزادی حاصل کر لے۔

(نول ۷۰۶ میا ۶۹۸ ؟؟)

(۲۵)

اے دل مے و معشوق مکن درباقی　　سالوس رہا کن و مکن زرّاقی
گر پیرو احمدی خوری جام شراب　　زاں حوض کہ مرتضاش باشد ساقی

اے دل! شراب و محبوب کو نہ بچا۔ فریب چھوڑ اور دھوکے نہ دے۔ اگر محمدؐ کی اُمت میں ہے تو جامِ شراب اُس حوض سے ملے گا، جس کے ساقی علی مرتضیٰ ہوں گے۔ جب وہاں پینا ہے تو یہاں تکلف کیسا۔ غالب کہتے ہیں ؎

کل کے لیے کر آج نہ خست شراب میں　　یہ سوءِ ظن ہے ساقیِ کوثر کے باب میں

(نول ۷۷۲ میا ۷۶۴ ؟؟؟)

(۲۶)

اے دوست حقیقت شنو از من سخنے　　با بادۂ لعل باش و با سیم تنے
کانکس کہ جہاں کرد فراغت دارد　　از سبلت چوں توئی و ریش چو منے

اے حکیم (حقیقت دوست) میری بات سُن۔ شراب سرخ و نازک بدن محبوب کے ساتھ رہا کر۔ کیونکہ جس نے دنیا کو پیدا کیا ہے، اُسے تیری مونچھوں اور میرے جیسوں کی داڑھی سے کوئی واسطہ نہیں۔ داڑھی مُنڈا کر جوانی میں فسق و فجور کرو، یا بڑھاپے میں زہد و تقویٰ اختیار کرو۔ خدا ان باتوں سے مستغنی ہے۔ حافظ کہتے ہیں ؎

بیا کہ رونق ایں کارخانہ کم نشود　　بزہد ہمچو توئی یا رفیق ہمچو منے

(نول ۶۹۶ ف ۱۹۲، مبارک "گر زانکہ بدست افتد از مئ دو منی۔ میخوار تو بہر محفل و ہر انجمنے۔ دلیتہ ۱۹۹ ؟)

(۲۷)

اے دہر بہ کردہائے خود معترفے　　در خانقۂ جور و ستم معتکفے
نعمت بہ خساں دہی و زحمت بہ کساں　　زیں ہر دو بروں نیست دُری یا خزفے

اے زمانے تو اپنے کیے کا معترف ہے۔ پھر بھی خانقاہ جور و ستم میں اعتکاف کیے ہے۔ ذلیلوں کو رحمتیں اور عزیزوں کو زحمتیں دیتا ہے۔ معلوم نہیں موتی ہے یا حقیر ٹھیکرا۔

(نول ۱۸، ل ۳۰۳ ھ میا ۱۰، ؟؟؟)

(۲۸)

اے سوختۂ سوختہ سوختنے　　وے آتش دوزخ از تو افروختنے
تا کے گوئی کہ بر عمر رحمت کُن　　حق را تو کجا بہ رحمت آموختنے

اے شیخ جہنمی د آتش زدنی۔ اے وہ کہ تجھ سے جہنم کی آگ بھڑکائی جائے گی۔ تو کہتا ہے کہ "یا اللہ عمر خیام پر رحمت کر" تو اللہ کو رحمت کی تعلیم دینے والا کہاں سے آگیا۔

(نول ۱۰۱، میا ۷۶۳ ؟؟؟)

(۲۹)

اے کاش کہ جائے آرمیدن بودے　　یا ایں رہ دور را رسیدن بودے
کاش از پئے صد ہزار سال از دل خاک　　چوں سبزہ امید بردمیدن بودے

کاش یہ دنیا آرام کی جگہ ہوتی، یا یہ راہ دراز کسی منزل پر ختم ہوتی۔ کاش صدیوں کے بعد اس خاک کے جگر سے اُمیدیں سبزے کی طرح اُبھرتیں۔

لیکن نہ یہاں سکون، نہ دنیا کی راہ سے منزل تک رسائی ممکن، نہ یہاں تمنائیں پوری ہوں گی۔

(نول ۰۰، ن ۴۴۴ میا ۶۲، ف ۱۶۳)

(۳۰)

با درد بساز تا دوائے یابی — از درد منال تا شفائے یابی
میباش بوقت بینوائی شاکر — تا عاقبت الامر نوائے یابی

درد پر راضی ہو جا دوا مل جائے گی۔ دُکھ میں فریاد نہ کر شفا نصیب ہوگی۔ بے سرو سامانی میں شکر بجا لا کہ آخر کار سرو سامان نصیب ہوگا۔

(نول ۶۲، میا ۵۴، ؟؟؟)

(۳۱)

با درد قناعت کن و آزاد بزی — در بند فزونی مشو، آزاد بزی
منگر بہ فزوں‌تر ز خود و غصہ مخور — در کم ز خودی نگہ کن و شاد بزی

درد اور تلچھٹ پر قناعت کر کے آزاد زندگی بسر کرو۔ اضافہ کی فکر نہ کرو۔ اپنے سے بڑے کو نہ دیکھو۔ اپنی حالت پر غم نہ کھاؤ۔ اپنے سے حقیر کو دیکھو اور ہنسی خوشی دن گزارو۔

(نول ۵۴، میا ۳۶، خیام کی رباعی نہیں)

(۳۲)

با من تو ہر آنچہ گوئی از کیں گوئی — پیوستہ مرا ملحد و بے دیں گوئی
من خود مقرم ہر آنچہ گوئی ہستم — انصاف بدہ، ترا رسد؟ کیں گوئی

مجھے جو کچھ بھی کہتے ہو دشمنی سے کہتے ہو۔ مسلسل ملحد و کافر کہے جاتے ہو۔ ہاں ہاں جو تم کہتے ہو۔ مَیں اس کا مقر و معترف ہوں۔ مگر ذرا انصاف سے کہو کیا تم کو بھی یہ کہنے کا حق ہے!

(نول ۷۴، ن ۵۰۴ میا ۳۸، تح م ۲۹۸ ؟؟!)

(۳۳)

بر سنگ زدم دوش سبوئے کاشی — سرمست بدم چو کردم ایں او باشی
با من بزبان حال می گفت سبو — من چوں تو بدم تو نیز چوں من باشی

کل کاشی (شہر کاشان جہاں مٹی کا کام خوب ہوتا ہے) کی صراحی مٹی پہ پٹخ دی۔ بات یہ ہے کہ اس شرارت کے وقت بدمست ہو رہا تھا۔ سبو نے زبانِ حال سے کہا۔ خیّام کبھی میں تیری طرح تھا اور ایک دن تجھے بھی میری طرح ہونا ہے۔

(نول ۸۰، ن ۷۰۴ تح ۲۷۰ ف ۱۹۴ مبا ۷۰۰)

(۳۴)

برشاخِ اُمید، اگر برے یافتمے | ہم رشتۂ خویش را سرے یافتمے
تاچند ز تنگنائے زندانِ وجود | اے کاش، سوے عدم درے یافتمے

اگر اُمید کی شاخوں سے کبھی کوئی پھل پایا ہوتا، تو اپنے سلسلۂ وجود کا بھی کوئی بھید کھل سکتا۔ خدا جانے اس وجود کے تنگ و تاریک قید خانے میں کب تک رہنا ہوگا۔ کاش عدم تک پہنچنے کا کوئی دریچہ مل جاتا کہ سبھے حل ہو جاتے۔

(نول ندارد ن ندارد ف ۱۶۵)

(۳۵)

بر کوزہ گرے پریر کردم گورے | از خاک ہمی نمود ہر دم ہنرے
من دیدم، اگر ندیدہ ہر بے بصرے | خاکِ پدرم در کفِ ہر کوزہ گرے

پرسوں ایک کوزہ گر کی طرف سے گزر ہوا۔ دیکھا کہ وہ مٹی پہ ہنر دکھا رہا ہے۔ چاہے کسی بے بصر نے نہ دیکھا ہو، مگر میں نے دیکھا ہے کہ میرے پدر (آدم) کی خاک ہر کوزہ گر کے ہاتھ میں ہوتی ہے۔

(نول ۲۳، ن ۴۰۶ مبا ۱۵۰۔ شاید خیام کی رباعی ہو۔ دیکھیے ۶۴)

(۳۶)

برگیر پیالہ و سبو اے دل جوے | فارغ بہ نشیں بکشت زار و لبِ جوے
بس شخص عزیز را کہ چرخِ بدخوے | صد بار پیالہ کرد و صد بار سبوے

اے دل رُبا، اُٹھ اور پیالہ اُٹھا، کسی سبزہ زار و کنارۂ نہر چل کر بیٹھیں۔ کیونکہ اس فلکِ بدخصلت نے نامعلوم کتنے محترم و معزز آدمیوں کو سو مرتبہ پیالہ بنایا اور سو مرتبہ سبُو۔

(نول ۲۴، ن ندارد مبا ۱۶، ف ۱۶۶)

(۳۷)

برگیر ز خود حساب اگر با خبری — کاوّل تو چہ آوردی و آخر چہ بری؟
گوئی نخورم بادہ کہ می باید مُرد — می باید مُرد، اگر خوری یا نہ خوری!

اگر سمجھ دار ہو تو اپنا محاسبہ کرو گے۔ کہ شروع شروع میں کیا لائے تھے اور اب کیا لے کر جا رہے ہو۔ تم یہ کہتے ہو کہ زندگی میں شراب نہ پیوں گا۔ کہ ایک دن مرنا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ مرنا تو بہرحال ہے چاہے پیو یا نہ پیو۔

(نول ۲۱، ل ۴۰۸ میا ۱۳، آت۔ رباعی ممکن ہے خیام کی ہو)

(۳۸)

بشگفت شگوفہ، مے بیار اے ساقی — دست از عملِ زہد بدار اے ساقی
زاں پیش کاجل کمیں کند روزے چند — جامِ مے لعل و روئے یار اے ساقی

کلیاں کھل رہی ہیں، ساقی شراب لا اور زہد کاری سے ہاتھ اُٹھا۔ موت کے تاک لگا کر بیٹھنے سے پہلے لعل گوں شراب و جلوۂ یار کو غنیمت سمجھ۔ یہی موقع ہے کہ پییں پلائیں۔ پھر کہاں ہم اور کہاں یہ وقت و زمانہ۔

(نول ۶۸۶ میا ۶۷۸ "روئے یار" کی جگہ "بوئے یار" بھی ہے)

(۳۹)

بکشائے درم کہ در کشایندہ توئی — بنمائے رہم کہ رہ نمایندہ توئی
من دست بہ ہیچ دستگیرے ندہم — کایشاں ہمہ فانی اند و پایندہ توئی

میری مشکلوں کے دروازے کھول دے کہ تو ہی حلّال مشکلات ہے۔ مجھے راستہ دکھا کہ ہادی و رہنما تو ہی ہے۔ میں کسی معاون کے ہاتھ میں ہاتھ نہ دوں گا کہ وہ سب فانی ہیں۔ باقی تو فقط تُو ہی ہے۔ اشارہ ہے:

اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ۔ اِھۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ کی طرف۔

(نول ۲۸، میا ۲۰، رباعی خیام کی نہیں ہے)

(۴۰)

پیرے دیدم بہ خانۂ خمّارے — گفتم، "نہ کنی ز رفتگان اخبارے؟"
گفتا: "مے خور، کہ ہمچو ما بسیارے — رفتند و خبر باز نیامد بارے"!

میخانے میں ایک بزرگ کو دیکھ کر میں نے پوچھا۔ کہ کچھ گزرے ہوؤں کی کہانی (اخبار: خبر دینا) ہی سنائیے؟ فرمانے لگے، ارے بندۂ خدا شراب پی کہ ہمارے جیسے کتنے ہی گزر چکے اور خبر تک نہ آئی۔

(نول ۲۲، ن ۴۰۹، ف ۱۶۷، میا ۱۴)

(۴۱)

پیوستہ ز بہر شہوتِ نفسانی　　این جانِ شریف را ہمی رنجانی
آگاہ نۂ کہ آفتِ جانِ تو اند　　آنہا کہ تو در آرزوے ایشانی

اس جان شریف (نفس ملکی) کو نفسانی خواہشات سے مسلسل دُکھ دے رہا ہے۔ کیا تجھے نہیں معلوم کہ جن چیزوں کی آرزو میں ہے، وہی تیری جان کے لیے آفت ہیں۔ دنیا اور خواہشاتِ دنیا ایک لعنت ہے۔

(نول ۱۰، میا ۲۰، خیّام کی رباعی نہیں)

(۴۲)

تا چند حدیثِ پنج و چار، اے ساقی　　مشکل چہ یکے، چہ عدد ہزار اے ساقی
خاکیم ہمہ، چنگ بساز، اے ساقی　　بادیم ہمہ، بادہ بیار، اے ساقی

ساقی، پانچوں حواس اور چاروں عنصروں کی بحث کب تک رہے گی۔ رہی مشکل تو اس میں ایک اور ہزار کا کوئی فرق نہیں۔ ہم سب خاک ہیں۔ مطرب چنگ و بربط اٹھا۔ ہم سب ہوا ہو جائیں گے۔ ساقی تو شراب لا۔!

(نول ندارد ۴۱۱ ف ۱۶۸ ن "چنگ بساز اے مطرب")

(۴۳)

تا چند زیستن و برات اے ساقی　　بنویس بمیخانہ برات، اے ساقی
روزیکہ برات ما بمیخانہ بمند　　آں روز بود شب برات، اے ساقی

برات: سورۂ برأت قرآن کا　وال سورہ۔ نیز سند۔ پروانہ بخشش۔

اے ساقی، قرآن اور اس کے سوروں کا ذکر کب تک۔ تو تو ہمیں میخانے کی سند دے دے یاد رہے کہ جس دن ہماری سند نجات میخانے جائے گی وہ دن شب برات ہو گا۔

(نول ۶۹۲ ن ۴۱۲ تح ص ۲۹۶ میا ۶۸۲ ؟؟؟)

(۴۴)

تا در ہوسِ لعل لب و جام مَئے   تا در پئے آواز دف و چنگ و نَئے
اینہا ہمہ حشو است، خدا امید اند   تا ترکِ تعلق نہ کنی ہیچ نئے

جب تک شراب سرخ و جام مے، آواز چنگ و رباب و نے میں مصروف ہو اُس وقت تک کچھ بھی نہیں۔ خدا جانتا ہے کہ یہ سب بیکار ہے۔ جب تک دنیا نہ چھوڑو گے کچھ نہیں پا سکتے عشق و معرفت ترک دنیا سے ملتی ہے۔

(نول ۵۸، آتش میا ۹۴۔ خیام کی رباعی نہیں)

(۴۵)

تا در تنِ تست، استخواں و رگ و پے   از خانۂ تقدیر مَنِہ بیرون پے
گردن مَنِہ از خصم بود رستم زال   منت مکش ار دوست بود حاتم طے

جب جان میں جان اور بدن میں رگ و پے باقی ہے۔ اس وقت تک منزل تقدیر سے قدم باہر نہ نکال۔ چاہے تیرا دشمن رستم ہو مگر سر نہ جھکا، چاہے دوست حاتم ہو، مگر احسان نہ اُٹھا کہ مردانِ غیور کا یہی شیوہ ہے۔

(نول ۹۴، ل ۱۳۴ میا ۴۰، ؟؟؟)

(۴۶)

تا کے ز غمِ زمانہ محزوں باشی   یا چشمِ پُر آب و دلِ پُر خوں باشی
مَے نوش و بعیش کوش و خوشدل میباش   زاں پیش کزیں دائرہ بیروں باشی

غم روزگار سے کب تک غمگین رہے گا۔ کب تک آنکھوں میں آنسو اور دل پُر خوں رہے گا۔ شراب پی، زندگی ہنسی خوشی گزار۔ یہ سب باتیں اس دائرۂ وجود سے نکلنے سے پہلے انجام دے لے۔

(نول ۵۳، ل ۱۰۴ "۳ میخور بہ کنار سبزہ و آبِ رواں" میا ۴۰)

(۴۷)

تن زن، چو بزیر فلک بے باکی   مَے نوش، چو در جہانِ آفت ناکی
چوں اوّل و آخرت بہ جز خاکے نیست   انگار کہ بر خاک نئی در خاکی

چونکہ اس بے انصاف آسمان کے نیچے ہے۔ اِس لیے راضی بہ رضا رہ۔ اور چونکہ دنیائے پُر از مصائب میں ہے۔ لہذا شراب پی۔ جب ابتدا اور انتہا خاک ہے، تو سمجھ لے کہ خاک پر نہیں

خاک کے اندر ہے۔

(نول ۷۶، ن ۲۱۵م مبا ۹۵، ؟؟؟)

(۴۸)

جز راہِ قلندر بخرابات مپوئے   جز بادہ و جز سماع، و جز یار مجوئے
بر کف قدحِ بادہ و بر دوش سبوئے   مے نوش کن و یکار بیہودہ مگوئے

خرابات و میخانے میں قلندرانہ رفتار رکھ۔ وہاں شراب و سماع و محبوب کے علاوہ کچھ نہ مانگ۔ ہاتھ پیر، پیالہ شراب اور کاندھے پر لٹکا۔ شراب پی اور دُور از کار باتیں نہ بگھار۔

(نول ۷۰، ن ۲۱۶م "مے نوش کن اے نگارد" مبا ۴۴، ؟؟؟)

(۴۹)

چنداں کہ نگاہ می کنم، ہر سوئی   در باغ رواں است زکوثر جوئی
صحرا چو بہشت است زکوثر کم گوئی   بنشیں بہ بہشت، با بہشتی روئی

جتنا غور کرتا ہوں، ہر طرف چمن میں کوثر کی نہریں، جب صحرا جنت ہیں تو کوثر کا نام نہ لو۔ جنت (صحرا) میں کسی بہشت رخسار محبوب کو لے کر بیٹھ جاؤ۔

(نول ۶۶۵، ن ۲۱۷م ف ۱۶۹ دیلنہ ۲۰۱ مبا ۷۰، "از سبزہ بہشت است زکوثر")

(۵۰)

چندیں غمِ بیہودہ مخور شاد بزی   و اندر رہِ بیداد تو باداد بزی
چوں آخر کار ایں جہاں نیستی است   انگار کہ نیستی تو آزاد بزی

اس قدر بیکار غم نہ کھا، ہنسی خوشی زندگی بسر کر۔ اس بیداد کی دنیا میں زندگی کی داد لے۔ چونکہ اس دنیا کا نتیجہ فنا ہے۔ اس لیے تو سمجھ لے کہ موجود نہیں اور آزادانہ دن گزار۔

(نول ۱۳۱، مبا ۲۳، دیکھیے رباعی ۳۱)

(۵۱)

چوں جنس مرا خاصہ بداند ساقی   صد فضل ز ہر نوع، براند ساقی
چوں دانائم برسم خود بادہ دہد   صد حدِ خودم در گزراند ساقی

چونکہ ساقی مجھے خاص شرابیوں میں شمار کرتا ہے۔ اس واسطے ہر طرح کے ہزار فضل و کرم

کرتا ہے۔ جب تھک جاتا ہوں تو اپنی عادت کے مطابق شراب دیتا ہے اور مجھے میری حدوں سے گزار دیتا ہے۔

(نول ۲۰، میا ۱۲، خیام کی رباعی نہیں معلوم ہوتی)

(۵۲)

چوں می ندہد اجل، اماں اے ساقی — در دہ قدح شراب، ہاں اے ساقی
غم خوردنِ بیہودہ نہ کارِ دلِ ماست — با این دو سہ روزہ در جہاں اے ساقی

ساقی، جب موت پناہ دے گی ہی نہیں، تو پیالے میں شراب انڈیل دے۔ بیکار غم کھانا ہمارا کام نہیں۔ پھر جبکہ یہ دنیا دو روزہ ہے تو اس کا غم فضول ہے۔

(نول ۶۹۰ میا ۲۸۲ ن ۶۱۹ ؟؟؟)

(۵۳)

چوں واقفی اے پسر ز ہر اسرارے — چندیں چہ خوری بیہودہ ہر تیمارے
چوں می نہ رود باختیارت کارے — خوش باش، دریں نفس کہ ہستی بارے

بیٹا! جب ہر راز سے واقف ہو، تو ہر غمخوار کے غم میں بیکار پریشان ہوتے ہو۔ جب دنیا کا کوئی معاملہ تمھارے اختیار میں نہیں تو جو دم باقی ہے، اس میں خوش و خرم رہو۔

(نول ۷۱۶ ن ۲۰۴ میا ۷۰۸ ؟؟؟)

(۵۴)

چوں ہست زمانہ در شتاب اے ساقی — بر نہ بکفم جام شراب اے ساقی
ہنگام صبوح قفل از در بہ کشا — مے دہ کہ برآمد آفتاب اے ساقی

ساقی چونکہ دنیا بڑی سے دوڑ رہی ہے، اس لیے مجھے پیالہ دے۔ صبح کا وقت ہے میکدہ کا قفل کھول اور شراب دے کہ آفتاب نکل آیا۔ پھر صبوحی کا مزہ نہ رہے گا۔

(نول ۶۸۸ ن ۱۸۴ میا ۶۸۰ ؟؟؟)

(۵۵)

خشتے نہ نہم، پا نزنم بر خشتے — زیں پس من و بادہ و کنار دشتے
آتش نہ شوم ز بہر ہر انگشتے — خوبی نبود پسر برم یا زشتے

میں اینٹ پر اینٹ رکھنا تو بڑی بات ہے، اس کو ٹھکرانے کے قابل میں نہیں جانتا۔ اب

تو میں ہوں، شراب ہے اور کنارِ سبزہ زار ہے۔ کسی کی انگشت نمائی پر مشتعل ہونے والا نہیں۔ یہ بھی کوئی بات میں بات ہے کہ کسی برے (زاہد) کے ساتھ زندگی گزاروں۔

(نول ۵۵، میا ۶۴۶ ؟؟؟)

(۵۶)

خواہی کہ اساسِ عمر محکم یابی! یک چند بعالم دل بے غم یابی؟
فارغ منشیں زخوردنِ بادۂ صاف تا لذتِ عمر خود دمادم یابی!

اگر یہ چاہو کہ عمر کی بنیاد مضبوط، اور کسی حد تک دنیا سے بے فکری نصیب ہو تو صاف شراب کے بغیر مطمئن نہ ہو، تاکہ عمر کی لذتیں مسلسل نصیب ہوتی رہیں۔

(نول ۸۳۶ ل ۲۱ ۴ تح س ۲۹۸ میا ۶۲۸ ؟!)

(۵۷)

خواہی کہ پسندیدۂ آنام شوی مقبولِ قبولِ خاصۂ عام شوی؟
اندر پۓ مومن و جہود و ترسا بدگوئے مباش تا نکونام شوی

اگر یہ دل چاہے کہ پسندِ عام ہو جا (اَنام: لوگ آنام بالمد غلط) خاص و عام میں مقبولیت نصیب ہو، تو مومن و یہود و کافر کی بدگوئی نہ کر نامودی نصیب ہوگی۔

(نول ۳۹، میا ۱۳۱، شاید عہد اکبری کے کسی شاعر کی رباعی ہو)

(۵۸)

خوش باش کہ پختہ اند سودائے تو دے فارغ شدہ انداز تمنائے تو دے
قصہ چہ کنم، کہ بے تقاضائے تو دے داد ند قرار کارِ فردائے تو دے

خوش باش، کہ تیرا جنون روزِ ازل قسمت میں لکھا گیا ہے۔ کاتبانِ تقدیر اسی دن تیری تمناؤں کا فیصلہ کر چکے (اب کوشش بیکار ہے) اب میں کیا کہوں۔ مختصر یہ ہے کہ کل ہی تیرے مطالبات بغیر تیرے مستقبل کے فیصلے ماضی ہی میں کر دیے گئے ہیں۔

(نول ۲۰۴، ل ۲۲ ۴ میا ۶۹۶ ث ۱۷۰)

(۵۹)

در باغ چو بُد غورہ ترش اوّل دے شیریں زچہ گشت و تلخ چوں آمد مے؟
از چوب بہ تیشہ گر کسے کرد رباب از بیشہ چہ گوئی کہ ہمی رویدنے؟

ہماری شراب نوشی و طرب دوستی پر اعتراض کرنے والو، ذرا سوچو تو کہ آغاز ماہ دسے یں
جب غورہ (انگور) کھٹا تھا تو میٹھا کیونکر ہوا ! پھر شراب میں ترشی کیوں دینے لگا ؟ نرکل کو اگر
کسی نے کاٹ کر رباب بنایا تو جرم، مگر یہ جنگلوں میں مسلسل سنے اُگتی کیوں ہے۔ نہ سبز انگور و
غورۂ تلخ پر اعتراض نہ خالق سنے پر کوئی لب کشائی ہوتی ہے۔ اور اگر یہ کمبخت شرابی و ربابی
ان چیزوں کو استعمال کر لیں تو قیامت ہے۔

(نول ۴۳۲ ، ل ۲۲۴ ؟؟؟)

(۶۰)

دردہ قدحے ز لعل ناب اے ساقی ۔۔۔ برگیر ز آتشم بہ آب اے ساقی
تا عقل گریبان دلم خواہد داشت ۔۔۔ دست من و دامان شراب اے ساقی

ساقی : لعل ناب پیالے میں بھر دے۔ مجھے آگ سے نکال اور پانی میں ڈال دے۔ جب تک
یہ عقل دل کے گریبان میں ہاتھ ڈالے رہے گی، مجھے بھی قسم ہے کہ دامن شراب نہ چھوڑوں گا۔

(نول ۶۸۵ ل ۲۲۵ میا ۶۷۷ ؟؟؟)

(۶۱)

دردہ، مئے لعل گوں اے ساقی ۔۔۔ بکشائے ز حلق شیشہ خوں، اے ساقی
کامروز بہ دل ز جام مے نیست مرا ۔۔۔ یکدوست کہ پاک اندروں اے ساقی

ساقی، شراب گلگوں انڈیل دے، گردن صراحی سے خون رواں کر دے۔ آج تو جام شراب
کے علاوہ پاک دل دوست کوئی نہیں۔

(نول ۶۹۵ میا ۶۸۶ ؟؟؟ نیز مکرر نول ۱۴ ، میا ۷۳۳)

(۶۲)

دردہ مئے مشک بو اے ساقی ۔۔۔ تا باز رہم ز گفتگو اے ساقی
یک کوزۂ مے بدہ ازاں پیش کہ دہر ۔۔۔ خاک من و تو کند سبو اے ساقی

ساقی ! مئے مشک بو عنایت فرما، کہ جھگڑوں سے نجات حاصل کر لوں۔ ایک جام شراب
دے، کہیں یہ نہ ہو کہ شراب سے پہلے دُنیا ہماری تمہاری خاک کو صراحی بنا دے۔

(نول ۶۸۲ میا ۶۷۴ تفیسی ۶۷۴)

(۶۳)

در سنگ اگر شوی چو نار اے ساقی — ہم آبِ اجل کند گذار اے ساقی
خاکیست جہاں، غزلے بخواں اے مطرب — بادیست نفس، بیادہ بیار اے ساقی

ساقی اگر پتھر میں آگ بن کے چھپ جائے، جب بھی موت بن کے گزر جائے گی۔ دنیا خاک ہے۔ مطربو، غزلیں گاؤ۔ سانس ہوا ہے۔ جام شراب لا۔

(نول ۶۹۱ ن ۲۲۶م میا ۶۸۳)

(۶۴)

در کارگہ، کوزہ گری کردم رائے — در پایۂ چرخ دیدم استاد بپائے
مے کرد دلیر، کوزہ را دستہ و سر — از کلۂ پادشاہ و از دستِ گدائے

کمہار کے کارخانے میں جاکر غور کیا، تو دیکھا کہ کمہار چرخ (چاک) کے پایہ پر کھڑا بڑی بے دردی سے کوزہ (صراحی) کا کبھی دستہ بناتا ہے، کبھی گردن و سر۔ ان میں بادشاہ کا سر اور فقیر کا ہاتھ استعمال کر رہا ہے اور ذرہ بھر خیال نہیں ہوتا کہ یہ محترم خاک یوں استعمال نہ کرے۔

(نول ۷۰۵ میا ۶۹۲ تح ص ۲۹۲ ف ۱۷۱ دیکھیے ۳۵ نیز ۹۱)

(۶۵)

در گوش دلم گفت فلک پنہانی — حکمے کہ قضا بود ز من میدانی
در گردشِ خویش اگر مرا دست بُدے — خود را بہ رہاندمی ز سرگردانی

آسمان نے چپکے سے میرے کان میں کہا: "جو حکم قضا و قدر ہو، سمجھ لو کہ میں نے کیا ہے" کیونکہ اگر اپنی ان گردشوں میں مجھے کسی سے ہمدردی ہوتی تو پہلے میں اپنے آپ ہی کو ان گردشوں سے کیوں نہ آزاد کرتا۔

(نول ندارد ن ۲۲۷م ف ۱۷۲)

(۶۶)

دنیا نفسے و من درو یک نفسے — اندر نفسے چند تواں زد نفسے
شکرانۂ آنکہ زندہ خوش می باش — ایں عالم بے وفا نماند بکسے

دُنیا ایک لمحہ کی ہے اور میں بھی مہمانِ یک نفس ہوں۔ اب اس مختصر وقفے میں میں کرہی

کیا سکتا ہوں۔ لہٰذا ساقی اس شکریے میں کہ ہم زندہ ہیں خوش باشی کے جشن منالیں کہ یہ بے دفا دنیا کسی کا ساتھ دینے والی نہیں۔

(نول ۷۵، میا ۷۵، ؟؟؟)

(۶۷)

رو بے خبری گزیں اگر باخبری تا از کفِ مستانِ ازل بادہ خوری
تو بیخبری، بیخبری کارِ تو نیست ہر بیخبرے را نرسد بے خبری

جا اگر باخبر ہے تو ماسویٰ اللہ سے بے خبر ہو جا، کہ مستانِ ازل کے ہاتھوں اور عارفوں کی بارگاہ سے شراب نصیب ہو۔ تو اپنے خیال میں بے خبر و قلندر رہے۔ حالانکہ ہر شخص کو بے خبری نصیب نہیں ہوا کرتی، مردانِ راہ کچھ اور لوگ ہیں۔

(نول ۶۹، ل ۲۸۴ میا ۲۱، ؟؟؟)

(۶۸)

روزے کہ دلم برنگ آبے یابی در کنج دلم بسے خرابی یابی
در بحر دو دیدہ ام اگر غوطہ خوری گر گم نشوی مردم آبی یابی

جس دن میرا دل پانی کے رنگ کا نظر آیا سمجھ لینا کہ اس دل بڑی خرابی ہوگی۔ اس لیے دل کو نہ ٹٹولو۔ ہاں اگر آنکھوں کے سمندر میں ڈبو تو اس میں آبی مخلوق ملے گی، بشرطیکہ اس سمندر میں ڈوب نہ جاؤ۔ مطلب یہ ہے کہ دل میں ذوقِ وصلِ یار یادِ یار کچھ نہیں۔ ہاں آنکھوں کے آنسو کہتے ہیں کہ تم ہی تم نظر آرہے ہو۔

(نول ۷۰، میا ۳۲، ؟؟؟)

(۶۹)

زاں پیش کہ از جامِ اجل مست شوی زیرِ لگدِ حادثہ ہا پست شوی
سرمایہ بدست آر دریں رہ کانجا سودے نہ کنی اگر تہی دست شوی

موت کا پیالہ پی کر مست ہونے اور حادثوں کے قدموں میں پامال ہونے سے پہلے اس دنیا سے کچھ سرمایہ لے لے کہ اگر یہاں سے خالی ہاتھ گیا تو آخرت میں کوئی فائدہ نہ ہوگا۔ دنیا آخرت کی کھیتی ہے۔

(نول ۵۹، میا ۵۰، ؟؟؟)

(۷۰)

زاں کوزۂ مے کہ نیست در وے ضررے — پُر کُن قدحے بخور، بمن دہ دگرے
زاں پیشتر اے صنم کہ در رہگذرے — خاک من و تو کوزہ کنند کوزہ گرے

اے ساقی مہوش (صنم)، کسی رہ گذر میں خاک بننے سے پہلے اور اس خاک سے کوزہ گر کے کوزہ بنانے سے پہلے اس کوزہ ہی میں شراب بھر کر خود بھی پی، اور ہمیں بھی پلا کہ جس میں کوئی نقصان نہیں۔

(نول ۶۹۴ ن ۳۳۹ میا ۶۸۶ ف ۱۷۳ !!)

(۷۱)

زاہد نہ بزہد سود کرد اے ساقی — زیرا کہ عمل عیاں نمود اے ساقی
پُر کُن قدحِ بادہ تو زود اے ساقی — کاندر ازل آنچہ بود بود اے ساقی

ساقی، زاہد کو زہد سے کوئی فائدہ نہ ہوا، کیونکہ اس نے جو کام کیا ریاکاری سے کیا۔ اور شراب کا پیالہ جلدی سے بھر، کہ جو بات ہونے والی ہے، وہ روزِ ازل سے لکھی جا چکی۔

(نول ۶۸۳ میا ۶۷۵ !!؟)

(۷۲)

زنہار کنوں کہ می توانی بارے — بردار ز خاطر عزیزاں بارے
کیں مملکت حسن نماند جاوید — از دست تو ہم بروں رود یکبارے

دیکھو! آج جوانی کے دن ہیں، بوجھ اُٹھا سکتے ہو۔ تو دوستوں کے دل کا بوجھ بٹا لو، کہ حسن کی مملکت ہمیشہ نہ رہے گی۔ ایک دن باتوں ہی باتوں میں کچھ نہ رہے گا۔ نہ یہ حُسن ہوگا نہ ناز و انداز۔ ؎

یہی دن ہیں دعا لے لو کسی کے قلب مضطر سے
جوانی آ نہیں سکتی مری جان پھر نئے سر سے

(نول ۱۱۷ ن ۳۰۴ دلیسنہ ۱۹۸ میا ۱۱۷، مگر خیام کی رباعی نہیں معلوم ہوتی)

(۷۳)

سازندۂ کار مردہ و زندہ توئی — دارندۂ ایں چرخ پراگندہ توئی
من گرچہ بدم، خواجۂ ایں بندہ توئی — کس را چہ گنہ، چو آفرینندہ توئی

موت اور حیات میں سب کچھ تیرے ہی اشارے سے ہوا، اس آسمان کے سروپا کو تُو نے ہی سہارا دیا۔ مانا کہ میں بُرا ہوں، مگر اس بندے کا مالک تُو ہی تو ہے۔ خطا معاف، جب تو ہی خالق ہے، تو کسی کا گناہ ہی کیا۔

(نول ۷۰۲ ن ۱۳۴ میا ۶۹۴ ؟!؟)

(۷۴)

شاد آمدی اے راحت جانم کہ توئی
تو آمدہ و من نہ بر آنم کہ توئی
از بہر خدا نہ از برائے دل من
چنداں مے خور کہ من ندانم کہ توئی

اے راحت دل تم خوب آئے، ہاں آئے تو ہو، مگر میں یہ یقین نہیں کرتا کہ تم ہو۔ اچھا جب جانیں کہ میرے لیے نہیں خدا کے لیے اتنی شراب پیو اور اتنے مست ہو جاؤ کہ میں نہ پہچان سکوں کہ تم تم ہو۔

(نول ۷۲۴ میا ۷۱۸ ؟!؟)

(۷۵)

شمع است و شراب و ماہتاب اے ساقی
شاہد ز شراب ہم خراب اے ساقی
از خاک بر آر، ایں دل پُر آتش را
بر باد مدہ بیار آب اے ساقی

ساقی چاندنی کھلی ہوئی ہے۔ شمع محفل بھی ہے اور شراب بھی، محبوب نشے میں مست ہے اب تو اس آگ بھرے دل کو بدن کی خاک سے نکال کر ہوا کے سپرد نہ کر، پانی لا اور آب انگور سے آگ بجھا۔ یہ دہکا دہکا کر دل کی آگ کیوں تیز کر رہا ہے۔

(نول ۶۸۴ میا ۶۷۶ ؟!؟)

(۷۶)

شیخے بزنِ فاحشہ گفتا: "مستی
ہر لحظہ بدام دیگراں پابستی"
گفتا: "شیخا! ہر آنچہ گوئی ہستم
امّا، تو چنانکہ می نمائی ہستی؟"

ایک شخص (زاہد) نے فاحشہ و بدکار عورت سے کہا: "اری کمبخت، تو مست ہے۔ ہر وقت دوسروں کے دام میں گرفتار، ہر جگہ ٹانگ پھنسائے رہتی ہے۔ اُس نے عرض کی: جناب عالی! ہاں جو کچھ فرماتے ہیں۔ بجا ہے۔ میں ایسی ہی ہوں، مگر کیا جناب بھی جیسے دکھائی دیتے ہیں ویسے ہی ہیں۔ کہیں یہ تو نہیں کہ دل میں اور پس پردہ آپ بھی مست ہوتے اور دوسروں سے

دل اٹکاتے ہیں۔

(نول ۱۱، "شخصے یزدان تے" — آں گفت چنانکہ می نمایم ہستم۔ تو نیز ن ۳۳۴ میا ۷۰۳ ؟)

(۷۷)

صبحی خوش و خرّم است، خیز اے ساقی — در شیشہ کن آں شراب از شب باقی
جامے بمن آور و غنیمت میداں — ایں یکدمہ نقد را و فردا باقی

ساقی اُٹھ۔ کس قدر مسکراتی صبح ہے۔ آ، اور رات کی بچی ہوئی شراب صراحی سے اُنڈیل مجھے بھی ایک جام دے کہ جو دم مل جائے وہ غنیمت ہے، مستقبل کا حساب باقی ہے۔ اسے پھر دیکھیں گے۔

(نول ۶۹۳ ن ۴۳۴ میا ۶۸۵ بہت مغشوش ہے ؟؟؟)

(۷۸)

گر آمدنم بخود بُدے نامدمے — ور نیز شدن بہ من بدے کے شدمے؟
بہ زاں نہ بُدے کہ اندریں دیر خراب — نہ آمدمے، نہ شدمے، نہ بُدمے

سنو! اگر یہاں آنا میرے اختیار میں ہوتا، تو ہرگز نہ آتا اور اگر جانا قبضے میں ہوتا، تو پھر یہاں سے جاتا بھی کب؟ اس لیے اچھا تو یہی تھا کہ اس دیر خراب میں نہ آنا ہوتا، اور نہ جانا نہ میرا وجود ہوتا نہ عدم

(نول ۴۳۷، ن ۴۳۵ تج ص ۹۶۴ ف ۱۷۴ - "ایں رباعی را بابو علی سینا را ہم نسبت دادہ اند" فروغی)

(۷۹)

گر دست دہد ز مغز گندم نانے — وز مے دو منے، ز گوسفندے رانے
با لالہ رُخے بہ گوشۂ بستانے — عیشے بود، آں نہ حدِ ہر سلطانے

اگر خالص گیہوں کی ایک روٹی اور شراب کا ایک بڑا مٹکا اور بکری کی ایک ران کے ساتھ کسی گلبدن کے ساتھ چمن کا ایک گوشہ نصیب ہو جائے تو یہ وہ زندگی ہے کہ جو ہر بادشاہ کو بھی نصیب نہیں ہو سکتی۔ معلوم ہوتا ہے کہ شاعر عیش دوست اور کھانے کا شوقین بھی ہے۔ اگر خیام کے خیالات نہیں تو اس کے نفسیات کا اچھا خاصا سراغ لگتا ہے۔

(نول ۶۹۹ ن ۴۳۷ ف ۱۷۵ تج ص ۲۶۶ - آتا)

(۸۰)

گر روئے زمین بجملہ آباد کنی چنداں نبود کہ خاطرے شاد کنی
گر بندہ کنی بلطف آزادے را بہتر کہ ہزار بندہ آزاد کنی

اگر ساری دُنیا کو آباد کر دیا جائے تو ایک دل خوش کرنے کے برابر ہیچ ہے اور اگر ایک آزاد و شریف کو رحم و احسان سے غلام بنالو، تو ہزاروں غلام آزاد کرنے سے بہتر ہے کہ آدمیت اخلاق کا نام ہے۔

(نول ۵۰، میا ۲۱، ؟؟؟ آتشکدہ بنام شاہ علاؤالدولہ۔ تذکرہ حسینی در رباعیات ابوسعید بنام ابوالخیر کاس ص ۱۵۳)

(۸۱)

گر شادیِ خویشتن دراں میدانی کاسودہ دلے را بغمے بنشانی؟
در ماتم عقل خویش بنشیں ہمہ عمر میدار مصیبت کہ عجب نادانی

اگر تجھے اسی بات سے خوشی ہوتی ہے کہ کسی خوش و مطمئن دل کو غمگین کر دے تو پھر زندگی بھر اپنے ہوش و خرد کا ماتم کر اور سوگ منا کہ عجیب نادان و بے وقوف ہے۔ ارے اللہ کے بندے کسی غمگین کا دل دکھانا کوئی آدمیت ہے؟

(نول ۶۸، میا ۶۰، ؟؟؟)

(۸۲)

گر کارِ فلک بعدل سنجیدہ بُدے احوال فلک جملہ پسندیدہ بُدے
ور عدل بُدے بکارہا در گردوں کے خاطر اہل فضل رنجیدہ بُدے

اگر آسمان کے معاملات عدل و انصاف کی ترازو سے نپے تلے ہوتے، تو پھر ہر بات بہتر ہی ہُوا کرتی، اور اگر آسمان تلے کا ہر کام عدل پر مبنی ہوتا تو صاحبان کمال کبھی آشفتہ حال نہ ہوتے۔ مگر نہ آسمان انصاف پسند ہے، نہ دنیا۔

(ف ۱۷۶ ؟؟؟)

(۸۳)

گر ہست ترا دریں جہاں دسترسے ہاں، تا نزنی بے مے و ساقی نفسے
پیش از من و تو بیا ز مودند بسے دُنیا نہ کنند وفا برادر بکسے

اگر اس دنیا میں تجھے ذرا بھی امکان ہو، تو خبردار شراب و ساقی کے بغیر ایک لمحہ بھی نہ گزارنا

کیونکہ ہم سے اور تم سے پہلے بہت کافی آزمایا جا چکا ہے کہ دنیا کسی کے ساتھ وفا نہیں کرتی۔

(نول ۱۷، میا ۷۰۹ ن ۴۳۸ ؟؟)

(۸۴)

گویند مخور مے، کہ بلاکش باشی
در روز مکافات در آتش باشی
ایں ہست، ولے ز ہر دو عالم خوشتر
ایں یکدم، کہ ز شراب سرخوش باشی

لوگ کہتے ہیں کہ شراب نہ پیو، ورنہ بلائیں جھیلنا ہوں گی۔ قیامت کے دن آگ میں جلنا ہوگا۔ ہاں یہ ٹھیک ہے، مگر دو عالم سے بہتر تو وہ لمحہ ہے جس میں شراب سرخوش کر دے۔ آخرت کے دن رحیم و کریم سے سابقہ ہے۔ اچھی گزرے گی۔

(نول ۵۱، ن ۴۳۶ میا ۲۴۲ ؟؟؟)

(۸۵)

گہ گشتہ نہاں، روے بکس ننمائی
گہ در صُورِ کون و مکاں پیدائی
ویں جلوہ گری بخویشتن بنمائی؟
خود عین عیانی و خودی بینائی

معشوق حقیقی یہ کیا انداز ہے کہ کبھی نہاں ہو کر ہر ایک سے اپنا جلوہ چھپاتا ہے۔ کبھی کون و مکان (سکے ذرّے ذرّے) میں جلوہ آرا ہوتا ہے۔ شاید یہ جلوہ گری اپنے ہی لیے ہے خود ہی مشاہدے کی آنکھ ہے، خود ہی بینائی نگاہ۔ سبحان اللہ سبحان۔

(نول ۷۰، میا ۶۹۹ کسی عارف و صوفی کا کلام ہے)

(۸۶)

ما و مے و معشوق و صبوح اے ساقی
از ما نبود توبہ نصوح اے ساقی
تلکے خوانی قصۂ نوح اے ساقی
پیش آر سبک راحتِ روح اے ساقی

ہم ہیں اور شراب اور صبح کا ہنگام (شراب صبوحی) کیونکہ ساقی ہم سے توبہ نصوح ہو نہیں سکتی۔ حضرت نوحؑ کے عذاب کا قصہ کب تک پڑھے گا۔ آ، اور جلدی سے راحتِ روح (شراب) پلا۔

(نول ۶۸۱ ن ۴۳۹ میا ۶۷۳ ؟؟؟)

(۸۷)

من ترک ہمہ کردم و ترک مے، نے
از جملہ گریز باشدم، از وے نے
آیا بود، آنکہ من مسلمان گردم
بس ترکِ مئے مغانہ کردم ہیے ہیے

مَیں نے سب کچھ چھوڑ دیا، مگر شراب نہیں۔ ہاں ہر چیز سے بھاگتا ہوں، مگر اس سے نہیں۔ کیا فقط شرابِ پیر مغاں ہی چھوڑنے سے مسلمان ہو سکتا ہوں۔ توبہ توبہ ترک شراب پر اسلام موقوف نہیں۔ اسلام پاک دلی کا نام ہے۔ (نول ۶۶، میا ۵۸، خیّام کی رباعی نہیں)

(۸۸)

مے خور، کہ ظریفانِ جہاں را در وے
بر گردِ بنا گوش، نمِ مے بیتی خوے
تا کے گوئیم، توبہ شکستم ہے ہے
صد توبہ شکستہ بہ، ز یک شیشہ مے

شراب پی شراب، کہ دنیا کے خوش مزاج حسین ماہ دے کی سردی میں شراب کی گرمی سے پسینے پسینے ہوتے ہیں۔ ان کے رخساروں (بنا گوش: کان کی لو) پر پسینہ کے حسین قطرے نظر آتے ہیں۔ توبہ شکنی پر افسوس کب تک، میں نے ایک صراحی کے مقابلے میں سینکڑوں توباؤں کا توڑنا بہتر سمجھا۔

(نول ۵۶، ؟؟؟)

(۸۹)

ہاں، تا بخرابات مجازی نائی
تا کارِ قلندری نہ سازی نائی
ایں رہ، رہِ مرداں سرفرازاں ہست
زنہار، دریں کوچہ بیازی نائی

یاد رہے کہ جب تک خرابات و میخانۂ مجاز میں نہ آؤ گے اور جب تک قلندری کی راہیں ہموار نہ کرو گے اس وقت تک کچھ بھی نہ ہوگا۔ کیونکہ معرفت کی راہیں سربلندوں کی راہیں ہیں۔ خبردار اسے کھیل سمجھ کر نہ آنا اس میں دو چار بہت سخت مقام آتے ہیں۔ پہلے قلندری کی راہیں ہموار کرنے کے لیے عشق مجازی کی شرط تو پوری کرو۔ اگر یہاں بے عیب رہے تو آگے بڑھنا۔

(نول ۶۹۸ ن ندارد دلینہ ۲۰۰ ؟؟)

(۹۰)

ہاں، تا برِ مستان بہ درشتی نہ شوی
یا از درِ نیکواں بہ زشتی نشوی
مے خور، کہ بخوردن و نیا خوردن مے
گر اہلِ دوزخی، بہشتی نشوی

خبردار! مستوں کے پاس سختی کی نیت سے نہ جانا، یا نیکوں کے دروازے سے بُرے انداز میں نہ نکلنا۔ بلکہ اگر اب تک نہیں پی تو اب پی لو۔ کیونکہ شراب کے پینے یا نہ پینے سے اگر جہنم کا کندہ ہو تو جنتی نہیں جاؤ گے۔ (محتسب سے خطاب ہے)

(نول ۳۸، ن ۱۴۴ میا ۳۰، ؟؟؟)

(۹۱)

ہاں، کوزہ گرا، بپائے اگر ہشیاری | تا چند کنی بر گلِ مردم خواری
انگشتِ فریدوں وکفِ کیخسرو | بر چرخ نہادۂ، چہ می پنداری

اے کوزہ گر، ہوشیار ہے تو سنبھل، انسانوں کی مٹی کی یہ خرابی کب تک ارے ظالم فریدوں کی انگلیوں اور کیخسرو کی ہتھیلی (کی خاک) کو چاک پر رکھا ہے۔ تو اسے کیا سمجھ رہا ہے۔ ع

خاک میں کیا صورتیں ہونگی کہ پنہاں ہوگئیں

(نول ندارد ف ۳، ۱، دیکھیے ۳۵ د ۶۴ ی ن ۴۴۰)

(۹۲)

ہر چند زدست دہر غم کش باشی | وز جور وجفائے چرخ ناخوش باشی
زنہار زدست ناکساں آب زلال | برلب مچکاں، اگر در آتش باشی

دنیا کے ہاتھوں کتنا ہی پریشان ہو۔ آسماں کے جور و ستم سے کتنا ہی نالاں ہو، مگر دیکھ کمینوں کے ہاتھ سے اس وقت بھی ٹھنڈا پانی نہ پینا۔ جب آگ میں بھُن رہا ہو۔ کہ شریف کی موت ہے ذلیل کا دستِ نگر ہونا۔

(نول ۶۱، ۷ میا ۵۲ ؟؟؟)

(۹۳)

بر رہگذرم، ہزار جا دام نہی | گوئی کہ بگیرمت، اگر کام نہی
یک ذرّہ ز حکم تو جہاں خالی نیست | حکمم تو کنی و عاصیم نام نہی؟

خاکم بدہن۔ میرے راستوں میں ہزاروں جال پھیلائے۔ پھر یہ کہا کہ اگر آرزو چھوڑ دے تو مدد کروں گا۔ دنیا کا کون سا ذرّہ ہے جو تیرے حکم سے باہر ہے۔ مجھے بھی تو ہی حکم دیتا ہے۔ اس کے بعد "گنہ گار" نام رکھا ہے ۔ بقولِ میر

ناحق ہم مجبوروں پر یہ تہمت ہے مختاری کی | چاہتے ہیں سو آپ کرے ہیں ہم کو عبث بدنام کیا

(نول ندارد ن ۴۴۲ ؟؟؟)

(۹۴)

ہنگام سپیدہ دم خروس سحری | دانی کہ چرا ہمی کند نوحہ گری؟
یعنی کہ نمودند در آئینہ صبح | کز عمر شبے گزشت و تو بے خبری

صبح سویرے معلوم ہے کہ مرغ سحر فریاد کر کر کے کیا کہتا ہے کہ صبح کے آئینے میں یہ دکھایا جارہا ہے کہ تیری زندگی کی ایک شام گزر گئی مگر تو بے خبر پڑا ہے۔

(نول ۶۹، ن ۴۴۳ میا ۶۱، ؟؟؟

(۹۵)

ہنگام صبوح ست وخروش اے ساقی
مادمے وکوئے میفروش اے ساقی
چہ جائے صلاح ست خموش اے ساقی
بگزر، زحدیث زہد و نوش اے ساقی

ساقی، صبح کا وقت صبوحی و ہنگامہ آرائی کا وقت ہے۔ ہم ہوں شراب ہو اور کوچۂ میفروش ہو۔ یہ صلاح و خاموشی کا وقت نہیں۔ زہد کی باتیں چھوڑ، اُٹھ اور شراب پی۔

(نول ۶۸۸، ۶۷۹ ؟!؟)

(۹۶)

ہنگام صبوح اے صنم فرخ پے
برساز ترانۂ و پیش آور مے
کافگند بخاک صد ہزاراں جم و کے
ایں آمدن تیر مہ، و رفتن دے

اے مبارک قدم محبوب و ساقی صبوحی کا موقعہ ہے، کوئی ترانہ سنا اور شراب پلا! کیونکہ اس تیر ماہ کے آنے اور "دے" کے جانے (وقت کی آمد و شد) نے ہزاروں جمشیدوں اور کیکاؤسوں کو خاک میں ملا دیا ہے۔ اس کا کیا بھروسہ؟

(نول ۱۴، تح ص ۲۹۷ ف ۸۷، ان ندارد میا ۰۶، شیخ سعدی فرماتے ہیں:

دریغا، کہ بے ماہسے روزگار
بروید گل و بشگفد نو بہار
بسے تیر و دے ماہ واردی بہشت
میادا کہ ما خاک باشیم وخشت

(۹۷)

یارب، بکشائے برمن از رزق درے
بے منت مخلوق رساں ما حضرے
از بادہ چناں مست نگہ دار مرا
کز بیخبری نباشدم درد سرے

بار الٰہا! میرے لیے روزی کا دروازہ کھول، مخلوق کے احسان کے بغیر رزق عطا فرما۔ (ماحضر: کھانا) شراب (معرفت) سے ہمیشہ مست رہوں، اور اتنا کہ بے ہوشی میں کوئی دردِ سر و فکرِ دنیا نہ رہے۔ (نول ۳۳، ن ۴۴۵ ختم میا ۲۵)

خیّام

کے

دو طویل قطعے

خیّام کے دو قطعے

زیرِ نظر میں شعر یا دو قطعات اب سے پہلے کسی متداول مجموعہ کلام خیّام میں شائع نہیں ہوئے ہیں۔ پہلا قطعہ ایران کے مشہور ادیب مجتبیٰ مینوی کو ترکی کے ایک کتب خانہ سے دستیاب ہوا تھا۔ آقائے مینوی کہتے ہیں کہ سلطان ولد فرزند مولوی کی مثنوی "رباب نامہ" مخطوطہ ۷۰۱ھ کے ایک صفحہ پر مندرجہ ذیل اشعار خیام کے نام سے درج ہیں۔

(۱)

رہبے نمود مرا راست سوئے آب حیات — شبے بہ شہر ری اندر مغلسفی ز قضات
بگفت گفت کہ از کردگار دانش خواہ — اگر بخوانی بر آسمان بہ شب دعوات
حیات خویش بر آنگونہ بے قرار مکن — اگر بر تو بگیرید پس از حیات ممات
تو در ترازوئے محشر نشستہ ای وہنوز — دل تو منتظر حشر و قصۂ عرصات
وگر غرض ز صلاۃ و صیام فرمانست — تو سر مپیچ ز فرمان صوم در صلات
وگر ز حکمت کار صلاۃ بے خبری — تو گر صلوٰۃ پرستی بود صلوات تو، لات
براہ حج بہ شتابی و مال صرف کنی — ز راہ دور ہمی تا بر آوری حاجات
بگفت قاضی حاجات ما طلب پس حج — بگفت معرفت نفس جوی پس عرفات
تو مایۂ ہمہ اشیاے ار چہ یک چیزے — چنانکہ صورت آحاد مایۂ عشرات

(۱) ایک رات، شہر رے (موجودہ تہران) میں ایک فلسفی مزاج قاضی نے مجھے تو چشمۂ آب حیات کا راستہ اور کمال نفس کا عجیب گُر بتایا۔

(۲) کہنے لگا، خیّام اگر رات کو مناجات و دعا کا وقت نکالتے ہو تو خدا سے علم کی بھیک مانگا کرو۔

(۳) میاں! زندگی تو اس بے اطمینانی سے بسر نہ کرو کہ اگر موت آئے تو تمھاری ضائع و بے قرار زندگی پر روتی جائے۔

(۴) یہ دنیا دنیا نہیں، حقیقت میں قیامت کی ترازوئے انصاف ہے۔ اس طرف دھیان نہیں

فکر ہے۔ تمھیں میدانِ حشر کی۔ میاں، اپنے دفترِ اعمال کو جانچو۔ جیسا عمل ہے ویسا ہی صلہ۔

(۵) نماز، روزہ کی حقیقت اور اس کے فلسفے پر غور کرنے سے پہلے یہ دیکھو کہ یہ حکم خدا ہے۔ اس لیے نماز، روزہ، وظیفہ و ورد سے سرتابی بُری ہے۔

(۶) اس کے بعد یہ سمجھو کہ اگر تمھاری نماز بے خلوص ہے، تو گویا تم نے نماز کو "بت" (لات) سمجھ رکھا ہے اور عبادت کے بجائے کفر بجالا رہے ہو۔

(۷) حج کرنے جاتے ہو۔ روپیہ خرچ کرتے ہو۔ لمبا سفر کرتے ہو، اور مقصد ہوتا کہ فلاں ضرورت فلاں دعا قبول ہو جائے۔

(۸) اس سے کیا فائدہ؟ حج سے فارغ ہو تو خدا کی معرفت حاصل کرو۔ خدا کو ڈھونڈو "عرفات" جاؤ تو پہلے اپنے نفس کو پہچانو۔ تب تو حج، حج ہوا۔ ورنہ خالی خولی کی ایک دوڑ ہے۔ یادِ خدا اصلاحِ نفس کی ایک خواہش کے بغیر عبادت میں کیا لُطف؟

(۹) یاد رہے کہ تم ایک ہوتے ہوئے ہر مخلوق کی بنیاد ہو، جیسے دہائیوں کی بنیاد اکائیاں ہیں۔

پورا قطعہ حکیمانہ بحث اور مائل بہ تصوف مسئلہ کی طرف اشارہ کرتا ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ عبادات بجالانے کے لیے جہاں تک حکم خدا کی تعمیل کا تعلق ہے۔ سبحان اللہ ترک عبادت کا تصوّر بھی حرام ہے۔ لیکن اگر اس کا مقصد خانہ پُری۔ عبادت برائے خدا کے بجائے عبادت برائے عبادت کا سوال ہے۔ عبادت عبادت نہیں شرک و کفر ہے۔ ایک زاویۂ فکر ہے۔ عبادت برائے غرض۔ تو اس سلسلے میں سوچنا چاہیے کہ نماز، روزہ، حج یا کوئی اور عمل اس لیے بجالاؤ کہ خدا کا حکم ہے، نفس کی اصلاح کا فائدہ حاصل ہو۔ یعنی عبادت کی تہ میں ریاضت اور ریاضت کی تہ سے زندگی کا مقصد اُبھر آئے۔

(متن ماخوذ، از تاریخ ادبیات در ایران ج ۲ ص ۵۲۶ طبع تہران ۱۳۳۹ھ شمسی)

(۲)

جناب گوبند جی تربت نے اپنے آخذ سے مندرجہ ذیل قطعہ فراہم کیا ہے اور ہم نے اُن کی دقیع کتاب "نیسکٹر آف گریس" سے حاصل کیا ہے۔

دوش با عقل در سخن بودم　　　کشف شد بر دلم مثالے[1] چند

---

[1] مثال: مجسمہ۔ تصویریں۔

گفتم، اے مایۂ ہمہ دانش — دارم الحق بتو، سوالے چند
کیست ایں زندگانیٔ دنیا؟ — گفت: خوابیست یا خیالے چند
گفتم، ازوے چہ حاصل است بگو؟ — گفت: دردِ سرد وبالے چند
گفتم، ایں نفس کے شود رامم؟ — گفت: چوں یافت گوشمالے چند
گفتم، ایں بحث اہلِ دنیا چیست؟ — گفت: بیہودہ قیل و قالے چند
گفتم، اہلِ ستم چہ طائفہ اند؟ — گفت: گرگ و سگ و شغالے چند
گفتم، اہلِ دول چہ طائفہ اند؟ — گفت: دربند جمع مالے چند
گفتمش[1] چیست کدخدائی؟ گفت: — ہفتۂ ای عیش و غصہ سالے چند
گفتم، اُو را مثالِ دنیا چیست؟ — گفت: زالی کشیدہ خالے چند
گفتمش چیست گفتۂ خیام؟ — گفت: پندلیست حسب حالے چند

(۱) کل بیٹھا دل سے باتیں کر رہا تھا کہ اچانک چند نورانی تصویریں نظر آئیں۔
(۲) میں نے ان سے پوچھا "اے عقل و علم کی بنیادو، مجھے تم سے کچھ باتیں دریافت کرنا ہیں"۔
(۳) دنیا کی زندگی کیا ہے؟ اُس نے کہا: ایک خواب و خیال، بے حقیقت وہم۔
(۴) میں نے کہا، اور اس کا فائدہ؟ جواب ملا، دردِ سری!
(۵) میں نے پوچھا۔ یہ نفس کب رام ہوتا ہے؟ کہا، جب اسے تھوڑی سی سزا مل جائے۔
(۶) میں نے کہا: دنیا داروں کی بحث کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ کہنے لگے۔ بیہودہ بکواس۔
(۷) پوچھا، ظالم لوگوں کے بارے میں کیا فرماتے ہیں؟ ارشاد ہوا۔ ظالم تو بھیڑیے، کُتّے اور گیدڑ کے مانند ہیں۔
(۸) پوچھا، دولت مند کیسے ہیں؟ کہا: چند گرفتاران فکر مال و دولت جمع کرنے کے شوقین۔
(۹) پوچھا: زمینداری کا کیا حال ہے؟ اُس نے کہا، ایک ہفتے کی عشرت و زندگی بھر سالی بھر غم و فکر۔
(۱۰) پوچھا: دنیا کی مثال کیا ہے؟ کہنے لگا، ایک بڑھیا جس نے میک اپ اور کچھ ٹیکے اور خال بنا لیے ہوں۔
(۱۱) پوچھا، خیام کے اشعار کیسے؟ جواب ملا۔ حسب موقعہ چند نصیحتوں کا مجموعہ۔
(کتاب مذکور ص xxix طبع الہ آباد ۱۹۳۳ء)

---

[1] اصل میں "گفتم" ہے، لیکن صحیح "گفتمش" ہے۔ (مرتضیٰ)

خیّام کے عربی اشعار

الشرع في حرية

خیّام کے عربی اشعار

خیّام، عربی ادب میں بحیثیت عربی شاعر کے کبھی یاد نہیں کیا گیا۔ لیکن شہرزوری اور ثعالبی نے چند شعر لکھے ہیں۔ ان اشعار کا انتساب تحقیقی طور پر مشتبہ ہونے کے باوجود غیر یقینی نہیں۔ گیارہ شعروں کا یہ قطعہ، لاادریت، فلکیاتی معاملات سے دلچسپی رکھنے والے پریشان ذہن، متفکّر کے خیالات ہیں، جو واعظ و مبلّغ نظر آ رہا ہے۔

تَدَیَّنُ لِی الدُّنیا بَلِ السَّبعۃُ العُلیٰ
بَلِ الْاُفُقِ الْاَعلیٰ اِذَا جَاشَ خَاطِرِی

جب میرا خیال جوش میں آتا ہے، تو دنیا ساتوں آسمان، بلکہ اُفقِ اعلیٰ بھی میرے ساتھ ہو جاتا ہے۔

اَصُومُ عَنِ الفَحشَآءِ جَهراً وَ خُفیَۃً
عِفَافاً وَ اِفطَارِی بِتَقدِیسِ فَاطِرِی

میں عفت کے پیشِ نظر دن بھر خلوت و جلوت میں لغویات سے باز رہتا ہوں اور شام کے وقت حمدِ خُدا کرتا ہوں۔

وَکَم عُصبَۃٍ ضَلَّت عَنِ الحَقِّ فَاهتَدَت
بِطُرقِ الهُدیٰ مِن فَیضِیَ المُتَقَاطِرِ

بہت سے لوگ ایسے ہیں جو حق سے بھٹکنے کے بعد میرے ذہنِ رسا کی بدولت ہدایت کے راستے پر آ گئے۔

فَاِنَّ صِرَاطَ المُستَقِیمِ بَصَائِرٌ
نُصِبنَ عَلیٰ وَادِی العُمیٰ کَالقَنَاطِرِ

راہِ مستقیم کے تاریک مقامات پر تو بصیرتوں کی روشنیاں پُل بنی ہوئی ہیں۔

اِذَا قَنِعَت نَفسِی بِمَیسُورِ بُلغَۃٍ
یُحَصِّلُهَا بِالکَدِّ کَفِّی وَ سَاعِدِی

میں جب بھی ضروریات بھر روزی پر تیار ہو جاتا ہوں تو میرے بازو اسے مہیا کر لیا کرتے ہیں۔

اَمِنْتُ تَصَارِیْفَ الحَوَادِثِ کُلَّھَا
فَکُنْ یَا زَمَانِی مُوعِدِی اَوْ مُوَاعِدِی

میں گردشِ زمانہ سے مطمئن ہوں۔ اے دُنیا اپنا وعدہ وفا کر اور صلح صفائی سے رہ۔

وَھَبْنِی اتَّخَذْتُ الشِّعْرَیَیْنِ مَنَازِلِی
وَفَوْقَ مَنَاطِ الْفَرْقَدَیْنِ مَصَاعِدِی

اَلَیْسَ قَضَی الْاَفْلَاکُ فِی دَوْرِھَا بِاَنْ
تُعِیْدُ اِلٰی نَحْسٍ جَمِیْعَ الْمَسَاعِدِ

فرض کرو میں نے شعریٰ، اور فرقد جیسے بلند ستاروں کے آگے بڑھ کر منزل بنا بھی لی۔ تو کیا آسمان نے اپنی گردشوں میں یہ نہیں طے کر لیا ہے، کہ ہر سعد کو ایک چکر میں نحس کر دے گا۔

مَتٰی مَادَنَتْ دُنْیَاکَ کَانَتْ مُصِیْبَۃً
فَوَاعَجَبًا مَنْ ذَا الْقَرِیْبُ الْمُبَاعِدُ

یہ دنیا تو وہ چیز ہے کہ جس قدر قریب ہو اُتنی ہی مصیبت ہے۔ کیا تعجب خیز فریب ہے جسے دور کرنا اچھا سمجھا جاتا ہے۔

اِذَا کَانَ مَحْصُوْلُ الْحَیَاۃِ مَنِیَّۃً
فَسِیَّانِ حَالاً کُلُّ سَاعٍ وَقَاعِدٍ

جب حاصلِ زندگی موت ہے۔ اس لیے تیز رفتار اور سبک رو دونوں برابر ہیں۔

فَیَا نَفْسُ صَبْرًا عَنْ مَقِیْلِکَ اِنَّمَا
تَخِرُّ ذُرَاہُ بِالْقِصَاصِ الْقَوَاعِدِ

اے دل صبر، تیری یہ منزل ستونوں کے گرنے سے ایک دن گرنے ہی والی ہے۔

قنوطیت ویاس، حرمان نصیبی وگریز دنیا سے فرار اس قطعے کا خلاصہ ہے۔

تیسرا قطعہ جسے شہرزوری، خیّام اور ثعلبی ابو سہل سعید بن عبدالعزیز نیلی کے نام سے لکھتے ہیں۔

نُجِیْتُ دَھْرًا طَوِیْلًا فِی الْتِمَاسِ اَخٍ
یَرْعٰی وِدَادِی اِذَا ذُوْ خُلَّۃٍ خَانَا

ایسے دوست کی جستجو میں مدتوں پھرتا رہا جو غیروں کی بے وفائی کے وقت حق وفا ادا کرے۔

فَكَمْ اَلِفْتُ وَكَمْ اٰخَيْتُ غَيْرَ اٰخٍ
وَكَمْ تَبَدَّلْتُ بِالْاِخْوَانِ اِخْوَانًا

بہت سے دوست بنائے، بہت سے غیروں کو بھائی بنایا، ایک عزیز سے دوسرے کو بدلا۔

وَقُلْتُ لِلنَّفْسِ لَمَّا عَزَّ مَطْلَبُهَا
بِاللهِ لَا تَأْلَفِيْ مَا عِشْتِ اِنْسَانًا

لیکن جب ایسا شخص نصیب نہ ہوسکا تو میں نے اپنے دل کو قسم دی اور کہا کہ زندگی میں کسی انسان کو دوست نہ بنا۔

دہر میں نقشِ وفا وجہ تسلی نہ ہوا
ہے یہ وہ لفظ کہ شرمندۂ معنی نہ ہوا

*

سَبَقْتُ الْعَالَمِيْنَ اِلَى الْمَعَالِيْ
بِصَائِبِ فِكْرَةٍ وَ عُلُوِّ هِمَّه
فَلَاحَ بِحِكْمَتِيْ نُوْرُ الْهُدٰى فِيْ
لَيَالٍ لِلضَّلَالَةِ مُدْلَهِمَّه

(۱) اپنی صحیح رائے اور بلند ہمتی کی بدولت بلندی و عزت میں سارے عالم سے بازی لے گیا۔
(۲) گمراہی کی تاریک ترین راتوں میں میری حکمت و دانشوری کے ہاتھوں ہدایت کے نورانی چراغ چمکے۔

يُرِيْدُ الْجَاهِلُوْنَ لِيُطْفِئُوْهَا
وَيَأْبَى اللهُ اِلَّا اَنْ يُتِمَّه

(۳) اب منکر و مدعی انھیں بجھانے کی فکر میں ہے۔ مگر خدا کی مرضی یہی ہے وہ روشنی دیتا رہے۔

خیام، اپنے حاسدوں، کافرسازوں سے کہتا ہے کہ ہمت و بلند نگاہی کے ہاتھوں جو راستہ مجھے ملا ہے، وہ ان مقلدوں کو کہاں نصیب۔ اس عقلی راستے سے مجھے کون موڑ سکتا ہے۔

*

اَلْعَقْلُ يَعْجَبُ فِيْ تَصَرُّفِهٖ
مِمَّنْ عَلَى الْاَيَّامِ يَتَّكِلُ
فَنَوَالُهَا كَالرِّيْحِ مُنْقَلِبٌ
وَنَعِيْمُهَا كَالظِّلِّ مُنْتَقِلُ

(۱) زمانہ پر بھروسہ کرنے والوں پر عقل کو تعجب ہے۔ کیونکہ
(۲) دنیا کا انعام ہوا کی طرح رُخ بدلنے اور یہاں کی نعمتیں سایہ کی طرح پھر جانے والی ہیں۔

دولت و نعمت، آنی جانی چیز ہے۔ بقول ؎

تکبر چلتی پھرتی چھاؤں پہ کرتا ہے دھن والے

(" تاریخ الحکماء قفطی، نزہتہ الارواح، شہرزوری)

ایوانِ مدائن پر چند آنسو

خاقانی کا شہرۂ آفاق قصیدہ

متعدد قلمی اور مطبوعہ نسخوں سے تصحیح شدہ

اور

اُس کی شرح

از
مرتضیٰ حسین فاضل

خاقانی کا مرثیہ

مدائن

بدیل بن علی خاقانی شروانی

کا نام فارسی کے مشہور قصیدہ گو شعرا میں سرفہرست ہے۔ اب سے کئی سال پہلے میں نے اس کے چار قصیدوں کے متن اور تفصیلی مطالب لکھے تھے۔ جناب ممانی صاحب نے شائع کرتے وقت وہ کرم کیا کہ میں سر اُٹھانے کے قابل نہ رہا۔ متن غلط، ترجمہ غلط ملط، حواشی خُرد بُرد ہو گئے۔ خوش قسمتی سے مسودہ میرے پاس ہے، اس لیے احباب سے شرمندہ نہیں۔

خیام کے متن کی تصحیح کرتے ہوئے مجھے پھر خیال آیا کہ ان میں سے فارسی کے اہم ترین قصیدے اور تاریخی نظم کو کچھ نئے معلومات کے ساتھ شائع کر دوں۔

خاقانی ۵۰۰ھ سے ۵۲۵ھ تک کے درمیانی زمانے میں پیدا ہوا۔ آذربائیجان میں "شروان" مشہور جگہ ہے۔ خاقانی یہیں کا باشندہ تھا۔ یہیں کے امیروں سے وابستہ رہا۔

"خاک شروان مولد و دارالادب منشائے من"۔ خاقانی کا باپ بڑھئی، ماں عیسائی، چچا حکیم و علّامہ تھے۔ خاقانی ابھی پچیس برس ہی کا تھا کہ چچا کافی الدین عمر نے انتقال کیا۔ اب خاقانی ابوالعلاء گنجوی کی پناہ و تربیت میں چلا گیا۔ معمولی گھر کا آدمی ہوتے ہوئے، حکمت، ہیئت، ادب و شعر میں وہ عروج پایا کہ رشید الدین وطواط جیسا ادیب اسے لکھتا تھا:

اے سپہر قدر را خورشید و ماہ   وے سریر فضل را دستور و شاہ
افضل الدین بوالفضائل بحر فضل   فیلسوف دین فزائے کفر کاہ

شروانی دربار میں ملک الشعرائی اور بغداد میں دبیری کے منصب پہ فائز رہا۔ ایک جہان کی سیر کی، تخت شاہی کے برابر بیٹھا، قید خانے کی سختیاں جھیلیں، حج کے شرف سے دو مرتبہ سرفراز ہوا۔

مثنوی، تحفۃ العراقین، اشعار عربی، قصائد، غزلیات، رباعیات، قطعات، مراثی، ہجویات کا ایک دفتر یادگار چھوڑا۔
۵۹۵ھ کے لگ بھگ انتقال کیا اور تبریز میں دفن ہوا۔
خاقانی عام ایرانی و فارسی شعرا کے برخلاف، خاص اسلوب، نئے آہنگ، حیرت انگیز مشاہدہ و فکر کا شاعر ہے۔ ڈاکٹر اقبال کی رائے ہے۔

وہ صاحب "تحفۃ العراقین" ارباب نظر کا قرۃ العین
ہے پردہ شگاف اس کا ادراک پردے ہیں تمام چاک در چاک
خاموش ہے عالم معانی کہتا نہیں حرف لن ترانی
پوچھ اس سے یہ خاکداں ہے کیا چیز؟ ہنگامۂ این و آں ہے کیا چیز؟
وہ محرم عالم مکافات اک بات میں کہہ گیا ہے سو بات
"خود بوئے چنیں جہاں تواں برد
کابلیس بماند و بوالبشر مرد"

زیر نظر قصیدہ خاقانی کی پردہ شگافی ادراک کا ایک نمونہ، منظر نگاری و فن کاری کا شاہکار، کلاسیکل لٹریچر کا زندہ جاوید کارنامہ ہے۔ صدیوں سے اس قصیدے کو پڑھا جا رہا ہے اور نہ معلوم کب تک پڑھا جاتا رہے گا۔

"مدائن" تیسفون، سلوکیہ، اردشیر نامی شہروں کے علاقے کا عربی نام ہے۔ فارسی میں "شہرستان" کہا جاتا تھا۔ مدائن ساسانیوں کا سرمائی دار الخلافہ اور مرکز جاہ و جلال تھا۔ بغداد سے ۲۶ کیلومیٹر جنوب مشرق میں واقع ہے۔ دونوں طرف دریائے دجلہ رواں ہے۔ بیچ میں کھنڈر اور ستونوں، محرابوں اور شہ نشینوں کا ویرانہ، جانے والے سیاحوں اور صاحبان نظر کو رُلاتا ہے۔ نوشیرواں و کسریٰ کا شہر خرم و آباد، عدل و انصاف کا مرکز، آثار و عمارات کا گنجینہ، فن و کمال کا رازدار ہے۔ یہاں رومیوں کے حکمراں سر جھکا چکے ہیں، عرب و ہند کے سفیر سجدۂ ادب کر چکے ہیں۔

مشرقی ادب میں عربی کا مشہور شاعر بحتری متوفی ۲۸۶ھ اس کے لیے ایک قصیدہ لکھ کر یادگار چھوڑ گیا ہے۔

صنعت نفسی عما یدنس نفسی و ترفعت جدا عن کل جبس

اور کہتے کہتے کہتا ہے:

لو تراہ علمت ان اللیالی جعلت فیہ مآتما بعد عرس

اگر تم ایوانِ مدائن کو دیکھو تو تو یقین آ جائے کہ زمانے نے جشنِ عروسی کے بعد صفِ ماتم بچھا دی ہے۔

ممکن ہے خاقانی نے بحتری سے متاثر ہو کر یہ نظم لکھی ہو۔ دونوں قصیدے اثر آفرینی، منظر کشی درد انگیزی، جادوگری، جذبات کی فراوانی و صداقت کے لحاظ سے ملتے جلتے ہیں۔ اگر فرق ہے تو نقشِ اول و ثانی کا۔

خاقانی دو مرتبہ حج کرنے گیا۔ پہلا حج ۵۵۱ھ اور دوسرا حج ۵۶۹ھ میں۔ وہ حج سے واپس آ رہا تھا اور کہہ رہا تھا:

آنچہ دیدہ دشمناں کعبہ از مرغے بہ سنگ دوستاں کعبہ از غوغا دو چنداں دیدہ اند

یا

اگر نہ کعبہ بدے در عرب چہ کار مرا کہ نیست در عجم امروز در قرینۂ من

کنار دجلہ پہنچا تو ایک آہ نکل گئی اور ۴۲ شعر کا قصیدہ پیش کر دیا۔

۱

ہاں اے دلِ عبرت بیں از دیدہ نظر کن ہاں! ایوانِ مدائن را آئینہ عبرت داں[1]

بعض نسخوں میں اس قصیدہ کا عنوان ہے۔

"تمہید در توصیف ہم قرآن، و ہم شکایت زبان و عدم تاسف بر آن"

مطلب: اے نصیحت آموز! ذرا غور تو کر، آنکھ تو کھول، مدائن کے ان کھنڈروں کو آئینۂ عبرت سمجھ۔

ایک خاموش کہانی، ایک دل دوز تصویر۔

حسینی دانش نے چار مصرعے لگائے ہیں اور خوب لگائے ہیں:

در وادیِ فکرت بود یکشب دل من حیراں اندیشہ ہمی کردم در گردشِ ایں دوراں

از فلسفۂ زردشت پرسیدمی و یوناں ناگاہ سروشم گفت "ایں زمزمہ را بر خواں

ہاں اے دلِ عبرت بیں از دیدہ نظر کن ہاں

ایوانِ مدائن را آئینہ عبرت داں

۲

یک رہ زلبِ دجلہ منزل بہ مدائن کن از دیدہ دوم دجلہ بر خاکِ مدائن راں

یک رہ: ایک مرتبہ۔ ذرا پہلے۔

دَجلہ: عراق عجم کا مشہور دریا۔

دَجلہ راندن: دریا بہانا۔ بہت رونا۔

مطلب: دجلہ سے چل کر پہلے مدائن آؤ۔ یہاں منزل کرو اور ٹھہر کر اس کھنڈر میں آنکھوں سے دریا بہاؤ۔

۳

خود دجلہ چناں گرید صد دجلہ خوں گوئی کز گرمیِ خونابش آتش چکد از مژگاں

---

[1] متن قصیدہ کلیاتِ خاقانی طبع نولکشور لکھنؤ اور دو قلمی مخطوطوں پر مبنی ہے۔ ان اشعار کا وزن ہے۔ ہزج مثمن اخرب۔ مفعول مفاعیلن، مفعول مفاعیلن۔

گرمیِ خوناب: خونی آنسوؤں کی حرارت و فراوانی۔

مطلب: اس ویرانی کو دیکھ کر خود دریائے دجلہ یوں رو رہا ہے۔ جیسے دریاؤں کا کلیجہ خون ہو گیا۔ ان خونی دریاؤں (دریا کے آنسوؤں) کو دیکھ کر تماشائیوں کی آنکھیں آگ برسا رہی ہیں۔

حسین دانش نے اس کی تشریح یوں کی ہے:

کو رایتِ ساسانی ؟ گشت ست نگوں گوئی　　افسانۂ جمشیدی بد خواب و فسوں گوئی

در ماتم دے دجلہ ست نالندہ کنوں گوئی　　پیچیدہ بپا زنجیر، آوردہ جنوں گوئی

خود دجلہ چناں گرید صد دجلۂ خون گوئی

کہ گرمیِ خونابش آتش چکد از مژگاں

۴

بینی کہ لبِ دجلہ، کف چوں بہ دہن آرد　　گوئی ز تفِ آہش، لب آبلہ زد چنداں

کف: جھاگ، پھین۔ "کف بہ دہن آمدن" بے ہوش ہونا۔

دریا کے کنارے پھین اور بلبلے دیکھ کر تصویر کشی کرتا ہے۔

مطلب، ساحلِ دجلہ پر جھاگ کا رنگ دیکھا ہے، معلوم ہوتا ہے، جیسے دل کی گرم آہوں سے لبوں پر چھالے پڑ گئے ہیں۔

کوئی مصیبت پڑی ہے۔ کل تک شاہوں کے تاج جھکتے تھے۔ آج گدھے لوٹ رہے ہیں۔ دجلہ نہ روئے تو کون روئے؟

۵

از آتشِ حسرت بین، بریاں جگرِ دجلہ　　خود آب شنیدستی کآتش کندش بریاں

بریاں: بھنا ہوا، برشتہ۔ پختہ۔ سوختہ (فرہنگ آموزگار) جوشیدن نہیں جب کہ بعض شارحین نے لکھا ہے۔

مطلب: حسرتوں کی آگ سے دجلہ کا جگر بھن رہا ہے۔ اس کے علاوہ بھی تم نے کبھی سنا کہ آگ پانی کو بھون دے۔ مدائن کی اداسیوں سے دجلہ کا جگر پکنے کے بجائے بھن رہا ہے۔

بعض حضرات نے لکھا ہے، تم نے سنا ہے کہ آگ پانی کو پکاتی ہے۔ میرے خیال میں یہ مطلب نہ تو مذاقِ شعری و لطافت کے مطابق ہے، نہ لغت اس کی تائید کرتی ہے۔

حسین دانش کے مصرعوں نے تو غضب کر دیا ہے۔

از وادیِ ایمن بود وقتے گزر دجلہ | امروز چرا ویراں شد رہ گزر دجلہ
ز افتادن طاق آمد آوخ خطر دجلہ | اشکست ازیں آسیب آری کمر دجلہ

از آتش حسرت الخ

۶ بر دجلہ گری نو نو از دیدہ زکاتش دہ | گرچہ لب دریا ہست از دجلہ زکاتستاں

نو نو۔ لمحہ بہ لمحہ۔

زکاۃ استاں: بیت المال۔ زکوٰۃ کا خزانہ، خزانہ دار اشک۔

نسخہ نول کشور کے متن میں "زکوٰۃ اساں" حاشیہ پر ہے۔

"دیدہ دجلستاں" میں نے نسخہ مطبوعہ ایران کو ترجیح دی ہے، اور دونوں نسخوں کی بنا پر معنی طرازی بیکار سمجھی۔

مطلب: دجلے کی ریت اشک افشانی پر (رحم کر کے)، تم بھی آنسوؤں کی زکاۃ دو۔ اگرچہ سمندر کا دہانہ دجلے کی دولت خزانہ زکاۃ بنا ہوا ہے۔

دجلہ کے آنسوؤں کا دریا دامنِ قلزم سے مل رہا ہے۔ اِس لیے تم بھی اپنے اشکوں کا سیلاب دریائے دجلہ تک پہنچا دو، کہ اس زکوٰۃ (چشم اشک رواں) سے دجلے کا پانی خشک نہ ہو۔ اور کہو ع

آ عندلیب مل کے کریں آہ و زاریاں

۷ گر دجلہ در آموزد، یادِ لب و سوزِ دل | نیمی شود افسردہ، نیمی شود آتش دال

ایک نسخہ "یاد حیا در آمیزم ......" نسخہ نول کشور و جعفری میں "یادِ لب" ہے۔

مطلب: اگر دجلے کو (ہماری طرح) آہ و سوز دل آجائے تو نصف جل بجھے اور نصف تنور کی طرح شعلہ فشاں بن جائے۔

یاد حیا در آمیزم کی بنا پر مطلب یہ ہو گا۔

اس دجلہ گری میں آہوں اور دلی سوزش کی زیادتی کیسے دیتا ہوں۔ "یادلب" کی بنا پر کہنا ہو گا۔ دجلے کو فقط رونا ہی آتا ہے اگر لبوں پہ یاد ماضی اور دل میں سوز غم ہوتا تو یہ روانی کب کی ختم ہو چکی ہوتی۔

۸

تا سلسلۂ ایوان بگسست مدائن را در سلسلہ شد دجلہ، چوں سلسلہ شد پیچاں

سلسلہ : زنجیر۔

مطلب : جب سے مدائن کے ایوان و محلات (کا حلقہ اور ان کی آبادیاں) ویرانی سے بدلے اُس وقت سے دجلہ (لہروں کی) زنجیر میں جکڑ گیا ہے۔

در ماتم دے دجلہ ست نالندہ کنوں گوئی پیچیدہ بہ پا زنجیر، آوردہ جنوں گوئی

لہروں کی کیفیت اور دریا کا یہ رنگ دیکھ کر میر تقی میر نے کہا ہے:

فلک نے کس کے دیوانے کو دریا میں ڈبویا ہے کہ اب تک موج میں کیفیتِ زنجیر باقی ہے

تا رفت شکوہ دادار دستِ مدائن را شیرازۂ بہبودی بگسست مدائن را

جاں بالم فرقت پیوست مدائن را از زلزلۃ السّاعۃ دل خست مدائن را

تا سلسلہ ایوان الخ

۹

گہ گہ بزبانِ اشک آوازِ دہ ایواں را! تا بو، کہ بہ گوشِ دل پاسخ شنوا زایواں

بو : مخفف بود۔ شاید۔

پاسخ : جواب۔

مطلب : کبھی آنسوؤں کی زبانی ایوانِ کسریٰ کو آواز دو۔ شاید اس کے جواب میں دل کے کان کچھ سن لیں۔

اُوخ! کہ مدائن بود بیت الشّرف ایراں را کز وی تجلی افروغش خورشید درخشاں را

بد روزِ فتن ماتن اسکندر و خاقاں را امروز بیا، بنگر ایں بنگہِ ویراں را

گہ گہ بزبانِ الخ

۱۰

دندانۂ ہر قصری، پندی دہدت نو نو پند سرِ دندانہ، بشنو زبنِ دنداں

دندانہ : کنگرہ۔ دندان بسیار۔ وہ چھوٹی چھوٹی گھاس جو دانتوں کی طرح دیواروں پر اُگتی ہے۔ بنِ دنداں : زبان، تالو، دہن۔

مطلب : ان شکستہ دیواروں کے کنگرے اور ان پر اُگی ہوئی گھاس تمہیں بار بار نصیحت کر رہی ہے،

زبانِ حال سے اس کی یہ نصیحتیں سنو۔

نول کشور و جعفری کے نسخوں میں "سرِ دنداں" ہے۔ ہم نے عبدالمالک کی روایت کے مطابق "بن دنداں" لکھا ہے۔ نیز دونوں نسخوں میں یعنی "پند سرِ دندانہ بشنو زبن دنداں)

۱۱

گوید کہ تو از خاکی، ما خاک توایم اکنوں
گامے دوسہ بر ما نہ، واشکے دوسہ ہم بفشاں

یوں کہیئے کہ

پرویز کجا ایدوں، وآں تخت زرد افسر
خشت است بدو بالین خاک است بدو بستر

کو ہم سرِ شیرینش، آں آفتِ جاں پرور
گوئی بزمیں نالد چوں پاس نہی بر سر

گوید کہ تو از خاکی، ما خاک توایم ایدر
گامے دوسہ بر ما نہ اشکے دوسہ ہم بفشاں

ایوان کہہ رہا ہے۔ تم بھی خاک ہی سے بنے ہو۔ اب ہم تمہاری خاک ہیں۔ ذرا دو چار قدم ہم (اور ہمارے سینے) پر رکھو اور آنسوؤں کے قطرے ٹپکاتے جاؤ۔

دارا، جمشید، نوشیرواں و پرویز کی جلالت، شیریں فرہاد کی محبت یہیں دفن ہے۔

خیام نے کہا۔

ایں کاسہ کہ بس نکوش پرداختہ اند
بشکستہ و در رہ گور انداختہ اند

زنہار بر او قدم بہ خواری ننہی
کاں کاسہ ز کاسہ ہائے سر ساختہ اند

مطلب: قصرِ نوشیرواں کے کھنڈر کہتے ہیں، کہ کبھی ہمارے بام و در بھی جاہ و جلال، رعنائی و جمال کی جلوہ گاہ تھے۔ آج ہم خاک کا ڈھیر ہیں۔ اے تماشائی تمہارے خاکی کالبد بھی اسی خاک سے بنے ہیں۔

ع کعبے سے ان بتوں کو بھی نسبت ہے دُور کی

۱۲

از نوحۂ جغد الحق، مائیم بدردِ سر
از دیدہ گلابی کن دردِ سرِ ما بنشاں

مطلب: اُلوؤں کے چیخنے سے ہمارے سر میں درد ہو رہا ہے، جلنے والے آنکھوں کے خونی آنسوؤں کی شراب پلاؤ اور دردِ سر کا علاج کرتے جاؤ۔

حافظ کہتے ہیں،

شراب ارغوانی را گلاب اندر قدح ریزیم
نسیم عطر گرداں را شکر در مجمر اندازیم

غم دوراں، شور غولاں، فریاد بوم کہاں اور صدائے نے و رباب کہاں۔ اس خاک پر کبھی جشن سرور اور شرابوں کے خُم لنڈھتے تھے، اب وہ نصیب نہیں تو تم ہی خونی آنسوؤں کے دو چار قطرے ٹپکا کر کچھ سامان تسلّی کرتے جاؤ۔

گلاب: آب گُل۔ عرق گلاب۔ نزلہ آورد و دردِ سر افزا ہے۔ بعض نسخوں میں "گلاب گُن" ہے۔

۱۳

آرے چہ عجب داری، کاندر چمن گیتی　　　جغد است پئے بلبل، نوحہ ست پئے الحاں

مطلب: ہاں! (اس جغد کی طبل زنی اور بلبل کی صدائے وحشت ناک پر) تعجب کیسا کر رہے ہو۔ چمن زار دنیا میں تو ہمیشہ یہی ہوتا ہے۔ کہ بلبل (بہار) کے بعد (خزاں) کے اُلّو اور (ہر) غزل سرائی کے بعد نوحہ و ماتم ہوتا ہے۔

۱۴

ما بارگہ دادیم، ایں رفت ستم برما　　　بر قصر ستم گاراں، گوئی چہ رسد خذلاں

داد: انصاف، عدل (نوشیرواں کا عدل زبان زد ہے)

خذلاں: بے یار شدن۔ رسوا شدن۔ سر شکست شدن۔

مطلب: ہم بارگاہ عدل و انصاف تھے۔ جب اس کے بعد ہم پر ستم ہوا۔ تو پھر ہم ستم گروں اور ظالموں کے محلوں پر کیا کیا نہ گزرے گی۔

بگوش دل سنو تو کوئی اثر ہو، ورنہ ان بے جان دیواروں اور ان کی آواز و فریاد میں کیا جان ہے۔

۱۵

گوئی کہ نگوں کردست ایوان فلک وش را　　　حُکم فلک گردوں یا حکم فلک گرداں

فلک وش: آسمان کی طرح (حسین و بلند)

حُکم فلک گردون: چکر کھاتے آسمان کا فرمان۔

حُکم فلک گرداں، بے اضافت۔ آسمان کو گردش دینے والا حکم۔ قضائے الٰہی۔ فلک کا استعمال اور تینوں ترکیبیں قابل توجہ ہیں۔ شعر نگینہ بن گیا۔ حسین دانش نے مصرعے لگائے ہیں۔

آتش کدہ شد خاموش، شد توبہ کلیسا را　　　اجلال دشرف افزود آئین مسیحا را

چوں رایت احمد خاست، بشکست چلیپا را　　　ہر دم روشے بودہ است ایں گنبد مینا را

گوئی کہ نگوں الخ

مطلب: اس ایوان حسین دبلند کو اس چکر لسنے آسمان یا مالک و مختار خدا کے فرمان نے خاک دسرنگوں کر دیا۔ ورنہ اس کی مضبوطی وحسن وعظمت یوں تو ختم ہونے والی نہ تھی۔

۱۶

بر دیدۂ من خندی کاینجا زچہ می گوید — گریند بر آں دیدہ کاینجا نہ شود گریاں

مطلب: دجلہ کہتا ہے۔ تماشائی، تو مجھے آنکھوں کو روتے دیکھ کر ہنستا ہے کہ یہ اب کیوں رو رہی ہیں۔ یاد رکھو! جو آج یہاں نہ رویا اُس پہ دوسروں کی آنکھیں روئیں گی۔

یہ عبرت کدہ ہے۔ جسے یہاں عبرت حاصل نہ ہوئی، اس کی بدنصیبی پر دوسرے صاحبانِ نظر افسوس کریں گے۔ حسین دانش کہتے ہیں،

ایں دجلہ بدیں جوشش آیا زچہ می گرید — با درد و خروش ایں رود باماز چہ می گرید
گل ہے بہ نہانی، گہ پیدا ازچہ می گرید — یعنی زچہ می نالد، دارا زچہ می گرید
بر دیدۂ من خندی الخ

۱۷-۱۸

نے زال مدائن کم از پیرہ زن کوفہ — نے حجرۂ تنگِ ایں کمتر ز تنورِ آں
دانی چہ مدائن را با کوفہ برابر نِہ — از سینۂ تنوری کن وز دیدہ طلب طوفاں

زالِ مدائن: وہ بڑھیا جس نے نوشیرواں کی درخواست کے باوجود اپنی جھونپڑی شاہی محل سرا کی تعمیر کے لیے نہ دی اور ایوان کا نقشہ حسب دل خواہ نہ بن سکا۔

پیرہ زن کوفہ: وہ بڑھیا جس کے تنور سے طوفان نوح علیہ السلام شروع ہوا تھا۔

مطلب: مدائن کی بڑھیا کوفہ کی بڑھیا سے کم نہ تھی، اور اس کا حجرہ کوفے والی عورت کے تنور سے کم طوفان انگیز نہیں۔ اگر مدائن و کوفہ کا مقابلہ کرنا چاہو تو اپنے سینے کو آتشِ غم سے تنور اور آنکھوں کو طوفان انگیز کر لو۔

یاد کرو کہ وہ بڑھیا کس قدر مستغنی اور وہ بادشاہ کس قدر عادل تھے۔ دونوں کی یاد میں روؤ۔

۱۹

ایں ہست ہماں درگہ کو را ز شہاں بودے — دیلم ملک بابل، ہندو شہ ترکستاں

کورا : مخفف "کہ اُورا"

دیلم، ایران قدیم کا ایک پہاڑی علاقہ اور وہاں کے رہنے والے جنھیں غلام بنالیا جاتا تھا۔ مراد غلام۔

ہندو : مراد غلام۔

ملک ، بادشاہ۔

مطلب : یہی وہ بارگاہ ہے۔ جہاں کے بادشاہ کبھی شاہ بابل کو غلام بناتے تھے۔ کبھی ترکستان کے شہنشاہ کو شکست دیتے تھے۔

۲۰

این ہست ہماں صفہ کز ہیبت او بودے بر شیرِ فلک حملہ شیرِ تنِ شادرواں

صفہ : ایوان بے سقف۔ سکو۔ تخت۔ شہ نشین یا چبوترہ۔

شیرِ فلک ، بُرج اسد۔

شادرواں ، شوستر کے قریب اس بند کا نام جو شاپور اوّل ساسانی (۲۴۲ ، ۲۷۱ ق م) فاتح اسکندریہ نے VALEREN (والرین) شاہ انطاکیہ اور اس کے قیدی ساتھیوں سے فتح کے بعد بنوایا تھا۔ سائبان، قالین، فرش باتصویر، کٹہرا، کمرے کے اندرونی پردے۔

مطلب : یہ وہی تخت گاہ و ایوان ہے۔ جس کے رعب و داب کا یہ عالم تھا کہ یہاں کے شیرِ قالین (پشت پناہ بادشاہ کے بھروسے) برج اسد (آسمان) پر حملہ کرتے تھے۔

ادنے سے ادنے سپاہی بڑے سے بڑے بادشاہ کو زیر کر لیتے تھے۔

۲۱

این ہست ہماں ایواں کز نقش رخِ مردم خاک درِ او بودی، دیوارِ نگارستاں

مطلب : یہ ایوان وہی ہے، جس کا فرش وصحن حسینوں کے جلووں اور لوگوں کے پرتوِ رُخ سے نگارِستان کا منظر تھا۔ در و دیوار پہ رنگین و منقش پردوں کا گمان ہوتا تھا۔

آں رخش کہ نعفورش بوسید بر عیبت سُم در دختِ حوادث شد با راکب و راکش گم
وآں کاخ کہ بد چیدہ پیشش چو صف انجم دستور و مغ و معبد شد خواب گہِ کژدُم

ایں ہست ہماں الخ

۲۲

پندار ہماں عہد است از دیدۂ فکرت بیں
در سلسلۂ درگہ در کوکبۂ میداں

کوکبہ: سپر و چتر شاہی۔ جاہ و جلال۔

مطلب: سمجھ لو، وہی زمانہ ہے، اب غور سے دیکھو! بارگاہوں کے سلسلے میں چتر شاہی اور دربان کا سماں ہے۔

ایں بارگہ داد است با چشمک غیرت بیں
اندر در و دیوارش از دیدۂ عبرت بیں

از دست فلک ویراں گشت است خسارت بیں
ایں دست درازی را از نقشائے فطرت بیں

پندار ہماں عہد است الخ

۲۳

از اسپ پیادہ شو، بر نطع زمیں رخ نہ
زیر پئے پیلش بیں، شہ مات شدہ نعماں

نطع: بساط۔ فرش۔

شہ مات: شطرنج میں شاہ گوٹ کی مات۔

اسپ، پیادہ، رُخ، پیل، شہ مات شطرنج کی اصطلاحیں ہیں۔

نعماں: حیرہ کا آخری لخمی حاکم ابو قابوس نعمان منذر (تقریباً ۵۸۰ - ۶۰۲) ہرمز نے اسے فارس و روم کی سرحدی حفاظت کے لیے اپنا نائب مقرر کیا تھا۔ معلوم نہیں شارحین نے کہاں سے لکھا ہے۔ کہ اسے مدائن میں ہاتھی کے پیروں سے کچلوا دیا۔

مطلب: سواری سے اُترو۔ زمین پر جھکو۔ یہ وہی بارگاہ ہے۔ جس کی قوتوں نے نعماں جیسے عرب کو زیر و مطیع کیا ہے۔

۲۴

نے نے کہ چو نعماں ہیں، پیل افگن شاہاں را
پیلان شب و روزش کشتہ بہ پئے دوراں

پیل افگن: طاقت ور۔ غالب۔ پیل افگندن: غالب آنے اور عاجز کرنے سے کنایہ شب و روز کو تیز رفتاری و قصر انگنی کی وجہ سے ہاتھی سے استعارہ کیا ہے۔

جعفری و نول کشوری نسخے میں "گشتہ" ہے، جو صحیح نہیں۔ ہم نے عبد الرسولی اور بدیع الزماں کے متن کو صحیح مانا ہے۔

مطلب : نہیں فقط نعمان ہی کا تذکرہ نہیں۔ اس ظالم اور طاقت کو کمزور و ناتواں کر دینے والے زمانے اور اس کی گردش شب و روز نے نعمان جیسے بہت سے بادشاہو کو کچل دیا ہے۔

یہ نہ سمجھنا کہ فقط ایک نعمان ہی ہاتھی کے پیروں سے روندا گیا۔ بلکہ اس دنیا میں دن و رات کے یہ بھاری چکر کسی نہ کسی شاہ کو گراتے اور کچلتے ہی رہتے ہیں۔

۲۵

اے بس شہ پیل افگن کافگند بہ شہ پیلی شطرنجی تقدیرش در مات گہ حرماں

شہ پیلی : زور آوری۔

شطرنجی : شطرنج باز۔ ہوشیار۔

مات گہ : بساط۔ دنیا۔

مطلب : تقدیر کے شطرنجی نے ناکامیوں کی بساط پر نہ معلوم کتنے زورآور شاہوں کو خاک بہ سر کیا ہے۔

(نول کشور و جعفری میں "اے شہ پس پیل افگن" ہے۔ جس نے مجھے اور تمام شارحین کو پریشان کیا۔ آخر عبدالرسولی نسخے سے تصحیح ہوئی)

۲۶

مست است زمیں زیراک خوردہ است بجائے مَی در کاس سر ہرمز، خون دل نوشیرواں

زیراک : زیرا کہ۔ اس لیے۔

ہُرمز : ساسانی خاندان کے پانچ بادشاہوں کے لقب۔

نوشیرواں : مشہور ساسانی بادشاہ۔ مراد بادشاہ۔

مطلب : زمین کی مستی اس وجہ سے ہے۔ کہ اس نے ہرمز کے کاسۂ سر میں نوشیرواں کا خون دل پیا ہے۔ سب کے سب اسی زمین کے پیٹ میں اتر گئے۔

ورنہ کہیں شراب سے یہ سیہ مستی آتی ہے۔

نسخہ نول کشور میں "مست است زمین زیرا درد دست بجائے نے" لکھا ہے۔ دال کے اوپر ذرا ہٹ کر ایک نقطہ ہے۔ جیسے خود کی خ کا سر پتھر سے اڑ گیا اور "نے" غلطی سے لکھا گیا ہے۔ جعفری کے مخطوطے میں "دو دوست" لکھا ہے۔ ہم نے ایرانی متن کو ترجیح دی ہے۔

۲۷

بس پند کہ بود آنگہ در تاج سرش پیدا ۔۔۔ صد پند نوشت اکنوں در مغز سرش پنہاں

مطلب: ہرمز کے تاج میں نہ معلوم کتنی نصیحتیں لکھی ہوئی تھیں۔ لیکن اب اس سر کی کھوپڑی سے اس سے بھی زیادہ عبرتیں نظر آتی ہیں۔

۲۸

کسریٰ و ترنج زر، پرویز و ترہ زرّیں ۔۔۔ برباد شدہ یک سر، با خاک شدہ یکساں

ترنج زر: لیموں کی ایک قسم کا پھل۔ پرویز نے ایک خاص قسم کے نرم سونے کا ایک گیند بنوایا تھا جسے ہر وقت ہاتھ میں رکھتا تھا۔

ترہ زرّیں:۔ ترہ ایک سبزی شاید ککڑی مراد ہو۔ کہتے ہیں پرویز کے یہاں سنار سونے کی مولیاں بنایا کرتے تھے اور خانساماں ایک کشتی میں لگا کر دستر خوان شاہی پر رکھا کرتے تھے اور بادشاہ مصاحبین کو تقسیم کر دیتا تھا۔ (حاشیہ عبدالرسولی ص ۳۶۴)

مطلب: کسریٰ کا ترنج زر اور پرویز کا "ترہ زرّیں" برباد و خاک، تباہ و برباد ہو چکے، اب صرف تذکرہ ہی تذکرہ ہے۔

۲۹

پرویز بہ ہر خوانے زرّیں ترہ گستردی ۔۔۔ کردی ز بساطِ زر، زرّیں ترہ را بستاں

مطلب: کہتے ہیں۔ پرویز ہر روز دستر خوان پر سونے کی ترکاریاں سجوا کر اس قیمتی فرش کو سونے کی ترکاریوں کا چمن بنا دیتا تھا۔

نول کشوری نسخے میں ہے:

پرویز بہ ہر بومی زرّیں ترہ آوردی ۔۔۔ کردی ز بساطِ زر زرین ترہ را بستاں

بعض شارحین نے اسی کو صحیح مان کر نہ معلوم کیا کیا قصے اور کہاں کہاں کے مطلب لکھے ہیں۔

۳۰

پرویز کنوں گم شد، زاں گم شدہ کمتر گو ۔۔۔ زرّیں ترہ کو بر خواں؟ رو کم ترکوا بر خواں

کم تر گو: بولو۔ بات نہ کرو۔

بر خوان: پہلا بر خوان۔ دستر خوان پر، دوسرا فعل امر۔ پڑھو

کم ترکوا: پوری آیت یہ ہے:

كَمْ تَرَكُوا مِنْ جَنَّاتٍ وَعُيُونٍ ۝ وَزُرُوعٍ وَمَقَامٍ كَرِيمٍ ۝ وَنَعْمَةٍ

كَانُوا فِيهَا فٰكِهِيْنَ ۙ كَذٰلِكَ ۖ وَاَوْرَثْنٰهَا قَوْمًا اٰخَرِيْنَ ۝

وہ لوگ کس قدر باغ چشمے، کھیتیاں اور بہترین منازل اور عیش کی نعمتیں چھوڑ گئے۔ یونہی ہم دوسری نسلوں کو وارث بنا دیتے ہیں۔ (الدخان آیت ۲۵-۲۸)

مطلب: پرویز مر چکا۔ اب اس کی باتیں اور اس عہد کی یاد میں کیا فائدہ، وہ زریں ترہ اور دستر خوان کہاں؟ قرآن کی آیت "کم ترکوا" پڑھو اور اس انقلاب سے عبرت حاصل کرو۔

۳۱-۳۲

گفتی کہ کجا رفتند آں تاجوراں اینک؟ — زایشاں شکم خاک است آبستن جاویداں
بس دیر ہمی زاید، آبستن خاک آری — دشوار بود زادن نطفہ ستدن آساں

آبستن: حاملہ۔

ستدن: لینا۔ حاصل کرنا۔

جعفری مخطوطے میں ستدن کی بجائے "شدن" غلط ہے۔

مطلب: ہم سے پوچھتے ہو "اب وہ سلاطین کہاں ہیں"؟ تو سنو۔ ان سے تو زمین ہمیشہ کے لیے حاملہ ہو چکی ہے۔

زمین کا حمل، شکم قبر میں فرزند آدم آنے کے بعد باہر نہیں آتا۔ اور سچ ہے حمل قرار پانا آسان اور اس کا شکم مادر سے نکلنا بہت دشوار ہے۔

پھر زمین کے شکم میں جو آ جائے وہ کب نکلتا ہے۔

حسین دانش نے تضمین کی ہے۔

اے خاک! فرو بردی شاہاں و جہاں یک یک — بنمائی کنوں زایشاں گر ہست نشاں یک یک
افتند بزیر پائی ایں چرخ دواں یک یک — دارا و جم و کسریٰ بہ شمار و بخواں یک یک
گفتی کہ کجا رفتند آں تاجوراں اینک — زیشاں شکم خاک است آبستن جاویداں

۳۳

خون دل شیریں است ایں مَی کہ دہد رزبن — زآب و گل پرویز است آں خُم کہ نہد دہقاں

رز: انگور کی بیل۔

دہقاں: زمین دار - مراد میزبان۔

عبدالمالک آروی نے "آں غم کہ دہد دہقاں" اور حاشیہ نول کشور پر ایک نسخہ "ایں مَی کہ دہد شیریں" بھی ہے۔

مطلب: یہ انگوری شراب جو دہقان دیتا ہے۔ یہ شیریں کا خونِ دل اور اس کی صراحیاں آب و گلِ پرویز سے بنی ہوئی ہیں۔

انگور کی بیلیں خدا جانے کس کس حسین کی قبر پر اُگی تھیں جن سے یہ جوہر کشید کیا گیا۔ خدا معلوم کمہار نے کہاں کی مٹی سے یہ صراحی بنائی۔ ہو سکتا ہے، یہ مٹی قبرِ پرویز کی ہو۔

۳۴

چندیں تنِ جباراں کیں خاک فرو خورد است　　ایں گرسنہ چشم آخر ہم سیر نشد زیشاں

فرو خوردن: نگل جانا۔ کھانا۔

گرسنہ چشم: لالچی، حریص، ندیدہ۔

مطلب: بے شمار ظالموں کے جسم کھا چکی ہے۔ مگر اتنی ندیدی ہے یہ زمین کہ ابھی تک اس کا پیٹ نہیں بھرا۔

حسین دانش نے کتنے اچھے مصرعے لگائے ہیں:

دانی کہ مَیِ گیتی آمیختہ یا دُرد است　　ہر دم رسد آوازی کائے خواجہ فلاں مُردست

آں کیست کہ جاں خود زیں ورطہ بروں بردست　　گر فربہ و گر لاغر کہ پیلتن و گرد است

چندیں تنِ جباراں کیں خاک فرو خورد ست　　ایں گرسنہ چشم آخر ہم سیر نہ شد زیشاں

۳۵

از خونِ دلِ طفلاں سرخ آبِ رُخ آمیزد　　ایں زالِ سفید ابرو، ایں مامِ سیہ پستاں

مام: ماں

زالِ سفید ابرو: بُڑھیا کھوسٹ (عبدالرسولی "سیہ ابرو")

سیہ پستان: حاملہ

مطلب: یہ حاملہ زمین و سفاک دنیا، اپنے فرزندوں کے خونِ دل سے چہروں پر سرخی ملتی اور اپنا حسن بڑھاتی ہے۔

حسینوں کی موت سے اس کا دل نہیں پسیجتا۔

فریاد ازیں آفات کا یام بر انگیزد　　با جہل در آمیزد، با عقل در آویزد

جسم من و تو اندر غربال فنا بیزد | در ہر نفس از ایں دیو عدہا ئلہ برخیزد
از خونِ دلِ طفلاں سرخابِ رُخ آمیزد | ایں زال سفید ابرو، ایں مام سیہ پستاں

۳۶

خاقانی ازیں درگہ دریوزہ عبرت کُن | تا از درِ تو زاں پس دریوزہ کند خاقاں

افضل الدین یہاں آیا ہے تو کچھ عبرت ہی حاصل کرلے۔ تاکہ کل تجھ سے خاقان وسلاطین موعظت حاصل کرتے آئیں۔

اے دادرِ بے منت بر خلق عنایت کُن | بر تربتِ نوشیرواں آمرزش و رحمت کُن
اے دل سخن مردہ بر زندہ حکایت کُن | "دانش" تو بدیں مَردم تعلیم مروت کن
خاقانی ازیں درگہ دریوزۂ عبرت کُن | تا از در توزین پس دریوزہ کند خاقاں

ایک مطلب یہ ہے؛

افضل الدین اس ایوان سے عبرتیں حاصل کرتا چل۔ تاکہ کل خاقان فخر الدین منوچہر (تیرا ممدوح) تجھ سے نصیحت کی باتیں سننا چاہے تو یہی سُن سکے۔

۳۷

امروز گر از سلطاں رندی طلبی توشہ | فردا ز درِ رندی توشہ طلبد سلطاں

مطلب: اگر آج تم بادشاہ سے سامان عیش و نشاط کے طلبگار ہو تو کل وجد و مستی میں بادشاہ تم سے بھی توتوشے کا طلبگار ہوگا۔

۳۸-۳۹

کز زادِ رہِ "مکہ"، توشہ است بہ ہر شہری | تو زادِ مدائن بر تحفہ ز پئے شرواں
ہر کس برد از مکہ سبحہ ز گِل حمزہ رضؓ | پس تو ز مدائن بر سبحہ گِل سلماںؓ

مطلب: خاقانی ہر شہر و ملک کے مسافر مکے سے کوئی نہ کوئی تحفہ لے کر اپنے اپنے شہر پلٹتا ہے۔ تو بھی شروان کے لیے کوئی سوغات لیتا جا۔

اچھا تو مکے کی سب سے اچھی سوغات خاک مزار جناب حمزہؓ سے بنی ہوئی تسبیح ہی تو ہے اس لیے تو مدائن کے مزار حضرت سلمانؓ سے بنی ہوئی تسبیح لے لے۔

۴۰

ایں بحر بصورت میں بے شربت رہ مگذر | گر شطِ چنیں بحرے لب تشنہ شدن نتواں

شط : کنارۂ ساحل۔

شدن : رفتن جانا۔

مطلب : ایوانِ مدائن کو دریا سمجھو، راستے میں اگر پانی مل جائے تو پیئے بغیر آگے نہ بڑھنا چاہیئے (خدا جانے آگے پانی ملے نہ ملے، وقت ہو نہ ہو) پھر ایسے دریا (ئے عبرت) سے تو پیاسا جانا ممکن بھی نہیں۔

۴۱-۴۲

اخواں کہ زرہ آیند، آرند رہ آوردی — ایں قطعہ رہ آوردست از بہرِ دل اخوال
بنگر کہ دریں قطعہ چہ سحر ہمی راند — مفتونِ مسیحا دل، دیوانۂ عاقل جاں

اخوان : دوست، احباب۔

رہ آورد : تحفہ۔

مفتون : عاشق۔ دیوانہ۔

مسیحا دل : پاک دل۔

عاقل جان : صاحبِ روح، پاک و عقل مند (شاید اس سے ممدوح مراد ہو)

علی عبدالرسول نے "مفتون" کی جگہ "مفتوہ" (دیوانہ) لکھا ہے اور کہا ہے کہ ایک قدیمی نسخے میں "مہتوک مسیح دل"۔ فرہنگِ ناصری میں "مہتوک مسیحا دل" اور عبدالمالک کے مضمون میں "مشہوک مسیحا دل" اور ایک اور نسخے میں "معشوق مسیحی دل" ہے۔ میں نے نول کشوری نسخے کو بہتر سمجھا ہے۔

مطلب : چونکہ مسافر اپنے دوستوں کے لیے سوغات لاتے ہیں۔ اس لیے میں بھی اپنے ذوق احباب کے لیے یہ قطعہ لے کر آ رہا ہوں۔

ذرا غور کیجیے گا۔ اس قطعے نے کیا سحر کاری کی ہے۔ اور خاقانی نے مسیحا دل و پاک نفس دوستوں کے لیے کس دیوانہ صفت، فرزانہ دلی کا اظہار کیا ہے۔

خاقانی کا یہ قطعہ متعدد زبانوں میں منتقل ہو چکا۔ اور فارسی میں اس کے جوابی قصیدے بھی لکھے گئے ہیں۔ ان میں خصوصیت سے مرزا بہاء الدین خاں "حسام زادہ" - پازار گاد نے شیراز کے قریب مقبرہ کوروش م ۲۹ ق م کو دیکھ کر جو مرثیہ لکھا ہے، وہ دیدنی ہے۔

یک مرتبہ ہم اے دل بگذر تو بہ پازر گاد — ماتم زدہ بیں سیر دس، بگرفتہ دل فرشاد

سخنورانِ ایران در عصر حاضر ج ۱ ص ۳۰، طبع کلکتہ ۱۳۳۹ھ

ہمارا متن مندرجہ ذیل مآخذ پر مبنی ہے:

(۱) ملی عبدالرسولی (مصحح): دیوان خلاق المعانی خاقانی۔ طبع تہران سنہ ؟

(۲) ؟ :۔ کلیات خاقانی ج ۱ طبع نول کشور سنہ ؟

(۳) خطِ میا ہنا ۔ ۔ ۔ ۔ ؟ ۔ کلیات خاقانی مخطوطہ سنہ ؟، مملوکہ پنجاب یونیورسٹی

(۴) خط مرزا ابوالقاسم سنہ ۱۱۱۱ھ کلیات خاقانی " " "

(۵) عبدالمالک : مقالات عبدالمالک۔ مطبوعہ

(۶) بدیع الزمان بشرویہ ای خراسانی :۔ سخن و سخن وراں ج ۲۔ طبع تہران

(۷) محمد نقی شادمان :۔ شرح شادمانی۔ طبع آگرہ سنہ ۱۹۲۷ء